

PDFBOOKSFREE.PK

سچی کہانی لاہور

ستمبر 2014ء

قیمت =60 روپے



www.pdfbooksfree.pk

جسکا آج تک لاٹری نمبر نہیں لگا وہ حضرات فوراً رابطہ کریں

افسر کو قائل کرنا | سنگدل محبوب کو مائل کرنا | جادو ٹونہ | زمین کا مسئلہ

کاروباری بندش | پرائز بانڈ نمبر | لکی نمبر امریکہ سعودیہ انگلینڈ دبئی وغیرہ

کالا جادو کیا ہے؟

کالے علم، سفلی علم، علم جعفر کے بے تاج بادشاہ تمناؤں کو خوشیوں میں بدلنے کا پیغام ہر کام بذریعہ موکلات جنات شیطانی قوتوں کا انجام اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ علم ایک اٹل حقیقت ہے مگر چلتا تب ہے جب کوئی چلانے والا ہو آؤ اس حقیقت سے میں آپ کو آشنا کراؤں

کوئی کام فی سبیل اللہ نہیں ہوتا ——— مگر کام کی شرطیہ گارنٹی ہے

ابھی آؤ ابھی آزماؤں۔ مقصد صرف انسانیت کی خدمت۔۔۔۔۔

روحانی مسیحا کا مقصد حیات۔۔۔۔۔۔ روٹھے کو منانا روتے ہو ہنسانا گرتے کو اٹھانا ڈوبتے کو بچانا بندہ ناچیز تو کچھ بھی نہیں مگر اپنے بزرگوں کے تابع کردہ جنات کے ذریعے ایک خاص عمل سے رکے ہوئے کام کرتا ہوں۔ تقدیر کو تدبیر سے بدل ڈالو مایوسی گناہ ہے

علم کے ذریعے لوگوں کی خدمت کرنا یہ ہمارا خاندانی کام ہے مجھ سے پہلے یہ کام میرے دادا حضور کرتے تھے جن کے آج بھی ہزاروں کی تعداد میں مرید ہیں اور وہ مجھ سے رابطہ کرتے ہیں عملیات کا کام کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے ہم سے پوچھیں کے ہم نے ان میں کتنی اذیت سہی ہے اس وقت یہ اذیت بھول جاتا ہوں جب کوئی انسان روتا ہوا آتا اور ہنستا ہوا جاتا ہے تمام دکھی بہن بھائیوں کو دعوت عام ہے کہ آئیں مسئلہ چاہے کچھ بھی ہو کامیابی حاصل کریں ناممکن کو ممکن بنائے جو چاہیں وہ پائیں چیونٹی سے لیکر جتنے جانور ہیں اتنے ہی انسان کے کام ہیں ہر کام میں کامیابی حاصل کریں آپ کا ہر کام جس کو آپ ناممکن سمجھتے ہیں میرے پیر و مرشد دادا حضور کے تابع کردہ جنات موکلات کے ذریعے ایک خاص عمل کی بدولت کامیابی پائیں

شاہین چوک جی ٹی روڈ گجرات پاکستان

سید راحت علی شاہ 0300-6483614

www.pdfbooksfree.pk

خوفناک، دہشت ناک، ہیبت ناک، پراسرار، حیرت ناک، جرائم پر مبنی اور جاسوسی کہانیوں کا مجموعہ

ماہنامہ سچی کہانی لاہور

چیف ایڈیٹر۔ ایم اے زاہد

ایڈیٹر۔ طاہر امین

ایڈیٹر معاون۔ محمد سرور چہل (اعزازی)

لیگل ایڈوائزر۔ حسیب یوسف ایڈووکیٹ (ہائی کورٹ)



قلمی معاونین

- محمد رضوان قیوم
- مس کرن
- رانا جی
- فدا شاہین بھٹی
- رفعت محمود
- نسیم امتیاز

جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 9

ستمبر 2014ء

پبلشرز۔ محمد امین زاہد

پرنٹرز۔ ملک عید محمد موتی روڈ

قیمت فی شمارہ = 60 روپے

سالانہ قیمت بمعہ رجسٹری فیس = 1000 روپے

مقام اشاعت۔ ماہنامہ سچی کہانی لاہور مکان نمبر 2-A جعفر سٹریٹ نمبر 53 قادر پارک نواں کوٹ ملتان روڈ لاہور

ماہنامہ سچی کہانی لاہور میں شائع ہونے والی تمام کہانیاں واقعات مقام اور نام فرضی ہوتے ہیں۔ کسی قسم کی مشابہت اتفاقیہ ہوگی۔ اس سلسلے میں ادارہ سچی کہانی لاہور اور پرنٹرز پر کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوگی۔ اگر مطبوعہ کہانیوں اور واقعات کے بارے میں ہمیں کوئی تردید ملی تو ہم اسے شائع کر دیں گے۔ (ادارہ سچی کہانی لاہور)

خط و کتابت و ملاقات کے لیے

ماہنامہ سچی کہانی لاہور 29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور۔ موبائل نمبر 0314-4008530

www.pdfbooksfree.pk

ماہنامہ سچی کہانی لاہور جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 10

میری باتیں	ایم اے زاہد	7
روح کی واپسی	مس کرن	8
جرم وفا	محمد رضوان قیوم	18
پراسرار حویلی	واجد نگینوی	32
چوہوں کا جزیرہ	ایس. امتیاز احمد	42
پراسرار سیٹی	اشفاق انور	48
خون پینے والی	فریدہ بانو	58
ڈاک بنگلہ	نسیم امتیاز	72
پاک افواج زندہ باد	فدا شاہین بھٹی	78
کالی لڑکی	رفعت محمود	82
صرف ایک رات	امتیاز خانم	98
تیرا دیس چھوڑ چلے	رانا جی	104
تھانوں میں خواتین پر کیا بیتی ہے؟	حمیرا اطہر	116
بند گلی	کامل بادشاہ	122

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

ماہنامہ سچی کہانی لاہور اکتوبر 2014 قیمت =60 روپے

محبوبہ کا قاتل	سنبل ناز	122
واپسی	شمع پروین	130
پیغامات	ادارہ	142
روحانی دنیا	سید راحت علی شاہ	145
پرائز بانڈ کی دنیا	چاند بابو	156
بیوٹی کیئر	فضہ مامین	160
طب نبویؐ سے علاج	حکیم شیخ محمد امین	161
قلمی دوستی	ادارہ	171
ناقابل فراموش واقعات	ادارہ	177
شاہدہ کا دسترخوان	شاہدہ پروین	183
میری پسند	نور العین عینی	187
غزلیں نظمیں	معیزہ سحر	193
گلستان	روبینہ کوثر	203
سچی کہانی کوئیز	ادارہ	208
عائمہ کے ٹوٹکے	عائمہ جبیں	141

www.pdfbooksfree.pk

قرآن مجید

قرآن مجید میں استعمال ہونے والے کل حروف تہجی 323760 ہیں۔
قرآن مجید میں استعمال ہونے والی کل زبریں 53223 ہیں۔
قرآن مجید میں استعمال ہونے والے کل نقطے 1050030 ہیں۔
قرآن مجید میں استعمال ہونے والے کل الفاظ 86430 ہیں۔
قرآن مجید میں استعمال ہونے والی کل کلمے 86 ہیں۔
قرآن مجید کی کل سورتیں 114 ہیں۔
قرآن مجید کی مکی سورتیں 86 ہیں۔
قرآن مجید کی مدنی سورتیں 28 ہیں۔
قرآن مجید کی کل آیات 6666 ہیں۔
قرآن مجید کے کل رکوعات 540 ہیں۔
قرآن مجید کے کل پارے 30 ہیں۔
قرآن مجید کی کل منازل 7 ہیں۔
قرآن مجید کا کل عرصہ نزول 22 سال 5 ماہ 14 دن ہیں۔
قرآن مجید میں 26 انبیاء کرام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔
قرآن مجید میں 12 غزوات مبارکہ کا ذکر ہے۔
قرآن مجید میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا لفظ "ا" ہے جس کی تعداد 48800 ہے۔
قرآن مجید میں سب سے کم استعمال ہونے والا لفظ "ظ" ہے۔
قرآن مجید میں لفظ "اللہ" 2584 مرتبہ آیا ہے۔
قرآن مجید میں "محمد الرسول اللہ" 25 مرتبہ آیا ہے۔
قرآن مجید کی طویل سورۃ "البقرہ" ہے۔
قرآن مجید کی مختصر سورۃ "الکوثر" ہے۔
قرآن مجید کی سب سے پہلے نازل ہونے والی سورۃ "علق" ہے۔
قرآن مجید کا دل سورۃ "یٰسین" کو کہتے ہیں۔
قرآن مجید کی سردار آیت "آیت الکرسی" ہے۔
قرآن مجید میں "عروس قرآن" سورۃ رحمٰن کو کہتے ہیں۔
قرآن مجید میں "ام القرآن" سورۃ فاتحہ کو کہتے ہیں۔
قرآن مجید کے لفظی معنی "پڑھا ہوا" ہے۔
قرآن مجید شب قدر میں نازل ہوا۔
قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے 99 اسمائے گرامی ہیں۔
قرآن مجید میں حضور اکرمؐ کے 102 اسمائے گرامی ہیں۔
قرآن مجید میں پہلا سجدہ نویں پارے میں ہے۔
قرآن مجید کا موضوع "انسانیت" ہے۔
قرآن مجید میں نماز قائم کرنے کی تاکید 700 مرتبہ کی گئی ہے۔
قرآن مجید کی پہلی سات سورتوں کو "طوال" کہتے ہیں۔
قرآن مجید میں 4 فرشتوں کے نام ہیں۔
قرآن مجید میں سب سے زیادہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام آیا ہے۔
قرآن مجید کی آیات فرشتہ "جبرائیل" لے کر آیا کرتے تھے۔
قرآن مجید کا سندھی زبان میں ترجمہ 1293ء میں عزیز اللہ نے کیا۔
قرآن مجید کا بنگالی زبان میں ترجمہ 1349ء میں شاہ رفیع اللہ نے کیا۔
قرآن مجید کا فارسی زبان میں ترجمہ 1669ء میں شیخ سعدی نے کیا۔
قرآن مجید کا روسی زبان میں ترجمہ 1776ء میں سینٹ پیرز نے کیا۔
قرآن مجید کا ہندی زبان میں ترجمہ 1912ء میں احمد شاہ نے کیا۔
قرآن مجید کا چینی زبان میں ترجمہ 1923ء میں روین ژو دھوا نے کیا۔

★ طاہر بن ولی۔ لاہور

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

طالبان کی اپنی فیملی سمیت آمد اور حکومت کی اربوں روپے کی امداد

ساٹھ ہزار سے زائد بے گناہ لوگوں کے قاتل اور سینکڑوں بچیوں کے اسکول تباہ کرنے والے طالبان اپنے خاندان اور فیملی کے ساتھ مظلوم بن کر پاکستان میں دس لاکھ کے قریب آچکے ہیں۔ ان کے خاندان کے سینکڑوں افراد ابھی تک پاک فوج کے ساتھ جنگ میں مصروف ہیں اور جبکہ ہماری حکومت ان کو اربوں روپے امداد دینے کے علاوہ ان کی حفاظت کر رہی ہے۔

پاکستان میں چولستان اور تھر کے علاوہ بہت سے ایسے علاقے موجود ہیں جہاں لوگوں کو پینے کے لیے صاف پانی تک میسر نہیں ہے اور حکومت نے ان کے لیے کچھ نہیں کیا جبکہ طالبان کے خاندانوں کے لیے تمام بنیادی سہولتیں ہنگامی بنیادوں مہیا کر دی گئی ہیں۔ جبکہ طالبان آج بھی پاک فوج کے نڈر بہادر جوانوں کو شہید کر رہے ہیں۔ یہ بات بھی ظاہر ہو چکی ہے کہ طالبان ہمارے دشمنوں کے آلہ کار ہیں اور ہمارے ملک کے آئین اور قانون کو تسلیم نہیں کرتے..... حکومت ان کے خاندانوں کو تحفظ اور امداد دے رہی ہے۔ ایسی صورت حال کے پیش نظر طالبان کی سرگرمیاں کبھی بھی ختم نہیں ہوں گی اور بے گناہ افراد ان کے ہاتھوں قتل ہوتے رہیں گے۔

ایم اے زاہد

www.pdfbooksfree.pk

میں نے ڈھانچے کو دیکھا۔ سوکھی ہوئی ہڈیاں گوشت سے پر ہوگئی تھیں۔ ان کا رنگ ہی بدل گیا تھا۔ گورا گورا سفید گلابی آہ کتنا خوبصورت بدن تھا

روح کی واپسی

..... مس کرن

یہ ڈھانچہ..... یہ ڈھانچہ..... مجھے گزرے ہوئے کچھ واقعات یاد آنے لگے اور میری نگاہیں پہاڑ کی دیوار کے ساتھ ساتھ اوپر اٹھتی چلی گئیں۔ تب میں نے پہاڑ کی اس چوٹی کو دیکھا جو بہت ہی بلند تھی اور اس چوٹی پر مجھے کچھ نظر آیا۔

ہاں..... وہ شاید میں ہی تھی جو پہاڑ کی چوٹی پر کھڑی اس کی گہرائیوں میں پھیلی اس وادی کو دیکھ رہی تھی۔ لیکن میرے نزدیک کوئی بھی نہ تھا۔ ''کون ہے یہ.....؟'' میں نے الجھے ہوئے انداز میں سوچا۔ تب مجھے شاہد نظر آیا۔

''اوہ ہاں.....'' وہ شاہد ہی تو تھا۔ شاہد میرا شوہر..... میں نے خوفزدہ نگاہوں سے قرب و جوار کے ماحول کو دیکھا اور تب ہی ایک بھیانک چیخ میرے کانوں میں لہرا گئی۔

اس دن بارش ہو رہی تھی۔ موسم بے حد خوشگوار تھا۔ آسمان پر سیاہ گھٹائیں اُمنڈ اُمنڈ کر آ رہی تھیں اور بجلیاں کڑک رہی تھیں۔ یہ موسم بڑا جانفزاء ہوتا ہے اور ایسے موسم میں نہ جانے کیا کیفیت ہو جاتی ہے۔

ایک انسانی بدن اس پہاڑ کی چوٹی سے نیچے گر رہا تھا۔ فضا میں لڑھکنیاں کھاتا ہوا گہرائیوں کی جانب آ رہا تھا۔ میں نے چاہا میں لپک کر اس بدن کو پکڑ لوں..... یہ میرا ہی جسم تو تھا..... زندگی سے بھرپور، جوانی کی رعنائیوں سے سجا ہوا۔

نومی نے بجلیوں کے ساتھ آنکھ مچولی کھیلنے کی پیش کش کی تو نہ جانے کیوں میں اس کے ساتھ باہر نکل آئی۔

بھوری چٹانیں پانی میں نہا کر نکھر رہی تھیں۔ چھوٹے چھوٹے تمام گڑھے بھر گئے تھے۔ جل تھل ہو رہے تھے اور حشرات الارض زمین کے سوراخوں سے باہر نکل آئے تھے تاحد نگاہ پانی کے دھوئیں کے سوا کچھ نہیں تھا۔ میں نومی کے ساتھ فضا میں چل رہی تھی۔ کہ دفعتاً اس نے مجھے مخاطب کیا۔

''شیمی! وہ دیکھو وہ کیا ہے؟'' میں نے اس کے اشارے کی سمت دیکھا تو ایک بلند و بالا سیاہ پہاڑ کے دامن میں سوکھی ہوئی ہڈیوں کا ایک پنجر پڑا ہوا تھا۔ اس کے نیچے پانی جمع ہو چکا تھا اور وہ اِدھر اُدھر تیر رہا تھا۔ نومی پھر پھڑ پھڑاتا ہوا نیچے اتر گیا۔ وہ اس ڈھانچے سے کچھ فاصلے پر پتھر کی ایک چٹان پر بیٹھ گیا اور پانی میں بہتے ہوئے اس ڈھانچے کو بغور دیکھنے لگا۔ کمینہ اُسے دیکھ دیکھ کر ہنس رہا تھا۔ میں اس کے نزدیک جا

www.pdfbooksfree.pk



www.pdfbooksfree.pk

کھڑی ہوئی' لیکن نہ جانے کیوں میرے ذہن پر ایک بوجھ سا طاری ہو گیا۔ میں خود کو مضطرب محسوس کر رہی تھی۔

نادیدہ ہاتھ اس وجود کو نہ پکڑ سکے..... میں نے دیکھا کہ وہ پہاڑ کے دامن میں بہتے ہوئے ایک برساتی نالے میں آ گرا۔ یہی نالہ تھا جس میں اب بارش کی وجہ سے پانی بھر گیا تھا۔ اس وقت بھی شاید بارش ہو چکی تھی اور برساتی نالہ اپنے جوبن پر تھا۔ انسانی بدن اس نالے میں آ گرا۔

میں اس سے الگ کھڑی ہوئی تھی اور میری نگاہوں میں تاسف کے آثار تھے۔ تب ہی نومی کی کریہہ چیخ نے مجھے جگایا۔ میں خیالات سے باہر آ گئی۔

''شمی.....! شمی.....! کیا سوچنے لگیں.....؟''

''کچھ نہیں نومی! کوئی خاص بات نہیں۔''

''شمی! دیکھو یہ انسانی ڈھانچہ کس طرح پانی کی لہروں سے کھیل رہا ہے۔ شمی! آؤ کیوں نہ ایک تجربہ کریں۔'' نومی نے حسب معمول پھر ایک تجویز پیش کر دی۔

''کیسا تجربہ.....؟'' میں نے غصیلے لہجے میں پوچھا۔

''تم اس ڈھانچے میں داخل ہو جاؤ' دیکھیں تو سہی اس کی کیا کیفیت ہوتی ہے.....؟''

''اونہیں..... میں ایسی غلیظ چیزوں کو پسند نہیں کرتی۔ اگر مجھے ایسا ہی کوئی بدن حاصل کرنا ہوتا تو تمہاری طرح کسی چمگادڑ کا بدن حاصل کر لیتی اور فضا میں تمہارے ساتھ پرواز کرنے لگتی..... لیکن مجھے ایسے منحوس بدن پسند نہیں ہیں۔ چھی..... چھی کبھی اپنے آپ کو دیکھو تو فوراً اس خول سے نکل بھاگو۔'' میں نے کہا اور نومی پھر ہنسنے لگا۔

''تم تو بس شمی! انوکھی ہو..... ارے یہ بدن کیا حیثیت رکھتے ہیں ہمارے لیے۔ جب چاہو چھوڑ دو اور اس سے نکل کر کسی دوسرے جسم میں داخل ہو جاؤ۔ لیکن ہر جگہ ایک ہی کیفیت ملتی ہے۔ شمی! مان لو میری بات ذرا تجربہ ہی سہی..... دیکھیں تو سہی کہ اس جسم میں داخل ہو کر تمہاری کیا کیفیت ہوتی ہے؟''

نومی نے مجھے کچھ اس طرح مجبور کیا کہ میں تیار ہو گئی۔ آگے بڑھ کر میں نے اس پانی پر تیرتے ہوئے انسانی ڈھانچے کو پکڑ لیا۔ چاروں طرف سے اس کا جائزہ لیا اور پھر اسے پانی میں سے کھینچ لیا۔ اگر یہ برساتی نالہ پوری طرح بھر جاتا تو یہ پانی اس انسانی ڈھانچے کو لے کر نہ جانے کہاں سے کہاں پہنچ جاتا۔ بہر حال میں نے نومی کی ہدایت پر عمل کیا اور اس ڈھانچے میں داخل ہو گئی۔

عجیب سی گھٹن کا احساس ہوا تھا۔ ڈھانچے میں داخل ہوتے ہی اس کے خلا پر ہونے لگے۔ ہڈیوں کے درمیان کھال پیدا ہونے لگی اور دیکھتے ہی دیکھتے میں اس حصار میں بند ہو گئی۔ میں نے چیخ چیخ کر نومی کو آوازیں دیں..... لیکن نومی کے قہقہے میرے کانوں میں گونج رہے تھے۔ تب میں اٹھ کر بیٹھ گئی۔

''شریر آدمی ہمیشہ ایسی ہی فضول حرکتیں کرتے رہتے ہو تم۔ میں باہر آ رہی ہوں۔''

''ارے نہیں..... نہیں شمی! سنو تو سہی۔ آخر ایسی کیا جلدی ہے جب چاہو اس سے باہر آ سکتی ہو..... تم قیدی تو نہیں بن گئیں..... دیکھو کسی انوکھی تبدیلیاں ہو

www.pdfbooksfree.pk

رہی ہیں اس میں۔ واہ اس پر تو گوشت آتا جا رہا ہے۔ بڑا دلچسپ تجربہ ہے شمی.....!''

میں نے ڈھانچے کو دیکھا۔ سوکھی ہوئی ہڈیاں گوشت سے پر ہوگئی تھیں۔ ان کا رنگ ہی بدل گیا تھا۔ گورا گورا سفید گلابی آہ کتنا خوبصورت بدن تھا..... لیکن لباس سے بے نیاز۔ مجھے شرم آنے لگی۔ انوکھے ہوتے ہیں یہ بدن..... نہ جانے کیسے کیسے بوجھ لاد لیتے ہیں خود پر۔

''نومی! کمینے! اپنا رخ بدل لو۔ ورنہ میں باہر آجاؤں گی۔''

''میں سمجھ گیا۔ تمہیں بے لباسی کا احساس ہو رہا ہے۔ انسانی بدن میں بس یہی خرابی ہے۔ وجود میں آتے ہی مصنوعی ضرورتوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ مگر ہم اس تجربے کو مکمل کریں گے۔ تم چند لمحے توقف کرو۔ میں ابھی تمہارے لیے لباس مہیا کرتا ہوں۔''

نومی نے اپنے بدن کو تولا اور فضا میں بلند ہو گیا۔ میں برساتی نالے سے ہٹ کر اس چٹان پر آبیٹھی جہاں تھوڑی دیر قبل نومی بیٹھا ہوا تھا۔ پانی کی بوندیں میرے بے لباس جسم کو بھگو رہی تھیں۔ لمبے لمبے بال ذرا سی دیر میں بھیگ کر میری گردن اور سینے پر آپڑے تھے۔ میں ان لمبے بالوں سے اپنے بدن کو چھپانے کی لگی..... حالانکہ یہاں کوئی نہیں تھا لیکن بس ایک احساس' ایک فطری احساس مجھے شرم دلا رہا تھا۔

فضا میں نومی اڑتا ہوا نظر آیا اور میں سمٹ گئی۔ اس نے ایک لباس میرے اوپر ڈال دیا۔

''نومی! اب تم یہاں سے تھوڑی دور چلے جاؤ تاکہ میں یہ لباس پہن لوں۔'' میں نے کہا اور نومی نے مجھ سے یہ اخلاقی تعاون کیا۔ تب میں نے لباس پہن لیا۔

''اب میں تمہارے پاس آسکتا ہوں.....؟''

نومی کی آواز ابھری اور میری اجازت سے وہ میرے پاس آگیا۔ اس نے شرارت بھری نگاہوں سے مجھے دیکھا اور اپنے نوکیلے بھیانک دانت نمایاں کر دیئے۔

''تم میرا مذاق اڑا رہے ہو؟'' میں غصیلے انداز میں بولی۔

''وہ..... نہیں شمی.....! یقین کروں ایسی بات نہیں ہے۔ تم بہت خوبصورت نظر آرہی ہو۔ کیا یہ تجربہ انوکھا نہیں تھا۔ سوکھی ہوئی ہڈیوں کا پنجر ایک دم سرسبز و شاداب ہو گیا۔''

''ہونا ہی تھا۔ مٹی کے اس وجود میں روح کے سوا اور کیا ہوتا ہے۔ ساری شادابی روح کی ہوتی ہے۔ تم یہ لباس کہاں سے لے آئے.....؟''

''میری نہ پوچھو۔ میری دنیا ان کھنڈرات تک محدود نہیں ہے۔ میں تو نہ جانے کہاں کہاں گھومتا پھرتا ہوں۔ ان پہاڑوں سے کچھ دور سرسبز جنگلوں سے پرے ایک خوبصورت شہر آباد ہے۔ حسین عمارتوں کا شہر جہاں بے شمار لوگ رہتے ہیں۔''

''آہ..... میں اس شہر کو جانتی ہوں۔ میں نے وہاں 20 سال گزارے ہیں۔ مجھے وہ شہر یاد ہے۔''

''کیا وہ تمہارا شہر تھا.....؟''

''ہاں..... وہ میرا شہر ہے۔'' مجھے اپنے دل میں حسرتیں تڑپتی ہوئی محسوس ہو رہی تھیں۔ نہ جانے کیا' کیا یاد آتا جا رہا تھا..... ذہن کے دریچے کھل رہے تھے اور ان سے یادوں کی ہوا آرہی تھی۔

www.pdfbooksfree.pk

''کیا تمہارے دل میں اس شہر کو دوبارہ دیکھنے کی آرزو نہیں ہے شمی؟'' نومی نے پوچھا اور پھر جلدی سے بولا۔ ''اب تو تمہارے سینے میں دل ہوگا؟''

''آرزو.....'' میں نے حسرت بھری آواز میں کہا۔

''کیوں..... کیا تمہارے احساسات نہیں جاگے؟ کیا تمہارا دل اب بھی مردہ ہے.....؟''

''نہیں نومی!''

''اس شہر میں تمہارے اپنے لوگ ہوں گے۔ وہ سب ہوں گے جن کے درمیان تم رہی ہو؟''

''میرے اپنے.....'' میں حسرت بھری آواز میں بولی۔ ''تھے نومی! مگر اب ان سے میرا کیا تعلق ہے۔ میرے اور ان کے رشتوں کے تو سارے دھاگے ٹوٹ چکے ہیں۔ میں فطرت سے بغاوت کی جرأت کہاں کر سکتی ہوں۔''

''بغاوت تو کوئی بھی نہیں کر سکتا لیکن تفریحاً تجربتاً دیکھو تو سہی وہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ دیکھو تو سہی ان میں سے کوئی تمہیں یاد کرتا ہے یا سب بھول چکے ہیں۔ بس تفریحاً۔ پھر ہم وہاں سے چلے آئیں گے۔ بالآخر ہمیں انہی کھنڈرات میں آجانا ہوگا۔''

یادوں کی ہوائیں تیز ہوگئیں اور ذہن کے دریچوں میں گزارا ہوا ماضی ابھرنے لگا۔ پھر میری آواز ابھری۔

''دل تو میرا بھی چاہتا ہے نومی! مگر کیا کروں ان لوگوں کے درمیان جا کر..... کوئی بھی نہیں ہے میرا اور کوئی ہوتا تو اب ان میں میرا فاصلہ کسی طور ممکن نہ تھا۔ دنیا سے میرا ناطہ ٹوٹ چکا ہے۔ پھر اس دنیا سے جی لگانے سے کیا فائدہ.....؟ تم ہمیشہ ایسی ہی کوئی شرارت کرتے ہو لیکن یقین کرو' تمہاری یہ شرارت میرے لیے بڑی تکلیف دے ثابت ہوئی ہے۔ میں تمہیں بتاؤں نومی! یہ بدن' یہ انسانی ڈھانچہ جو نہ جانے کتنے عرصے کے بعد تم نے مجھے دکھایا ہے میرا اپنا ہی ہے۔ ہاں..... میں اسے بھول چکی تھی۔ میں نہیں جانتی تھی کہ یہ کہاں پڑا ہوا تھا..... لیکن شاید میرا انتظار کر رہا تھا اور تمہاری شرارت نے مجھے ماضی کے تلخ یادوں میں دھکیل دیا۔ نومی! مجھے اجازت دو کہ میں یہ ناپاک بدن چھوڑ دوں۔ جس کی کثافتیں مجھ پر مسلط ہوگئی ہیں۔ مجھے وہ آزادی پسند ہے نومی! جو مجھے فطرت کی جانب سے ملی ہے۔ ہاں..... میں آزاد رہنا چاہتی ہوں۔ میں یہ بدن چھوڑ رہی ہوں۔''

''ارے' ارے سنو تو سہی شمی! دیکھو یہ تو ہمارے دائرہ اختیار میں ہے۔ بھلا ہمیں یہ بدن چھوڑنے سے کون روک سکتا ہے۔ جن چیزوں سے ہمارا ناطہ کٹ چکا ہے اب ہمیں کوئی بھی ان سے رابطہ رکھنے کے لیے مجبور نہیں کر سکتا۔ یہ تو بس ایک تجربہ ہے۔ ایک تفریح ہے جس کے بارے میں ہم عرصہ تک باتیں کرتے رہیں گے۔ آخر کوئی نہ کوئی موضوع تو تلاش کرتا ہی ہو گا۔ پرانی باتیں دوہراتے دوہراتے کتنا وقت بیت چکا ہے۔''

''ہاں..... نہ جانے کتنا..... شاید 25 سال پہلے ہی کی تو بات ہے۔ میں چھوٹی سی تھی میں۔ ہاں..... بڑا خوبصورت تھا میرا گھر..... حسین ترین اور وہ بوڑھا ابراہیم جو اب نہ جانے کہاں ہے.....؟ اور اب سے پہلے مجھے یاد نہیں آیا جسے میں نے کہیں

www.pdfbooksfree.pk

تلاش نہیں کیا۔ زمین کے ناطے وہ میرا باپ تھا۔ مجھ سے بے پناہ محبت کرتا تھا۔ مجھے دیکھ دیکھ کر جیتا تھا اس کی آنکھوں سے محبت طوفان بن کر اُمنڈتی تھی اور میں اس طوفان میں ڈوب جایا کرتی تھی۔ بے پناہ چاہتا تھا مجھے اور میں بھی اسے اتنا ہی چاہتی تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی نومی! کہ اسے میری ماں سے پیار تھا۔ اتنا چاہتا تھا وہ میری ماں کو۔ اس نے اس کا ساتھ چھوڑا تو وہ کئی سال تک ہسپتال میں داخل رہا..... نیم دیوانہ ہو گیا تھا وہ اور اگر میں اپنی ماں کے خدوخال اختیار نہ کر لیتی تو شاید اس کی یہ دیوانگی اسے بہت پہلے موت کی وادیوں میں لے جاتی۔ لیکن ڈاکٹروں نے مجھے اس کے سامنے پیش کیا' شاید یہ کوئی نفسیاتی علاج تھا اور مجھے دیکھ کر وہ پھر سے جی اٹھا۔ اس نے اپنی تمام محبتیں میرے لیے وقف کر دیں۔ یہ دوہری محبت تھی۔ میرے خدوخال اس کی محبوبہ سے ملتے تھے اور میں اس کی بیٹی تھی۔ یہ دونوں محبتیں مجھے حاصل ہو گئیں اور وہ زندگی کی جانب لوٹ آیا۔

وہ دولت مند آدمی تھا۔ دولت کی کمی نہ تھی۔ اس کے ملازموں نے اس کا کاروبار اس کی عدم موجودگی میں بڑی وفاداری سے سنبھال رکھا تھا اور بعد میں بھی یہی ہوا۔

اس کی محبتیں میرے لیے وقف تھیں اور وہ مجھے دیکھ دیکھ کر جیتا تھا۔ زندگی میں کبھی اس نے کسی دوسری عورت کی آرزو نہ کی۔ بس میری ذات کا ایک ایک لمحہ اس کی زندگی تھا اور میں بھی اس محبت کرنے والے باپ کو بے پناہ چاہتی تھی۔

سو پھر یوں ہوا۔ زمانے کی ضرورتوں کا خیال اسے آیا۔ میں بڑی ہو چکی تھی اور میرے بدن کی رعنائیاں میری جوانی کی آمد کا اعلان کر رہی تھیں۔

سو اس نے سوچا کہ دستورِ زمانہ تو نبھانا ضروری ہے۔ مجھے بھی زندگی کے اس محور میں شامل کر دے جو ماہ و سال سے انسانوں کے گرد مسلط ہے۔ سو اس نے تلاش کیا میرے لیے کسی ایسے نوجوان کو جو دولت مند نہ ہو اور میرے ساتھ اس کی کوٹھی میں زندگی گزارنا پسند کر لے۔ حالانکہ میرا باپ اس قدر دولت مند تھا کہ اگر وہ چاہتا تو میرے لیے بہت سے اچھے گھرانے مل سکتے تھے۔ ایسے گھرانہ جو بخوشی مجھے اپنا لیتے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ شکل وصورت میں' میں سینکڑوں لڑکیوں میں ایک تھی اور لڑکی ہونے کے ساتھ ساتھ دولت بھی رکھتی تھی۔ جس کی ضرورت ہر شخص کو ہوتی ہے۔ لیکن نہ جانے میرے باپ کی سوچ کیسی تھی۔ وہ صرف ایسا لڑکا چاہتا تھا جو اس کی بیٹی کے ساتھ اسی کے گھر میں رہ سکے..... اسے اپنی بیٹی سے جدا نہ ہونا پڑے اور یہ نوجوان شاہد تھا۔ وہ ہماری فرم کا منیجر' ایک خوبصورت اور اسمارٹ نوجوان۔ میرے باپ کی نگاہ اس پر پڑی اور جب اسے معلوم ہوا کہ شاہد اس دنیا میں تنہا ہے تو وہ بہت خوش ہوا اور اس نے دل میں تہیہ کر لیا کہ وہ شاہد کو شیشے میں اتار لے گا۔ یہ محض اس کے تصورات کے عین مطابق تھا۔

پھر یوں ہونے لگا کہ شاہد ہمارے گھر آنے لگا..... وہ فرم کے کاموں سے ہی آتا تھا۔ سہما سہما سا' ڈرا ڈرا سا..... میرے والد اپنے ملازمین کے ساتھ بہت سخت تھے اور ان کے سارے ملازم ان کی سخت مزاجی سے واقف تھے اس لیے ان سے خوف زدہ

www.pdfbooksfree.pk

رہتے تھے۔

پھر ایک شام میں نے اس خوفزدہ نوجوان کو دیکھا۔ میں اس وقت اپنی کوٹھی کے لان پر چہل قدمی کر رہی تھی۔ میرے والد گھر پر موجود نہیں تھے۔ وہ نیلے رنگ کی ایک کار سے اترا۔ شربتی رنگ کے خوبصورت لباس میں ملبوس چھریرے بدن کا مالک، سیاہ سیاہ بالوں کے خشک گچھے اس کے دودھ جیسے سفید چہرے پر خوب سج رہے تھے۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں جوانی کی بجلیاں تڑپ رہی تھیں۔ وہ میری طرف ہی آ گیا۔

''معاف کیجئے گا۔ سیٹھ ابراہیم صاحب گھر پر موجود ہیں؟''

''آپ کو نظر آ رہے ہیں؟'' میں نے سوال کیا اور میرے سوال پر وہ بوکھلا گیا۔

''مم...... میں معافی چاہتا ہوں۔ آپ کو ڈسٹرب کیا۔'' اس نے کہا۔

''کتنی بار معافی مانگیں گے آپ؟'' میں نے پوچھا اور وہ گہری گہری سانسیں لینے لگا۔

''پھر بولا۔

''آپ کون ہیں......؟''

''سیٹھ ابراہیم بہر طور نہیں ہوں۔'' میں اس کی کیفیت سے لطف اندوز ہو رہی تھی۔

''مس ابراہیم ہیں؟'' وہ مسکرایا۔

''اس میں مسکرانے کی کیا بات ہے؟''

''دیکھئے خاتون! مجھے اندازہ ہو چکا ہے کہ سیٹھ صاحب گھر پر تشریف نہیں رکھتے۔ اس سے قبل اگر آپ نے مجھے کسی قدر بدحواس کیا ہے تو وہ صرف سیٹھ صاحب کی وجہ سے۔ میں ان کے علاوہ کسی اور سے مرعوب نہیں ہوتا اور پھر آپ تو ڈرنے کی چیز ہی نہیں ہیں۔''

''بے تکلف ہونا چاہتے ہیں؟'' میں نے اسے گھور کر کہا۔

''ہرج بھی کیا ہے۔ صرف اتنا بتا دیں کہ سیٹھ صاحب کتنی دیر میں آئیں گے تاکہ میرے رکنے کا جواز پیدا ہو جائے یوں بھی بہت ضروری کام ہے ان سے۔''

''مگر میں آپ سے بے تکلف نہیں ہو سکتی۔''

''میں مجبور نہیں کروں گا آپ کو۔''

''ڈیڈی ایک گھنٹے میں آ جائیں گے۔ انہوں نے مجھے فون کیا تھا۔''

''گویا میرا اندازہ درست نکلا۔ آپ مس ابراہیم ہیں۔ خادم کو شاہد پرویز کہتے ہیں۔''

''آپ ڈرائنگ روم میں ان کا انتظار کریں۔ اندر چلے جائیں۔''

''اوہ...... وہاں گھٹن ہوگی۔ آپ اجازت دیں تو میں اس بینچ پر بیٹھ جاؤں؟'' اس نے ایک طرف اشارہ کر کے کہا اور میں ناک سکوڑ کر خاموش ہو گئی۔ وہ مسکراتا ہوا بینچ کی طرف بڑھ گیا تھا۔ میں پھر چہل قدمی کرنے لگی۔ لیکن ذہن اسی کی طرف تھا۔ تب اس کی آواز ابھری۔

''آپ میرا قرض نہیں ادا کریں گے مس ابراہیم؟''

''کیا......؟'' میں نے غصے میں پوچھا۔

''میں نے آپ کو اپنا نام بتایا ہے۔ آپ پر بھی

www.pdfbooksfree.pk

فرض ہوگیا ہے کہ آپ اپنا نام مجھے بتائیں۔ یہ ایک طرح کا اخلاقی قرض ہے۔'' اسی وقت ایک ملازم ہمارے پاس آگیا۔

''شیمی بی بی! چائے لگادوں..... یا صاحب کا انتظار کریں گی؟''

''انتظار کروں گی۔'' میں نے جواب دیا۔

''شاہد بابو! آپ کے لیے چائے لے آؤں؟'' ملازم اسے پہچانتا تھا۔

''ضرور فضل بھائی! میں انتظار نہیں کروں گا۔'' اس نے جواب دیا اور ملازم چلا گیا۔

میں اسے گھورتی رہی پھر بولی۔

''یہ فضل تمہیں کیسے جانتا ہے.....؟''

''میں اکثر یہاں آتا رہتا ہوں مس شیمی! خادم ہوں آپ کا۔ سیٹھ صاحب کی فرم کا منیجر ہوں۔'' اس نے جواب دیا۔

ملازم کی وجہ سے اسے میرا نام معلوم ہوگیا تھا۔ کمینہ مجھے جلاتا رہا..... چائے پیتا رہا..... اس دوران میں نے اس سے کوئی بات نہیں کی تھی۔ جیسے ہی اس نے چائے ختم کی ڈیڈی آگئے۔ وہ وقت سے پہلے ہی آگئے تھے۔ میں کسی قدر جز بز ہوگئی تھی لیکن ڈیڈی کا موڈ بے حد خوشگوار تھا۔ وہ اس سے بات کرنے لگے۔ انہوں نے اور چائے منگوالی تھی۔

کافی دیر تک وہ بیٹھا رہا..... کچھ دیر کاروباری گفتگو ہوئی اور پھر ڈیڈی سے اجازت لے کر چلا گیا۔ میرے ذہن پر اس کا کوئی خاص تاثر نہیں تھا لیکن اس کے جانے کے بعد ڈیڈی اس کی تعریفیں کرتے رہے۔ وہ اس سے بہت متاثر تھے۔

دوسرے دن مجھے اس کا فون آیا وہی شرارت بھری باتیں..... ویسی ہی گفتگو مجھے اس کی گفتگو دلچسپ معلوم ہوئی تھی۔ پھر وہ اکثر ہمارے ہاں آتا رہا..... ڈیڈی اسے بہت زیادہ لفٹ دینے لگے تھے۔ شاید ڈیڈی نے اس سے کوئی بات بھی کر لی تھی اور اسے اجازت دے دی تھی کہ وہ مجھ سے گھل مل جائے۔

ایک آدھ بار ڈیڈی نے خود بھی مجھ سے اس کے ساتھ جانے کی سفارش کی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ میں اس سے مانوس ہونے لگی..... غالباً یہی میرے ڈیڈی کا مقصد تھا۔ انہوں نے اس کی گہرائیوں میں جانے کی کوشش نہیں کی تھی۔ بس اپنے طور پر فیصلہ کرلیا تھا کہ وہ ان کے خیالات پر پورا اترتا ہے۔ میں چونکہ زندگی کے اس رخ سے واقف نہیں تھی اس لیے یہ پہلا شخص میری دلچسپی کا باعث بن گیا اور جب ڈیڈی نے اس کے بارے میں مجھ سے سوال کیا تو میرے چہرے پر شرم کے تاثرات پھیل گئے۔

''کیسا لگتا ہے وہ تمہیں.....؟'' ڈیڈی مجھ نے سے پوچھا۔

''عجیب سوال ہے ڈیڈی! ایک شریف آدمی ہے اچھا ہے اور بس۔'' میں نے جواب دیا اور ڈیڈی سنجیدہ ہوگئے۔ پھر پرخیال انداز میں بولے۔

''دراصل شیمی بیٹے! تم میری دلی واردات سے اچھی طرح واقف ہو۔ ہم ان غم آلود قصوں کی جانب نہیں جائیں گے۔ جن کا ہماری زندگی سے گہرا تعلق ہے۔ لیکن اتنا میں تمہیں ضرور بتانا پسند کروں گا کہ تمہارے علاوہ میری زندگی میں کچھ بھی نہیں ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

شادی ایک اہم فریضہ ہے اور میں جانتا ہوں کہ مجھے ایک نہ ایک دن یہ فریضہ پورا کرنا ہے۔ البتہ میری خواہش تھی بیٹے! کہ ایسا کوئی نوجوان مجھے مل جائے جو تمہارے معیار پر بھی پورا اترے اور میں اسے اپنے ساتھ رکھ سکوں۔ شاہد اس سلسلے میں میرے لیے باعث دلچسپ ہے۔ وہ تنہا ہے اور کوئی بھی نہیں ہے اس کا۔ اگر تم پسند کرو تو میں اس سے تمہاری زندگی کے بارے میں بات چیت کروں.....؟'' میں نے کوئی جواب نہیں دیا لیکن ڈیڈی نے خود ہی میری مرضی کا یقین کرلیا تھا۔ مجھے خاموش پاکر وہ بولے۔

''تو میں یہ سمجھوں کہ تمہیں کوئی اعتراض نہیں ہے؟''

''میں نے آپ کی کسی بات پر کبھی اعتراض نہیں کیا ڈیڈی!'' میں نے مسکرا کر کہا۔

اور پھر شاہد میری زندگی میں داخل ہوگیا۔ کھلنڈر اور شوخ سا نوجوان۔ اس نے مجھے بتایا کہ۔

''وہ زندگی میں محرومیوں کا شکار رہا ہے۔ کوئی بھی نہیں ہے اس کا اور میرے مل جانے سے اسے دلی مسرت ہوئی ہے۔''

چنانچہ میں خلوص دل سے اس کی شریک زندگی بن گئی۔ میں نے اپنی تمام محبت اس پر نچھاور کردی اور شاہد ہم میں گھل مل گیا۔

ڈیڈی نے اسے ہر سہولت فراہم کردی تھی۔ اب وہ اس فرم کا منیجر بلکہ ایک طرح سے مالک تھا۔ البتہ ڈیڈی اصول پرست آدمی تھے۔ اخراجات کے معاملے میں وہ ہمیشہ ہی سنجیدہ رہے تھے اور ایک حد تک پسند کرتے تھے لیکن یہ حدود شاہد کو پسند نہیں تھی۔

''کیسی تکلیف دے بات ہے شیمی! ہم لوگ اتنی بڑی دولت' اتنی وسیع جائیداد کے مالک ہیں لیکن شادی کے بعد ایک بار بھی اس کا موقع نہیں ملا کہ ملک سے باہر جاتے..... دنیا دیکھتے..... میرے دل میں بڑی آرزو ہے کہ میں ملک ملک کی سیر کروں۔''

''تو ڈیڈی سے بات کرو۔''

''میں بات کروں؟ میں تمہیں ایک بات بتا دوں شیمی! لیکن شرط یہ ہے کہ تم محسوس نہیں کروگی؟''

''کیا بات ہے.....؟''

''پہلے وعدہ کرو کہ تم کبیدہ خاطر نہ ہوگی اور نہ ہی میری طرف سے کسی غلط فہمی کا شکار۔''

''چلو وعدہ!''

''تمہارے ڈیڈی نے تمہارے ساتھ میری شادی کرکے ایک گھر داماد خریدا ہے وہی مثالی روایت قائم کررہے ہیں جو گھر دامادوں کے ساتھ کی جاتی ہے۔ میں آج بھی ان کی فرم کا منیجر ہوں اور مجھے وہ حیثیت حاصل نہیں ہے جو کہ ہونی چاہیے تھی۔''

''تمہیں کہاں اس کا احساس ہوتا ہے شاہد؟'' میں نے سوال کیا۔

''ہر جگہ..... مجھے بتاؤ تمہارا شوہر ہونے کے باوجود کسی چیز پر حق ہے.....؟ میں تو اپنی پسند کی ایک کار بھی نہیں خرید سکتا۔''

''تم اپنی پسند کی چار کاریں خرید لو شاہد! میں تمہیں رقم دوں گی۔''

''تم دوگی نا..... یہ فرق ہے مجھ میں اور تم میں شیمی!'' وہ تلخی سے مسکرایا۔

''تم ان باتوں کو محسوس مت کرو شاہد! میں

www.pdfbooksfree.pk

ڈیڈی سے بات کروں گی۔''

''نہیں شمی! میری سکی ہوگی۔تم ان سے کوئی بات نہ کرنا۔'' اس نے کہا اور میں خاموش ہوگئی لیکن میں نے بعد میں ڈیڈی سے اس موضوع پر بات کی اور ڈیڈی مسکرانے لگے۔

''شوہر کی حمایت میں لڑنے آئی ہے مجھ سے پگلی! یہ بتا کہ میں اس دولت کا کیا کروں گا..... میرے کس کام آئے گی..... یہ تم دونوں کے لیے ہی تو ہے۔ لیکن کچھ تو قف کرو۔شاہد بہت اچھا لڑکا ہے لیکن بہرحال اجنبی ہے۔ پہلے اسے پرکھ لوں۔ یہ کام جاری ہے۔میرے چند خاص آدمی اس کی نگرانی کر رہے ہیں۔اس کے بعد سب کچھ تم دونوں کو سونپ دوں گا۔''

عجیب بات ہے ڈیڈی! آپ اب اسے پرکھ رہے ہیں۔ جب وہ میری تقدیر کا مالک بن چکا ہے۔ میں کہتی ہوں وہ اچھا انسان ہے۔کوئی خرابی نہیں ہے اس میں۔اسے کسی محرومی کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔''

''مگر وہ کیا چاہتا ہے.....؟''

''اسے کوئی حیثیت دی جائے۔وہ اپنی مرضی سے کچھ نہیں کرسکتا۔وہ ملک سے باہر جانا چاہتا ہے۔ دنیا دیکھنا چاہتا ہے۔''

''تم بھی اس کے ساتھ جاؤ گی؟''

''ہاں..... ڈیڈی!''

''اور میں.....؟'' ڈیڈی نے دردبھرے لہجے میں پوچھا۔ میں ایک دم خاموش ہوگئی۔ مجھے احساس ہوگیا تھا کہ میں نے خودغرضی کی ہے۔

''آپ بھی ہمارے ساتھ چلیں گے ڈیڈی!''

''ارے نہیں..... بھئی! میں تو مذاق کر رہا تھا۔ ٹھیک ہے تم دونوں گھوم آؤ۔ میں تمہارا انتظار کروں گا۔''

''نہیں ڈیڈی! میں آپ کے بغیر نہیں جاؤں گی۔ یہ میرا فیصلہ ہے۔'' میں نے کہا اور ڈیڈی ہنسنے لگے۔

بہرحال ڈیڈی نے اسے کچھ اختیارات دیئے اور وہ خوش ہوگیا۔ چند ہفتوں کے بعد اس نے دوبارہ باہر جانے کی ضد شروع کردی۔

''میں کب منع کرتی ہوں شاہد! لیکن ہم ڈیڈی کو بھی ساتھ لے جائیں گے۔''

''کیا.....؟'' اس نے حیرت سے کہا۔

''ہاں..... میں ڈیڈی کو تنہا نہیں چھوڑوں گی۔''

''تو پھر کہیں جانے کی کیا ضرورت ہے؟ یہاں کیا برا ہے.....؟'' اس نے تلخ لہجے میں کہا۔

''کیا تم ڈیڈی کو ناپسند کرتے ہو شاہد.....؟''

''یہ بات نہیں ہے شمی! بس ہمیں وہ آزادی نہیں مل سکے گی۔ بات یہ ہے کہ میں ذہنی طور پر آج بھی خود کو ان کا ملازم سمجھتا ہوں اور ان سے بے تکلف نہیں ہوپاتا۔''

''بہرحال جیسا تم پسند کرو۔''

ہم نے باہر جانے کا پروگرام بنا لیا۔خود ہی ڈیڈی ہمارے ساتھ جانے پر تیار نہیں ہوئے تھے۔ ہم دنیا دیکھنے نکل گئے۔ استنبول' روم' پیرس' لندن' سوئیزرز لینڈ اور نہ جانے کہاں کہاں ڈیڈی اس دوران مجھے یاد آتے رہے تھے۔ مجھے ان کی کوئی خبر نہیں ملی تھی۔

(جاری ہے)

www.pdfbooksfree.pk

مجھے بتایا کہ بابا کلیم خوندکر کو مکتی باھنی
کے غنڈوں نے غداری کا الزام لگا کر بڑی بے رحمی سے شہید کر دیا
تھا۔ حالانکہ وہ غدار نہیں وفادار تھے اور ان کا جرم ھی وفا نبھانا تھا

جرمِ وفا

سید..... محمد رضوان قیوم

اس کہانی پڑھ کر ہوسکتا ہے کچھ لوگ یہ کہہ کر انھیں کہ من گھڑت اور بکواس ہے۔ اپنی رائے قائم کرنے میں ہر کوئی آزاد ہے۔ یہ دنیا ہے اور یہاں ایسے ایسے عجیب وغریب اور عقل کو چکرا دینے والے واقعات رُونما ہوتے رہتے ہیں جن کی عقل کوئی توجیہہ پیش نہیں کرسکتی۔ یہ کہانی مجھے چاچا راجہ سعید نے سنائی اور اللہ کو حاضر ناظر جان کر کہا کہ اس میں ذرا بھی مبالغہ نہیں ہے' ان کی یہ بظاہر مافوق العقل کہانی میں انہی کی زبانی پیش کررہا ہوں۔

سقوطِ ڈھاکہ پوری اُمت مسلمہ کے لیے اور خاص طور پر پاکستانیوں کے لیے سقوطِ غرناطہ کے بعد بہت بڑا سانحہ ہے۔ افسوس ہم نے اتنے بڑے المیے سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ پاکستان کا ہرآنے والا حکمران اس عظیم سانحہ کو پس پشت ڈالتا گیا اور رفتہ رفتہ ہم نے اسے بھلا دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اب بھارت نے وہی کاروائیاں بلوچستان میں شروع کردی ہیں اور اس کو پاکستان سے الگ کرنے کی سازشیں کررہا ہے۔ اللہ پاکستان کو ہر قسم کے بیرونی اور اندرونی خطرات سے محفوظ رکھے۔ آمین!

سقوطِ ڈھاکہ سے چند ماہ پہلے 1970ء میں چٹاگانگ کے علاقہ مغل پور میں گیا تھا۔ ویسے میری پیدائش مری اور راولپنڈی کے سنگھم پر واقع گاؤں چھتر کی ہے۔ میرا باپ راجہ عباس چٹاگانگ میں ایک ہندو کے کارخانے میں بطور اکاؤنٹنٹ کام کرتا تھا۔ اس ہندو سیٹھ کا نام گنیش پانڈے تھا اور اس کے کارخانے میں پٹ سن سے بوریاں بنائی جاتی تھیں۔

ہمارے گھر کے افراد میں میری والدہ' والد' میں اور مجھ سے چھوٹی بہن انجم تھی۔ والد صاحب کو بڑی اچھی تنخواہ ملتی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ ہم لوگ خاصی خوشحال زندگی گزار رہے تھے۔ والد صاحب بڑے محنتی اور ایماندار تھے اور کام کے معاملے میں کبھی کوتاہی کے مرتکب نہیں ہوئے تھے۔ اسی وجہ سے سیٹھ گنیش پانڈے نے ان کو اپنے کارخانے میں زیادہ سے زیادہ سہولتیں دے رکھی تھیں۔ ہم دونوں بہن بھائی اکثر والد صاحب سے ضد کیا کرتے تھے کہ وہ ہمیں چٹاگانگ کی سیر کرائیں۔ انہوں نے ہم سے وعدہ کیا کہ جلد ہی وہ ہمیں سیر وتفریح کے لیے چٹاگانگ بلوائیں گے۔

www.pdfbooksfree.pk

اور پھر والد صاحب نے اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے ہمیں تبدیلی آب وہوا اور سیر و تفریح کے لیے چٹا کانگ بلوالیا' گنیش پانڈے نے ان کو کارخانے سے ملحق ایک خوبصورت کوارٹر دے رکھا تھا۔ اس میں تین کمرے کچن اور باتھ روم وغیرہ تھے۔ ایک چھوٹے خاندان کے لیے یہ بہت مناسب کوارٹر تھا۔ گھریلو کام کاج اور کھانا پکانے کے لیے انہوں نے ایک بنگالی کو اپنے ساتھ رکھا ہوا تھا جس کا نام بابا کلیم خوندکر تھا۔ وہ ایک اُدھیڑ عمر شخص تھا۔

''بابا کلیم خوندکر بڑے کام کا بندہ ہے''۔ والد صاحب بتلانے لگے۔ ''یہ میرا ہر کام کرتا ہے مثلاً کھانا پکانا' جھاڑو پوچھا' کپڑے دھونے اور استری کرنا وغیرہ۔ یہ میری تنہائی کا ساتھی بھی ہے۔ یہ باورچی بہت اچھا ہے اور خاص طور پر مچھلی پکانے میں ماہر ہے۔''

ہماری اتنی تعریفیں سن کر بابا کلیم خوندکر کو دیکھنے کی خواہش بڑھ گئی۔ والد صاحب نے بتایا کہ۔

www.pdfbooksfree.pk

''وہ کھانے پینے کا کچھ سامان لینے گیا ہوا ہے اور آنے والا ہی ہوگا۔''

کچھ دیر بعد بابا کلیم خوندکر آ گیا۔ وہ گٹھے ہوئے بدن کا مضبوط آدمی تھا۔ اس کا قد عام بنگالیوں کی طرح چھوٹا تھا اور رنگت بھی سانولی تھی۔ والد صاحب نے ہمارا اس کے ساتھ تعارف کرایا۔ وہ ہم سے بہت خوش ہو کر ملا۔

''آپ کا والد میرے بھائیوں کی طرح ہے بچو!'' بابا کلیم خوندکر نے خوش دلی سے کہا۔ ''تم مجھے اپنا تایا' چچا سمجھو۔''

''تمہارے بیوی بچے کہاں ہیں بھائی.....؟'' امی نے اس سے پوچھا۔

اس سوال کو سن کر یک دم بابا خوندکر اُداس ہو گیا۔ اس موقع پر والد صاحب نے مداخلت کرتے ہوئے ہمیں بتایا کہ۔

''اس بے چارے کے بیوی بچے کئی سال پہلے کشتی کے ایک حادثے میں ہلاک ہو گئے تھے۔ یہ صدمہ اتنا بڑا تھا کہ اس کے بعد بابا کلیم خوندکر نے دنیا سے بالکل منہ موڑ لیا اور پھر شادی بھی نہ کی۔'' والد صاحب نے بتایا کہ۔ ''مشرقی پاکستان ندی نالوں کا دیس ہے۔ جس طرح ہمارے ہاں بسیں ویگنیں چلتی ہیں وہاں مختلف علاقوں میں آنے جانے کے لیے کشتیاں' لانچیں اور سٹیمر چلتے تھے۔''

پہلا دن تو ہم نے آرام کرنے اور وہاں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں گزارا۔ وہاں ندی نالے' دریا وغیرہ زیادہ ہونے کی وجہ سے چاول کی خوب فصل ہوتی ہے اور مچھلی بکثرت پائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہاں عام بنگالیوں کی خوراک زیادہ تر مچھلی کا سالن اور اُبلے ہوئے چاول ہیں۔ اکثر مچھیروں نے بڑی بڑی کشتیوں پر ہی اپنے گھر بنا رکھے ہوتے ہیں اور وہ ساری زندگی پانی کے سینے پر گزار دیتے ہیں۔

تین چار گھنٹے خوب آرام کر کے ہم تازہ دم ہو گئے۔ رات کھانے کا وقت ہو گیا تھا۔ بابا کلیم خوندکر نے ہمارے لیے خاص طور پر مچھلی تیار کی تھی۔ واقعی اس سے پہلے ہم نے اتنی لذیذ مچھلی نہیں کھائی تھی۔ پیٹ بھرنے کے باوجود نیت نہیں بھری تھی۔

بابا کلیم خوندکر بڑی دلچسپ اور پُرکشش شخصیت کا مالک تھا۔ وہ ہمارے ساتھ یوں گھل مل گیا جیسے وہ ہمارا سگا چاچا ہو۔ وہ ہمارے ساتھ بالکل بچہ بن کر کھیلتا تھا اور بڑی مزے مزے کی باتیں سناتا تھا جو ہمارے لیے نئی اور انوکھی تھیں۔ شام کو وہ ہمیں بازار لے گیا اور اناس کا تازہ جوس پلایا۔

والد صاحب نے ہمیں بتایا کہ۔

''بابا کلیم خوندکر کی ایک خوبی بتانا وہ بھول گئے تھے۔ وہ یہ کہ بابا کلیم خوندکر بہت اچھا کہانی گو بھی ہے لہٰذا اس سے کہانیاں ضرور سننا۔'' مجھے کہانیاں سننے کا جنون کی حد تک شوق تھا۔ رات ہوئی اور سونے کا وقت ہوا تو میں نے ضد کی کہ۔

''میں تو بابا کلیم خوندکر سے کہانی سنوں گا اور پھر ان کے پاس ہی سو جاؤں گا۔'' یہ سن کر والدہ کو غصہ آ گیا اور انہوں نے اسے اچھا نہیں سمجھا مگر والد صاحب نے مجھے بابا کلیم خوندکر سے کہانی سننے اور ان کے پاس سونے کی اجازت دے دی۔

بابا کلیم خوندکر کا کمرہ بڑا صاف ستھرا تھا۔ میں

www.pdfbooksfree.pk

نے ان کے پاس جا کر بتایا کہ۔

''میں کہانی سننے آیا ہوں اور ان کے پاس ہی سوؤں گا۔'' یہ سن کر وہ بہت خوش ہوئے اور مجھے بنگال کی مشہور مٹھائی کھلائی۔ اس کے بعد انہوں نے ایک بڑی دلچسپ کہانی سنانی شروع کر دی۔ ان کا انداز ایسا سحر انگیز اور دل موہ لینے والا تھا کہ میں کہانی کے سحر میں گم ہو گیا۔

میں نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ بابا کلیم خوندکر کہانی تو مجھے سنا رہے تھے لیکن ان کی نظریں مسلسل سامنے والی کھڑکی پر لگی ہوئی تھیں۔ ان کا انداز ایسا تھا جیسے انہیں توقع ہو کہ ابھی کھڑکی کھلے گی اور کوئی محبوب چہرہ نظر آئے گا۔ ان کی پوری توجہ کھڑکی پر مرکوز تھی مگر اس کے باوجود کہانی کے تسلسل اور دلچسپی میں کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔ میں حیران رہ گیا کہ بھلا ایک شخص ایک ہی وقت میں اپنے ذہن کو دو طرف کیسے متوجہ رکھ سکتا ہے.....؟

میں نے بابا کلیم خوندکر سے پوچھا کہ۔

''وہ کھڑکی کی طرف اتنے غور سے کیا دیکھ رہے ہیں جبکہ مجھے وہاں کچھ بھی نظر نہیں آ رہا.....؟'' انہوں نے مسکرا کر مجھے ٹال دیا اور کہانی کو آگے بڑھاتے گئے۔ کہانی سنتے سنتے مجھ پر غنودگی سی چھانے لگی اور میں نہ جانے کب نیند کی آغوش میں چلا گیا۔

پتہ نہیں رات کا وہ کون سا وقت تھا جب میری آنکھ کھل گئی۔ مجھے پیشاب کی حاجت محسوس ہو رہی تھی۔ میں اٹھا تو میری نظر بابا کلیم خوندکر پر پڑی۔ میں دیکھ کر حیران رہ گیا کہ وہ ابھی تک سوئے نہیں تھے اور مسلسل اسی کھڑکی کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھ رہے تھے۔ اس کے ساتھ ہی میرے کانوں میں عجیب سی آواز گونجنے لگی۔ آواز بہت واضح نہیں تھی لیکن پورے کمرے میں گونج رہی تھی۔ ایسے محسوس ہو رہا تھا جیسے کمرے میں بہت سی مکھیاں یا بھڑیں اُڑ رہی ہیں۔

میں نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر کمرے میں نظر دوڑائی مگر کچھ دکھائی نہ دیا جبکہ بھنبھناہٹ مسلسل گونج رہی تھی اور چاروں طرف سے آتی محسوس ہوتی تھی۔ چاچا کلیم خوندکر پتھر کے کسی بے جان وجود کی طرح ساکت تھے۔ میں نے ان کو چھیڑنا مناسب نہ سمجھا اور پھر سو گیا۔

صبح میری آنکھ کھلی تو بابا کلیم خوندکر اپنے بستر پر موجود نہیں تھا۔ میں نے اٹھ کر انہیں تلاش کیا تو وہ باورچی خانے میں موجود تھے۔ مجھے دیکھ کر انہوں نے کہا کہ۔

''جلدی سے نہا دھو کر آ جاؤ میں تمہارے لیے باداموں' دیسی گھی اور شہد سے ایک خاص قسم کا حلوہ تیار کر رہا ہوں۔ ایسا حلوہ تم نے زندگی میں کبھی نہیں کھایا ہوگا۔''

جب ناشتے کے ساتھ بابا کلیم خوندکر نے گرما گرم حلوہ لا کر میز پر رکھا تو کمرہ اشتہا انگیز خوشبو سے مہک اٹھا۔ سب نے جی بھر کر یہ حلوہ کھایا۔

''یہ حلوہ خالص دیسی گھی اور خالص شہد سے بنا لگتا ہے۔'' میری والدہ نے کہا۔ ''یہ چیزیں تو خالص حالت میں ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتیں۔ کہاں سے لائے ہو.....؟''

''میرے اندر دیسی گھی اور شہد کو پرکھنے کی خصوصی صلاحیت موجود ہے''۔ بابا کلیم خوندکر نے کہا۔ ''میں

www.pdfbooksfree.pk

دور سے ہی شہد کی رنگت دیکھ کر اور خوشبو سونگھ کر بتا سکتا ہوں کہ شہد خالص ہے یا نہیں..... میں شہد دوست ہوں۔''

میری آنکھوں میں رات والا منظر گھوم گیا اور بھنبھناہٹ کی پراسرار آواز یاد آ گئی۔

''ہاں امی جان!'' میں نے کہا۔ ''رات کو واقعی میں نے کمرے میں شہد کی مکھیوں کی آوازیں سنی تھیں۔''

ہم سب اس بات پر سب ہنس دیئے اور کسی نے اسے سنجیدگی سے نہ لیا۔ بابا کلیم خوندکر بھی مسکراتے ہوئے باورچی خانے میں چلے گئے۔

''مجھے تو یہ شخص بڑا پراسرار لگ رہا ہے۔'' بابا کلیم خوندکر کے جانے کے بعد والدہ نے میرے والد سے مخاطب ہو کر کہا۔ ''اس میں کوئی عجیب بات ضرور ہے جو میں محسوس کرتی ہوں لیکن بیان نہیں کر سکتی..... میں تو کہتی ہوں کہ سعید کو اس کے پاس سونے کے لیے نہ بھیجا کریں۔''

یہ تمہارا وہم ہے۔'' والد صاحب نے میری والدہ کو تسلی دیتے ہوئے کہا۔ ''یہ بہت شریف اور بے ضرر سا آدمی ہے اور پھر تم نے کون سا یہاں مہینوں رہنا ہے۔ صرف چند دنوں کی تو بات ہے۔''

بات آئی گئی ہو گئی۔

''آؤ تمہیں یہاں کے بازار کی سیر کرا لاؤں۔'' ناشتے کے بعد بابا کلیم خوندکر نے مجھ سے کہا۔

میں ان کے ساتھ چل پڑا۔ بازار میں بہت رش تھا۔ وہاں کی خاص چیز سائیکل رکشے تھے اور اس کے علاوہ ایسے رکشے بھی تھے جنہیں جانور کی بجائے انسان کھینچتے تھے۔ بابا کلیم خوندکر نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔

''یہاں کے سائیکل رکشوں سے بچنا بیٹے!'' انہوں نے کہا۔ ''یہ اگر لگ جائیں تو انسان کی ہڈی پسلی ہلا دیتے ہیں اور اس کا درد بڑی مشکل سے جاتا ہے۔''

وہاں کا بازار بہت بڑا تھا اور ہر قسم کی دکانیں موجود تھیں۔ بازار میں بہت سے دکاندار ان کے دوست تھے اور وہ آواز دے کر ان کو بلا رہے تھے۔ کئی دکانداروں نے یہ سن کر کہ میں مغربی پاکستان سے آیا ہوں مجھے گولیاں ٹافیاں اور دیگر تحائف بھی دیئے۔ یہ بنگال کی خاص سوغاتیں تھیں۔

اب آہستہ آہستہ میری اور بابا کلیم خوندکر کی انسیت بڑھ گئی اور ہم عمر میں اتنا فرق ہونے کے باوجود بے تکلف دوستوں کی طرح رہتے تھے۔ میں روزانہ رات کو بابا کلیم خوندکر سے کہانی سنتا۔ اس دوران کبھی کبھی مکھیوں کی بھنبھناہٹ بھی سنائی دیتی تھی لیکن نظر کچھ نہ آتا تھا۔ میں نے کئی بار اس آواز کا ذکر بابا سے کیا لیکن وہ بات ٹال جاتے۔ یہ نادیدہ آواز میرے حواسوں پر سوار ہو گئی تھی اور میں اس راز کو فاش کرنے کے لیے بے چین ہو گیا۔

ایک دن بڑی عجیب بات ہوئی۔ میں حسب معمول بابا کلیم خوندکر کے ساتھ سیر کرتا ہوا چٹا کانگ کی مچھلی مارکیٹ میں طرح طرح کی مچھلیاں دیکھ رہا تھا اور بابا کلیم خوندکر مجھے مچھلیوں کی مختلف اقسام کے متعلق بتا رہے تھے۔ اچانک بابا کلیم خوندکر چلتے چلتے رک گئے اور فضا میں کچھ سننے کی کوشش کرنے لگے.....

''کیا ہوا چاچا.....؟'' میں نے حیران ہو کر پوچھا۔

www.pdfbooksfree.pk

''خاموش رہو۔'' انہوں نے پراسرار سے انداز میں ایک ہاتھ اٹھا کر کہا۔ ''میرے دوست آنے والے ہیں۔''

''کون سے دوست......؟'' میں نے حیرانی سے چاروں طرف نظر دوڑاتے ہوئے کہا۔ ''مجھے تو کوئی نظر نہیں آ رہا۔''

''تم چند منٹ خاموش کھڑے رہو۔'' انہوں نے ذرا سخت لہجے میں کہا۔ ''پھر تم خود انہیں اپنی آنکھوں سے دیکھ لو گے...... سامنے کی طرف نظر جما کر رکھو اور ڈرنا نہیں۔''

میں نے حیران و پریشان ہو کر ان کی بات پر عمل کیا اور اس طرف دیکھنے لگا جدھر بابا کلیم خوند کر نے کہا تھا۔ مجھے فوری طور پر نظر تو کچھ نہ آیا لیکن بھنبھناہٹ کی آوازیں سنائی دینے لگی جو آہستہ آہستہ میرے قریب آ رہی تھیں پھر مجھے شہد کی دو مکھیاں نظر آئیں جن کا قد و قامت شہد کی عام مکھیوں سے بہت بڑا تھا۔ ان مکھیوں کے بڑے بڑے پروں سے بھنبھناہٹ کی آوازیں نکل رہی تھی۔ دونوں مکھیوں نے قریب آ کر فضا میں گول چکر میں گھومنا شروع کر دیا۔

''آ جاؤ...... آ جاؤ......!'' بابا کلیم خوند کر کے منہ سے سرگوشی نما آواز نکلی۔ ''یہ میرا دوست ہے۔''

اس کا فوری ردِعمل ہوا اور دونوں مکھیاں آ کر بابا کلیم خوند کر منہ پر بیٹھ گئیں اور اٹھکیلیاں کرنے لگیں۔

''یہ ہیں میرے دوست......!'' بابا نے میری طرف دیکھ کر کہا۔ ''جن کا ذکر میں نے کیا تھا۔''

''یہ تو شہد کی مکھیاں ہیں بابا!'' میں نے حیرانی سے کہا۔ ''انسان کے دوست تو انسان ہوتے ہیں۔''

''یہ بے وفا انسانوں سے اچھے دوست ہیں۔'' بابا نے فخر سے کہا۔ ''یہ میرے اعتبار کے اور وفادار دوست ہیں۔'' انہوں نے ایک مکھی کو پکڑ کر چوما۔ پھر دوسری کو چوما۔ دونوں مکھیاں بابا کے کان کے پاس آ کر ''بھن بھن'' کرنے لگیں جیسے ان کے کان میں باتیں کر رہی ہوں۔ اس کے جواب میں بابا کے منہ سے بھی عجیب گنگناہٹ ابھرنے لگی۔ کچھ دیر بعد دونوں مکھیاں فضا میں بلند ہوئیں اور جنگل کی طرف چلی گئیں۔

اس دن بابا نے مجھے خوب گولیاں، ٹافیاں اور کھلونے لے کر دیئے اور سیر کرائی۔ واپسی پر انہوں نے مجھے سمجھایا کہ۔

''شہد کی مکھیوں سے دوستی والی بات ایک راز ہے جو کسی کو معلوم نہیں ہے۔''

''میرا یہ راز تمہیں راز ہی رکھنا ہے۔'' بابا نے کہا۔ ''تم کسی کو بھی حتیٰ کہ اپنے والدین کو بھی یہ بات نہ بتانا۔'' میں نے ان سے وعدہ کر لیا کہ یہ بات کسی کو نہیں بتاؤں گا۔

ایک دن ہم [illegible] سے واپس آ رہے تھے۔ امی ابو اور انجم بھی ساتھ میں تھے۔ ایک سائیکل رکشہ والا انجم کو ٹکر مار گیا۔ ٹکر اتنی زیادہ تھی کہ انجم چیخیں مار مار کر روتی تھی۔ بابا کلیم خوند کر نے گھر پہنچتے ہی شہد اور موم سے بنی ہوئی کوئی دوا متاثرہ مقام پر لگائی تو تھوڑی دیر بعد ہی درد غائب ہو گیا۔

اب روزانہ رات کا یہ معمول بن گیا تھا کہ کہانی سنانے کے بعد بابا اپنی دوست شہد کی مکھیوں کو بلا لیتا۔ مکھیاں بڑے والہانہ انداز میں اس کے چہرے پر بیٹھ

www.pdfbooksfree.pk

جاتیں..... کبھی آنکھوں پر تو کبھی ناک پر۔ یوں لگتا تھا کہ جیسے وہ کھیل رہی ہوں۔ میں بڑی دلچسپی سے اس انوکھے اور دلچسپ نظارے کا مشاہدہ کرتا۔ اس دوران مکھیاں بھنبھناہٹ کی مخصوص آواز نکالتی رہتیں اور بابا کلیم خوندکر بھی منہ سے عجیب سی گنگناہٹ بھری آواز نکالتے رہتے جیسے ان سے اُن کی زبان میں باتیں کررہے ہوں۔

ایک روز بابا کہنے لگے کہ۔

''میں تمہاری ان کے ساتھ دوستی کرادیتا ہوں۔ یہ بڑی اچھی دوست ثابت ہوں گی۔'' پھر انہوں نے گنگنا کر مکھیوں سے کچھ کہا..... تو مکھیاں ان کے چہرے سے اُڑ کر فضا میں ایک دائرے میں گھومیں اور پھر میری طرف آئیں پھر وہ دونوں میرے گالوں پر آکر بیٹھ گئیں۔

مجھے جھرجھری سی آگئی۔ میرا دل چاہا کہ ان کو ہاتھ مار کر اُڑادوں مگر بابا جیسے میرے دل کی بات جان گئے تھے۔

''ایسا مت کرنا بیٹا!'' انہوں نے شفقت سے کہا۔ ''اس طرح یہ ناراض ہوجائیں گی اور پھر تم سے دوستی نہیں کریں گی۔ ابھی یہ خود ہی اُڑ جائیں گیں۔''

اور پھر ایسا ہی ہوا۔ ذرا دیر بعد دونوں مکھیاں خود ہی اُڑ کر بابا کے پاس چلی گئیں۔ بابا نے بتایا کہ۔

''اب یہ تمہاری دوست بن گئیں ہیں۔'' میں نے بابا سے پوچھا کہ۔

''انہوں نے مکھیوں سے دوستی کس طرح کرلی اور ان کی زبان کیسے سیکھ لی.....؟

''یہ بڑی پرانی بات۔'' بابا نے کہا.....

بیوی بچے کے ڈوب کر ہلاک ہوجانے کے بعد میرا دل دنیا سے اچاٹ ہوگیا اور میں آبادی سے دور جنگلوں میں پھرنے لگا۔ ایک دن میں ایسے ہی ایک ویران علاقے میں پھر رہا تھا کہ مجھے ایک عجیب وغریب انسان نظر آیا۔ اس کے بدن پر لباس کے نام پر صرف ایک لنگوٹ تھا۔ سر اور ڈاڑھی کے بال بے تحاشا بڑھے ہوئے تھے۔ وہ اس وقت بڑی مشکل میں پھنسا ہوا تھا۔ اس کا نچلا دھڑ ایک درخت کے تنے کے نیچے دبا ہوا تھا اور اس کے نیچے سے نکلنے کی ناکام کوشش کررہا تھا۔ ایک اور عجیب بات میں نے دیکھی کہ اس گرے ہوئے سادھو کے سر کے اوپر ہزاروں نہیں لاکھوں شہد کی مکھیاں بھنبھنا رہی تھیں۔ میرے ذہن میں خیال آیا کہ یہ سادھو شہد اتارتے ہوئے گر پڑا ہوگا۔ یقیناً جس درخت پر وہ چڑھا تھا وہ کمزور اور گرنے والا ہوگا۔ اب یہ سادھو اسی درخت کے نیچے آگیا تھا۔

میں اس کی مدد کرنا چاہتا تھا لیکن مکھیوں کے ڈر سے آگے نہیں جاتا تھا کہیں مکھیاں اس سادھو کو چھوڑ کر مجھ پر حملہ آور نہ ہوجائیں۔ اسی وقت سادھو کی نظر مجھ پر پڑی تو اس نے کراہتے ہوئے کہا کہ۔

''مجھے یہاں سے نکالو۔'' میں نے اسے بتایا کہ۔

''میں مکھیوں کی وجہ سے آپ کے قریب نہیں آسکتا۔''

''ان سے نہ ڈرو بالک!'' اس سادھو نے کہا۔ ''یہ میری دشمن نہیں دوست ہیں۔ یہ تمہیں کچھ نہیں کہیں گی۔'' میں اس کی بات سن کر حیران رہ گیا کہ بھلا شہد کی مکھیاں بھی کسی کی دوست ہوسکتی ہیں۔ ضرور اس بوڑھے کا دماغ چل گیا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

''میں جانتا ہوں تم میری بات کا یقین نہ کرو گے۔'' سادھو نے کہا۔ ''لیکن تمہیں یقین کرنا پڑے گا۔'' ''میں ان کو دور جانے کا حکم دیتا ہوں۔'' اس کے ساتھ ہی اس نے مکھیوں کی بھنبھناہٹ کے انداز میں منہ سے آواز نکالنی شروع کر دی اور پھر میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب مکھیوں کا وہ بادل آہستہ آہستہ بلند ہونے لگا اور خاص بلندی پر جا کر ایک جگہ اڑنے لگا۔

''اب تو تمہیں یقین آ گیا ہو گا.....؟'' سادھو کی آواز نے مجھے چونکا دیا۔ وہ کہہ رہا تھا۔ ''میری مدد کرو۔'' میں ڈرتے ڈرتے سادھو کے پاس گیا اور اس کو تنے کے نیچے سے نکالنے کی کوشش کرنے لگا مگر یہ بڑا مشکل کام تھا۔ اچانک مجھے ایک طرف ایک لاٹھی پڑی نظر آئی جو یقیناً اسی سادھو کی تھی۔ میں نے لاٹھی کا ایک سرا درخت کے تنے کے نیچے ڈال کر پوری قوت سے اٹھایا تو درخت کا تنا تھوڑا اُوپر اٹھ گیا۔ سادھو فوراً رینگ کر تنے کے نیچے سے نکل آیا۔ اسے کوئی زیادہ چوٹ نہیں لگی تھی۔

اس سادھو نے میرا شکریہ ادا کیا اور مجھ سے پوچھا کہ۔

''میں اس جنگل ویرانے میں کیسے آ نکلا ہوں؟''

میں نے اس کو اپنی دکھ بھری کہانی سنائی تو اس نے مجھے تسلی دلاسہ دیا اور کہا کہ۔

''ہمیشہ اوپر والے کی رضا میں راضی رہنا سیکھو ہمیشہ خوش رہو گے۔''

میں چند دن اس سادھو کے ساتھ ہی رہا اور اس کی خدمت کرتا رہا۔ میں نے باتوں باتوں میں سادھو سے مکھیوں سے دوستی کے بارے میں پوچھا تو اس نے بتایا کہ۔

''اس کے پاس ایک خاص قسم کا علم ہے جو اس کے گرو نے اسے دیا تھا۔ اس کی وجہ سے شہد کی مکھیاں دوست بن جاتی ہیں۔'' پھر سادھو نے میری دوستی بھی شہد کی مکھیوں سے کرا دی۔ میں تقریباً تین مہینے تک اس سادھو کے ساتھ جنگلوں میں پھرتا رہا۔ اسی دوران سادھو نے مجھے بھی یہ علم سکھا دیا۔ اب میں جب چاہوں شہد کی مکھیوں سے رابطہ کر سکتا ہوں۔'' بابا نے آخر میں کہا۔ ''ان کا بنایا ہوا شہد حاصل کر سکتا ہوں۔ میں نے اس سادھو سے اور بھی بہت سا علم حاصل کیا جو بہت کام آتا ہے۔''

میں بابا کی سحر انگیز داستان سن کر حیرت زدہ رہ گیا۔

ہم تین ماہ کے لئے چٹاگانگ گئے تھے۔ دو ماہ گزرنے کا پتہ ہی نہ چلا۔ وہ بنگال میں ہمارے قیام کا تیسرا مہینہ تھا جب مجھے والد صاحب کچھ پریشان نظر آئے۔ وہ اکثر بابا سے ملک کے خراب ہوتے حالات کے بارے میں بات چیت کرتے۔

ایک دن میں نے سنا وہ بابا سے کہہ رہے تھے کہ۔

''اب حالات بہت خراب ہو چکے ہیں تم کل ہی جا کر بچوں کی واپسی کے ٹکٹ پی آئی اے سے بک کرا دو۔''

یہ اسی دن شام کا ذکر ہے جب بابا کلیم خوندکر بازار سے کچھ سامان لینے گئے تو بڑی مایوسی اور گھبراہٹ میں واپس آئے اور بتایا کہ۔

www.pdfbooksfree.pk

''حالات بے حد خطرناک نوعیت اختیار کر چکے ہیں اور انڈیا کے بنگالی ایجنٹ غیر بنگالیوں خاص طور پر سرکاری ملازمین اور عہدے داروں کا قتل عام بے دردی سے کر رہے ہیں۔ آپ کے لیے بہت خطرہ ہے۔ راجہ صاحب!'' بابا کلیم خوندکر نے کہا۔ ''گنیش پانڈے اور دوسرے ہندو آپ اور آپ کے بچوں کے قتل کے منصوبے بنا رہے ہیں۔ آپ ابھی گھر سے باہر نہ نکلیں اور چند روز یہیں دبکے رہیں۔ میں باہر کے حالات پر نظر رکھوں گا اور جیسے ہی کچھ بہتری نظر آئی آپ کو کسی محفوظ مقام پر پہنچا دونگا۔''

حالات بہتر تو نہ ہوئے بلکہ خراب سے خراب تر ہوتے گئے۔ کچھ اپنوں کی غلطیاں اور کچھ بھارت کی سازشوں نے مل کر بنگالیوں اور غیر بنگالیوں کے درمیان نفرت کی ایسی خلیج پیدا کر دی جس کو پاٹنا ناممکن ہو گیا۔ آئے روز ایسی خبریں آنے لگیں کہ فلاں جگہ پنجابیوں کے کنبوں کو قتل کر کے زندہ جلا دیا گیا۔ ہم سہمے ہوئے سارا دن گھر میں دبکے رہتے۔ مکتی باہنی کے سر پھرے نوجوان ہر طرف دندناتے پھرتے رہتے تھے۔ بابا کلیم خوندکر چونکہ بنگالی تھے۔ اس لئے وہ باہر آتے جاتے رہتے تھے۔

ایک دن وہ بازار سے آ رہے تھے کہ مکتی باہنی کے غنڈوں نے انہیں روک کر کہا کہ۔

''تمہارے ساتھ جو پنجابی چھپے ہوئے ہیں ان سے کہہ دینا کہ اب ان کی باری ہے وہ تیار رہیں۔'' یہ دھمکی سن کر ہمارا خون خشک ہو گیا۔

مجھے وہ دن اچھی طرح یاد ہے۔ وہ 13 نومبر کی ایک سرد رات تھی جب صبح فجر کی نماز سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے بابا کلیم خوندکر گھر کا بڑا دروازہ کھول کر بغیر بتائے کہیں چلے گئے۔ ان کا یہ اقدام ہمارے والد صاحب اور والدہ کے لیے بے حد تشویش ناک تھا اور ان کے ذہن میں طرح طرح کے وسوسے آنے لگے۔

''مجھے کلیم خوندکر پر شک ہے''۔ والدہ نے گھبرائی ہوئی آواز میں کہا۔ ''وہ بنگالی غدار ہے اور ہمارے موت کا بندوبست کرنے کے لیے مکتی باہنی کے جنونیوں کے پاس چلا گیا ہے۔ آخر اس کی رگوں میں بھی بنگالی خون ڈور رہا ہے۔'' والد صاحب نے والدہ کو تائید کرتے ہوئے کہا۔

''میرا دل نہ جانے کیوں کسی خطرے کی گواہی دے رہا ہے۔ میرا بھی یہی خیال ہے کہ کلیم خوندکر کسی بدنیتی سے ہمیں چھوڑ کر چلا گیا ہے۔''

''ایسے حالات میں ہم کہاں جائیں؟'' والدہ نے انجم کو اپنی آغوش میں لیتے ہوئے کہا۔ ''ہر طرف موت منڈلا رہی ہے، مکتی باہنی کے غنڈے پنجابیوں کے خون کے پیاسے ہو رہے ہیں۔''

والد صاحب اور والدہ بابو کلیم خوندکر کے خلاف طرح طرح کے شکوک کا اظہار کر رہے تھے لیکن جانے کیوں میرا ذہن اور دل بابا کلیم خوندکر کے خلاف کوئی بات تسلیم کرنے کو تیار نہیں تھا۔ ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ بابا کلیم خوندکر گھبرائے ہوئے گھر میں داخل ہوئے۔ ان کی سانس پھول رہی تھی۔ ان کو اکیلے دیکھ کر ہمیں وقتی طور پر یہ اطمینان ہو گیا کہ وہ مکتی باہنی کے درندوں کو اپنے ساتھ نہیں لائے تھے لیکن یہ اطمینان اس وقت پریشانی میں بدل گیا جب بابا کلیم خوندکر نے

www.pdfbooksfree.pk

یہ بتایا کہ۔

''سب لوگ ضروری سامان پکڑو اور نکلنے کی تیاری کرلو۔ میں اپنے کانوں سے سن کر آرہا ہوں۔'' انہوں نے کہا۔ ''بنگالی غنڈے تمہارا گھر لوٹنے کا پروگرام بنا رہے تھے اور کچھ ہی دیر میں اس طرف آنے والے ہیں۔ جلدی کرو، بس قیمتی چیزیں پکڑو اور نکل چلو۔''

''یہ کیا بکواس کر رہے ہو تم؟'' والد صاحب نے غصے سے کہا۔ ''مجھے معلوم ہے تم بھی ان بدمعاشوں کے ساتھ ملے ہوئے ہو اور تمہاری نظر ہمارے سامان پر ہے۔''

''بکواس میں نہیں، تم کر رہے ہو راجہ عباس!'' بابا کلیم خوندکر نے ایک دم بدلی ہوئی آواز میں کہا۔ ''تمہیں سامان کی پڑی ہوئی ہے، اپنی اور بچوں کی جان کی فکر کرو۔ بدگمانی کرو گے تو سامان کے ساتھ ساتھ جان سے بھی جاؤ گے۔''

''لیکن ہم کہاں جائیں کلیم خوندکر بھائی!'' والدہ نے سسکتے ہوئے پوچھا۔

''اگر مجھ پر اعتبار ہے۔'' بابا کلیم خوندکر نے جھلائی ہوئی آواز میں کہا۔ ''تو میرے پیچھے آجاؤ، ورنہ جو تم لوگوں کے دل میں آتا ہے کرو۔ میں تو چلا۔ تمہاری وجہ سے وہ میری جان کے بھی دشمن بن گئے ہیں۔''

اتنے میں کہیں دور سے شرپسندوں کے شور شرابے کی آوازیں آنے لگیں جو لمحہ بہ لمحہ قریب ہوتی جا رہی تھیں۔ یہ آوازیں ہمارے دلوں کو دہلا رہی تھیں۔ اب والد صاحب کے پاس بابا کلیم خوندکر پر اعتبار کرنے کے علاوہ کوئی اور چارہ نہ تھا۔ ہم سب چند ضروری چیزیں لے کر بھرا ہوا گھر چھوڑ کر بابا کلیم خوندکر کے پیچھے بھاگ نکلے۔ بابا کلیم خوندکر آگے آگے اور ہم دیوانہ وار ان کے پیچھے بھاگ رہے تھے۔

''تم ہمیں کہاں لے جا رہے ہو بھائی!'' والدہ نے پھولی سانسوں میں پوچھا۔

''یہاں سے آگے تھوڑا جنگل ہے۔'' بابا کلیم خوندکر نے کہا۔ ''اس جنگل کو عبور کریں گے تو آگے بڑی سڑک آئے گی۔ اس کو پار کریں گے تو آگے فوجیوں نے ایک کیمپ بنا رکھا ہے جہاں غیر بنگالیوں کو پناہ مل جاتی ہے۔ میں صبح سویرے یہی معلومات حاصل کر کے آیا ہوں۔ یہ فاصلہ بہت زیادہ نہیں ہے لیکن اس وقت اس کو عبور کرنا پل صراط پر چلنے سے کم نہیں ہے۔ ہمارے پاس اپنی جان بچانے کے لیے اس کے علاوہ کوئی راستہ نہیں۔''

ہم لوگ زندگی میں کبھی اس طرح نہیں بھاگے ہوں گے جس طرح اس وقت بھاگ رہے تھے۔ موت ہمارے تعاقب میں تھی۔ آگے زندگی تھی پیچھے موت... زیادہ مشکل والدہ کو پیش آرہی تھی۔ وہ بھاگنے میں بڑی دقت محسوس کر رہی تھیں لیکن موت کا خوف انہیں بھگا رہا تھا۔

جلد ہی ہم جنگلاتی علاقے میں داخل ہو گئے۔ بنگالیوں کو ہمارے فرار کا علم ہو گیا تھا اور وہ ہمارا تعاقب کر رہے تھے۔ صاف نظر آرہا تھا کہ وہ ہمیں بچ کر نکلنے نہیں دیں گے۔ ابھی ہم نے آدھا راستہ ہی طے کیا ہوگا جب ہمیں اپنے پیچھے تلواریں لہراتے مکتی باہنی کے غنڈے بھاگتے نظر آئے۔

''سب کلمہ اور سورتیں پڑھتے رہو۔'' والد صاحب نے گھبرائے ہوئے عالم میں کہا۔

www.pdfbooksfree.pk

جان کنی کے ان لمحات میں یک دم بابا کلیم خوندکر رک گئے اور ہم سب کو بھی رکنے کا کہا۔

''یہ کیا کر رہے ہو؟'' والد صاحب کو غصے سے کہا۔ ''اس طرح تو ہم سب مارے جائیں گے۔''

''کوئی فائدہ نہیں راجہ صاحب!'' بابا کلیم خوندکر نے پراسرار سے انداز سے کہا۔ ''ہم ان سے بچ کر نہیں نکل سکیں گے۔ اب مجھے کچھ اور ہی کرنا پڑے گا۔''

مکتی باہنی کے جنونی غنڈے تلواریں اور دوسرے ہتھیار لہراتے ہوئے ہمارے قریب آ رہے تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ بنگلہ زبان میں نعرے بھی لگا رہے تھے۔ ''ہمار بھاشا تمار بھاشا۔ بنگلہ بھاشا'' موت کو اتنا قریب دیکھ کر میں گھبرا گیا۔

''بابا! خدا کے لیے ہمیں بچالو۔'' میں نے خوف سے بابا کلیم خوندکر سے چمٹ کر کہا۔

''فکر نہ کر بیٹا!'' بابا کلیم خوندکر نے بھیگی ہوئی آنکھوں سے مجھے دیکھا اور رندھی ہوئی آواز میں کہا۔ ''بابا اور اس کے دوستوں کے ہوتے ہوئے یہ غنڈے تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔'' اس کے ساتھ ہی بابا نے آنکھیں بند کرلیں اور منہ ہی منہ میں کچھ بڑبڑانے لگے۔ میں سمجھ گیا کہ وہ اپنی دوست شہد کی مکھیوں کو بلا رہے ہیں۔ میں مطمئن ہوگیا جبکہ والد اور والدہ یوں حیرت سے بابا کو دیکھ رہے تھے جیسے اس کا دماغ چل گیا ہو۔

چند لمحوں بعد بابا کی دوست بڑی بڑی مکھیاں گولی کی رفتار سے بھنبھناتی ہوئی کسی طرف سے آئیں اور بابا کے چہرے کا طوائف کرنے لگیں۔ بابا گنگناہٹ میں ان سے باتیں کرنے لگے۔ پھر جس تیزی سے مکھیاں آئی تھیں اسی تیزی سے جنگل میں داخل ہوگئیں۔

''یہ میرے وفادار دوست تھے راجہ عباس!'' بابا نے والد صاحب کو مخاطب کر کے کہا۔ ''یہ تیری اور تیرے خاندان کی زندگی بچائیں گے۔''

اسی اثنا میں مکتی باہنی کے غنڈوں نے آ کر ہمیں گھیرے میں لے لیا۔

''ان پنجابیوں کو ہمارے حوالے کردو کلیم خوندکر!'' ایک غنڈے نے للکار کر کہا۔ ''تو اپنی جان بچا کر بھاگ جا۔''

''میں نے ان کا نمک کھایا ہے''۔ بابا نے گرجدار آواز میں کہا۔ ''اور میں نمک حرام نہیں ہوں۔ میں ان کو بچانے کے لیے اپنی جان دے دوں گا۔''

''تو غدار ہے کلیم خوندکر!'' غنڈوں کے سرغنہ نے کہا۔ ''لگتا ہے تیری رگوں میں بنگالی باپ کا خون نہیں ہے۔ تو اکیلا ہمیں کیسے روک سکے گا۔ ان کی خاطر تو بھی جان سے جائے گا۔ چل بھاگ یہاں سے۔''

بابا نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور اس سمت میں دیکھنے لگے جس طرف ان کی دوست مکھیاں گئی تھیں۔ پھر ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے لاکھوں کی تعداد میں شہد کی مکھیوں کا ایک بادل نمودار ہوا اور دو حصوں میں بٹ گیا۔ دونوں حصوں کے ساتھ ایک ایک بڑی مکھی تھی جیسے ان کی کمانڈ کر رہی ہو۔ یہ دونوں حصے ہمارے اوپر آ کر ٹھہر گئے۔ والد، والدہ اور انجم سہمی ہوئی نظروں سے یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے جبکہ مکتی باہنی کے غنڈے کچھ حیران اور پریشان ہو

www.pdfbooksfree.pk

رہے تھے۔

بابا کلیم خوندکر نے پھر آنکھیں بند کرلیں اور بڑبڑانے لگے۔ ہمیں ایک حیران منظر دیکھنے کو ملا۔ مکھیوں کا گروہ دونوں طرف سے مکتی باہنی کے غنڈوں پر ٹوٹ پڑا۔ غنڈے دردناک آوازوں میں چیختے چلاتے بھاگنے لگے..... ذرا سی دیر میں غنڈوں کا یہ ہجوم سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ نکلا۔ مکھیوں نے دور تک ان کا پیچھا کیا اور واپس آکر ہمارے سروں پر منڈلانے لگیں۔

بابا کلیم خوندکر نے میری طرف دیکھا اور مسکرا کر مجھے اپنے ساتھ لپٹالیا۔ میں ان سے لپٹ کر بلکنے لگا۔

''اب کیوں روتے ہو بابا کی جان!'' انہوں نے رندھی ہوئی آواز میں کہا اور پھر میرا منہ چوم کر بولے۔ ''جا بیٹا! اللہ تیری زندگی کی حفاظت کرے اور تیری عمر طویل ہو۔''

''ایک بات یاد رکھنا راجہ عباس!'' وہ میرے والد سے مخاطب ہو کر بولے۔ ''اول تو کسی کو دوست بناؤ نہ، اگر بناؤ تو پھر ایسا دوست بناؤ جو مخلص اور وفادار ہو۔ پھر اس دوست پر اعتبار بھی کرو۔ تم تو آزمائش کے پہلے مرحلے پر ہی ڈانواں ڈول ہو گئے اور مجھ پر شک کرنے لگے۔ میرا دل چاہتا تھا کہ تمہیں تمہارے حال پر چھوڑ کر چلا جاؤں لیکن تمہارے اس بیٹے نے مجھے دوست بنایا تھا۔ صرف اس کی وجہ سے میں نے تمہارا ساتھ دیا۔ جاؤ تمہیں اور تمہارے بچوں کو زندگی مبارک ہو۔'' بابا کلیم خوندکر نے پھر مجھے پیار کیا بھیگی آنکھوں کے ساتھ ایک طرف چل پڑا۔ مکھیوں کا سیاہ بادل اس کے سر پر سایہ کئے ہوئے ساتھ ساتھ اُڑ رہا تھا۔

مجھ سے برداشت نہ ہو سکا اور میں ''بابا.....! بابا.....!'' کہتے ہوئے ان کے پیچھے دوڑ پڑا۔ وہ میری آواز سن کر رک گئے اور دونوں گھٹنے زمین پر ٹیک کر دوزانو ہو گئے۔ میں ان کے سینے سے لگ کر بلک بلک کر رونے لگا۔ بابا مجھے سینے سے لگا کر سسکنے لگے۔

''اب تم اپنے والدین کے ساتھ چلے جاؤ دوست!'' انہوں نے مجھے الگ کرتے ہوئے کہا۔ ''جب حالات اچھے ہوں گے تو پھر یہاں آنا۔ میں تمہارا انتظار کروں گا۔''

میں بجھے دل کے ساتھ بابا کو الوداع کہہ کر آ گیا۔ پھر ہم گرتے پڑتے کیمپ تک پہنچ گئے۔ وہاں سے ہم کیسے پاکستان پہنچے۔ یہ ایک الگ کہانی ہے جو پھر کبھی سناؤں گا۔

پھر وہ سانحہ ہوا کہ ہمارا ایک بازو کٹ کر الگ ہو گیا۔

پھر کافی عرصے بعد جب بنگلہ دیش کے ساتھ رابطے بحال ہوئے تو میں نے بابا کلیم خوندکر کا پتہ کرانے کی کوشش کی۔ مجھے بتایا گیا کہ۔

''بابا کلیم خوندکر کو مکتی باہنی کے غنڈوں نے غداری کا الزام لگا کر بڑی بے رحمی سے شہید کر دیا تھا۔ حالانکہ وہ غدار نہیں وفادار تھے اور ان کا جرم ہی وفا نبھانا تھا۔''

میں اس دن بہت زیادہ رویا تھا۔ وہ صحیح معنوں میں ایک سچے اور وفادار دوست تھے اور دوستی نبھانے کی خاطر انہوں نے اپنی جان قربان کر دی تھی۔ اللہ ان کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین

☠☠

www.pdfbooksfree.pk

دنیا کی بہترین خوفناک' پراسرار' دہشت ناک'
حیرت ناک' وحشت ناک دل کو ہلا کر رونگٹے
کھڑے کر دینے والی کہانیوں کا مجموعہ

"ماہنامہ سچی کہانی لاہور"

ماہنامہ سچی کہانی لاہور نے بہت جلد قارئین میں بے پناہ مقبولیت حاصل کر لی ہے۔ اب تک جس میں سچی کہانی کو قارئین کا پسندیدہ میگزین بن چکا ہے۔
سچی کہانی کو بہت مقبولیت حاصل کر رہا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی پروڈکٹ عوام میں مقبولیت حاصل کرے تو اپنی مصنوعات و شہرت کی بلندیوں پر لانے کے لیے آپ سچی کہانی میں اشتہار دیجئے۔

نرخ اشتہارات

بیک ٹائٹل کلر اشتہار فل صفحہ	15000 روپے
ان سائیڈ کلر اشتہار فل صفحہ	12000 روپے
بیک ان سائیڈ کلر اشتہار فل صفحہ	10000 روپے
بلیک اینڈ وائٹ فل صفحہ	4000 روپے
بلیک اینڈ وائٹ آدھا صفحہ	2000 روپے

اگر آپ "ماہنامہ سچی کہانی لاہور" میں اپنے اشتہارات شائع کرانا چاہتے ہیں تو "ماہنامہ سچی کہانی لاہور" کے نام ڈرافٹ بنوا کر ہمراہ اپنا اشتہار ہمیں ارسال کریں۔ اپنے اشتہارات ہر ماہ کی یکم تاریخ تک ارسال کریں۔

ایک سال کے لیے اشتہارات پر 20% فی صد رعایت دی جائے گی۔

رابطہ۔ ماہنامہ "سچی کہانی" 29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور

☎ رابطہ نمبر 0314-4008530

www.pdfbooksfree.pk

چھوٹے قد والے دل چھوٹا نہ کریں

- کیا چھوٹا قد آپکو احساس کمتری میں مبتلا کر دیتا ہے؟
- چھوٹے قد اور کمزور صحت کی وجہ سے اکثر بچے بچیوں کے رشتے نہیں ہو پاتے۔
- چھوٹے قد اور کمزور صحت کی وجہ سے نوکری نہیں مل پاتی۔
- چھوٹے قد کی وجہ سے لڑکیاں سسرالیوں اور شوہر کے طعنوں کا نشانہ بنتی ہیں۔
- چھوٹا قد اور کمزور صحت بچوں کی صلاحیتوں کو زنگ لگا دیتا ہے ـــــ تو پریشان ہونا چھوڑیئے

آپ میڈیسن کا ساتھ دیں۔ میڈیسن آپکا ساتھ دے گی

بچوں کے چھوٹے قد سے پریشان نہ ہوں 30 سال تک کے لڑکے لڑکیاں اپنے قد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ جوان ہونیوالے لڑکے لڑکیوں کو پروٹین کی بہت ضرورت ہوتی ہے اس کی کمی کی وجہ سے قد بڑھنا رک جاتا ہے صرف 10 فیصد ہارمونز کی کمی بیشی سے ایسا ہوتا ہے۔ اس دوران لحمیات زیادہ کریں۔ تاکہ بڑھوتری جلد ممکن ہو سکے۔

(Ideal Height)

آئیڈیل ہائیٹ کورس

قد بڑھنے کا شیڈول

12 سے 18 سال تک عمر: قد میں 6 انچ اضافہ
19 سے 24 سال تک عمر: قد میں 4 انچ کا چانس
25 سے 30 سال تک عمر: قد میں 2" اضافہ۔

اب قد بڑھانا بے حد آسان

قد میں یقینی اضافہ

چھوٹے قد والوں کے لئے لمبی خوشخبری

کورس 1 ماہ قیمت 1600 روپے

کورس بذریعہ V.P روانہ کیا جاتا ہے خرچہ 50 روپے
صبح 11 بجے سے 6 تک کال کر کے VP منگوا سکتے ہیں

0313-5022903 -- 0334-0700800

WWW.deva Pk.Com

گرتے بال، سکری خشکی، چہرے پر کیل چھائیاں، داغ، دھبے، فالتو بال، کالی رنگت، جوڑوں کا درد، گردہ پتھری، معدہ دمہ، ہر قسم کی کمزوری کا مکمل علاج

0313-5022903
اپنی صحت کے بارے میں مفت کتابچہ منگوانے کیلئے اپنا نام پتہ SMS کریں

www.pdfbooksfree.pk

قسط نمبر 4

پراسرار خوشبو

✍ ...... واجد نگینوی

گل رعنا' کے خان بہادر ڈپٹی سید تراب علی ترمذی صاحب نے پولیس چوکی نگینہ سول لائن میں باقاعدہ رپورٹ تقریب میں ہنگامہ برپا کرنے والوں کے خلاف لکھوائی تھی۔ اس لئے سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی کے سراغ لگائے مجرم کو گرفتار Arrest کر کے سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے روبرو پیش کرنے میں پولیس کو کسی خاص دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

سی آئی ڈی آفس میں داخل ہونے والے باوردی کانسٹیبل سید محمد ضیاء نقوی نے سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کو سلوٹ Salute دیا اور ہتھکڑی پہنے مجرم پپو کو میز کے سامنے کر کے خود پیچھے ہٹ گیا۔

''تمہارا نام؟'' سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے مجرم پپو پر ایک گہری نظر ڈالتے ہوئے سختی سے پوچھا۔

''جی! مجھے پپو کہتے ہیں' مجرم نے کافی شائستہ لہجے میں جواب دیا ہوں اور کام کیا کرتے ہو؟'' سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی لہجہ کی گرماہٹ اب نرمی میں تبدیل ہو چکی تھی۔

''پہلے پرائمری اسکول محلہ بارہ دری کا طالب علم تھا۔ اب بیکار ہوں اور زیادہ وقت یار بازی میں گزارتا ہوں'' پپو نے بڑی سادگی سے جواب دیا۔

''تمہیں جھوٹ بولتے شرم نہیں آتی ۔ صاف صاف کیوں نہیں کہتے کہ اب چوری Steal کرتا ہوں'' سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کا پارہ اونچا ہو گیا۔

''انسپکٹر صاحب! آپ یقین کریں یا نہ کریں لیکن یہ حقیقت ہے کہ مجھے نہ جھوٹ بولنے کی عادت Habitofatellinglif ہے اور نہ چوری کی۔ جو بات سچ سچ تھی وہ میں نے آپ کو بتا دی۔ اب اگر آپ کی یہی خواہش Desire ہے کہ میں جیل Prison جاؤں تو بخوشی حاضر ہوں ۔ جو میرے حق میں اچھا ہے کہ کچھ عرصہ تک تو فکر معاش سے آزاد ہو جاؤں گا'' مجرم پپو کا لہجہ کافی جوشیلا Excited ہو گیا تھا'' کیا مطلب؟'' سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے قدرے دھیمے لہجے سے پوچھا۔

''مطلب یہ کہ باپ بدرالدین کی وفات کے بعد مجھے تعلیمی سلسلے کو ترک کرنا پڑا۔ کچھ دنوں تک گھر کے اثاثے نے میرا اور بیوہ ماں کا ساتھ دیا۔ آخر میں ماں کو چرخے کا سہارا لینا پڑا اور کچھ محلے کلے کے بچے اور بچیاں الف بے تے پڑھنے آجاتی ہیں لیکن ان سب کی مجموعی آمدنی Total Income والدہ بھتو کے ہی گزارہ کے لئے ناکافی ہوتی ہے۔ جس کے نتیجے میں کسی وقت'' چولہا Stove جلتا ہے ورنہ

www.pdfbooksfree.pk

بعض دفعہ پانی پی کر ہنس کر سونا پڑتا ہے۔ میں خود تو ہائی اسکول Matric بھی پاس نہیں۔ آج کل تو اونچی تعلیم Higher Educated والوں تک کو ملازمت نہیں ملتی۔ بیکاری Unemdloyment ملک میں کس قدر پھیلی ہوئی ہے یہ بات تو آپ خوب اچھی طرح سے جانتے ہونگے ملازمت تو درکنار مجھے پرائیویٹ ٹیوشن Private Tution تک نہیں ملتے کیونکہ اسکولوں میں ایک عام رواج سا ہوگیا ہے کہ لڑکے اپنے ہی اسکول کے ماسٹروں سے ٹیوشن پڑھتے ہیں تاکہ پاس ہونے میں آسانی رہے۔

ماسٹران صاحبان بھی کیا کریں؟ مہنگائی انتہا کو پہنچ چکی ہے بچارے اپنی قلیل آمدنی Low Income میں نہ جانے کس طرح کنبے Family کی پرورش کرتے ہیں"۔ اپنی طویل داستان Long Story کہنے کے بعد پپو نے ایک لمبی ٹھنڈی سانس لی۔ پپو کی درد بھری کہانی کو سنکر

www.pdfbooksfree.pk

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی یہ بھول گیا Forgot کہ وہ سی آئی ڈی انسپکٹر ہے اور پپو مجرم اسے پپو پر ترس آ گیا اس نے ہاتھ کے اشارے سے پپو کو کرسی پر بیٹھ جانے کے لئے کہا اور نرمی سے گل رعنا والے قصہ کا معلوم کیا۔

''حضور والا! اصل میں حقیقت یہ ہے کہ ہم کچھ لاوارث اور پریشان حال نوجوانوں نے مل کر ایک کلب قائم کر رکھا ہے۔ جس کا مقصد ہے۔ یتیم Orphans اور بیواؤں Widows کی بے لوث خدمت کرنا۔ ان کے لئے ضرورت پڑنے پر روسا اور مالدار لوگوں سے چھوٹے موٹے چندے اکٹھے کرنا اور ان کے دیگر کاموں میں ہاتھ بٹانا۔

اس کے علاوہ ہم شہر کے تمام بڑے لوگوں کی ان تقریبات میں حصہ لیتے ہیں جو کھانے سے متعلق ہوتی ہیں۔ اس کے لئے ہمیں پہلے سے باخبر رہنا پڑتا ہے۔ بڑے لوگوں کے یہاں شرکت کرنے والوں کی تعداد اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ مدعو کئے Invited اور بغیر مدعو کئے With out invited لوگوں کی شناخت Identity نہیں کی جا سکتی۔ اس طرح سے ہم کلب کے نوجوانوں Youngers کا خوراک کا مسئلہ Problem of food کسی حد تک حل ہو جاتا ہے کیونکہ رئیس لوگوں کے ہاں آئے دن کچھ نہ کچھ ہوتا ہی رہتا ہے۔ جس میں شہر کے تجار سے لے کر حاکم تک موجود ہوتے ہیں ہماری پارٹی کا کوئی جوان چوری یا کسی غلط کام میں کبھی حصہ نہیں لیتا کیونکہ ایسا ثابت ہو جانے پر اسے ممبری سے خارج ہونا پڑتا ہے ہم سب نوجوان تلاش روزگار میں سرگرداں رہتے ہیں۔ ملازمت ملنے پر کلب کی ممبری سے علیحدہ ہونا پڑتا ہے''۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے دلچسپی سے کل حالات سنتے ہوئے سوال کیا ''اچھا یہ تو سب ٹھیک ہے پپو لیکن گل رعنا والا معاملہ کیا ہے؟''

''بات بڑی معمولی سی تھی کہتے ہوئے شرم بھی آتی ہے اور ہنسی بھی ہوا یہ کہ ہمارے ایک ساتھی اشتیاق نے اپنے حصے کیشا ہی ٹکڑے کی طشتری چٹ کرنے کے علاوہ سالن کی بھی صفائی کر دی۔ بس اتنی ذرا سی بات پر دونوں میں تو تو' میں میں ہونے لگی نوبت اچھی خاصی دنگا مستی تک پہنچ گئی۔ گرم خون Hot Blood جو ٹھہرا۔ ہم ان لوگوں کے ان کے گھر گئے۔ خیریت اسی میں سمجھ کر وہاں سے نو دو گیارہ ہو گئے''۔ پپو نے بڑی مشکل سے اپنی بات پر قابو پاتے ہوئے کہا۔

''اچھا یہ سب بات تو صاف ہو گئی لیکن محمد سبطین نقوی ایم اے ایل ایل بی چیئرمین نگینہ صاحب کے گھر میں داخل ہونے والا مہمان کون ہو سکتا ہے؟''

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے پوچھا اس کے چہرہ اور لبوں پر مسکراہٹ عود کرائی تھی۔ وہ ہمارے کلب کا سب سے بہادر ممبر اقبال ہے کبھی کبھی بھوک کی شدت سے بیتاب ہو کر بغیر کسی خاص تقریب کے بھی مان نہ مان میں تیرا مہمان بن جاتا ہے لیکن آج تک ریکارڈ قائم ہے کہ کبھی کوئی چیز یا زبردستی نہیں وصول کی۔ صرف خوب سیر ہو کر کھانا ضرور کھایا ہے''۔ پپو نے بات ختم کی۔

''خیر بات یہاں تک تو مذاق میں ٹل سکتی ہے کہ آپ خاموشی کے ساتھ امیر لوگوں کی تقریبات میں کھائیں پئیں لیکن گھر کے اندر داخل ہونے والا

www.pdfbooksfree.pk

معاملہ نازک ہے اور قابل گرفت بھی۔ اس بار تو میں تم سب کو معاف کئے دیتا ہوں اور میری طرف سے اقبال کو بھی تنبیہ Warning کر دینا۔ کہ آئندہ وہ اس قسم کی کوئی بھی شرارت Activity نہ کرے''

''دیوان جی! ان کے ہاتھوں سے ہتھکڑی کھول دو اور ان کو جانے دو'' سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے حکم Order دیا۔

کانسٹیبل رضوان نے فوراً حکم کی تعمیل کی اور سلوٹ دے کر باہر نکل گیا اور سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی جو کافی منہمک ہو کر یہ سب کچھ بہت دیر سے سن اور دیکھ رہا تھا بڑبڑا کر بولا۔ ارے ارے انسپکٹر صاحب' آپ نے میرا مطلب کہ من گھڑت جھوٹی داستان پر یقین کر لیا اور مجرم کو صاف بچ نکلنے کا موقع فراہم کر رہے ہیں پھر تو آپ نے خوب جاسوسی کی ہینڈز اپ کی آواز سن کر سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کچھ دیر کے لئے گھبرا گیا۔ پپو کے ہاتھ میں پستول تھا جو اس نے اپنی میلی پتلون کی جیب سے نکالا تھا۔

''دیکھا' دیکھا' میں نہ کہتا تھا' سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے اپنی لڑکھڑائی زبان میں جملہ ادھورا کیا۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی صاحب ڈر گئے' پپو جس کا اصل نام اصغر تھا نے ایک زوردار قہقہہ بلند کرتے ہوئے اپنا پستول اچھال کر میز پر پھینکا۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے پستول اٹھا کر بغور دیکھا بالکل اصل کی نقل تھا لیکن مصنوعی صرف بچوں کا کھلونا' اس مذاق سے سی آئی ڈی انسپکٹر واجد بھی محفوظ ہوئے بنا نہ رہ سکا۔

''آدمی دلچسپ معلوم ہوتے ہو۔ میری طرف سے تم سب کلب کے ممبران کو کھلی چھوٹ ہے۔ جب ضرورت سمجھو میرے یہاں کھانے پر آسکتے ہو''

''بہت بہت شکریہ۔ انسپکٹر صاحب'' اور اصغر عرف پپو کے سلام کر کے رخصت ہونے کے بعد سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے اپنی عافیت اسی میں سمجھی کہ وہ خود بھی وقت سے پہلے آفس سے رخصت ہو گیا اور نہ دفتر والوں کا تختہ مشق بننے میں کوئی کسر نہ رہ گئی تھی۔

شب کی ہیبت ناک تاریکی کی سینہ چیرتی ہوئی ایک فلک شگاف چیخ بلند ہوئی۔ سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی جو بڑی گہری نیند Fast Sleep سویا ہوا تھا۔ ایک ہی جست Jump میں پلنگ سے نیچے کود پڑا۔ دبے دبے قدموں کی چاپ Sound of slowly Walking وہ سن چکا تھا۔ جو بتدریج اب کم ہوتی جا رہی تھی۔ موقع کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے اس نے نہایت ہوشیاری سے ہاتھ بڑھا کر اپنے پلنگ کے سرہانے والی پاکٹ ٹارچ Pocket Storch کو اٹھا لیا۔ ٹارچ کی مدھم روشنی میں اس نے کمرے کا جائزہ لینا شروع کیا۔ سب ہی چیزیں بدستور قرینے سے رکھی ہوئی تھیں اور چند ساعت پہلے کی چیخ کو یاد کر کے اسے اپنی ماں سیدہ کنیز پنجتنی زوجہ سید زاہد حسین نقوی کا خیال آیا۔

اور بڑی بے چینی سے اس نے ماں سیدہ کنیز پنجتنی کے پلنگ پر ٹارچ کی روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ اپنی نظریں دوڑائیں اور..... اور..... وہ خود بھی

www.pdfbooksfree.pk

گھٹنوں کے بل Bending of ankle سرک کر ماں سیدہ کنیز پنجتنی تک جا پہنچا۔

ماں..... ماں..... چادر سے منہ ڈھکا ہوا تھا۔ اس کا دل دھک دھک کرنے لگا اور اس نے گھٹنے کے بل بیٹھ کر چادر کا پلو الٹ دیا۔ ناک کے قریب ہاتھ رکھنے سے یہ محسوس ہوا کہ سانس ٹھیک چل رہی تھی کتنی غفلت کی نیند سوئی ہوئی تھی۔ یہ معلوم کر کے کہ ماں سیدہ کنیز پنجتنی بخیریت ہے اسے سکون Peace ہوا۔

ماں سیدہ کنیز پنجتنی کی طرف سے اپنا اطمینان کرنے کے بعد وہ کھڑا ہو گیا۔ کمرے میں سناٹا تھا۔ کچھ سوچتے ہوئے اس نے سوئچ بورڈ Switch Board کی طرف ہاتھ بڑھا کر لائٹ آن Light on کر دی۔

اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ خادمہ زلیخاں اپنے بستر پر عجیب حالت میں پڑی ہوئی تھی۔ ایک ہاتھ پلنگ سے نیچے جھول رہا تھا۔ چہرہ پر پژمردگی اور خوف کے ملے جلے تاثرات نمایاں تھے آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئی تھیں۔ بڑی پھرتی سے آگے بڑھ کر اس نے خادمہ زلیخاں کی نبضوں کا جائزہ لیا۔

روح کبھی کی پرواز کر چکی تھی اور اب سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے سامنے ایک ٹھنڈی لاش Cold dead body پڑی ہوئی تھی۔

کچھ دیر کے لئے اسے ایسا محسوس Feel ہوا۔ جیسے کہ یہ خواب Dream ہو۔ یہ سب کچھ اس کے لئے غیر متوقع تھا لیکن کب تک؟ اسے حقیقت کی دنیا میں واپس آنا پڑا۔ اسے سامنے کے کواڑوں کی کنڈی کھلی ہوئی ملی۔ اس سے پیشتر بھی یہ اتفاق ہو چکا تھا جبکہ سب سے پہلی شب وہ یہاں سویا ہوا تھا اور نہ جانے کیا سوچ کر وہ تیزی سے باہر نکل گیا۔

ٹارچ کی مدد سے اس نے کافی چھان بین کی لیکن معاملہ صفر ہی رہا۔ واپسی پر اس نے محسوس کیا کہ ماں سیدہ کنیز پنجتنی جاگ گئی ہے۔ کروٹ بدلتے ہوئے ماں نے پوچھا' کیا بات ہے بیٹا واجد؟''

''کچھ نہیں' کچھ نہیں' یوں ہی ذرا پیشاب Urine کرنے اٹھا تھا۔ سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے اس وقت ماں سیدہ کنیز پنجتنی کو پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھا He did not thing to disturb his mother گھڑی پر ایک اچٹتی سی نگاہ ڈالی۔

تین بج کر تینتیس سیکنڈ ہوئے تھے۔ صبح کی نمود اری اب دور نہیں ہے۔ یہ سوچ کر اس نے پولیس کو مطلع کرنا اس وقت مناسب نہیں سمجھا۔ خادمہ زلیخاں کی لاش کو بغیر ہلائے جلائے چادر سے اچھی طرح ڈھک دیا۔

لائٹ آف Light off کر کے اس نے سونے کی ناکام کوشش کی۔ نیند کا کوسوں پتہ نہیں تھا۔ طبیعت سخت پریشان تھی۔ آج کا واقعہ کوئی معمولی بات نہ تھی۔

اگرچہ سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے اچھی طرح یہ اندازہ کر لیا تھا۔ کہ خادمہ زلیخاں کا ہارٹ فیل Heart fail ہو گیا تھا۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ خادمہ زلیخاں نے کسی ایسی خطرناک چیز کو دیکھا ہو گا جس کے ردعمل میں اس کا ہارٹ فیل ہو گیا۔ اگر صرف قدرتی موت ہوتی تو چیخ کا

www.pdfbooksfree.pk

سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ایسی موت میں دل کی کمزوری Weakness of heart کا دخل ضرور ہوسکتا ہے لیکن بڑھاپے کو پورے طور پر الزام Blame نہیں دیا جا سکتا۔ خادمہ زلیخاں ادھیڑ عمر ضرور تھی لیکن ابھی اس پر رعشہ طاری ہو جانے والی کیفیت نہیں پائی جاتی تھی۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے ذہن میں ایک بات نے سر ابھارا۔ بات میں کسی حد تک وزن بھی تھا۔ سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے زیر تفتیش آج کل صرف ایک ہی کیس تھا۔ اور وہ تھا نگینہ شہر Nagina City میں ہونے والی پر اسرار چوریوں کا پتہ لگانے کا معاملہ اور یہ صاف عیاں تھا کہ ان چوریوں کے پس منظر کوئی منظم گروہ کام کر رہا تھا۔ آج کے واقعہ سے مجرموں کے خطرناک ارادوں کا پتہ لگتا تھا۔ اس کا مطلب صاف ہے کہ مجرموں کے حوصلے کس قدر بڑھ چکے تھے۔ ضرور آج کوئی زبردست چال چلنے والے ہونگے۔ جسے خادمہ زلیخاں کی چیخ نے ناکام بنا دیا۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی بزدل Coward نہیں تھا لیکن دشمن Enemy کی اس جرات پر غصہ سے دانت پیسنے لگا۔ اس کا دماغ Mind تھوڑے وقفہ کے لئے اس قدر ماؤف ہو چکا تھا کہ اس کا دل چاہا کہ سب مجرم اس کے سامنے کھڑے ہوں اور وہ ان سب کو اپنی گولی کا نشانہ بنا دے۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے دل میں بھی ایک گوشت پوست کا دل تھا۔ خادمہ زلیخاں کافی عرصہ سے اس کے ساتھ رہ رہی تھی۔ اس سے انسیت ہو جانا ایک فطری عمل تھا۔ اس نے سوچا آہ بچاری کتنی خدمت گزار تھی۔ اور وفادار بھی نہ جانے کیوں اس کی آنکھوں میں بوڑھی خادمہ زلیخاں کے لئے آنسو Tears امڈ آئے۔

''نہیں، نہیں، آج میں ادھار نہیں دونگا۔ میری ابھی بونی بھی نہیں ہوئی، پھل فروش سلمان نے اپنا قطعی فیصلہ سناتے ہوئے کہا۔ ''صرف آج اور.....''

سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے منمناتے ہوئے کہا' اجی سرکار! آپ تو روز ہی ایسا کہتے ہو''۔ پھل فروش سلمان نے برا سا منہ بناتے ہوئے کہا۔

سرکار کا لفظ سن کر سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی کو اپنی پوزیشن کا خیال آ گیا۔ جانتا ہے میں کون ہوں؟'' ذرا کڑک دار آواز سے سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے دریافت کیا'' جی نہیں حجور میں نے آپ کو یوں ہی سڑکوں پر چنک منک کر چلتے دیکھا ہے''۔ پھل فروش سلمان نے بڑی سادگی سے جواب دیا۔ میں میں' اور اپنے اردگرد سامنے کے نقوی پبلک کالج نگینہ کے چھوکرے اور چھوکریوں کو پا کر وہ موڈ میں آ گیا۔

''میں شاعر ہوں اور ادیب بھی I am poet and writer یہ ایک تاریخی روایات ہے کہ شاعر اور ادیب پھکر ہوتا ہے۔ اگر میں تیرے پیسے پھل کھا کر ادا نہیں کرتا تو اس کا بالکل غم نہ کر میں تیرے پھلوں کے بارے میں قصیدے لکھوں گا۔ نظمیں کہوں گا۔ اپنے دوستوں سے بھی یہی کام کرواؤں گا۔ پھر تجھے ان کو بیچنے کے لئے صبح سے شام ایک جوئے شیر لانا نہیں ہوگا۔ ہاتھ کے ہاتھ تیرے تمام پھل بک جایا کرینگے۔

www.pdfbooksfree.pk

تیری اتنی شہرت Publicity ہوگی کہ خریدار پہلے سے ہی قطار Row میں کھڑے تیرے آنے کا انتظار کیا کرینگے''۔ چھوکرے اور چھوکریوں کے بے تحاشہ قہقہوں کو سنکر اس نے مزید کہا ''تو بالکل فکر نہ کر۔ میں تیرے اوپر بھی مضامین کی بھرمار کردونگا۔ تیرے اوپر اتنا لکھوں گا اور اپنے دوستوں سے لکھواؤں گا کہ تیری بھی ایک تاریخی حیثیت ہوجائے گی اور جانتا ہے پھر کیا ہوگا؟'' سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے پھل فروش سلمان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا۔

''احباب پلاؤ کھائینگے اور فاتحہ ہوگا''۔ ایک من چلے نے فقرہ چست کیا پھر تو کبھی نہیں مرسکتا تو امر ہو جائیگا۔ سچ کہتا ہوں لافانی ہو جائیگا' سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی کو اپنے لفظوں کا اسٹاک ختم ہوتے معلوم ہو رہا تھا۔ سامنے سے ایک شناسا سب انسپکٹر آف پولیس Subinspector of police کو آتا دیکھ کر پول کھلنے سے پہلے اس نے خیریت اسی میں سمجھی کہ چلتا بنا۔

سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی کو پھل والے پر بڑا تاؤ آرہا تھا۔ سالے نے موڈ Muod کا ستیاناس کردیا اور اس کم بخت سب انسپکٹر کے بچے کو ابھی ٹپکنا تھا کتنی ترکیبوں سے آج وہ نقوی پبلک کالج کی چھوکریوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں کامیاب ہوا تھا۔

کتنی عقیدت سے ہی نہیں محبت کی نگاہوں سے سالیاں تک رہی تھیں۔ کچھ دیر بعد یہ یقین تھا کہ مجمع سے کوئی نہ کوئی غزل یا نظم کی فرمائش کرتا اور میں بھی وہ پھڑک دار رومانی کلام سناتا کہ دو تین تو ضرور گر مرتیں یا گھائل ہی ہو جاتیں۔ پھر میں ان کو موڈ میں لا کر کسی کھلی ہوئی جگہ سبزہ زار میں چلنے کی ضد کرتا بس بس مزہ ہی تو آجاتا اور ایک ٹھنڈی سانس بھرتے ہوئے سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے کہا کہ ''ہائے یہ نہ تھی ہماری قسمت وصال یار ہوتا''۔

لیکن اگر سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی ذرا سا سنبھل نہ گیا ہوتا تو وصال یار تو نہیں البتہ وصال موت ضرور ہو جاتا۔ وہ سامنے سے آنے والے ایک تیز رفتار ٹرک سے بال بال بچا تھا۔ ٹرک اس برق رفتاری سے جارہا تھا کہ سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی اس کے نمبر نوٹ کرنے میں بھی ناکام رہا آج اس نے سوچا صبح سے ہی ناکامی کا منہ دیکھنا پڑ رہا ہے پہلے پھل کھانے سے ناکام رہا۔ پھر کالج کی چھوکریوں سے معاشقہ لڑانے سے ناکام رہا اور اب ٹرک کے نمبر دیکھنے میں لیکن اس نے سوچا کہ وہ ابھی ابھی موت Death سے بھی ناکام رہا ہے۔ اگر وہ ٹرک کے نیچے آکر کچل گیا ہوتا تو اس کے بال بچوں کا کیا ہوتا۔

اس کی ڈھائی من کی زوجہ شہنشائی عرف بٹو کا کیا ہوتا۔ اب اسے شاعری اور ادیب کی عظمتوں کا حقیقت میں قائل ہونا پڑا۔ کیا ہوا اگر زندگی میں پریشان رہتا ہے۔ مرنے کے بعد تو نام باقی رہتا ہی ہے۔ اس نے سوچا کہ سارجنٹ ہو کر اس نے کتنی حماقت کا ثبوت دیا ہے۔ اسے تو شاعری ہی ہونا چاہئے تھا۔ آہا' آہا' آہا کتنا مزہ آتا جب مشاعروں میں کالج یونیورسٹیوں کے لڑکے اس کے آٹو گراف مانگتے اور لڑکیاں اسے چاٹ جانے والی نظروں سے اس کے چاروں طرف منڈلاتیں۔ اس وقت زندگی

www.pdfbooksfree.pk

کتنی رنگین ہوتی اور رنگینی کا خیال آتے ہی اس کے بدن میں ایک جھرجھری آ گئی اور اس نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر میں داخل ہو چکا تھا اور اس کی زوجہ محترمہ شہنشائی عرف بٹو اس کے کھوئے پن کی لذت اٹھا رہی تھیں۔

موسم Weather صبح سے ہی خوشگوار تھا ہوا میں لہراتے بادل Moving clouds کے ٹکڑے اور ہلکی پھوار دونوں مل کر ایک حسین امتزاج پیدا کر رہے تھے۔ سامنے کی تینوں کھڑکیوں کے پٹ کھولے سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی موسم کی رنگینیوں سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔

نواب سید قاسم حسین زیدی جاگیردار صاحب کے ملازم عزیز نے آج کا تازہ اخبار لا کر کرسی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کو تھما دیا اخبار کے ہاکر کی کافی احتیاط کے باوجود کاغذ سیل سا گیا تھا۔ آج کل پڑھے لکھے لوگوں Educated people کیلئے اخبار بنی زندگی کا ایک جز سا بن گیا ہے۔ سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی بھی کتاب اور اخبار Book and news paper کے معاملے میں کافی چٹورا تھا۔

روزنامہ نگینہ ٹائمز کیونکہ ایک لوکل اخبار تھا۔ اس لئے یہاں پر ہونے والی وارداتیں اور دوسرے واقعات کو اخبار میں اہم سرخیوں کے ساتھ شائع کیا جاتا۔

صفحہ اول Front page پر ہی شائع ہونے والی ایک سرخی نے سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کو کچھ دیر کے لئے محو حیرت Astonish کر دیا۔ جو کہ مندرجہ ذیل تھی۔ ''نگینہ یونین بینک کی شاخ سے ایک کروڑ کی چوری' مورخہ 11 فروری 2003ء اپنے خصوصی پریس رپورٹر کے ذریعہ معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ شب کے بارہ بجے کے بعد محلہ بارہ دری میں واقع نگینہ یونین بینک کی شاخ سے ایک کروڑ کی مالیت کی زبردست چوری ہوئی۔ تفصیلات اس طرح سے بیان کی جاتی ہیں کہ بارہ بجے ڈیوٹی تبدیلی ہونے پر جب نیا سنتری Guard پہرہ دے رہا تھا۔

لب سڑک گزرتے ہوئے ایک راہگیر نے اس سے وقت دریافت کیا۔ شکریہ ادا کرنے کے ساتھ سگریٹ کی بھی پیشکش کی۔ جسے سنتری Guard نے مال مفت دل بے رحم کے مصداق بخوشی قبول کر لیا لیکن سگریٹ کی رشوت سنتری کے لئے بڑی مہنگی ثابت ہوئی۔ دو چار ہی لمبے لمبے کش لینے کے بعد گارڈ کو پہلے اپنا سر اور بعد میں دنیا گھومتی معلوم ہوئی۔ چوری بذریعہ نقب کی گئی۔ ایک کروڑ روپیہ نقد Cash تھا۔ باقی کے گہنے Juwellery وغیرہ تھے۔ ابھی چوری کے سلسلے کا کوئی سراغ نہیں مل سکا ہے اور معاملہ پولیس کے زیر تفتیش ہے۔

سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کو اس چوری سے زیادہ تعجب Wonder اس بات پر تھا کہ بارہ دری پولیس اسٹیشن کے انچارج سید اقبال سبطین زیدی نے ابھی تک اسے آگاہ نہیں کیا تھا۔ سی آئی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے گھڑی پر نظر دوڑائی۔ سات بجے کوٹھی پر کپڑے تبدیل کئے اور دفتر سی آئی ڈی کو روانہ ہو گیا۔

راستے میں وہ سوچ میں ہی ڈوبا رہا۔ دفتر پہنچتے ہی سب سے پہلا کام اس نے یہی کیا کہ بارہ دری

www.pdfbooksfree.pk

پولیس اسٹیشن کے انچارج سے ٹیلیفون پر گفتگو کرنی چاہی معلوم ہوا انچارج آج کل چھٹی پر ہیں۔

بہر حال اب سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے سامنے دو مشکوک Suspicious باتیں تھیں۔ ایک بارہ دری چوک کے انچارج کا چھٹی پر ہونا اور دوسرے اس رات میں بینک پر پہرہ دینے والے سنتری کا بیان۔

اگر چہ یہ تو صاف ظاہر تھا کہ چوری بڑے منظم طریقے پر ہوئی تھی۔ اس سے قیاس Imagine یہی کیا جاسکتا ہے کہ اس نقب زنی میں بھی پچھلے ہی چوری کرنے والے گروہ کا ہاتھ رہا ہو۔

لیکن ایک اچھے جاسوس Detective ہونے کے ناطے سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کے لئے واردات کے ہر پہلو کو اچھی طرح سے دیکھ بھال کرنا To look after فرض ہو جاتا ہے۔

سب سے پہلے اس نے نگینہ محلہ بارہ دری چوکی کے انچارج سید محمد اقبال، سبطین رضوی کے بارے میں انکوائری Enquiry شروع کی اور کسی خاص پریشانی کے بغیر سید محمد اقبال سبطین رضوی کے کردار Character کے بارے میں ساری باتیں مہیا ہو گئیں۔ سید محمد اقبال سبطین رضوی کی ملازمت Service پچیس سال سے اوپر ہو گئی تھی لیکن ایک بھی واقعہ Event اس دوران ایسا نہیں ہوا تھا۔

جس سے کہ سید محمد اقبال سبطین رضوی کے کردار پر حرف آتا۔ عام طور سے پولیس کے ملازمان کے بارے میں کوئی اچھی رائے قائم نہیں کی جاتی لیکن سید محمد اقبال سبطین رضوی پولیس کی بہت سی برائیوں سے بالاتر تھا۔ اچھی عادت و خوش اخلاق ہونے کے علاوہ اپنے فرض منصبی کو سلیقے سے انجام دینا سید محمد اقبال سبطین رضوی کی خوبی تھی۔

سید محمد اقبال سبطین رضوی نگینہ محلہ بارہ دری کے پولیس اسٹیشن انچارج سے مطمئن ہونے کے بعد سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی نے نگینہ یونین بینک کے گارڈ Guard افضال کے متعلق چھان بین شروع کی۔ جس کا پورا نام سید افضال حسین زیدی تھا۔ بسلسلہ ملازمت دس سال سے نگینہ ضلع بجنور یوپی انڈیا میں مقیم تھا۔ شروع کے دو تین پوڑھی گڑھوال کے ایک ڈاکٹر سید محمد حسن مہدی کے پاس بطور کمپوڈر رہا۔ اس کے بعد شہر کے ایک رئیس سید محمد سبطین زیدی ایم اے ایل ایل بی علیگ کے گھر ملازمت کی اور اب پانچ سال سے نہایت ایمانداری کے ساتھ نگینہ یونین بینک کی چوکیداری کے فرائض انجام دے رہا تھا اس کے متعلق کسی بھی نشہ آور اشیاء کو استعمال کرنے کا بھی، کوئی ثبوت نہیں ملا۔

جوئے Gambling یا سٹہ کی لت نہ ہونے کی وجہ سے غیر ضروری خرچ Unnecessary expences کی ضرورت نہیں پیش آئی تھی۔ دو بچوں ثقلین اور مسعود اور ایک بیوی احمدی بیگم پر مشتمل کل گرہستی زندگی Domestic Life تھی۔

تین ہزار ماہوار میں افضال اپنے اخراجات کا کفیل تھا۔ نگینہ یونین بینک کی ڈیوٹی Duty کے بعد گھر اور گھر کے کاموں Domestic affairs میں مصروف رہتا۔ غرضیکہ کوئی بات سی آئی ڈی انسپکٹر سید واجد حسین نقوی کو ایسی نہیں ملی جو کہ سید محمد اقبال سبطین رضوی اور افضال پر شبہ کرنے

www.pdfbooksfree.pk

کا جواز ہوتی۔

نرگسی آنکھیں ستواں ناک اور سیب جیسا گول گول چہرہ' رنگ گندمی تھا۔ سولہ سال کی الہڑ دوشیزہ جب ذرا سینہ ابھارا کر اور اپنے کولہوں کو مٹک مٹک کر چلتی تو رنگین مزاج سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی کو ایسا معلوم ہوتا جیسے جنت سے کوئی حور اتر آئی ہو۔

''ہائے کم بخت اس میلے کچیلے لباس Dirty dress میں بھی کیا قیامت ڈھا رہی ہے۔''

''ہوں' کیا کہا؟'' محترمہ زوجہ شہنشائی عرف بٹو نے وضاحت چاہی کچھ بھی نہیں' میں ذرا ایک ڈرامہ کی ریہرسل کر رہا ہوں''۔ سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے ہوش کی دوا کرتے ہوئے کہا۔ سب سمجھتی ہوں تمہارے کرتوت' شرم نہیں آئی۔ اگر وہ مہترانی شبو کی بچی سنے گی تو کیا کہے گی۔ آدھی درجن سے زائد سات بچوں کے باپ ہو کر بھی مزاج میں ابھی چھیلا پن باقی ہے'' تم ہمیشہ الٹ مطلب لیتی ہو میرا مقصد یہ کہ بات کا غلط مطلب کیوں نکالتی ہو''۔

سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے شہنشائی عرف بٹو کی بات کو اچکتے ہوئے کہا۔ جیسے میرے منہ پر تو آنکھیں ہی نہیں۔ سامنے سے آتی بھنگن کی چھوکری کو دیکھ کر ہی ڈرامہ کی ریہرسل یاد آتی ہے''۔

شہنشائی عرف بٹو نے خونخوار نگاہوں سے باری باری سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی اور مہترانی شبو کی لڑکی جمیلہ کو دیکھتے ہوئے کہا۔ اگر اس کی ماں کو پتہ چل گیا تو کام کرنا بھی چھوڑ دے گی پھر یا تو پاخانہ کی صفائی اپنے ہاتھ سے کرنا۔ یا جنگل کی سیر کرنے کو جانا۔ تب محبت کا مزہ معلوم ہوگا'' اور اس تنبیہ Warning کو سن کر نہ جانے کیوں سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی کو ہنسی آ گئی۔

''اجی ؛ میں تمہاری طرح تنگ دل Warrowmind تو ہوں نہیں اچھی چیز کی تعریف منہ سے کرنی پڑتی ہے''۔

''تو پھر تم نے میرا جیون کیوں خراب کیا۔ زندگی بھر کنوارے رہتے روزانہ بازاری عورتوں اور مہتر رانیوں کے سنگ' زوجہ محترمہ شہنشائی عرف بٹو نے زچ ہو کر کہا۔

''سات بچوں کی ماں ہو کر بھی تمہیں مجھ سے شکایت Complaint ہے اب کوئی تم نئی نویلی دلہن تو ہو نہیں کہ ہر وقت تمہارے گلے میں باہیں ڈالے رہوں اور ناز و نخرے برداشت کرتا رہوں''۔

سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی بھی جو موڈ میں آ گیا تھا۔ زوجہ محترمہ شہنشائی عرف بٹو کی بات کاٹ کر بولا۔

''اگر مجھ سے اتنا ہی اکتا گئے ہو تو صاف صاف کیوں نہیں کہہ دیتے۔ میں اپنے میکے چلی جاؤں گی''۔ شہنشائی عرف بٹو روٹھ جانے والے انداز میں کہنے لگی۔

''[redacted] بس میرے جیون کی آشا' زیادہ مت ستایا کرو میرا دل پہلے ہی کافی دکھا ہوا ہے۔ تو نہیں جانتی کہ میں تجھ سے کتنی محبت کرتا ہوں۔ دفتر والوں کو ایک یہ شکایت ہے کہ میں کوئی کام دل لگا کر نہیں کرتا۔ کروں تو کیسے؟ تو جو ہر وقت میرے دھیان میں بسی رہتی ہے'' سارجنٹ سید ساجد حسین نقوی نے شہنشائی عرف بٹو کو منانا چاہا جو کہ اس کی نفسیات سے واقف ہو چکا تھا۔

(جاری ہے)

www.pdfbooksfree.pk

وہ چوھے خدا کی پناہ..... 2فٹ سے زائد لمبے
ھمیں اپنی خوانخوار آنکھوں سے گھور رھے تھے.....

چوھوں کا جزیرہ

..... ایس. امتیاز احمد

یہ اس زمانے کی بات ہے جب آتش جواں تھا۔ مجھے ملازمت کی تلاش میں گھومتے ہوئے زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا۔ اخبارات میں ضرورت ہے کے اشتہارات لفظ بہ لفظ پڑھنا میرا معمول تھا۔

ایک دن عادت کے مطابق میں اخبارات کی ورق گردانی کر رہا تھا کہ ضرورت ہے کہ ایک اشتہار پر میری نظر پڑی۔ ''گیانا کے ساحل سے 20 میل کے فاصلے پر ایک چٹان پر نو تعمیر شدہ روشنی کے مینار کے لیے ایک رکھوالے کی ضرورت ہے۔'' تنخواہ معقول تھی۔ تجربہ کار ہونا بھی ضروری نہ تھا چونکہ میں شادی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا تھا اس لیے اس ملازمت میں مجھے اور بھی زیادہ جاذبیت محسوس ہوئی۔

توقع کے مطابق مجھے ملازم رکھ لیا گیا اور ایک ماہ کی تربیت کے بعد اس روشنی کے مینار میں میری ڈیوٹی لگا دی گئی۔ ذرا تصور کی آنکھ سے دیکھیے مٹیالی رنگت کا 150 فٹ اونچا' گول اور 40 فٹ چوڑا مینار' جزیرے کے ایک کنارے پر ایستادہ ہے۔ پانی ہٹ جائے تو آپ جزیرے پر چہل قدمی بھی کر سکتے تھے۔ پانی چڑھ جائے تو اطمینان سے سب سے اوپر کی منزل یعنی لالٹین والی منزل کی گیلری میں کھڑے ہو سکتے ہیں..... لیٹ سکتے ہیں اور بیٹھ سکتے ہیں۔

دوسری منزل پر گودام تھا جس میں کھانے پینے کا سامان وافر مقدار میں موجود تھا۔ مقصد یہ تھا کہ اگر کسی وجہ سے ساحل سے کوئی موٹر بوٹ 15 دن تک نہ آ سکے تب بھی رکھوالے گزارا کر سکیں۔ اس روشنی کے مینار کے ہم 3 رکھوالے تھے۔ جم' میں اور ڈیوڈ' ڈیوڈ ہیڈ کیپر تھا اور چونکہ ہم دونوں سے بڑا تھا اس لیے ہم اس کی عزت بھی کرتے تھے۔

ایک رات ایسا ہوا کہ ڈیوڈ نے جس کی اس رات ڈیوٹی تھی مجھے اور جم کو آواز دی۔ ہم پہلی آواز پر اچھل کر اٹھے اور آن کی آن میں 30 سے 32 سیڑھیاں پھلانگ کر آخری منزل پر پہنچے۔ گیلری میں ڈیوڈ کھڑا ایک جہاز کو دیکھ رہا تھا جو مینار کی گھومتی ہوئی روشنی میں اس وقت دکھنے لگتا تھا۔ جب روشنی اس پر پڑتی تھی یہ چیز ہمارے لیے حیرت انگیز تھی۔ کیونکہ اب تک مینار کے اس قدر قریب کوئی جہاز نہیں آیا تھا تو پھر یہ جہاز اتنا قریب کیوں اور کیسے آ گیا..... ہم نے سوچا کہ اب یہ جہاز کسی زیر آب چٹان سے ٹکرا کر ڈوب جائے گا..... اور ہوا بھی یہی ہمارے دیکھتے ہی دیکھتے ہلکی سی گڑگڑاہٹ پیدا ہوئی اور 4000 ٹن

www.pdfbooksfree.pk



www.pdfbooksfree.pk

وزنی جہاز جو پہلے ہی ڈول رہا تھا۔ ڈوبنے لگا.....

''عملے کو کیا ہو گیا ہے؟ کیا وہ سب کے سب اندھے ہو گئے ہیں جو روشنی انہیں نظر نہیں آئی.....؟'' میں چلایا۔

''اگر عملے کا کوئی رکن باقی بچا ہے تو.....؟'' ڈیوڈ نے کہا۔

''تمہارا کیا خیال ہے چیف.....! کیا اسے بھوت چلا رہے ہیں.....؟'' جم کی آواز میں لرزش تھی۔

''نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں۔ البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ سارا عملہ ختم ہو گیا ہو اور جہاز ڈولتا ہوا یہاں تک پہنچ گیا ہو۔'' ڈیوڈ نے ہنستے ہوئے کہا۔

ہم کچھ نہیں کر سکتے تھے۔ سوائے اس کے کہ اسے ڈوبتے ہوئے دیکھتے رہیں اور اظہار افسوس کریں۔

ہم کتنی دیر دوربین لیے کھڑے رہے اس کا مجھے اندازا نہیں..... ہاں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ ہمیں اس وقت ہوش آیا۔ جب نئے سورج کی کرنوں کی تمازت محسوس کی۔ اب جہاز کا صرف اگلا حصہ نظر آ رہا تھا۔ سمندر قدرے پرسکون تھا۔ ہم ناشتے سے قبل ڈوبتے ہوئے جہاز کو آخری بار دیکھنے کی غرض سے دوبارہ اوپر دوڑے..... کیا دیکھتے ہیں کہ لاکھوں چوہوں کا ایک ریلا ہے جو جہاز کے اگلے حصے سے نکل نکل کر سمندر میں کود رہا ہے۔

اب ہمیں معلوم ہوا کہ اچھے بھلے جہاز پر عملہ کیوں نہیں تھا۔ جہازوں پر کام کرنے والے اچھی طرح جانتے ہیں کہ جہازوں میں پلنے والے چوہے عام چوہوں سے کتنے مختلف' عیار اور نڈر ہوتے ہیں۔ عام چوہا تو آپ کو دیکھ کر چھپ جائے گا۔ قدموں کی چاپ سن کر دبک جائے گا۔ مگر یہ ایک ڈیڑھ فٹ جسامت کے قوی ہیکل چوہے نہ دبکتے ہیں نہ چھپتے ہیں بلکہ ڈٹ جاتے ہیں۔ بھوک لگے اور جہاز پر انہیں کھانے کو کچھ نہ ملے تو عملے پر حملہ آور ہو جاتے ہیں اور آناً فاناً ڈھانچوں کا ڈھیر لگا دیتے ہیں۔ ہم نے محسوس کیا کہ اس جہاز کے عملے کا بھی یہی حشر ہوا ہو گا..... ہمیں اس خیال سے ہی متلی ہونے لگی۔

ڈیوڈ نے بتایا کہ۔

''یہ چوہے اتنے کینہ پرور ہوتے ہیں کہ اگر کوئی ان میں سے کسی ایک کو مارے یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرے تو اس کی چیخوں کی آواز پر پورے جہاز میں پھیلے ہوئے چوہے کوؤں کی طرح دوڑے آتے ہیں اور اس شخص کو اس وقت تک نہیں چھوڑتے جب تک کہ اس کے جسم پر ایک بھی بوٹی باقی رہتی ہے۔

ہم ابھی یہ گفتگو کر ہی رہے تھے کہ دیکھا کہ جہاز سے کود کر جان بچانے والے ہزاروں چوہے لہروں کی شکل میں تیرتے ہوئے لائٹ کے جزیرے کی طرف آ رہے ہیں۔

''انہوں نے شاید ہماری بو سونگھ لی ہے.....؟'' ڈیوڈ نے کہا اور ہمیں نیچے آنے کو کہہ کر سیڑھیاں پھلانگنے لگا۔ بمشکل تمام ہم نے کم سے کم وقت میں تمام کھڑکیاں' دروازے مقفل کیے نیچے پہنچ کر دیکھا تو اپنی خوش قسمتی پر رشک آیا۔

صبح ہم میں سے کسی نے مینار کا بڑا دروازہ (جو پیتل کا بنا ہوا تھا) پہلے ہی بند کر دیا تھا۔

ہمارے دوبارہ اوپر پہنچنے سے پہلے پہلے چوہوں کی فوج مینار پر اس طرح چڑھ چکی تھی جیسے بندر ناریل

www.pdfbooksfree.pk

کے درخت پر چڑھتے ہیں۔ اوپر پہنچ کر ہم نے دیکھا کہ جہاں جہاں پنجہ جمانے کی جگہ ملی ہے وہاں ایک عدد چوہا لٹکا ہوا ہے۔ اوپری منزل شیشے کی بنی ہوئی تھی کیونکہ جہازوں کو خطرے سے مطلع کرنے کے لیے یہاں گھومنے والی بتی روشن کی جاتی تھی اور ہم اسے لالٹین کہتے تھے۔ اس شیشے پر ہزاروں چوہے پرندوں کی طرح جمے بیٹھے تھے۔ گیلری میں اتنے چوہے بھرے ہوئے تھے کہ سفیدی دکھائی نہ دیتی تھی۔ لالٹین کا شیشہ چند ملی میٹر موٹا تھا اس میں سے ہم انہیں نظر تو آسکتے ہیں تھے لیکن ہم تک پہنچنا ان کے بس کی بات نہ تھی۔

تیز نیچے اور نوکیلے دانت..... پارے کی طرح چمکتی ہوئی آنکھیں..... جن سے بھوک ٹپکتی تھی اور نہایت غلیظ بو..... چند ہی لمحوں میں ہم پریشان ہو گئے۔ ہم نہ سانس لے سکتے تھے اور نہ اِدھر اُدھر دیکھ سکتے تھے۔ اپنے ہی لائٹ ہاؤس میں ہم مقید ہو کر رہ گئے تھے۔

اس رات ہم ہرگز نہ سو سکے۔ ایک ایک لمحہ گزارنا محال تھا۔ ہر لمحہ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے وہ کوئی کھڑکی' کوئی دروازہ کھولنے میں کامیاب ہو گئے ہوں۔ لالٹین میں پہنچ کر بتی روشن کی تو یہ روشنی بھی انہیں نا گوار گزری۔ شور بے تحاشا بڑھ گیا۔ روشنی میں وہ تقریباً اندھے ہو چکے تھے۔ جس حصے میں روشنی نہ ہوتی وہاں لٹکے ہوئے چوہوں کی سینکڑوں آنکھیں اندھیرے میں اس طرح چمکتیں کہ خوف سے آنکھ بند ہو جاتی۔

ماحول اتنا وحشت زدہ تھا کہ یوں بھی بات کرنے کو جی نہ چاہتا تھا لیکن جب بہت ضروری ہو جاتا تو اس شور میں چلائے بغیر ایک دوسرے تک اپنی بات پہنچانا مشکل تھا۔ رات کے آخری حصے میں ہم نے یہ بھی دیکھا کہ جگہ کے حصول کے لیے چوہے آپس میں جھگڑ رہے ہیں۔ طاقتور کمزور پر اس طرح غالب آرہا ہے کہ اٹھا مخالف کو نیچے پانی میں پھینک دیتا ہے جہاں وہ شارک مچھلیوں کا نوالہ بن جاتا ہے۔

اگلے دن ہم قید کے کچھ عادی ہو گئے۔ ہم نے لالٹین میں جا کر چوہوں کے ساتھ کچھ مذاق بھی کیا اور انہیں چھیڑنے کی کوشش کی..... جب ہم اپنی انگلی ان کے منہ کے قریب لے جاتے تو وہ اس طرح جھپٹتے جیسے کتا بلی گوشت چھیننے کے لیے جھپٹتا ہے۔ ہمارے اور ان کے درمیان یہ غیر مرئی دیوار ان کی سمجھ سے بالا تر تھی۔ اس روز مذاق ہی مذاق میں ہم نے محسوس کیا کہ ہم کتنی خطرناک صورت حال سے دوچار ہیں۔ ہوا تیزی سے ختم ہوتی جا رہی تھی۔ تازہ ہوا کے لیے کھڑکی کھولنے کا مطلب تھا کہ سینکڑوں چوہوں کو بھی ریلے کی شکل میں داخل ہونے کی اجازت دے دیں۔

چوتھے دن میں نے دیکھا کہ لالٹین کے نیچے والی منزل کے ایک دریچے کی چوکھٹ نیچے سے جواب دیتی جا رہی ہے۔ بس اگر لمحے بھر کی دیر ہو گئی ہوتی تو لائٹ ہاؤس کے اندر چوہے ہی چوہے بھرے ہوتے۔

میں نے ساتھیوں کو آواز دی اور دیکھتے ہی دیکھتے ہم تینوں نے مل کر پورے دریچے پر ٹین کا ایک ٹکڑا ٹھونک دیا۔

اس کے بعد کوئی 6 دن اور 7 راتیں گزر گئیں۔ سامان لانے والی کشتی کے آنے میں بھی 3 سے 4 دن باقی تھے۔ اس عرصے میں ہم نے انہیں گن کر اور ان

www.pdfbooksfree.pk

کے نام رکھ کر خود کو مصروف رکھنے کی کوشش کی ..... لیکن یہ سب بے سود تھا۔ اس لیے کہ وہ کبھی ایک جگہ ٹھہرتے ہی نہ تھے۔ ابھی یہاں ہیں تو دوسرے ہی لمحے اچھل کر وہاں چلے گئے۔ وہاں جھگڑا ہو گیا تو لڑتے لڑتے 120 فٹ نیچے گر گئے اور شارک مچھلیوں کی غذا بن گئے ہم نے اتنے چوہے گرتے دیکھے لیکن اس کے باوجود ان کی تعداد میں کوئی قابل ذکر کمی نظر نہ آئی۔

نویں دن جم پر بورانی کیفیت طاری ہوگئی۔ وہ بیٹھے بیٹھے چیخنے لگتا کہ۔

''مجھے 3 ڈھانچے ناچتے دکھائی دے رہے ہیں۔ جو مجھے پکڑنے کی کوشش کر رہے ہیں۔'' اپنی اس ذہنی کیفیت کی وہ کچھ اس طرح منظر کشی کرتا تھا کہ مجھے اور ڈیوڈ کو بھی ایسے ہی ڈھانچے اور سائے ناچتے دکھائی دینے لگتے۔

یہ صحیح ہے کہ لائٹ ہاؤس سے خطرے کا سگنل دینے کا انتظام بھی ہوتا ہے لیکن اس کے لیے لالٹین پر چڑھنا پڑتا ہے لیکن وہاں تو پہلے ہی چوہے براجمان تھے اس لیے اوپر چڑھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

دسویں روز رات کے 2 بجے کے قریب ڈیوڈ کی چیخ پر میں اور جم اچھل پڑے۔ دریچے پر ٹھونکا جانے والا ٹین کا ٹکڑا جواب دے گیا تھا اور چوہے پھدک پھدک کر اندر آ رہے تھے۔ ہم جب ڈیوڈ کو بچانے کے لیے دوڑے تو وہ پاگل کتوں کی طرح دانت کچکچا کچکچا کر ہماری طرف لپکنے لگے..... کسی نے ایک بوٹی اتار لی تو کوئی پائنچے سے لٹک کر رہ گیا۔ ہم چاقو لہراتے ہوئے آگے بڑھتے رہے..... مگر اس سیلاب کا مقابلہ کرنا بڑا مشکل تھا۔ لہٰذا زخموں سے نڈھال ڈیوڈ کو بمشکل تمام گھسیٹ کر ہم اوپر لے گئے۔

مجھے یاد نہیں کہ اس وقت ہم نے اپنی جانیں کس طرح بچائیں..... بس اتنا یاد ہے کہ چوہوں کے گھٹنے برابر ریلے میں سے ہم یوں نکلے کہ ٹانگوں اور ہاتھوں سے چوہے جونہی بوٹی نوچنے کے لیے اچھلتے ہمارے چاقو لہراتے اور دو چار چوہے گر کر تڑپنے لگتے..... لالٹین نما کمرے تک پہنچتے پہنچتے میرا جسم زخموں سے چور ہو چکا تھا۔ ہم نے لالٹین کے فرش پر سے ڈھکنا اٹھایا اور اوپر چڑھتے ہی لیٹ کر کتوں کی طرح ہانپنے لگے۔ اپنی طرف نگاہ کی تو دیکھا کہ کپڑے تار تار ہو چکے ہیں اور بے شمار زخموں سے خون رس رس کر فرش پر جم رہا ہے۔ اس وقت پورے لائٹ ہاؤس میں چوہے دھما چوکڑی مچا رہے تھے۔ کھانے پینے کی جو چیزیں نیچے گودام میں رکھی ہوئی تھی انہیں چٹ کر رہے تھے اور ہم تھے کہ سمٹ کر سب سے اوپر والی منزل میں پہنچ چکے تھے اس کے بعد ہمارا کیا حشر ہوگا یہ ہمیں علم نہ تھا..... ہم نے یہ سوچنا بھی گوارا نہ کیا کہ کیا ہمارا حشر ان 18 سے 19 چوہوں جیسا ہوگا جو ہمارے جسموں سے لٹک کر ساتھ ہی اوپر چلے آئے تھے..... لیکن یہاں ہمارے چاقو کا نشانہ بن گئے تھے۔

ایک گھنٹے کی خاموشی کے دوران ہم تینوں ایک دوسرے کو خالی خالی آنکھوں سے گھورتے رہے۔ اس لمحے پلک جھپکانا بھی ایک بڑی ورزش محسوس ہوتی تھی۔ آخر جم نے سکوت توڑا اور ایک کھوکھلا لیکن طویل قہقہہ لگانے کے بعد کہنے لگا۔

www.pdfbooksfree.pk

اس جزیرے کو ''چوہوں کا جزیرہ'' کہا جاتا تھا۔ اب یہ ''چوہوں کا جزیرہ'' کہلائے گا پھر وہ طوطے کی طرح یہ جملہ بار بار دہرانے لگا..... جب یہ سن سن کر میرے کان پک گئے تو میں نے اٹھ کر الٹے ہاتھ سے اسے ایک تھپڑ رسید کیا۔ یک لخت دوبارہ خاموشی چھا گئی اور میں نے دیکھا کہ جم کے منہ سے رال ٹپک رہی ہے اور وہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رو رہا ہے۔ باہر اب تک تقریباً وہی عالم تھا۔ فرق تھا تو صرف اتنا کہ پہلے آسمان دکھائی نہ دیتا تھا اور اب آسمان نظر آ رہا تھا۔

میں غالباً یہ بتانا بھول گیا تھا کہ گزشتہ روز سے ہم نے مینار کی گھومنے والی بتی روشن نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ شہر تک لائٹ ہاؤس کے غیر متوقع اندھیرے کی بات پہنچے اور ہمارے محکمے کے لوگ وجہ معلوم کرنے آئیں۔ ہمارا خیال درست نکلا۔ اِدھر پو پھٹی اُدھر محکمے کے کچھ لوگ ایک کشتی میں لائٹ ہاؤس کے قریب پہنچ گئے۔

ہم نے سوچا کہ چوہوں کی قید سے رہائی کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ہم چھان بین کے لیے آنے والی کشتی کے عملے پر کسی طرح ظاہر کر دیں کہ ہم زندہ ہیں۔ اس خیال کے تحت میں ڈیوڈ اٹھے اور ہم نے مینار روشن کر دیا۔ پھر اسی روشنی کی مدد سے ہم نے نقطوں اور وقفوں کی شکل میں انہیں پیغام دیا کہ ہم یہاں محصور ہیں خدا راہ ہمیں ان چوہوں سے نجات دلاؤ۔ ان لوگوں نے بات سمجھنے میں زیادہ دیر نہیں لگائی اور ہاتھ کے اشاروں سے چند گھنٹے اور انتظار کرنے کو کہہ کر لوٹ گئے اور کہا۔

''ہمت نہ ہارو..... ہم مدد لے کر آ رہے ہیں۔''

اب بچنے کی کچھ امید ہو چلی تھی۔ لیکن ڈیوڈ بے ہوش ہو گیا تھا اور جم کی وہی حالت تھی۔

تقریباً 12 بجے وہ لوگ واپس آئے اور ان کے آتے ہی جنگ شروع ہو گئی۔ انہوں نے سب سے پہلے ایک پٹرول سے بھری ہوئی کشتی پر تازہ گوشت لاد کر لائٹ ہاؤس کے قریب لا کر کھڑی کر دی۔ تازہ گوشت کی بو پاتے ہی سینکڑوں چوہے دیوانہ وار اس کشتی کی طرف لپکے..... جو یہاں تھا جس حالت میں تھا لمحہ بھر کو رک جاتا اور گوشت کی بو سونگھ کر مینار کے قریب گوشت سے لدھی ہوئی کشتی کی طرف چیختے ہوئے دوڑنے لگتا۔

جب تقریباً تمام چوہے گوشت پر پل پڑے تو انہوں نے کشتی کو آگ لگا دی۔ بیشتر چوہے تو جل کر مرے..... لیکن جو اپنی جان بچانے کے لیے پانی میں کود پڑے انہیں شارک مچھلیاں چٹ کر گئیں۔ خدا خدا کر کے جب یہ قصہ تمام ہوا تو ایک موٹر بوٹ آئی اور ہمیں قید سے نکال کر ہسپتال پہنچایا گیا اور ہماری جگہ تین دوسرے آدمی چھوڑ گئے۔

آج لکھتے ہوئے مجھے دکھ ہوتا ہے کہ ڈیوڈ 3 دن کے اندر اندر ختم ہو گیا اور جم مکمل طور پر پاگل ہو گیا۔ ایک میں تھا جو باوجود ان زخموں کے بچ گیا۔

شاید یہ داستان آپ تک پہنچانے کے لیے مجھے نئی زندگی ملی ہو.....!

A RAT OF TAPO

BY.H DECOSTAR

www.pdfbooksfree.pk

گھر طرف روانہ ہونے سے پیشتر اس نے اپنے گرد و پیش نگاہ دوڑائی تو منظر بڑا ویران سا اور قدرے ہیبت ناک تھا

پراسرار سیٹی ...... ایک راز

پراسرار سیٹی

اشفاق انور

''میرا خیال ہے کہ آپ اب جلد ہی چلے جائیں گے پروفیسر صاحب' کیونکہ ایام تعلیم تو پورے ہو چکے ہیں۔''

اونٹوگرافی کے پروفیسر سے ایک ایسے شخص نے کہا جو اس کہانی میں شامل نہیں ہے۔ سینٹ جیمز کالج کے ہال میں ایک دعوت کا اہتمام تھا جہاں وہ پاس پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ پروفیسر جوان' صفائی پسند اور کم گو تھا۔

''ہاں۔'' اس نے کہا۔

''میرے دوستوں نے مجھے کچھ دنوں کے لیے گولف کھیلنے کی دعوت دی ہے۔ لہذا میں مشرقی ساحل کی طرف یعنی برنسٹو جانے کا ارادہ رکھتا ہوں جہاں میں اپنے کھیل کی مشق کے لیے ہفتہ عشرہ قیام کروں گا امید ہے میں کل روانہ ہو جاؤں گا۔''

''پارکنس صاحب۔'' پاس بیٹھے ہوئے آدمی نے کہا۔

''اگر آپ برنسٹو جا رہے ہیں تو وہاں ٹمپلرز کی مذہبی درسگاہ کی عمارت ضرور دیکھ لینا اور پھر مجھے بتایئے گا کہ گرمیوں میں وہاں قیام کرنا کیسا رہے گا۔''

جیسا کہ آپ سمجھ سکتے ہیں یہ الفاظ ایک ایسے شخص نے کہے جو آثار قدیمہ کی تفتیش میں دلچسپی رکھتا تھا لیکن اس کا ذکر اس تمہید میں ہوا ہے۔ لہذا اس کے بارے میں مزید بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔

''بے شک۔'' پروفیسر پارکنس نے کہا۔

''اگر آپ مجھے اس جگہ کے متعلق کچھ تفصیل بتائیں تو میں واپس آ کر آپ کو اس علاقے کی صورت حال سے باخبر کروں گا یا اگر آپ اپنا پتہ دے دیں تو خط کے ذریعے آپ کو مطلع کرنے کی کوشش کروں گا۔''

''آپ کو اتنی زحمت کرنے کی ضرورت نہیں شکریہ میں تو ان دنوں یہ سوچ رہا ہوں کہ اپنے اہل وعیال کو لے کر اسی علاقے میں جا قیام کروں میرا خیال تھا کہ چونکہ انگلستان کی اکثر مذہبی درسگاہوں کا نظام ٹھیک نہیں ہے لہذا مجھے چھٹیوں میں کچھ مفید کام کرنے کا موقع مل جائے گا۔''

پروفیسر نے اس خیال کو درخور اعتنا نہ سمجھا کہ کسی مذہبی درسگاہ کو منظم کرنا ایک مفید کام ہے۔ اس کا ہمسایہ بولتا گیا۔

www.pdfbooksfree.pk

''یہ جگہ جہاں میرے خیال میں شاید کوئی بھی چیز زمین سے بلند نہیں ہے اب ضرور کھاڑی سے قریب تر ہوگی۔ آپ کو معلوم ہے کہ سمندر ساحل کے اس حصے میں اپنی حد سے بہت زیادہ تجاوز کر گیا ہے۔ نقشے کے مطابق قصبے کے شمالی سرے پر واقع سرائے گلوب اِن سے ساحل کوئی تین چوتھائی میل کے فاصلے پر ہوگا۔ آپ کہاں ٹھہریں گے؟''

''گلوب اِن میں ہی قیام کرنے کا پروگرام ہے۔'' پارکنس نے کہا۔

''میں نے وہاں ایک کمرے کا انتظام کر لیا ہے۔ کسی اور جگہ رہائش کا بندوبست نہیں ہو سکا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سردیوں میں بہت سی رہائش گاہیں بند ہو جاتی ہیں۔ وہاں بھی صرف ایک ہی کمرہ خالی تھا جس میں دو پلنگ پڑے ہیں اور ان

www.pdfbooksfree.pk

کے ہاں کوئی اور ایسا کونا نہیں جہاں دوسرا پلنگ رکھا جا سکے۔ میں خود بھی بڑا کمرہ ہی پسند کرتا ہوں کیونکہ میں اپنی کتابیں بھی ساتھ لے جا رہا ہوں اور کچھ لکھنے کا کام بھی کرنے کا ارادہ ہے۔ اگرچہ میں اپنے مطالعے کے وقت میں دو خالی پلنگ تو کجا ایک کا بھی تصور نہیں کر سکتا تاہم میرا خیال ہے کہ میں وہاں اپنے عارضی قیام کے دوران کسی نہ کسی طرح گزارا کر ہی لوں گا۔''

''آپ اپنے کمرے میں ایک فالتو بستر رکھنے کو پسند نہیں کرتے؟'' سامنے بیٹھے ہوئے ایک اکھڑ سے شخص نے کہا۔

''اچھا تو پھر میں وہاں آ جاؤں گا اور کچھ عرصہ قیام کروں گا۔ اس طرح آپ کا ساتھ بھی ہو جائے گا۔''

پروفیسر نے ذرا تامل کیا اور پھر خوش اخلاقی سے قہقہہ لگایا۔

''بڑی خوشی سے راجرس۔ اس سے زیادہ مجھے اور کیا پسند ہو سکتا ہے لیکن مجھے ڈر ہے کہ آپ اس طرح شاید کچھ بے لطفی محسوس کریں۔ کیا آپ گولف کھیلتے ہیں؟''

''نہیں خدا کا شکر ہے کہ میں نہیں کھیلتا۔'' اکھڑ مزاج مسٹر راجرس نے کہا۔

''دیکھئے جب میں لکھ نہیں رہا ہوتا تو میرا زیادہ وقت گولف کے میدان میں گزرتا ہے اور میرا خیال ہے کہ اس صورت میں آپ کچھ نہ کچھ بے لطفی ضرور محسوس کریں گے۔''

''خیر میں کہہ نہیں سکتا مجھے یقین ہے کہ اس جگہ میرا کوئی نہ کوئی واقف نکل آئے گا لیکن اگر آپ میرا وہاں آنا پسند نہیں کرتے تو صاف کہہ دیجئے میں برا نہیں مانوں گا۔ آپ ہمیشہ ہمیں بتاتے رہے ہیں کہ سچائی کبھی ناپسندیدہ نہیں ہوتی۔''

پارکنس بلاشک ایک مہذب اور صداقت پسند شخص تھا۔ اس کے سینے میں اس وقت ایک چپقلش تھی جس کے باعث وہ ایک دو لمحوں تک جواب دینے سے قاصر رہا۔ یہ وقفہ گزرنے پر اس نے کہا۔

''اگر آپ سچائی ہی سننا چاہتے ہیں تو سچ میں یہ سوچ رہا تھا کہ آیا وہ کمرہ واقعی اتنا بڑا ہے کہ ہم دونوں وہاں آرام سے رہ سکیں گے۔ مجھے یہ بھی خیال آتا ہے کہ کہیں اس طرح میرے کام میں ہرج تو نہیں ہوگا۔'' راجرس نے زوردار قہقہہ لگایا۔

''چلئے بات ہو گئی۔'' اس نے کہا۔

''بالکل ٹھیک ہے میں وعدہ کرتا ہوں کہ آپ کے کام میں مخل نہیں ہوں گا۔ آپ اس سلسلے میں بے فکر رہیں۔ اور اگر آپ پھر بھی میرا ساتھ پسند نہیں کرتے تو میں نہیں آؤں گا۔ لیکن میرا خیال ہے کہ میں بھوتوں کو بھگانے کے سلسلے میں بڑی حد تک آپ کے کام آ سکتا ہوں۔'' اس کے ساتھ ہی اس نے پاس بیٹھے ہوئے ایک شخص کو کہنی سے ٹھوکا دیا اور آنکھ سے اشارہ کیا۔ پارکنس کا چہرہ ایک دم متغیر ہو گیا۔

''معاف کرنا پارکنس۔'' راجرس نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا۔

''مجھے ایسا نہیں کہنا چاہیے تھا۔ دراصل مجھے یاد ہی نہیں رہا کہ آپ اس موضوع پر کچھ کہنا سننا پسند

www.pdfbooksfree.pk

نہیں کرتے۔''

''بالکل۔'' پارکنس نے کہا۔

''جیسا کہ آپ نے اس امر کا تذکرہ کیا ہے میں یہ بخوشی تسلیم کرتا ہوں کہ میں بھوتوں وغیرہ کے متعلق انکل پچو باتیں قطعاً پسند نہیں کرتا۔ میری حیثیت کا آدمی۔'' اپنی آواز کو ذرا بلند کرتے ہوئے وہ کہتا گیا۔

''اس قسم کے اعتقادات کو تسلیم کر بھی نہیں سکتا۔ آپ جانتے ہیں مسٹر راجرس یا کم از کم آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ میں اپنے نظریات کے اظہار میں کوئی بات چھپا کر نہیں رکھتا۔''

''درست ہے آپ نے کبھی ایسا نہیں کیا بزرگوار۔'' راجرس نے دبی زبان سے کہا۔

''میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ایسی چیزوں کے وجود کے نظریے سے اگر ذرا بھی رعایت برتی گئی یا اس پر توجہ دی گئی تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ میں نے ان اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے جو میرے خیال میں بڑے مقدس ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ میں آپ کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوا ہوں۔''

''آپ کی مکمل توجہ کا حاصل وہی ہے جو ڈاکٹر پلمبر نے بتایا ہے۔'' راجرس نے جلدی سے وضاحت کرتے ہوئے کہا۔

''لیکن معاف کرنا پارکنس میں نے قطع کلامی کی۔''

''نہیں کوئی بات نہیں۔'' پارکنس نے کہا۔

''مجھے پلمبر کا نام یاد نہیں ہوسکتا ہے وہ مجھ سے پہلے گزرا ہو۔ لیکن مجھے مزید کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہیں۔''

''ہاں..... ہاں۔'' راجرس نے قدرے عجلت سے کہا۔

''بالکل ٹھیک برنسٹو میں اور ہمیں ان باتوں سے اچھی طرح واسطہ پڑے گا۔''

مندرجہ بالا گفتگو کے حوالے سے میں نے یہ تاثر پیش کرنے کی کوشش کی ہے کہ پارکنس کے اطوار کسی بڑھیا کی طرح بلکہ ایک مرغی جیسے تھے یعنی اپنے روزمرہ کے طور طریقوں کے لحاظ سے وہ شاید بالکل جامد تھا' لیکن اس کے ساتھ ہی وہ بے خوف اور اپنے احساسات میں مخلص اور قابل احترام شخص تھا۔ پارکنس کے کردار کا یہی خلاصہ ہے خواہ قارئین اس سے متفق ہوں یا نہ ہوں۔

اگلے روز پارکنس امید کے مطابق کالج سے چلے جانے اور برنسٹو میں پہنچنے میں کامیاب ہوگیا۔

''گلوب اِن۔'' میں اسے خوش مدید کہا گیا۔ اس کے لیے مذکورہ دو بستروں والا کمرہ ٹھیک ٹھاک کر دیا گیا۔ آرام کرنے سے پہلے اس نے اپنی تمام چیزیں قرینے سے ایک کونے میں بڑی میز پر رکھ دیں۔ کمرہ تینوں جانب سے کھڑکیوں سے گھرا ہوا تھا جو سمندر کی طرف کھلتی تھیں یعنی دوسرے لفظوں میں یوں کہنا چاہیے کہ مرکزی کھڑکی سیدھی سمندر کے رخ پر واقع تھی۔ دائیں اور بائیں دونوں کھڑکیوں سے ساحل کے جنوبی اور شمالی حصوں کا منظر دکھائی دیتا تھا۔ جنوب کی طرف برنسٹو کی بستی

www.pdfbooksfree.pk

نظر آتی تھی اور شمالی رخ پر کوئی مکان نہیں تھا بلکہ ساحل کے کنارے نیچی چٹانیں دکھائی دیتی تھیں۔ بالکل سامنے کے رخ پر گھاس کا طویل قطعہ پھیلا ہوا تھا جس کے قریب کہیں کہیں پرانے لنگر، چرخیاں اور اس قسم کی چیزیں بکھری ہوئی تھیں۔ ساتھ ہی ایک پگڈنڈی گزرتی تھی جس سے پرے کھاڑی کی حد شروع ہو جاتی تھی۔ ساحل سمندر اور گلوب ان کے درمیان پہلے خواہ کتنا ہی فاصلہ ہو لیکن اب ان کا فاصلہ ساٹھ گز سے زیادہ نہیں تھا۔

سرائے میں جو لوگ مقیم تھے وہ زیادہ تر گولف کے کھلاڑی تھے۔ البتہ چھ افراد ایسے تھے جو خصوصی تعارف کے محتاج تھے۔ سب سے زیادہ نمایاں شخصیت شاید ایک معمر فوجی کی تھی جو لندن کے کسی کلب کا سیکرٹری تھا۔ اس کی آواز بڑی بلند تھی اور وہ اپنے نظریات کے مطابق واضح طور پر پروٹسٹنٹ تھا۔ اس کے عقائد اس وقت خاص طور سے نمایاں ہوتے جب وہ پادری کے وعظ سنتا۔ یوں اسے داآویز مذہبی رسوم سے لگاؤ تھا۔ اگرچہ وہ اپنی روایت کے مطابق اس دلچسپی کو زیادہ واضح نہ ہونے دیتا تھا۔

پروفیسر پارکنس جس کی نمایاں خوبی جرأت تھی۔ برنسٹو آنے کے اگلے دن کا زیادہ حصہ اس کا کرنل ولسن کے ساتھ اپنے گولف کے کھیل کو بہتر بنانے میں گزارا تھا اور دوپہر کے بعد شاید یہ اس کے بہتر کھیل کا نتیجہ تھا۔ کرنل کا رنگ اتنا پھیکا پڑ گیا کہ پارکنس کے لیے گولف کے میدان سے اس کے ہمراہ گھر واپس آنے کے خیال سے وحشت ہونے لگی۔ تنی ہوئی مونچھوں اور دھوپ کھائے چہرے پر ایک سرسری نظر ڈال کر اس نے بہتر یہی سمجھا کہ تمباکو نوشی سے کرنل کی طبیعت بحال ہونے کا موقع دیا جائے تاکہ رات کے کھانے پر اس سے ملاقات ہو تو وہ ہشاش بشاش نظر آ سکے۔ چنانچہ وہ اس سے جدا ہو گیا۔

''آج میں غالباً کھاڑی کے ساتھ چلتے ہوئے گھر جاؤں گا۔'' اس نے سوچا۔

''ٹھیک ہے اس طرح دن کی روشنی میں وہ کھنڈرات بھی دیکھ لوں گا جن کا ڈزنی نے ذکر کیا تھا۔ مجھے اچھی طرح معلوم نہیں کہ وہ کہاں ہیں لیکن توقع ہے کہ میں ان سے دوچار ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔''

یہ بات اس کے منہ سے نکلی ہی تھی کہ اس کا پاؤں ایک خاردار پودے کی جڑ سے الجھتا ہوا ایک بڑے پتھر سے ٹکرا گیا اور وہ اس کے اوپر گر پڑا۔ جب وہ اٹھا اور اس نے گردوپیش کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ وہ کسی حد تک شکستہ زمین کے قطعے پر ہے جس میں جابجا چھوٹے گڑھے اور ابھار پائے جاتے ہیں۔ بغور دیکھنے پر پتہ چلا کہ وہ محض پتھر کے تودے ہیں جو چونے کے پلستر سے ڈھکے ہوئے ہیں اور ان پر گھاس اگی ہوئی ہے وہ یہ نتیجہ اخذ کرنے میں حق بجانب تھا کہ وہ قدیم دینی درسگاہ کے آثار پر کھڑا ہے جسے دیکھنے کا اس نے وعدہ کیا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اسے اپنی سیاحت کا انعام مل گیا تھا۔ اکثر بنیادیں زیادہ گہری نہ تھیں جس سے عمارت کی شکل وصورت کا خاصا اندازہ ہو سکتا

www.pdfbooksfree.pk

تھا۔ اسے مدھم سی یاد آئی کہ اس عمارت کے بنانے والوں کا دستور تھا کہ وہ لوگ گرجے تعمیر کیا کرتے تھے۔ اس نے دیکھا کہ اکثر بکھرے ہوئے آثار دائرے کی شکل میں نظر آتے تھے۔ بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جو اپنے شعبے سے باہر شوقیہ طور پر تحقیقی کام کرنے کی کوشش سے باز رہ سکیں گے۔ مگر پروفیسر نے تو مسٹر ڈزنی کو خوش کرنے کی غرض سے صحیح معنوں میں تحقیق کی کوشش کی۔ اسے خود بھی ایسے کاموں کا کچھ نہ کچھ شوق تھا۔ لہٰذا انھوں نے گول رقبے کا بڑی احتیاط سے جائزہ لیا اور اپنی نوٹ بک میں اندازے سے اس کی پیمائش کا اندراج کیا۔ پھر وہ اس مستطیل شکل کے ابھار کو جانچنے کے لیے آگے بڑھا جو دائرے کے مرکز سے مشرق کی طرف واقع تھا۔

اس نے سوچا کہ کہ یہاں چبوترہ قربان گاہ بنی ہوگی۔ اس کے شمالی سرے پر پلستر کا کچھ حصہ ٹوٹا ہوا تھا جو شاید کسی لڑکے یا کسی جانور کی کارستانی تھی۔ اس نے خیال کیا کہ یہاں سے مٹی ہٹا کر معماری کے آثار دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس نے اپنا چاقو نکال کر اس جگہ سے مٹی کو کھرچنا شروع کر دیا۔ اور اب ایک اور چیز دریافت ہوئی یعنی مٹی کا کچھ حصہ اندر کی طرف گرا اور ایک چھوٹے سے خلا کا انکشاف ہوا۔

اس نے دو ایک دیا سلائیاں جلا کر یہ دیکھنا چاہا کہ وہ کس قسم کا سوراخ ہے لیکن تیز ہوا کے سامنے اس کی پیش نہ چلی۔ چاقوں کی مدد سے مزید کھرچنے اور آس پاس ٹھوکے دینے سے تاہم وہ یہ دیکھنے کے قابل ہوگیا کہ اینٹوں میں ایک مصنوعی سوراخ بنا ہوا تھا جو مستطیل شکل کا تھا اور اس کے اندر اگرچہ پلستر نہیں کیا گیا تھا پھر بھی اس کی تہہ اور دیواریں ہموار اور متناسب تھیں۔ بظاہر وہ خالی تھا۔

اب اس نے چاقو باہر نکالا اسے کسی دھات کی جھنکار سنائی دی اور جب اس نے ہاتھ ڈال کر دیکھا تو سوراخ کے فرش پر ایک نلکی جیسی چیز پڑی ملی۔ اسے اٹھالیا ایک قدرتی امر تھا اور جب اسے روشنی میں دیکھا گیا' جواب مدھم ہوتی جارہی تھی تو پتہ چلا کہ یہ بھی انسان کی بنائی ہوئی کوئی چیز تھی۔ دھات کی بنی ہوئی کوئی چار انچ لمبی ایک نلکی جو بظاہر کافی مدت سے وہاں پڑی ہوئی تھی۔

جب پارکنس کو یہ یقین ہوگیا کہ اب اس خلا میں اور کوئی چیز نہیں اب اس حد تک تاریکی چھا چکی تھی کہ کوئی مزید تحقیق کرنے کے لیے وہ سوچ بھی نہ سکتا تھا۔ جو کچھ اس نے کیا تھا وہ غیر متوقع طور پر اتنا دلچسپ ثابت ہوا تھا کہ وہ اگلے دن کی روشنی میں آثار قدیمہ کے لیے تھوڑے سے اور وقت کی قربانی دینے کا ارادہ کر کے اٹھ کھڑا ہوا۔ دریافت شدہ چیز اب اس کی جیب میں محفوظ تھی اور اسے یقین تھا کہ اس کی کچھ نہ کچھ اہمیت ضرور ہوگی۔

گھر کی طرف روانہ ہونے سے پیشتر اس نے اپنے گردوپیش نگاہ دوڑائی تو منظر بڑا ویران سا اور قدرے ہیبت ناک تھا۔ مغرب کی طرف مدھم اور زردی روشنی میں گولف کے میدان میں کچھ صورتیں کلب گھر کی طرف متحرک نظر آرہی تھیں۔ ساحلی قلعے کا پستہ مینار قریب کے گاؤں کی روشنیاں اور

www.pdfbooksfree.pk

ساحلی ریت کی پہلی پٹی بھی دکھائی دے رہی تھی جسے جابجا سیاہ چوبی پشتے قطع کرتے تھے۔ اس سے پرے ہلکی روشنی میں سمندر لہریں لیتا ہوا نظر آتا تھا۔ شمال کی جانب سے تیز ہوا چل رہی تھی جو گلوب اِن کی طرف چلتے ہوئے اس کی پشت کے رخ پر تھی۔

وہ تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا راستہ طے کر رہا تھا۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ وہ ٹمپلرز کے گرجے کے کھنڈرات سے کتنی دور آچکا ہے۔ اس نے آخری بار پیچھے کی طرف مڑ کر دیکھا تو مدھم سی روشنی میں ایسا معلوم ہوا کہ کوئی شخص اس کے پیچھے آ رہا ہے اور غالباً اس سے آ ملنے کی غرض سے تیز تیز قدم اٹھا رہا ہے لیکن وہ اپنی کوشش میں کچھ کامیاب نہیں ہو پاتا۔ ان دونوں کے درمیان جو فاصلہ تھا وہ بدستور اتنا ہی رہا۔

پارکنس نے سوچا کہ وہ اسے نہیں جانتا ہوگا لہٰذا اس کا انتظار کرنا فضول ہے۔ ایسے موقعوں پر کوئی ساتھ چلنے والا ہو تو اچھا ہے بشرطیکہ آپ اسے جانتے ہوں۔ ماضی میں اس نے کہیں پڑھ رکھا تھا کہ اس قسم کی جگہوں پر بعض اوقات ایسی ملاقاتیں ہو جاتی ہیں جن کے متعلق انسان نے کبھی سوچا بھی نہیں ہوتا۔ وہ ایسی ہی ملاقاتوں کے بارے میں سوچتا گیا۔ حتیٰ کہ گھر پہنچ گیا۔ اسے خاص طور پر اس چیز کا خیال آتا تھا جو اکثر لوگوں کے بچپن میں وہم کی طرح ذہن میں بیٹھ جاتی ہے۔

''میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک دیندار بھی تھوڑی ہی دور گیا تھا کہ اسے ایک مکروہ صورت بھتنا دکھائی دیا جو کھیت کو پار کر کے اس کی طرف آ رہا تھا۔''

''مجھے اب کیا کرنا چاہیے؟'' اس نے سوچا۔

''اگر میں پیچھے مڑ کر زرد آسمان کے پس منظر میں اس سائے کو دیکھ لیتا اور مجھے اس کے سینگ اور پَر واضح نظر آتے تو کہہ نہیں سکتا کہ میں بھاگ کھڑا ہوتا یا وہیں رک جاتا؟ خوش قسمتی سے میرے پیچھے آنے والا بھلا آدمی اس قسم کا نہیں ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ مجھ سے اب بھی اتنے فاصلے پر ہوگا جتنے فاصلے پر وہ مجھے پہلے نظر آیا تھا۔ اور اگر وہ اسی رفتار سے چلتا رہا تو رات کے کھانے پر میری طرح جلد نہ پہنچ پائے گا۔ باپ رے اب تو بمشکل پندرہ منٹ رہ گئے ہیں مجھے بھاگنا چاہیے۔''

پارکنس کو لباس تبدیل کرنے کے لیے واقعی بہت تھوڑا وقت ملا۔ جب وہ کھانے کی میز پر کرنل سے ملا تو وہ مطمئن اور ہشاش بشاش نظر آ رہا تھا۔ کھانے کے بعد تاش کھیلنے کے دوران بھی وہ اسی طرح رہا اور پارکنس نے کافی دیر تک پتوں سے دل بہلایا۔ یہی وجہ تھی کہ جب وہ بہت رات گئے سونے کے لیے اٹھا تو اسے محسوس ہوا کہ شام بڑے خوشگوار طریقے سے گزری ہے اور اگر اسی طرح کے حالات رہے تو گلوب اِن میں دو تین ہفتوں کا قیام بڑا خوشگوار ہوگا۔'' خصوصاً اس نے سوچا۔

''اس صورت میں کہ گولف کی مشق جاری رکھوں۔''

جونہی وہ اپنے کمرے کی طرف جانے لگا۔ اسے راستے میں سرائے کا خادم ملا جو اسے دیکھ کر ٹھہر گیا اور کہنے لگا۔

www.pdfbooksfree.pk

''معاف کرنا جناب ابھی تھوڑی دیر پہلے میں آپ کا کوٹ برش سے صاف کر رہا تھا کہ کوئی چیز اس کی جیب سے گر پڑی۔ میں نے وہ اٹھا کر آپ کی دروازوں والی الماری پر رکھ دی ہے۔ جناب کسی پائپ کا ٹکڑا معلوم ہوتا ہے۔ آپ الماری میں سے لے لیں صاحب۔ اچھا شب بخیر جناب۔''

اس گفتگو سے پارکنس کو یاد آ گیا کہ دن کے وقت اس نے ایک چھوٹی سی دریافت کی تھی۔ بڑے تجسس کے ساتھ وہ اسے موم بتیوں کی روشنی میں لے گیا۔ اب اس نے دیکھا کہ یہ کانسی کی بنی ہوئی ہے اور آج کل کے زمانے کی کتوں کو بلانے والی سیٹی سے ملتی جلتی ہے۔ واقعی یہ ایک سیٹی تھی۔ وہ اسے ہونٹوں تک لے گیا لیکن وہ مٹی اور ریت سے اٹی ہوئی تھی۔ اس لیے بج نہ سکی۔ اس نے چاقو کی مدد سے مٹی وغیرہ صاف کی۔

رات صاف اور روشن تھی اس نے کھڑکی کھولی اور تھوڑی سی دیر کے لیے سمندر کی طرف دیکھا۔ ایک تنہا راہگیر ساحل کے ساتھ ساتھ کسی انجانی منزل کی طرف بڑھ رہا تھا۔ اس نے کھڑکی بند کر دی۔ وہ حیران تھا کہ برنسٹو کے لوگ اتنی رات گئے بھی سوئے نہ تھے۔ اس نے سیٹی کو پھر روشنی میں غور سے دیکھا۔ اس پر کچھ نشان تھے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ حروف کھدے ہوئے تھے۔ ذرا سا رگڑنے پر کندہ عبارت صاف پڑھی جا سکتی تھی۔ لیکن کچھ سوچنے کے بعد پروفیسر کو اعتراف کرنا پڑا کہ اس کے لیے اس عبارت کا مفہوم اخذ کرنا محال تھا۔ سیٹی کی دونوں طرف کچھ نہ کچھ لکھا ہوا تھا۔

''میرے لیے اس کا مطلب سمجھنا ضروری ہے۔'' اس نے سوچا۔

''لیکن میرا خیال ہے کہ میری لاطینی کچھ زنگ آلود ہو چکی ہے۔ مجھے تو یہ بھی یاد نہیں کہ سیٹی کو لاطینی زبان میں کیا کہتے ہیں۔ دوسری طرف کا فقرہ آسان معلوم ہوتا ہے۔ اس کا مطلب غالباً یہی ہے۔ یہ کون ہے جو آ رہا ہے؟'' خیر بہتر یہ ہے کہ اسے جاننے کے لیے سیٹی بجا کر دیکھی جائے۔''

اس نے آزمائش کے لیے سیٹی بجائی اور ایک دم رک گیا۔ قدرے حیران ہونے کے باوجود وہ اس کی آواز سے خوش ہوا جو بہت دور تک پھیلنے کی صلاحیت رکھتی تھی اور نرم تھی۔ اس نے محسوس کیا کہ سیٹی کی آواز کئی میل تک پہنچی ہوگی۔ یہ ایک ایسی آواز تھی جو ذہن میں صورتیں بنانے کی طاقت رکھتی ہے (جیسے کئی عطر اس کے اہل ہوتے ہیں۔)

ایک لمحے کے لیے اس نے یہ منظر دیکھا کہ رات کا وقت ہے اور چاروں طرف تاریکی پھیلی ہوئی ہے۔ تازہ ہوا چل رہی ہے اور اس کے درمیان ایک تنہا صورت ہے۔ وہ نہیں جانتا تھا کہ یہ منظر کیسے اس کے سامنے آ گیا ہے۔ اگر اس کی کھڑکی سے تیز ہوا کا ایک جھونکا ٹکرانے سے یہ خواب محو نہ ہو جاتا تو شاید وہ کچھ اور بھی دیکھتا۔ ہوا کا ریلا اتنا شدید تھا کہ اس نے اوپر کی طرف دیکھا۔ عین اسی وقت کسی بحری پرندے کے پَر کی سفید جھلک کھڑکی کے باہر دکھائی دی۔

سیٹی کی آواز اسے اتنی دلکش معلوم ہوئی کہ اسے ایک دفعہ اور بجائے بغیر نہ رہ سکا۔ اس دفعہ

www.pdfbooksfree.pk

سیٹی ذرا زور سے بجائی گئی۔ مگر اب کوئی تصویر نظر نہ آئی حالانکہ اسے اس کی امید تھی۔

''لیکن یہ کیا بات ہے؟ چند ہی منٹوں میں ہوا اس قدر تیزی سے چلنے لگی۔ کتنا تیز جھکڑ ہے میں نے سوچا تھا کہ چٹخنی لگانے کا کوئی فائدہ نہیں دونوں موم بتیاں بجھ گئیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کمرہ ٹوٹ پھوٹ جائے گا۔''

سب سے پہلے کھڑکی کو بند کرنے کی ضرورت تھی۔ جتنی دیر آپ بیس تک گنتی کریں پارکنس اس چھوٹی سی کھڑکی کے ساتھ کشتی کرتا رہا اس نے محسوس کیا کہ وہ کسی تنومند چور کو پیچھے دھکیل رہا ہے۔ واقعی دباؤ بڑا سخت تھا۔ ایک دم ہوا کا زور ڈھیلا پڑ گیا۔ کھڑکی کے پٹ دھماکے کے ساتھ بند ہو گئے اور اپنے آپ چٹخنی لگ گئی۔

اب موم بتیاں پھر جلائی گئیں تاکہ دیکھا جائے کہ کچھ نقصان تو نہیں ہوا۔ لیکن سب کچھ ٹھیک ہی معلوم ہوتا تھا۔ حتیٰ کہ کھڑکی کا کوئی شیشہ بھی نہ ٹوٹا تھا۔ البتہ اس شور سے سرائے کا ایک مکین یعنی کرنل ضرور جاگ اٹھا تھا۔ اوپر کے فرش پر اس کے قدموں کی چاپ اور غصے سے بڑبڑانے کی آواز سنائی دے رہی تھی۔

ہوا پوری طرح رکی نہ تھی بلکہ اب بھی چیختی ہوئی تیزی سے چل رہی تھی۔ کبھی کبھی ہوا کی کوئی چیخ اتنی تیز سنائی دیتی تھی کہ پارکنس کے کہنے کے مطابق کئی وہمی لوگ بے چینی محسوس کرتے ہوں گے۔ پندرہ منٹ بعد اسے خیال آیا کہ وہمی لوگ ہی نہیں۔ اس ہوا کے بغیر ہر بھلے شخص کو خوشی ہوئی۔

شاید یہ ہوا تھی یا گولف کھیلنے کا جوش' یا کھنڈرات میں تحقیق اس کا باعث تھی کہ پارکنس کو نیند نہیں آ رہی تھی۔ بہر حال وہ بہت زیادہ دیر تک جاگتا رہا۔ (میں بھی اکثر ایسی صورت حالات کے تحت سونے سے قاصر رہتا ہوں۔) وہ سوچنے لگا کہ وہ کسی مہلک پریشانی کا شکار ہو گیا ہے۔ اس نے دل کی دھڑکنیں گننا شروع کر دیں۔ اسے وہم ہونے لگا کہ دل کی حرکت بند ہو جائے گی اور اس کے پھیپھڑے دماغ اور جگر اپنا کام چھوڑ دیں گے۔ اس کے ساتھ ہی اسے یقین تھا کہ دن چڑھنے تک وہ ان توہمات کو زائل کر دے گا لیکن اس وقت تو وہ رفع ہونے سے انکار کر رہے تھے۔ البتہ اسے اس خیال سے ذرا اطمینان ہوا کہ اس کشتی میں کوئی اور بھی سوار ہے۔ قریب ہی کوئی شخص (تاریکی میں اس کی سمت بتانا آسان نہ تھا) اپنے بستر میں کروٹیں بدل رہا تھا۔

اس کے بعد پارکنس نے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور سونے کا پکا ارادہ کر لیا۔ لیکن اب پھر بڑھے ہوئے جوش نے ایک اور صورت اختیار کر لی۔ یعنی اس کے سامنے عجیب عجیب تصویریں گھومنے لگیں۔ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص سونے کی کوشش میں آنکھیں بند کر لے تو تصویریں سامنے آ جاتی ہیں اور اگر کوئی ان سے گھبرا کر آنکھیں کھول دے تو وہ منتشر ہو جاتی ہیں۔

پارکنس کو اس موقع پر بڑا اذیت ناک تجربہ ہوا۔ اس کے سامنے جو تصویر آئی وہ یوں دکھائی دی جیسے مسلسل گھوم رہی ہو۔ جب اس نے آنکھیں

www.pdfbooksfree.pk

کھول دیں تو وہ منظر غائب ہوگیا۔ لیکن جب اس نے دوبارہ آنکھیں بند کیں تو وہی منظر پھر اس کے سامنے آموجود ہوا جو کہ پہلے کی نسبت تیز تھا نہ سست۔ جو کچھ اس نے دیکھا وہ یہ تھا۔

ساحل کا ایک لمبا قطعہ تھا۔ سنگریزوں سے پرے ریت کی پٹی دکھائی دی جس پر جابجا چوبی پتے لگے ہوئے تھے۔ یہ منظر بڑی حد تک اس کی بعد دوپہر کی سیر سے ملتا جلتا تھا۔ کیونکہ کوئی عمارت یا ایسی کوئی اور چیز دکھائی نہ دیتی تھی اس لیے اسے پہچاننا دشوار تھا۔ روشنی بڑی مدھم تھی جس سے یہ خیال پیدا ہوتا تھا کہ آندھی آنے والی ہے دن کا پچھلا حصہ سرد رہے گا اور قدرے بارش بھی ہوگی۔ پہلے تو اس تاریک سٹیج پر کوئی اداکار نمودار نہ ہوا۔ پھر دور سے کوئی سایہ سی چیز ظاہر ہوئی جو جلدی ہی ایک آدمی کی صورت اختیار کر گئی۔

وہ چوبی پشتوں کو پھلانگتا اور بار بار پیچھے مڑ کر دیکھتا ہوا بھاگ رہا تھا۔ جونہی وہ زیادہ قریب آیا تو معلوم ہوا کہ وہ بری طرح خوفزدہ ہے مگر اس کا چہرہ پہچانا نہیں جاتا اس کے علاوہ وہ بڑا تھکا ہوا نظر آتا تھا۔ جوں جوں وہ آگے بڑھ رہا تھا ہر رکاوٹ اسے پہلے سے زیادہ دشوار معلوم ہوتی تھی۔

''کیا وہ اس رکاوٹ کو عبور کر لے گا؟'' پارکنس نے سوچا۔

''یہ دوسروں کی نسبت ذرا اونچی لگتی ہے۔'' لیکن وہ جوں توں کر کے اس پر چڑھ ہی گیا اور تقریباً گرتا ہوا اس طرف کود آیا۔ (اب وہ زیادہ قریب دکھائی دینے لگا) پھر یوں معلوم ہوا کہ وہ اٹھنے کے قابل نہیں اور وہ اوپر کی طرف بڑی فکرمندی سے دیکھتا ہوا پشتے کے نیچے ہی بے بسی سے پڑا رہا۔

اس وقت تک دوڑنے والے شخص کے ڈر کی وجہ کسی طرح ظاہر نہ ہوئی تھی۔ لیکن اب دور ساحل کی طرف سے کسی کے تیز چلنے کی جھلک دکھائی دی۔ کچھ دیر بعد پتہ چلا کہ کوئی شخص زرد اور پھڑپھڑاتے ہوئے کپڑے پہنے چلا آرہا ہے۔ اس کی نقل و حرکت میں کوئی ایسی بات تھی کہ پارکنس اسے قریب سے دیکھنا پسند نہیں کرتا تھا۔ ایک جگہ رک کر اپنا بازو اوپر اٹھائے اور ریت کی طرف سر جھکایا۔ تب وہ اسی طرح کھاڑی پر سے پانی کی طرف دوڑا اور پھر واپس آ گیا۔ اب وہ سیدھا کھڑا ہوگیا اور پہلے سے زیادہ تیزی سے آگے بڑھنے لگا۔ حتیٰ کہ وہ دائیں اور بائیں چکر کاٹتا ہوا اس چوبی پشتے سے چند گز کے فاصلے پر پہنچ گیا جہاں پہلے بھاگ کر آنے والا چھپا ہوا تھا۔ دو تین بار ادھر ادھر دیکھنے کے بعد وہ ایک جگہ ٹھہر گیا۔ ہاتھ اوپر اٹھائے اور پھر تیر کی مانند اس چوبی پشتے کی طرف بھاگ کر گیا۔

اس مقام پر پہنچ کر پارکنس اپنی آنکھیں بند رکھنے میں ناکام رہا۔ آخر وہ اس ارادے سے اٹھا کہ موم بتی جلا کر کوئی کتاب پڑھے اور اسی طرح جاگ کر رات گزار دے۔ اسے اس متواتر منظر سے بڑی کوفت ہو رہی تھی جو اس کی اپنی سیر اور پراگندہ خیالات کو بار بار اس کے سامنے لا رہا تھا۔

(جاری ہے)

www.pdfbooksfree.pk

ایک خون آشام لڑکی جو زندہ رہنے کے لیے ایک حسین رقاصہ کا روپ دھار کر نوجوانوں کو اپنے پیار میں پھانس کر ان کا خون پیتی تھی

خون پینے والی

تحریر ..... فریدہ بانو

میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ آرکسٹرا کی دھنوں میں اپنے جسم کو خوبصورت زاویوں میں بدلنے والی روزلین اس درجہ خطرناک بھی ہوسکتی ہے۔ روزلین جسے دیکھنے والے اس کے حسن اور جسم سے بیک وقت پیار کرنے لگتے۔ معصوم چہرہ جیسے صدیوں سے مرد کے ہاتھوں کی لمس کو پکار رہا ہو۔ خوبصورت ہونٹ جن سے تشنہ بوسے رستے ہوئے محسوس ہوتے۔ مگر یہ دوشیزہ ڈائن تھی چڑیل تھی یا..... ٹھہریئے میں پہلے اپنا تعارف بھی کرادوں میرا نام مائیکل ہے۔ میں نہیں جانتا کہ میرے باپ کا نام کیا تھا اور نہ ہی مجھے یہ علم کہ میری ماں کون تھی ہاں میں اتنا ضرور جانتا ہوں کہ ایک ملاح نے میری پرورش کی تھی۔ اٹلی کا بوڑھا ملاح جس کی زندگی کے ساٹھ سال مختلف سمندروں کی ہوا کھاتے گزرے تھے۔ بارہ سال کی عمر تک میں اسے اپنا باپ سمجھتا رہا۔ مگر ایک دن اس نے مجھے بتایا کہ میں بمشکل تین دن کا تھا کہ میں جہاز کے کیبن میں پایا گیا۔ نہ جانے میرے وہ سنگ دل والدین کون تھے جو کسی بندرگاہ پر اترتے وقت مجھے کیبن میں پھینک گئے۔

جب ملاح نے مجھے میری کہانی سنائی تو میں اداس ہوگیا۔ کئی روز تک اداس رہا اور میں اپنے آپ کو سمندر کا بیٹا سمجھنے لگا۔ جب میری عمر چودہ سال کی ہوئی تو یہ احساس جاگا کہ مجھے بوڑھے ملاح کے رزق پر نہیں پلنا چاہیے اور میں جہاز کے عرشہ پر سگریٹ بیچنے لگا۔ سگریٹوں کی چلتی پھرتی دکان میرے گلے میں لٹکتی رہتی تھی۔ اور میں اداکارانہ چالوں سے کام لیتے ہوئے سگریٹ بیچا کرتا تھا۔

کچھ عرصہ بعد میں خاصا مشہور ہوگیا۔ جہاز کا کپتان مجھے ننھا جوکر کہا کرتا تھا۔ وہ مجھی سے سگریٹ خریدتا اور جہاز کا عملہ بھی اپنے کپتان کی پیروی کرتے ہوئے میری طرف رجوع پذیر ہونے لگا۔

ایک دن جہاز کے عرشہ پر میں سگریٹ بیچ رہا تھا کہ اچانک میرے کانوں میں آواز گونجی۔ میں نے مڑ کر دیکھا۔ ایک بوڑھا چشمہ لگائے مجھے گھور رہا تھا۔ میں نے ایکٹنگ کرتے ہوئے گلے میں لٹکنے والی دکان اس کی آنکھوں کے قریب تر کردی تاکہ وہ اپنی پسند کے سگریٹ خود اٹھالے۔ وہ ابھی ایسا نہ کر

www.pdfbooksfree.pk

پایا تھا کہ میری پھیلی ہوئی آنکھیں اور سکڑتے ہوئے ہونٹ دیکھ کر بوڑھے کے پہلو میں بیٹھی اس کی جوان بیوی مسکرادی۔ وہ مجھے ٹکٹکی باندھے دیکھے جارہی تھی اور اس کے نوجوان ہونٹوں سے لازوال مسکراہٹ ٹپک رہی تھی۔

www.pdfbooksfree.pk

یہ بوڑھا بریگیڈیئر تھا جس نے اپنی جوان بیوی کے کہنے پر مجھے برازیل کی بندرگاہ پر اترتے ہوئے اپنے ہاں ملازم بن جانے کی دعوت دی اور میں ان کے ساتھ چلنے کو تیار ہوگیا۔ چند مہینے بعد مجھے معلوم ہوا کہ ملازمت ہر قسم کا کام کرنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ یہ تو میں ہر روز دیکھا کرتا تھا کہ بریگیڈیئر کی بانجھ بیوی للی ہمیشہ رات گئے گھر پر لوٹتی ہے اور صاحب قطعاً کوئی نوٹس نہیں لیتے مگر چونکا دینے والی بات یہ تھی کہ ایک رات میں اپنے سرونٹ کوارٹر میں گہری نیند سو رہا تھا کہ نسوانی دستک نے مجھے بیدار کر دیا۔ دروازہ کھول کر میں نے باہر دیکھا للی نائٹ گاؤن پہنے کھڑی تھی۔ میں اسے چپ چاپ دیکھتا رہا۔ وہ بھی خاموش رہی اس کی خاموشی مجھے ہزاروں مفہوم دے گئی۔

وہ چالاک عورت تھی۔ مجھے سمجھنے میں اسے دیر نہ لگی۔ اور وہ میری پُرشباب آنکھوں کا مطالعہ کرنے کے بعد مجھ سے لپٹ گئی۔ اس کے رخسار انگاروں کی طرح دہک رہے تھے۔ میں نے اسے اندر چلنے کو کہا تو اس نے اپنی خواب گاہ کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے بوڑھے بریگیڈیئر کے گھر پر ہونے کا احساس دلایا تو وہ بولی۔

''بوڑھا قطعاً کوئی مخالفت نہیں کر سکتا۔ اس نے مجھے الف انجوائے کرنے کے پورے حقوق دے رکھے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مجھے کلب میں نوجوان کپتانوں کے پاس چھوڑ آتا ہے۔''

میں نے پوچھا کہ بوڑھے کے جسمانی خون میں اتنی سردی کیسے آ دھمکی تو جواباً وہ بولی کہ کیپٹن سے بریگیڈیئر بنتے بنتے یہ لوگ اپنا سب کچھ اپنے دوستوں کی بیگمات کو سونپ دیتے ہیں اور بڑھاپے میں انھیں آزاد خیال بننا پڑتا ہے۔

میں چونکہ ملازم تھا اور آج میری مالک نے کسی سویٹ ڈش کی طرح میری نوجوانی کو طلب کیا تھا لہٰذا میں انکار نہ کر سکا مگر دو ماہ بعد میں نے نوکری چھوڑ دی اور بوڑھے بریگیڈیئر کے ایک کرنل دوست کی وساطت سے آرمی میں ڈرائیور بن گیا۔ اب میری زندگی اسٹیئرنگ کے پیچھے مکمل طور پر چھپ چکی تھی۔ مگر اکثر اوقات مجھے للی یاد آ جاتی اور میں سوچتا مجھے اتنی جلد ہتھیار نہیں ڈالنے چاہیے تھے۔

سات سال تک میں ڈرائیونگ کرتا رہا اور جب دوسری جنگ عظیم کا افتتاح ہوا تو مجھے برما بھیج دیا گیا۔ یہاں کی فضا میرے لیے نہایت عجیب و غریب ثابت ہوئی۔ گولے پھٹ رہے تھے۔ شعلے اٹھ رہے ہوتے۔ میں اسلحہ سے لدے ٹرک میں بیٹھا ہوتا اور خواہ مخواہ میرے ذہن میں للی گھس آتی۔ گو ہم جنگ میدان میں جیت رہے ہوتے مگر للی نے مجھے شکست دے دی تھی میں نے اس کی یادوں کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے تھے۔

ایک شام میں ملٹری ٹرک لے جا رہا تھا کہ ایک سولہ سترہ سالہ لڑکی نے ہاتھ دے کر مجھے رک جانے کا اشارہ کیا۔ آرمی قواعد کے لحاظ سے میرا رک جانا ایک بھیانک جرم تھا مگر لڑکی کو دیکھ کر میں نے سوچا کہ جوانی مجھے روک رہی ہے۔ آواز دے کر بلا رہی ہے لہٰذا میں نے حسن کا احترام کرتے ہوئے

www.pdfbooksfree.pk

بریکوں کا سہارا لیا۔ لڑکی میرے قریب آئی اور ملتجی لہجے میں بولی۔

''ہمارے پاس چائے نہیں ہے چینی نہیں ہے دودھ نہیں ہے۔ خدا کے لیے ہماری مدد کیجیے۔''

میں واپسی پر بھرپور امداد کا وعدہ کر کے چل دیا۔ سارا راستہ وہ لڑکی میرے ذہن میں گھسی رہی۔ جہاں کے رہنے والے مسلسل جنگ کی وجہ سے اشیاء خوردنی کو ترس گئے تھے۔ میں نے اپنے کیمپ میں سے چائے دودھ اور چینی لی اور ٹرک واپس موڑا۔ اس وقت رات کے گیارہ بج رہے تھے۔

''یہی ہے اس لڑکی کی رہائش گاہ۔'' یہ سوچتے ہوئے میں نے ایک خوبصورت کوٹھی کے سامنے ٹرک پارک کیا۔ بلیک آؤٹ ہونے کی وجہ سے کوٹھی پر تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ مین گیٹ سے ہوتا ہوا میں اندر آ گیا اور سائیڈ روم پر دستک دینے لگا۔

''کون.....؟'' ایک نسوانی آواز نے اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ اب میں اسے جواباً کیا کہتا میں یہی سوچ رہا تھا کہ آواز پھر آئی۔

''کون.....؟''

''چائے دودھ اور چینی والا۔'' میں نے کہا اور دروازہ کھل گیا۔ مگر میرے سامنے ایک تیس سالہ خاتون کھڑی تھی۔

''اندر آ جایئے۔'' وہ بے تکلفانہ لہجے میں بولی۔ ابھی میں اس لڑکی کے بارے میں نہ پوچھا پایا تھا کہ اس نے کہا۔

''میری بیٹی نے مجھے آپ کے بارے میں کہہ دیا تھا کہ آپ یہ چیزیں لے کر ضرور آئیں گے۔''

''مگر وہ خود کہاں ہے؟'' میں نے پوچھا۔

''وہ سو رہی ہے۔'' خاتون بولی۔ اور میں نے تھیلا اس کی طرف بڑھا دیا اور جانے کے لیے مڑا تو وہ بولی۔

''ایک کپ چائے تو پیتے جایئے۔ منی کہہ رہی تھی بغیر چائے پلائے انھیں نہ بھیجیے گا۔''

میں صوفے پر بیٹھ گیا۔ خاتون نے اندر سے دروازہ بند کر دیا۔ دروازوں کھڑکیوں اور روشن دانوں پر کالا روغن ہو چکا تھا۔ لہٰذا خاتون نے بے دھڑک لائٹ جلا دی۔ یہ ہندوستانی طرز کا خوبصورت سا کمرہ تھا۔ اور میرے سامنے میز پر پرشاد بیٹھی تھی۔ جنھوں نے اپنا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ ان کے شوہر محاذ جنگ پر ہیں اور وہ بالکل نہیں جانتی کہ وہ اس وقت کس باڈر پر ہیں۔

میں اسے دیکھتا رہا۔ کھلی ہوئی زلفیں اور نمکین چہرہ وہ بھی ایک سمجھدار عورت تھی۔ لہٰذا میرے دیکھنے کا مفہوم فوراً سمجھ گئی اور چائے پینے سے پہلے اس نے اس احسان کا بھرپور بدلہ اتار دیا۔ عین اس وقت ہمارے کمرے کے اوپر سے گولیاں برساتے ہوئے جہاز گزرے اور تھوڑی دیر بعد میں ٹرک میں آ بیٹھا۔ میری ساری تھکن اتر چکی تھی اور مسز پرشاد گیٹ پر کھڑی ہاتھ ہلا ہلا کر مجھے الوداع کہہ رہی تھی۔ اس الوداعی خلوص میں لوٹ آنے کا پیغام تھا۔ جس کی میں بعد میں کئی بار تعمیل کرتا رہا اور پھر جنگ بند ہو گئی مگر اسلحہ ابھی باقی تھا لہٰذا میرا ٹرک ادھر سے ادھر آتا جاتا رہا اور کئی بدن یونہی گزر گئے۔

www.pdfbooksfree.pk

جب جنگ کے تمام تر شعلے بجھ گئے تو میں نے باعزت طور پر پنشن لے لی اور چند ماہ بعد روز کلب کی سٹاف ویگن چلانے لگا۔ پہلی بار میں نے روز لین کو دیکھا۔ آرکسٹرا کی دھنوں پر ناچنے والی روز لین جو اس صدی کی خطرناک ترین عورت تھی۔ اس کا علم مجھے بعد میں ہوا۔ ورنہ پہلی نظر میں تو اس کے بارے میں میرے تاثرات بہت ہی اچھے تھے۔ کلب کے ہر درجے کے ملازمین کو یہ اجازت تھی کہ وہ ریڈکشن میں ٹکٹ خرید کے ڈانسنگ کا آخری راؤنڈ دیکھ سکتے تھے۔ مجھے ملازم ہوئے سات ماہ گزر چکے تھے مگر میں نے قطعاً آخری راؤنڈ اٹینڈ نہیں کیا تھا مگر ۱۷ دسمبر کو جب میں ویگن لے کر کلب کے احاطے میں داخل ہوا تو ہال پورٹر نے مجھے ڈیوٹی انچارج کے کمرے کی طرف متوجہ کیا۔

میں کمرے میں داخل ہوا تو بھاری بھرکم جسم کے کیپٹن البرٹ جو ہمارے ہاں ڈیوٹی آفسر تھے انھوں نے حکم دیا کہ آج سے تم روزانہ رات کے بارہ بجے راک پیلس سے مشہور ڈانسر مس روز لین کو لے آؤ گے اور ساڑھے تین بجے اسے اپنے مقام پر چھوڑنے بھی تم ہی جایا کرو گے۔

بحیثیت ملازم اثبات میں سر ہلاتے ہوئے میں کمرے سے باہر آ گیا۔ اس وقت کیپٹن کاری کی چابی میرے ہاتھ میں تھی۔ میں نے سوچا چلو ویگن سے تو جان چھوٹی۔ اب خوبصورت ڈانسروں کو لے آنے اور لے جانے کی ڈیوٹی میری صحت کے لیے بہتر ثابت ہوگی۔ میں گاڑی لیے کلب سے باہر آ گیا۔ گاڑی اپنی مخصوص سپیڈ سے ویلز روڈ پر تیر رہی تھی کہ اچانک راک پیلس کا نقشہ میرے ذہن میں سمٹ آیا۔ گو میں وہیں جا رہا تھا مگر اس محل نما عمارت سے تو کئی پراسرار کہانیاں وابستہ تھیں۔ بھلا ایک ڈانسر اس محل میں کیسے رہ سکتی ہے اور اچانک میں نے اپنے ذہن سے تمام گھٹیا خیالات کھرچ ڈالے۔ اور اس کے بارے میں سوچنے لگا جسے میں لینے جا رہا تھا۔

روز لین' مس روز لین کاش عورتیں اپنے ناموں کے ساتھ لفظ مس یا مسز لگانا چھوڑ دیں تاکہ مرد ہمیشہ خوش فہمیوں کا شکار رہیں۔ اور اصل کیفیت بستر پر سے اٹھنے کے بعد ہی معلوم ہو۔ اور ویسے بھی میں اپنے تجربات کی روشنی میں کہہ سکتا ہوں کہ اکثر مسز کہلانے والیاں مس کہلانے والیوں سے کہیں زیادہ اچھی ہوتی ہیں۔ اچھی سے مراد جنسی تسکین کے وہ زاویے ہیں جو صرف ایک تجربہ کار عورت ہی مرد کے وجود میں تحلیل کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ وہ مسز کسی ایک کی بیوی اور کسی ایک کی محبوبہ ہو کیونکہ بہت سے شوہر یا محبوب رکھنے والی کوئی عورت کسی صدی میں کسی مقام پر بھرپور تسکین کا باعث کبھی نہیں بن سکتی۔

میرا ذہن الجھتا چلا گیا۔ بچپن سے لے کر اب تک کیے گئے گناہ قطار در قطار کھڑے مجھے احساس ندامت دلا رہے تھے اور میں درختوں کے جھنڈ میں گھری سڑک کا سینہ چیرتا ہوا راک پیلس جا رہا تھا جہاں سے ایک جوانی کو اٹھا کر مجھے کلب لے آنا تھا۔ راک پیلس سنا تھا کہ جس دور میں بھی کسی نے

www.pdfbooksfree.pk

یہ محل خریدا اس کا پورا خاندان پراسرار ہستیوں کی نذر ہو گیا۔ پھر یہ روزلین کیسی دوشیزہ ہو سکتی ہے جو اس محل میں آباد ہے۔ ہو سکتا ہے جب رات کو کوئی پراسرار ہستی اس کے پاس انتقام لینے آتی ہو وہ اسے ڈانس دکھا کر خوش کر دیتی ہو۔ اس سوچ کے ساتھ ہی میں مسکرا دیا۔

اس وقت شہر کی آخری سڑک دائیں طرف مڑ کر ویرانوں کی جانب منتقل ہو رہی تھی اور میں راک پیلس کے قریب ہوتا چلا جا رہا تھا۔ چنار، پیپل اور شیشم کے گھنے درختوں کو میں بہت پیچھے چھوڑ آیا تھا اور اب چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں حد نظر تک پھیلی ہوئی تھیں اور ان کے بیچ سے جانے والی سڑک نیم تاریکیوں میں ڈوبی ہوئی تھی۔ دو میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد میری گاڑی راک پیلس کے پاس رک گئی۔ میں یہ دیکھ کر حیران ہوئے بغیر نہ رہ سکا کہ ایکدم محل کا مین گیٹ کھلا اور ایک خوبصورت دوشیزہ اپنے کولہوں پر پرس مارتی ہوئی محل سے برآمد ہوئی۔ گیٹ بند ہو گیا اور وہ مسکراتے ہوئے آگے بڑھ کر پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئی۔ میرا حلق خشک ہو گیا تھا۔ میں سوچنے لگا کیا روزلین کو میری آمد کا الہام ہو گیا تھا یا وہ وقت کی نہایت پابند ہے۔ عجیب سوچیں تھیں میری میں نے گاڑی موڑتے ہوئے کلب کا راستہ لیا۔ وہ ہنوز پچھلی سیٹ پر خاموش بیٹھی تھی اور میں آئینے میں اسے بخوبی دیکھ رہا تھا۔ یہی کوئی سولہ سترہ سال کے لگ بھگ عمر موٹی موٹی چمکیلی آنکھیں میں نے پرس پر پڑے ہاتھوں کو دیکھا، تیز نوکیلے ناخن میں آئینے میں پھر اس کی آنکھوں کا جائزہ لینے لگا۔ مجھ پر بے خودی سی طاری ہونے لگی تھی۔

وہ پچھلی سیٹ پر بائیں جانب کو کھسک گئی۔ اب آئینے میں صرف اس کے سکرٹ کا ایک مختصر سا حصہ دکھائی دے رہا تھا۔ خدا کی قسم اس سے پہلے میں نے اتنی خوبصورت دوشیزہ کبھی نہیں دیکھی تھی۔

کلب پہنچتے ہی میں نے گاڑی پارک کی اور ٹکٹ خرید کر ہال میں آ بیٹھا۔ آج میں اس کا ڈانس دیکھنا چاہتا تھا۔ ہال میں چند لمحوں کو چلنے والی بتیوں نے آنکھ جھپکی، آرکسٹرا کی آواز گونجی اور نیلی پیلی روشنیوں میں بلور سا جسم اسٹیج پر تھرکنے لگا، تھرکتا رہا۔ ڈانس کے ہر زاویے میں روزلین کی جان لیوا ادائیں چھپی تھیں وہ میرے ذہن و دل پر اپنا تسلط جما چکی تھی۔ وہ مجھے کسی دوسری دنیا کی دوشیزہ دکھائی دے رہی تھی اور میں سوچنے لگا کاش میں نے نوجوانی میں اسے دیکھا ہوتا۔ کاش روزلین بچپن میں میری کلاس فیلو رہی ہوتی یا بے روزگاری کے زمانے میں میری پڑوسن۔

جب ڈانس ختم ہوا تو مجھے اپنی ڈیوٹی کا احساس ہوا۔ میں فوراً گاڑی کے قریب آ کھڑا ہوا۔ وہ آئے تو میں دروازہ کھولوں میں سوچنے لگا۔ بیس منٹ گزر گئے مگر وہ نہ آئی۔ شاید وہ اپنے شیدائیوں میں گھری ہوئی ہو یا کسی اونچے درجے کے تماشائی کے ساتھ شراب پی رہی۔ میں سوچنے لگا۔ عین اس وقت ایک کاؤنٹر کلرک میرے قریب آیا اور بولا۔

''دیکھو ذرا خیال رکھنا یہ ڈانسر بہت غضبناک عورت ہے پہلے جو ڈرائیور اسے لے آیا کرتا تھا

www.pdfbooksfree.pk

جانتے ہو اس کا کیا حشر ہوا؟''

میں نے پوچھا۔ ''کیا؟''

تو وہ بولا۔ ''پہلا ڈرائیور ایک نہایت سرخ و سفید نوجوان تھا اور اب سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہے اور اس نے بولنا بھی چھوڑ دیا ہے۔''

یہ بات میرے لیے کوئی نئی بات نہ تھی۔ میں سوچنے لگا۔ عشق میں اکثر ایسا ہی ہوا کرتا ہے۔

ہال پورٹر چلا گیا تو اچانک وہ لفٹ سے باہر نکلتی دکھائی دی۔ اس کے ساتھ ایک خوبصورت نوجوان تھا جس نے نیوی کی وردی پہن رکھی تھی اور وردی سے کپتان لگتا تھا۔ میں نے سوچا کاش میں ہی اس کیپٹن کی جگہ ہوتا۔ اچانک وہ دونوں گاڑی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھ گئے۔ روزلین نے راک پیلس چلنے کو کہا اور مجھے کیپٹن پر مزید رشک ہونے لگا۔ مگر آپ اسے رشک کے بجائے حسد کہیں تو بہتر ہے۔ کیونکہ جنسی معاملات میں رشک جیسے مہذب لفظ کی توہین نہیں کرنی چاہیے۔

گاڑی راک پیلس کی طرف بہنے لگی۔ آئینہ پھر سی۔ آئی۔ ڈی کے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔ میں نے دیکھا وہ نوجوان کے ہاتھوں سے کھیل رہی تھی۔ نوجوان تقریباً بے ہوش ہونے کو تھا۔ وہ ادھر ادھر ہو رہے تھے میں سمجھ گیا ان دونوں کے تعلقات بہت پرانے ہیں کیونکہ پہلی ملاقات اتنی جاذب نہیں ہوا کرتی ہاں پُرکشش ضرور ہوتی ہے۔ اور پھر وقت گزرتا گیا اور میری حیرت میں اضافہ ہوتا رہا۔

ڈیڑھ سال گزر گیا۔ اس عرصہ میں ہر رات وہ ایک نئے نوجوان کو اپنے ساتھ راک پیلس لے جاتی اور وہ نوجوان پھر کبھی کلب میں دکھائی نہ دیتا۔ میں نے ان لوگوں میں سے کسی کو بھی دوبارہ روزلین کے ساتھ کسی مقام پر نہیں دیکھا تھا۔ جنھیں وہ اپنے ساتھ محل میں لے گئی تھی میری حیرت بڑھتی جا رہی تھی۔ میں سوچتا جانے وہ لوگ کہاں چلے جاتے ہیں جنھیں روزلین کی قربت میسر آتی ہے۔

ایک نئی تبدیلی اور بھی میں نے محسوس کی تھی اور وہ یہ تھی کہ روزلین کے چہرے سے خون ٹپکتا محسوس ہوتا۔ اتنی تندرست صحت مند اور سرخ و سفید لڑکی کے بارے میں میرا ذہن یہ بھی نہیں مانتا تھا کہ یہ چڑیل ہے۔ میں نے ڈریکولائی عورتوں کی کئی کہانیاں پڑھی تھیں اور مجھے کسی کہانی پر حقیقت کا گمان نہیں گزرتا تھا۔ پھر بھی میں یہ سوچتا کہ روزلین کا جسم روز بروز کیوں نکھرتا جا رہا ہے۔ سینے کی محرابی اٹھانیں بدستور ترقی کر رہی تھیں۔ ہونٹ تو اس کے ایسے تھے جیسے گلاب کی پتیاں۔ وہ اکثر گلابی قمیض اور سفید پتلون پہنا کرتی۔ سفید ٹائٹ پتلون سے اس کی صحت مند رانیں اور گداز کولہے ایسے نمایاں ہوتے کہ دیکھنے والا خود بخود اس میں دلچسپی لینے لگتا۔ مگر وہ لوگ جو اس میں دلچسپی لے کر اس کے ساتھ محل جاتے تھے وہ پھر کیوں دکھائی نہ دیتے؟

میں اکثر سوچتا کہ اگر انھیں محل میں قتل کر دیا جاتا ہے تو کم از کم اخبار میں کسی نہ کسی کے اغواء ہونے یا مردہ پائے جانے کی خبر تو چھپنی چاہیے۔ مگر ایسا نہیں ہو رہا تھا۔ میری تشویش بڑھتی جا رہی تھی۔ ایک تو میں دیوانگی کی حد تک روزلین کو چاہنے لگا تھا

www.pdfbooksfree.pk

اور وہ دوسرا یہ کہ وہ مجھے دن بدن خطرناک محسوس ہونے لگی تھی۔ کئی بار میں نے چاہا کہ اس کی پراسرار ہستی پر کسی دوست کے ساتھ تبادلہ خیال کروں مگر مجھے ہمت نہ پڑی کیونکہ میرے دوست روز کلب ہی کے ملازم تھے اور وہ بھی چوتھے درجے کے ملازم جو اپنے دل میں کسی بات کو نہیں رکھ سکتے۔ لہٰذا میں سوچتا اگر کسی نے شکایت کر دی تو خواہ مخواہ نوکری سے ہاتھ دھونے پڑیں گے اور اب میں عمر کی اس اسٹیج پر تھا کہ کہیں دوسری جگہ نوکری کا ملنا بھی دشوار نظر آتا۔

ابھی دل کی باتیں دل تک ہی محدود تھیں کہ ایک رات تقریباً سوا تین بجے وہ جب کار میں بیٹھی تو میں حیران ہو گیا وہ تنہا تھی۔ ہاں آج وہ تنہا تھی ایکدم تنہا' میں نے گاڑی اسٹارٹ کی۔ مرسیڈیز فراٹے بھرنے لگی۔ جب ہم شہری آبادی سے نکل کر اس ویران سڑک پر آئے جو پراسرار محل کو جاتی تھی تو روزلین بولی۔

''میں دیکھ رہی ہوں تم ایک طویل عرصے سے مجھ میں دلچسپی لے رہے ہو۔'' اس کا لہجہ سپاٹ تھا۔

''جی۔'' میں نے حیرانگی سے کہا۔ اس وقت بھی میں اسے گھور رہا تھا۔

''تمہیں میرے گلابی ہونٹ پسند ہیں ناں؟'' وہ بولی اور میں نے سوچا اس نے میرے دل کی بات کیسے جان لی ہے۔ میں نے کچھ بولنا مناسب نہ سمجھا اور اثبات میں سر ہلا دیا۔

''مجھے تمہارے بڑھاپے پر رحم آ گیا ہے میں جانتی ہوں اس عمر میں تمہیں مجھ جیسی کوئی لڑکی لفٹ نہیں دے سکتی شاید میرا اپنا باپ بھی بڑھاپے میں یہی آرزو لے کر مرا ہو گا لہٰذا میں چاہتی ہوں کہ آج تمہارے بوڑھے دل کی تمنا پوری ہو جائے۔'' اس نے باوقار لہجے میں کہا۔

میں اس سے پوچھنا چاہتا تھا کہ جو لوگ تمہارے ساتھ محل میں جاتے ہیں وہ لوٹ کر کیوں نہیں آتے۔ مگر وقت بہت کم تھا ہم راک پیلس تک پہنچ چکے تھے۔ میں نے گاڑی پارک کی اور اس کے پیچھے آہستہ آہستہ چلتا ہوا محل میں داخل ہو گیا۔ بڑا سا پھاٹک کھلا ہم اندر داخل ہوئے تو خود بخود بند ہو گیا۔ وہ میرا ہاتھ پکڑے سیڑھیاں چڑھنے لگی۔ پہلا کمرہ جدید طرز کا تھا' خوبصورت سرخ قالین صندل کی مسہری صوفے اور دیواروں پر پینٹنگز یہ سب چیزیں سرخ رنگ کی تھیں۔ لہو جیسا سرخ رنگ۔ دوسرے کمرے کی تمام چیزیں زرد رنگ کی تھیں۔ میں سوچ میں گم ہو گیا اور اس عجیب و غریب لڑکی کے بارے میں سوچنے لگا جو لوگوں کے دل کی باتیں بھی جانتی تھی۔

ہم یکے بعد دیگرے کئی کمروں سے گزرتے ہوئے ایک بڑے سے ہال میں آ گئے۔ ہم کتنے کمروں سے ہو کر آئے تھے میں نہیں جانتا مگر مجھے اتنا یاد ہے کہ کمروں سے گزرتے گزرتے میں تھک گیا تھا اور جب ہم ہال روز میں داخل ہوئے تو روزلین نے ایک جدید طرز کی کرسی کی طرف اشارہ کیا اور میں اس پر دراز ہو گیا۔ دوسرے لمحے مجھے محسوس ہوا کہ اتنے بڑے ہال میں صرف یہی ایک کرسی تھی جس پر میں بیٹھا تھا۔

www.pdfbooksfree.pk

میں نے ہال کا جائزہ لیا۔ اتنے بڑے خوبصورت ہال میں ایک سرخ اور ملائم قالین بچھا تھا۔ دیواروں پر ننگی عورتوں کی تصویریں تھیں۔ تصویروں سے نظر ہٹائی سامنے دیکھا تو روزلین بھی ڈانسز کپڑوں سے نجات حاصل کر چکی تھی۔ میں ابھی اس کے جسم کا مطالعہ کر رہا تھا کہ اچانک ایک ساتھ بہت سارے ساز بجنے لگے۔ دیواوں سے خوبصورت دھنیں پھوٹنے لگیں اور روزلین دیوانہ وار ناچنے لگی۔ وہ ناچتی رہی۔ اس کی باہیں کئی ایک زاویے بناتی رہیں اور پھر وہ تھک ہار کر مجھ پر آ گری اور میرے جسم سے تمام کپڑے نوچ ڈالے۔

دوسرے لمحے ایک عجیب بات دیکھنے میں آئی۔ جب روزلین میرے جسم سے الگ ہوئی تو وہ ہلدی کی طرح زرد ہو چکی تھی۔ اور میں اپنے وجود میں سیروں خون کا اضافہ محسوس کر رہا تھا۔ میں نے دائیں سمت والی دیوار پر آویزاں آئینے میں اپنے آپ کو دیکھا۔ اف میری تو جوانی لوٹ آئی تھی اور میرے گالوں سے یوں لگتا تھا جیسے ابھی خون ٹپکنے لگے گا۔ ساز پھر بجنے لگے اور روزلین پھر ناچنے لگی اور پھر وہ ہلدی کی طرح پیلی پڑ گئی۔ اس نے کلاک پر نظر دوڑائی۔ سورج طلوع ہونے میں ڈیڑھ سیکنڈ باقی تھا۔ وہ بھاگتی ہوئی ہال کمرے کی دیوار سے جا ٹکرائی۔ دیوار سے ٹکراتے ہی دیوار میں سے دروازہ ابھرا اور وہ اس میں داخل ہو گئی۔ میں کرسی سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اچانک مجھے بھڑک کی آواز آئی۔ اس کرسی سے میں اٹھا تھا میں نے دیکھا اس کرسی میں بجلی کا کرنٹ دوڑ رہا تھا۔ اور میری کیپ جو وہاں رہ گئی تھی جل کر راکھ بن چکی تھی۔

مجھے روزلین پر بے پناہ غصہ آنے لگا۔ اگر میں کرسی سے نہ اٹھتا تو..... میں فوراً دیوار سے ابھرنے والے دروازے میں داخل ہو گیا۔ سامنے ایک بہت بڑا کمرہ تھا اور کمرے کے آخری کونے میں ایک الیکٹرک مشین تھی جس کے اگلے ہینڈل پر ایک بہت بڑا شیشے کا جام ابھرا ہوا تھا۔ روزلین میرے سامنے کھڑی تھی خالی جام پر اس کی نظریں جمی ہوئی تھیں۔ مجھے دیکھتے ہی وہ چیخ مار کر اگلے کمرے میں بھاگ گئی۔

آخری بار میں نے دیکھا اس کا عریاں جسم پیلا زرد پڑ چکا تھا اچانک فضا میں گھنٹیاں بجنے لگیں۔ زور زور سے چوں کے کھڑکھڑانے اور پرندوں کے اڑنے کی آوازیں آنے لگیں۔ سورج طلوع ہو چکا تھا۔ میں آہستہ آہستہ آگے بڑھتے ہوئے الیکٹرک مشین کے قریب آ گیا خالی جام کو دیکھا تو سامنے سوئچ پر نظر پڑی۔ میں نے سوچا کہ روزلین جسے بھی یہاں لاتی ہوگی اس کرسی پر بٹھا کر یہ سوئچ آن کر دیتی ہوگی اور پھر اس آدمی کا لہو اس جام میں بھر جاتا ہوگا۔ جسے پینے کے بعد اس کے ہلدی جیسے جسم میں پہلے کی نسبت دوگنی توانائی آ جاتی ہوگی۔ وہ پہلے اپنا خون کسی کے جسم میں منتقل کر کے پھر اس طریقہ سے اپنا بھی اور اس کا بھی خون لے لیتی ہوگی۔ خالی جام سے میں تو یہی مفہوم سمجھا تھا اور ہاں خالی جام کو اور مجھے زندہ سلامت دیکھ کر وہ چیخی بھی تو تھی غالباً اس کی چیخ اس کی محرومی ہی کی علمبردار تھی۔ مگر وہ اب

www.pdfbooksfree.pk

کہاں گئی ہے یہ سوچتے ہوئے میں اگلے کمرے کی طرف بڑھا تو سامنے ایک زینہ نیچے کی طرف جا رہا تھا۔ میں زینہ عبور کر کے تہہ خانے میں آ گیا اور پھر بدستور نیچے کی طرف جانے والے کئی زینے مجھے کئی تہہ خانوں میں لے گئے۔

تہہ خانے کچی اور پکی اینٹوں سے بنائے گئے تھے اور ان میں تازہ ہوا کا مکمل انتظام تھا۔ میں نے گیارہویں تہہ خانے میں رک کر یہ سوچا کہ کہیں یہ بھی کوئی سازش تو نہیں۔ میرے ذہن نے مجھ سے سرگوشی کی اور مجھے بتایا کہ یہ تہہ خانے یقیناً تعداد میں اتنے زیادہ ہوں گے کہ آخری تہہ خانے میں روزلین تک پہنچنے کے لیے شام ہو جاتی ہوگی اور پھر یہاں پہنچنے والے کی واپسی اس لیے بھی شاید ناممکن ہو کہ رات کو حیوانی بھیس بدلنے والی روزلین اسے ختم کر دیتی ہو۔

میں نے سوچا مجھے بھاگتے ہوئے تہہ خانوں کا سفر طے کرنا چاہیے تاکہ میں وقت سے پہلے روزلین کو پالوں۔ پھر میں نے سوچا کہ روزلین اتنی جلد کیسے آخری تہہ خانے تک پہنچتی ہوگی۔ پھر میری ہی کسی سوچ نے بتایا کہ وہ تو روح کا بھیس بدل کر آناً فاناً ہی آخری تہہ خانے تک پہنچ جاتی ہوگی کیونکہ وہ میری نظر میں ایک پُراسرار ہستی ایک خونی حسینہ اور ایک خون آشام بدروح تھی۔

میں بھاگنے لگا' بھاگتا رہا یہاں تک کہ سولہویں تہہ خانے تک پہنچا تو مجھے تازہ مُردوں کے جسموں کی بو آئی۔ میرا یہ خیال غلط تھا کہ آخری تہہ خانہ دور ہے میں سترھویں تہہ خانے کا زینہ اترنے لگا۔ یہ تہہ خانہ ایک وسیع و عریض کمرے پر مشتمل تھا جس کی دیواریں سیل زدہ تھیں اندر گیلی مٹی پڑی ہوئی تھی کیا یہ بھی کوئی ڈریکولائی دنیا تھی۔ میں نے سوچا اور ایک ایک تابوت میں جھانکنے لگا۔

ایک تابوت میں تین تین لاشیں تھیں۔ انہی افراد کی لاشیں جنھیں روزلین کلب سے اپنے ساتھ لے جایا کرتی تھی۔ میں ایک ایک چہرے کو پہچان رہا تھا مگر کچھ چہرے میرے لیے اجنبی تھے۔ آخری تابوت میں روزلین سو رہی تھی۔ پیلی زرد روزلین حالانکہ دوسری تمام لاشوں کے چہرے پر رونق تھی۔ آنکھیں پھٹی پھٹی یعنی بے ترتیب کھلی ہوئی تھیں۔ نتھنے پھولے ہوئے تھے۔ مگر روزلین کے چہرے پر وہی کیفیت تھی جو مجھے زندہ سلامت دیکھ کر پیدا ہوتی تھی۔ میں جانتا تھا کہ شام ہونے سے پہلے یہ خونی ہستیاں میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ لہٰذا میں دیر گئے ان تابوتوں کو دیکھتا رہا۔ میں نے ڈریکولا نما کہانیوں میں پڑھا تھا کہ ان لاشوں کے دلوں میں خنجر یا لوہے کی سلاخیں گاڑ دی جائیں تو ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا انھیں ختم کرنے کا عزم لیے میں واپس لوٹا اور جب محل سے واپس لوٹا تو دن کے سوا چھ بج رہے تھے۔

میں گاڑی لیے شہر میں آ گیا۔ ایک نوکیلی سلاخ اور ہتھوڑا خریدا مگر مجھے کیا معلوم کہ یہ سب کچھ احمق کا دوسرا نام تھا۔ میں پولیس کو اس لیے اطلاع نہیں کرنا چاہتا تھا کہ مجھے تنہا ہیرو کہلانے کا شوق تھا۔ ایک کامیاب انسان کا جذبہ لیے میں دوبارہ محل میں آیا اور مختلف کمروں اور تہہ خانوں

www.pdfbooksfree.pk

سے ہوتا ہوا مُردوں کی آرام گاہ تک آ پہنچا۔ دیکھو تو سہی کتنے آرام سے سو رہے ہیں سو رد ے بچے۔

میں نے دل ہی دل میں گالی دی اور روزلین کے تابوت پر آ کھڑا ہوا۔ میں نے اس کے سینے پر دل کے اوپر لوہے کی نوکیلی سلاخ رکھی۔ اور ایک فاتح کی طرح ہتھوڑے کا وار کیا۔ روزلین کا جسم تو فولاد کے کہیں زیادہ مضبوط تھا۔ میں نے مسلسل کئی وار کیے پسینے سے شرابور ہو گیا۔ مگر لوہے کی سلاخ اس کی چھاتی میں پیوست نہ ہو سکی۔ میری حیرانگی میں اضافہ ہو گیا۔ مجھے اپنے جسم میں کپکپاہٹ بھی محسوس ہوئی۔ میں نے نوکیلی سلاخ لاش کے سر پر رکھ کر ہتھوڑے کا وار کیا مگر بے سود۔ اسی طرح جسم کے مختلف حصوں میں' میں نے سلاخ ٹھونسنا چاہی مگر ہر کوشش ناکام رہی بالآخر میں نے روزلین کو چھونے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ اس کا بازو اٹھانا چاہا مگر وہ تو فولاد بن چکی تھی۔ مجھ پر گھبراہٹ کا عالم طاری ہو گیا۔ میں دوسری لاشوں کی طرف متوجہ ہوا مگر وہ بھی روزلین کی طرح فولادی مُردے بنے ہوئے تھے۔ میرا چہرہ دہکنے لگا اور میں زینے عبور کرتا باہر آ گیا۔ محل سے نکل کر میں گاڑی میں بیٹھا تو مجھے یوں لگا کہ میرے مرنے کا وقت آ گیا ہے۔ اس وقت دن کے دو بجے رہے تھے میں نے سوچا شام ہوتے ہی یہ مُردے زندہ ہو جائیں گے۔ اور پھر میرا بچنا مشکل ہو جائے گا۔ ایک دم کلب جانے کے بجائے میں شہر کی سڑکوں پر ادھر ادھر گھومتا رہا۔ نجات کا کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

پانچ بجے کے قریب میرے ذہن میں ایک خیال آیا۔ ایک سکیم ابھری اور میں ایک بہت بڑے کتاب گھر میں داخل ہو گیا۔ میں نے کاؤنٹر پر بیٹھے نوجوان سے کہا کہ وہ مجھے پراسرا کہانیاں پڑھنے والے کسی ایسے قاری کا ایڈریس دے جو پراسراریت کے موضوع کا رسیا ہو۔ نوجوان نے ایک نظر مجھے دیکھا اور پھر شیشے کے نیچے پڑا ایک نیم کارڈ پڑھتے ہوئے مجھے ایڈریس لکھ لینے کو کہا۔ میں نے پتہ نوٹ کر کے فوراً مسٹر ایرک کے فلیٹ پر پہنچا۔ خوش قسمتی سے وہ فلیٹ میں موجود تھا۔

اس اسی سالہ بوڑھے کو میں نے اپنی رام کہانی سنائی۔ میں سوچ رہا تھا کہ میری آپ بیتی سن کر وہ مسکرا دے گا مگر وہ خاصا سنجیدہ تھا۔ جیسے وہ میری ہی کہانی کا کردار ہو۔ اس نے میری پوری داستان سن کر اپنی پھیلی موٹی آنکھوں سے مجھے گھورا اور دوسرے کمرے میں لے گیا۔ مجھے آزمانے کے لیے اس نے بیس دوشیزاؤں کے فوٹو میرے سامنے رکھے اور کہا جلدی سے بتاؤ ان میں روزلین کون ہے؟

میں نے تصویریں الٹ پلٹ کر دیکھیں اور فوراً کہا۔ میں اس آزمائش میں کامیاب رہا تھا۔ مگر بوڑھے کے متعلق میرا تجسس بڑھ گیا تھا کہ اس کے پاس وزلین کی تصویر کیسے آئی اور یہ شخص خود کون ہے؟

بوڑھے نے میرے گلے میں ایک صلیب ڈال دی اور شام ہوتے ہی مجھے چرچ میں لے آیا اور کہنے لگا کہ اب تم ایک نہایت محفوظ جگہ پر پہنچ چکے ہو مُردوں کا خاتمہ کل صبح ہو جائے گا۔ میرے پوچھنے پر

www.pdfbooksfree.pk

بوڑھا کہنے لگا کہ اس کا جوان بیٹا اغواء ہونے سے پہلے ایک رقاصہ کے ساتھ دیکھا گیا تھا یہ رقاصہ ان دنوں نیویارک کے فیروکلب میں ناچا کرتی تھی۔ اور اس زمانے میں اس کا نام ہپلولا تھا۔

بوڑھے نے یہ بھی بتایا کہ اس نے ہپلولا کی تصویر نیویارک کے متعلقہ کلب سے حاصل کی ہے اور اب وہ اسی کی تلاش میں تھا اور اسے معلوم نہ تھا کہ وہی ہپولا روزلین بن کر اسی کے شہر کی روز کلب کی نئی ڈانسر ہے۔ مجھے بوڑھے سے ہمدردی ہونے لگی اور اس جذبے کی خوشبو اس نے میرے لہجے سے سونگھ لی۔

صبح سات بجے ہم چرچ سے باہر آئے۔ صبح کا اخبار دیکھا تو کلب کی طرف سے خبر چھپی تھی جو میرے حق میں نہیں تھی۔ اس خبر میں بتایا گیا تھا کہ میں کلب کی گاڑی چرا کر فرار ہو چکا ہوں اس وقت گاڑی بوڑھے کے فلیٹ میں تھی۔ اس نے بھی یہ خبر پڑھی اور مجھے لیے محل کو چل دیا۔ ہم ٹیکسی کار میں محل پہنچے۔ اس وقت بوڑھے ایرک کے کہنے پر میں نے سلاخ اور ہتھوڑا بھی اٹھا رکھا تھا۔

ہم محل میں داخل ہوئے اور کئی ایک کمروں سے ہوتے ہوئے آخری کمرے تک آ پہنچے۔ یہاں سے تہہ خانے شروع ہوتے تھے۔ بتدریج نیچے کو جانے والے تہہ خانے۔ جب ہم نیچے تہہ خانے میں داخل ہونے لگے تو نیچے زینہ غائب تھا غالباً روزلین نے خطرے کی بو سونگھ لی تھی یہ جانتے ہوئے کہ نیچے فرش کچی مٹی پر مشتمل ہے میں نے چھلانگ لگا دی۔ بوڑھا ایرک بھی چھلانگ لگانے لگا تو میں نے اسے رک جانے کو کہا اور بتایا کہ ہر تہہ خانہ مزید نیچے ہوتا چلا جاتا ہے۔

ہم چھلانگیں لگاتے ہوئے آخری تہہ خانے تک پہنچ تو جائیں گے مگر واپسی کیسے ہوگی۔ میں نے دوبارہ اوپر چڑھنا چاہا مگر مشکل۔ میں نے ایرک سے کہا تم لوٹ جاؤ اور ستر عدد موٹے رسے لے آؤ۔ ہم بتدریج رسے لگاتے جائیں گے اور واپسی آسانی سے ہوگی۔

ایرک نے میری ذہانت کی داد دی اور جانے کے لیے مڑا تو میں نے اسے آواز دی اور کہا کہ سگریٹ اور ماچس پھینکتا جائے۔ تاکہ میں یہاں بیٹھا بور نہ ہوتا رہوں۔

ایرک چلا گیا اور میں پہلے تہہ خانے میں بیٹھا سگریٹ کے لمبے لمبے کش لینے لگا۔ میں اٹھ کر دیکھ چکا تھا کہ دوسرے تہہ خانے کا زینہ بھی اکھاڑا جا چکا ہے۔ ابھی میں نے مسلسل سات سگریٹ ہی پیئے تھے کہ ایرک آ پہنچا۔ اس نے رسے کا ایک سرا اوپر باندھا اور لٹکتا ہوا میرے پیچھے آ پہنچا اور ہم دونوں اسی طرح اسے باندھتے واپسی کا سامان بناتے آخری تہہ خانے میں آ گئے بوڑھے نے جلدی سے ایک ایک تابوت دیکھنا شروع کر دیا۔ اور جب اسے اپنے بیٹے کی لاش نظر آئی تو وہ اشکبار ہو گیا تابوت کے سرہانے وہ رکا بیٹے کی پیشانی کا بوسہ لیا اور میری طرف آ گیا۔ میں اس وقت روزلین کے پاس کھڑا تھا۔ مجھے یقین تھا کہ بوڑھا میری ہی طرح نوکیلی سلاخ دل میں پیوست کرے گا مگر اس نے ایسا نہ کیا اور مجھے کہنے لگا کہ ایک سال پہلے اس

www.pdfbooksfree.pk

کے بیٹے نے خواب میں آ کر اسے کہا تھا کہ جب بھی روزلین تمہیں نظر آئے تم اس کے پاؤں میں چھید کر دینا۔

بوڑھے نے لوہے کی سلاخ لی اور روزلین کے دائیں پاؤں پر سلاخ رکھ کر ہتھوڑے کا بھرپور وار کیا۔ پاؤں سے خون کا فوارہ پھوٹ نکلا۔ ایک ساتھ کئی چیخیں ابھریں۔ ہر تابوت سے چلانے کی آواز آ رہی تھی۔ تمام لاشوں کا خون ہوائی سفر طے کر کے روزلین کے جسم میں منتقل ہونے لگا۔ باقی تمام لاشیں زرد ہونے لگی تھیں اور روزلین کے پاؤں سے چشمے کی صورت میں خون ابل رہا تھا۔ خون نکلنے کی رفتار اتنی تیز تھی کہ کمرے میں خون بھرنے لگا۔

میں تہہ خانے سے باہر نکلنے کے لیے رسے کی طرف لپکا اور اوپر چڑھنے لگا کہ ایرک نے بھی رسے پر چڑھنا شروع کر دیا۔ دو آدمیوں کا بوجھ خاصا تھا چیخیں بلند ہو رہی تھیں کمرے میں خون بھر رہا تھا۔ ہم جلد از جلد یہاں سے نکل جانا چاہتے تھے۔ کہ اچانک رسہ ٹوٹ گیا اور ہم دونوں خون کے تالاب میں آ گرے۔ اب باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہ تھا۔ گرم گرم خون بڑھتا ہوا ہمارے گھٹنوں تک پہنچا تو رک گیا۔ چیخیں بھی تھم گئیں۔ ایرک نے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"اب تابوت اٹھا کر ایک دوسرے کے اوپر رکھو۔ اسی طرح ہم باہر نکل سکتے ہیں۔

تابوت پر تابوت رکھا گیا اور ہم اس مُردہ خانے سے نکل کر اگلے تہہ خانے میں پہنچے اور وہاں

سے رسوں کے ذریعے ہوتے ہوئے محل سے باہر آ گئے اس وقت ہم دونوں کا لباس گرم گرم سُرخ سُرخ خون میں بھیگا ہوا تھا۔ جونہی ہم مین گیٹ سے باہر نکلے پولیس نے ہمیں حراست میں لے لیا کیونکہ بدحواسی کے عالم میں شہر میں کی گئیں ہماری حرکات محکمہ سراغرسانی کی نظر میں آ چکی تھیں۔

اس وقت میں قریبی تھانے میں بیٹھا اپنی داستان رقم کر رہا ہوں۔ میں اور ایرک لباس تبدیل کر چکے ہیں۔ اخباری نمائندے ہماری تصویریں اتارنے میں مصروف ہیں۔ کل میں اپنی داستان عدالت میں پیش کروں گا۔ ممکن ہے کچھ عرصے کی تفتیش کے بعد مجھے بری کر دیا جائے کیونکہ میرے دوست ایرک کا یہی خیال ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

(AHSAN MOHABBY KHAS)

شادی شدہ کمزور مرد احسن مہبی خاص استعمال کریں

سفر جل ایک ایسا پھل ہے جو کچا اور پکا دونوں طرح سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ پھل اسپین، لبنان اور عرب کے اکثر علاقوں میں پایا جاتا ہے جو بہت لذیذ اور بہت لطیف ہوتا ہے قدرت نے اس پھل میں ایک خاص صفت پیدا کر دی ہے جس سے بوڑھے مرد بھی جوان ہو جاتے ہیں اور کمزور مردوں کیلئے ٹانک ہے۔ سفر جل ایک ایسا نایاب پھل ہے جسکے متعلق رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ سفر جل کھاؤ یہ دل کو طاقت دیتا، دل کے دورہ کو روکتا، دل کو مضبوط کرتا، دل کی بیماریوں کو ٹھیک کرتا، سانس کو خوشبودار کرتا اور سینہ کا بوجھ اتارتا ہے پھر حضورؐ نے سفر جل کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا: سفر جل کھاؤ اللہ تعالیٰ نے ایسا کوئی نبی نہیں مامور فرمایا جسے جنت کا پھل سفر جل نہ کھلایا ہو کیونکہ یہ مرد کی قوت کو چالیس افراد کے برابر کر دیتا ہے حکماء قدیم کے نزدیک یہ دل و جگر کی بیماریوں اور قوتِ خاص کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ سفر جل کے متعلق حکیم عبدالغنی مرحوم امرتسری اپنی کتاب میں لکھتا ہے اس پھل میں قادر مطلق نے وہ قوت رکھ دی ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے اور حکیم اسرار لودھی (مرحوم) لکھتے ہیں کہ یہ پھل بیحد مقوی باہ اور قوتِ خاص میں اس قدر طاقت دیتا ہے کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔ حکیم نذیر احمد ترابی (مرحوم) سفر جل کے بارے میں لکھتے ہیں کہ قدرت نے اس پھل میں وہ قوتِ خاص رکھی ہے جو کسی اور پھل میں نہیں۔ نہ جانے اس پھل میں اور کیا کیا قوتیں موجود ہیں جو انسان کیلئے یقینی طور پر مفید ہو سکتی ہیں۔ سفر جل کے فوائد تو اسقدر ہیں کہ اس پھل پر کئی کتابیں لکھی جا سکتی ہیں۔ لیکن میں اس وقت دوسرے فوائد کو نظر انداز کر کے آپکے سامنے وہ قیمتی راز لکھ رہا ہوں جو کہ استاد محترم نے کئی سال خدمت کرنے کے بعد عنایت فرمایا جو کہ باہ کو قوت دینے، سرعت انزال کو دور کرنے اور قوتِ خاص میں تحریک پیدا کرنے کیلئے باکمال اکسیر ہے جس کی صرف ایک ہی خوراک کھانے سے مرد میں اتنا کرنٹ آجاتا ہے کہ مرد چار شادیاں کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے جس کا نام احسن مہبی خاص ہے جو کہ گولیوں کی شکل میں مارکیٹ میں دستیاب ہے۔

30 گولی قیمت 1500 روپے بذریعہ TCS یا VP منگوائیں۔

ڈیلرز

خواجہ سٹور بالمقابل ایمپریس مارکیٹ کراچی
محمد علی میڈیکل سٹور، آرام باغ، کراچی
مصطفےٰ دواخانہ رسالہ روڈ حیدر آباد
شافی دواخانہ، شاہی بازار، بہاولپور
علی ہومیو سٹور کچہری روڈ، ملتان
علی ہومیو، اچھرہ لاہور فون 37560713
پنجاب ہومیو سٹور چنیوٹ بازار فیصل آباد

بادشاہ دی ہٹی، بوہڑ بازار، راولپنڈی
حکیم صوفی نور محمد، اہلحدیث چوک جہلم
قدیمی چنیوٹی دواخانہ، کچہری بازار، سرگودھا
حق سائیں دواخانہ فوارہ چوک سنہری مسجد ڈیرہ اسماعیل خان
سٹینڈرڈ دواخانہ، ملت دواخانہ،
عابد رحمانیہ، گھنٹہ گھر، پشاور
حکیم جمیل، مینا بازار، مینگورہ
سعید ہمدرد دواخانہ • عدنان دواخانہ گلگت

راوی دواخانہ ڈگی • مشتاق دواخانہ غازی
خالد دواخانہ صرافہ بازار ایبٹ آباد
محمد علی دواخانہ اسلام آباد۔ 2278463
خالد برادرز، مدنی سٹریٹ، سکھر
نعیم دواخانہ گوجرانوالہ روڈ حافظ آباد
ناصر دواخانہ • نوید صحت دواخانہ • سعید دواخانہ • حق سائیں دواخانہ صدر پشاور
عاشی دواخانہ ایم اے جناح روڈ ٹنڈو آدم

نام لیکر طلب کریں اپنے علاقے کے ڈیلر کا نام و پتہ معلوم کرنے یا گھر منگوانے کیلئے مشورہ بھی کر سکتے ہیں صبح 11 بجے سے 7 بجے تک کال کریں

0345-7000088
WWW.deva Pk.Com

معلوماتی کتابچہ مفت منگوانے کیلئے نام و پتہ SMS کریں - 0334-0700800

www.pdfbooksfree.pk

وہ غیر شعوری طور پر بڑھتا چلا گیا اور پائل کی آواز کا تعاقب کرتا گیا..... دور بہت ایک ویران اور عالیشان مکان میں وہ داخل ہو گئی۔ اندر داخل ہو کر اسے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ ایک رنگ محل میں پہنچ گیا ہو......

ڈاک بنگلہ

نسیم امتیاز

گھنے گھنے جنگلوں ٹیڑھے میڑھے راستوں اُونچی اُونچی پگڈنڈیوں اور چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کے طویل سلسلے سے گزرتی ہوئی ہماری ٹرین ایک چھوٹے سے اسٹیشن پر رُکی۔ راج محل! یہ ایک تاریخی شہر ہے۔ شاہ شجاع اور لارڈ کلایو کی شکست و فتح کی یادگار۔ ماضی کے مٹتے ہوئے نقوش، پُرشکوہ کھنڈرات ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے یہ آشوب روزگار شہر کبھی نگاراں رہا ہوگا۔ یہ بل کھاتی ہوئی ندی، یہ لہلاتے سبزہ زار، یہ حسین پھولوں کی وادی، یہ مہکتے کوہسار، چھوٹے سے شہر میں اتنی ساری رعنائیاں۔ لیکن جو چیز ہمیں سب سے زیادہ متاثر کرسکی وہ تھی۔ ''نیل کوٹھی'' جسے عرف عام میں ڈاک بنگلہ کہتے ہیں۔ ڈاک بنگلہ اس لیے مشہور ہے کہ یہ جگہ اب بھی [redacted] سے آئے ہوئے معزز مہمانوں کو پناہ دیتی ہے یہ اور بات ہے کہ کوئی بھی یہاں چین سے ایک رات بسر نہیں کرسکا ہے۔ اس قسم کی بہت سی روایتیں مشہور ہیں۔ لیکن ان میں حقیقت کہاں تک ہے یہ کہنا انتہائی مشکل ہے۔ کوٹھی کے تنہا نگہبان رامو دادا کی رائے بہت مستند مانی جاتی ہے رامو دادا اس ماحول میں رہنے والا قدیم ترین انسان ہے اس کی زندگی میں اس کوٹھی کے بہت سے مالک بدلے لیکن رامو دادا کی جگہ وہی رہی اور آج بھی بنگال کے ایک بڑے زمیندار ہریش چندر کے لڑکے دنیے چندر کی ضد پر خریدی گئی۔ یہ کوٹھی رامو دادا کے ہی تصرف میں ہے۔ کبھی کبھی یہاں آنے والوں سے جو آمدنی ہوتی ہے اس کا تنہا حقدار رامو دادا ہے اور یہاں جو کہانیاں جنم لیتی ہیں ان کا واحد راز دار رامو دادا ہے۔ یہاں کی فضا رامو دادا کے سوا کسی اور کو راس نہیں آتی۔ یہاں کوئی زیادہ دیر تک نہیں ٹھہر پاتا۔

اسٹیشن سے نکل کر مغربی سمت میں درختوں کے جھنڈ میں پراسرار حسینہ کی طرح کھڑی یہ کوٹھی بہت ہی حسین ہے۔ اس کے قدموں میں بہتی ہوئی گنگا اس کے آنچل میں تنے ہوئے سرخ سفید پھول، کچھ دور پر اس کے شانہ بشانہ پھیلا ہوا تال، بھاری پہاڑیوں کا سلسلہ دل ودماغ پر ایک خاص اثر چھوڑتا ہے۔ خصوصاً

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

www.pdfbooksfree.pk

چاندنی رات میں اس کا حسن دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے پس منظر میں سیاہ درخت اور سامنے اس کا صبیح حسن ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی پری لٹ جھکائے بیٹھی ہو۔ شاہ شجاع کے قلعہ کے سینے پر بنی ہوئی یہ کوٹھی نیل کی کھیتی کے تجارتی نقطہ نگاہ سے بنائی گئی تھی اور اب ہندوستان کی سرزمین پر یورپی تسلط اور طرز معاشرت کا مکمل نمونہ ہے۔

سامنے سے آئیں تو جہاں پر دور تک پھیلتی ہوئی پتھروں اور سرخیوں سے بنی ہوئی سڑک مڑ جاتی ہے وہاں سے ایک نئی سڑک شروع ہو جاتی ہے۔ گہری سرخی سے پٹی ہوئی نیل کوٹھی کے قدموں میں مچلتی ہوئی یہ سڑک ڈاک بنگلہ میں داخل ہو جاتی ہے۔ اندر جانے سے پہلے ایک بلند گیٹ ملے گا۔ جس کا ایک پایہ گردش زمانہ کی نذر ہو گیا ہے۔ سرخ رنگوں کے انگریزی پھول کھلے ہیں۔ عشق پیچاں کی بیلیں کانٹے دار ماروں سے والہانہ لپٹی ہوئی چھت پر چڑھ رہی ہیں۔

چند زینے طے کرنے کے بعد آپ وسیع صحن میں پہنچیں گے۔ پھر ایک کشادہ سائبان ملے گا۔ جس میں ہر طرف ہوادار پھیکے لگے ہیں۔ ایک بڑا سا ہال ہے جس کے ارد گرد پھیلا ہوا سائبان دور تک چلا گیا ہے۔ اس کی پشت پر ایک بہت ہی کھلی ہوئی جگہ ہے جہاں سے خوشنما موسم اور لہروں کے پیچ و خم کا لطف لیا جاسکتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے یہ جگہ خاص اسی مقصد کے لیے بنائی گئی ہو۔ یہاں بیٹھ کر دو دھڑکتے ہوئے دل راز و نیاز کی باتیں کر سکیں سائبان سے متصل پرانے قلعے کا قوی ہیکل ستون ایک پہرہ دار

دیو کی مانند پانی کی لہروں میں اُتر کر گنگا کی مقدس روانی کا محافظ بنا کھڑا ہے۔ سائبان کا یہ خوبصورت حصہ آگے چل کر اچانک نیچے کی طرف مڑ جاتا ہے۔ یہاں سے بیسوں فیٹ نیچے چٹانوں سے ٹکراتی ہوئی اُمڈتی ہوئی دیوانہ وار موجیں اپنا دہانہ کھولے کسی کی منتظر ہیں۔ پاس ہی کے باغ کے احاطے میں بانبیں پھیلائے ہوئے سیاہ درخت اندھیری رات میں انتہائی خوفناک معلوم ہوتے ہیں۔ درختوں کے کنج سے بہتی ہوائیں ماحول کی سسکیاں بن جاتی ہیں۔

ہمارے ساتھ چار آدمی تھے اور کبھی روشن خیال کوئی وجہ نہ تھی کہ کسی طرح کا خوف محسوس ہو۔ اس لیے جب رامو دادا نے کہا۔

''آج آپ لوگ میری کٹیا میں ٹھہریں میں کل انتظام کر دونگا۔''

تو ہم مسکرا پڑے۔ نہیں رامو دادا ہمیں یہی جگہ پسند ہے۔

اور جب ہمارے اصرار پر اس نے ڈاک بنگلہ کھولا تو پھر کہا۔

''آپ لوگ خوب سوچ لیں۔ یہ ویران جگہ ہے دریا میں خوب پانی آگیا ہے کالے کالے بادل منڈلا رہے ہیں۔ گھپ اندھیری رات ایسے میں یہاں رہنا اور مشکل ہو جاتا ہے پانی کم ہوتا ہے تو لوگ کشتی لے کر آتے جاتے ہیں لیکن ایسے موسم میں کسی آدمی پر نظر نہ پڑے گی۔''

لیکن ہماری ضد کے آگے رامو دادا خاموش ہو گیا۔ برسوں سے لگا ہوا زنگ آلود قفل کھولا گیا چھتوں پر پھیلے ہوئے مکڑی کے جالے۔ گرد سے اٹے ہوئے

www.pdfbooksfree.pk

صوفے، شکستہ روشن دان، دیواروں میں آویزاں تصویریں، ٹوٹے ہوئے بجلی کے تار اور پنکھے اور ایک کشادہ آتشدان، رامو دادا نے جلد ہی صفائی شروع کر دی اور ایک گوشے میں ہمارا سامان قرینے پر رکھ دیا۔ اپنی کٹیا سے ایک لیمپ لا کر روشن کیا۔ کچھ لکڑیاں لا کر آتش دان میں ڈال کر گرمی پیدا کر دی اور ضروری ہدایتیں دے کر بازار چل دیا۔

شام ہی سے ہلکی ہلکی پھوار پڑنے لگی تھی۔ درخت پراسرار خاموشی میں ڈوب گئے تھے۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد کوندتی ہوئی بجلیاں سارے ماحول کو چونکا دیتیں ایک اُداس تاریکی تھی۔ پھر زوروں کی بارش ہونے لگی۔ سارے درخت آنسوؤں میں نہا گئے۔ سنسناتی ہوئی ہوائیں جسم میں گدگدی پیدا کرتی گزرنے لگیں۔ سردی بڑھتی چلی گئی تھی۔ ہم سب کمرے میں چلے آئے اور آتشدان کے پاس آ کر بیٹھ گئے ہمیں بیٹھے ہوئے کافی دیر ہو گئی کچھ دیر باتیں ہوئیں پھر بحث کا نیا موضوع نہ مل سکا کچھ تھکاوٹ اور خنکی سے پلکیں بوجھل ہو رہی تھی۔ رامو دادا ہنوز لاپتہ تھا بارش کا شور اور ہوا کے جھونکوں کی سائیں سائیں اب بھی صاف سنائی دے رہی تھی کچھ دیر بعد کہیں دور سے بھاری قدموں کی آواز آئی۔

''ٹپ.....ٹپ.....ٹپ۔''

پھر وہ آواز قریب آ گئی اور ایک لمحہ کو آواز رُکی پھر دروازہ کھل گیا اور ایک تیز ہوا کا جھونکا کانوں کے پاس سے سنسناتا ہوا نکل گیا۔ ہمیں یاد نہیں ہم نے دروازہ بند کیا تھا یا نہیں لیکن کھٹکنے کھلنے کی صاف آواز آئی اور پھر ایک لمبا تڑنگا جوان ہمارے سامنے موجود تھا۔ ہمیں زیادہ حیرت نہ ہوئی۔ ہماری ہی طرح ایک اجنبی تھا جو شاید بارش سے بچنے کے لیے اِدھر آ نکلا تھا۔ وہ بری طرح شرابور تھا۔ جیسے پانی میں ڈوب کر نکلا ہو۔ اس کے ہاتھ اس کے ہیٹ اس کے کوٹ اس کے جوتے سبھی سے پانی ٹپک رہا تھا۔

اس کی بے تکلفی پر ہمیں ذرا تعجب ہوا۔ لیکن خاموشی سے آتشدان کے پاس آ کر بیٹھ گیا۔ پھر باتیں ہوئیں اِدھر اُدھر کی زمانے کی موسم کی عقائد کی اور بالآخر اس مکان کی باتیں ہماری دلچسپی اور بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ اس نے بتایا کہ یہ مکان ایک زمانے میں ونے چندر نامی ایک نوجوان نے خریدا تھا۔ ان دنوں وہ کالج میں پڑھتا تھا۔ اور اپنی پُرکشش شخصیت کے باعث بہت مقبول تھا۔ ایک دن اس کے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا شام کے وقت وہ ایک تاریک گلی سے گزر رہا تھا کہ ایک مترنم آواز نے اسے اپنی طرف متوجہ کر لیا۔

''آؤ.....میرے ساتھ آؤ.....''

اور وہ غیر شعوری طور پر بڑھتا چلا گیا۔ اور پائل کی آواز کا تعاقب کرتا گیا، دور بہت ایک ویران اور عالیشان مکان میں وہ داخل ہوئی۔ اندر داخل ہو کر اسے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ ایک رنگ محل میں پہنچ گیا ہو۔ دلکش و دلنواز چیزیں انواع و اقسام کے کھانے پری چہرہ عورتیں وہ سمجھ نہ سکا کہ وہ کہاں ہے.....؟ لڑکی اسے وہیں چھوڑ کر کہیں گم ہو گئی۔ اور پھر جب واپس آئی تو گہرے سرخ رنگ کے لباس میں ملبوس تھی اور کہنے لگی۔

''آؤ سیر کریں۔''

www.pdfbooksfree.pk

اور پھر دیر تک وہ باتیں کرتے رہے۔

وِنے چندر گھر لوٹا تو بے حد خوش تھا۔ اب اکثر وہ چاندنی راتوں میں دریا کے کنارے اس لڑکی کے ساتھ گھومتا نظر آتا۔ اس کی سمجھ میں نہ آسکا کہ یہ لڑکی کون ہے.....؟ ویرانے کے اندر اتنا حسن کہاں سے سمٹ آیا.....؟ وہ اس پر اتنی مہربان کیوں ہے.....؟

ان ہی دنوں اس نے ماں سے ضد کر کے یہ مکان خرید لیا۔ رامو دادا اس کی حفاظت کرتا تھا۔ کچھ دن کے بعد وِنے چندر میں ایک عجیب تبدیلی آئی۔ اس کی شادی کو کچھ ہی دن گزرے تھے لیکن اپنی خوبصورت اور نئی نویلی دلہن سے انتہائی بے زار رہنے لگا تھا۔ خاص طور پر اسے سرخ لباس سے انتہائی نفرت تھی۔ آخر ایک دن اس نے گھر کے سارے سرخ کپڑے جلا ڈالے۔ گھر کے لوگ بہت پریشان ہوئے۔ اس کے والد آزاد خیال ہوتے ہوئے بھی اب سخت ہونے لگے۔ اور ایک دن اسے ایک کمرے میں بند کر دیا گیا۔ اور اس مکان کو فروخت کرنے کی سوچ لی۔ لیکن دوسرے دن اس سے بھی حیرتناک واقعہ ہوا۔ بند کمرے سے آواز آرہی تھی۔

''وِنے چندر! اس لڑکی کو اپنی (بیوی) کو نکال دو۔ یہ میری دشمن ہے۔ تم میرے ساتھ چلو۔''

اور جب کمرہ کھول کر دیکھا گیا تو وہاں کوئی بھی نہ تھا۔ دوسرے دن چاندنی اپنے شباب پر تھی۔ رات گئے وہ اپنے کمرے سے غائب تھا۔ پھر وہی مکان وہی جگہ وہی لڑکی اپنی پائل کی آواز پر وِنے چندر کو راستہ بناتی ہوئی چل رہی تھی۔

آج وہ اُداس تھی اور اس کی سسکیاں اُبھر رہی تھیں۔ کہنے لگی۔

''وِنے چندر ہم اس طرح نہیں مل سکتے، ہمیں ایک ہو جانا چاہیے۔''

وِنے چندر سمجھتے ہوئے بھی نہ سمجھ سکا۔

پھر وہ دیر تک گھومتے رہے۔ باتیں کرتے رہے۔ رامو دادا اپنی جھونپڑی میں اُونگھ رہا تھا۔ دریا میں لہریں اُبھر کر نیچے چٹانوں سے ٹکرا رہی تھیں۔ درخت سکتہ کے عالم میں کھڑے تھے۔ قلعہ کا دیو نما ستون خاموش تھا۔ لڑکی اُٹھ کر چلنے لگی اور بولی۔

''آؤ..... اب ہم چلیں۔''

اور وِنے چندر چلتا رہا..... چلتا رہا..... اپنے سے بے نیاز ماحول سے بے خبر آؤ.....''

اس نے پھر کہا۔

''ذرا آگے بڑھو۔''

یہاں تک کہ ایک زوردار دھماکہ ہوا پچاسوں فٹ نیچے چنگاڑتی ہوئی لہروں نے اس ہنگامے کو اپنی آغوش میں سمیت لیا۔

دوسرے دن سویرے وِنے چندر کی لاش ملی۔ یہ کہہ کر وہ خاموش ہو گیا۔

تو کیا اب یہاں کوئی نہیں رہ پائے گا.....؟

ہم نے پھر سوال کیا۔

''نہیں..... رات گئے دھیمے دھیمے پائل کی اور پھر زوردار قہقہوں کی آواز گونجتی ہے۔''

اس نے کہا۔

ہم لوگ کہانی میں اتنے محو ہو چکے تھے کہ خوف سا محسوس ہونے لگا تھا۔ حالانکہ یہ محض ایک کہانی تھی۔ اور پھر اجنبی کی بحث کا موضوع بدل گیا۔

www.pdfbooksfree.pk

لیکن ہمیں ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ جیسے دور کہیں پائل بج رہی ہو۔ دھیمی دھیمی مدھم مدھم.....

ہم وہم سمجھ کر خاموش ہو رہے۔ کچھ دیر یونہی بیٹھے رہے۔ پھر اس نے کہا۔

''چھوڑیئے ان کہانیوں کو اس زمانے میں کس کو فرصت ہے کہ ان پر غور کرے.....''

ہاں یہ تو ہے لیکن..... وہ کچھ کہنا چاہ رہا تھا کہ میں نے ٹوک کر کہا۔

''ارے یہ کیا؟ آپ اتنی دیر سے آگ کے سامنے بیٹھے ہیں لیکن شرابور ہو رہے ہیں.....؟''

ہوں..... وہ مسکرایا۔

دور کہیں پائل چھنکی.....!

جی آپ کیا کہہ رہے تھے۔ میں نے ٹوکا۔

''میں.....''

اس کی آنکھیں شعلہ بار ہو گئیں میں کبھی خشک نہیں ہو سکتا میں برف ہوں اور برف پر آگ اثر نہیں کرتی برف اور آگ کا کیا مقابلہ.....؟

یہ کہہ کر اس نے جلتی ہوئی لکڑیوں کے کئی شعلے اُٹھا کر اپنے ہاتھ پر رکھ لیے۔ اور زور زور سے ہنسنے لگا۔

''ہاہا..... ہاہا..... ہاہا.....''

تیز ہوا کا جھونکا آیا لیمپ بجھ گیا۔ اور دو ملے جلے قہقہے گونجنے لگے۔

جب ہمیں ہوش آیا رامو دادا سرہانے کھڑا کہہ رہا تھا۔

''میں نے کہا تھا نا..... آپ لوگ یہاں رات بھر نہیں رہ سکیں گے۔''

یا الٰہی یہی تمنا ہے کہ تعلیم قرآن عام ہو جائے
ہر پرچم سے اونچا پرچم اسلام ہو جائے

زیر تعمیر مدرسہ

جامعہ حنفیہ قادریہ ضیاء القرآن

مدرسہ ہٰذا میں بیرونی بچے زیر تعلیم ہیں
جن کے طعام رہائش کا ادارہ خود کفیل ہے
مدرسہ ہٰذا خالصتاً دینی ادارہ زیر تعمیر ہے
جس کیلئے مستقل آمدن کے ذرائع نہیں ہیں

مخیّر حضرات سے اپیل ہے

کہ اپنی صدقات وخیرات
وزکوٰۃ سے تعاون فرمائیں

مہتمم
قاری غلام رسول ضیاء قادری
0301-4606783

اکاؤنٹ نمبر:۔ NBR3814-9

وارڈ نمبر 11 محلّہ پیر خادم حسین شاہ قبولہ شریف
تحصیل عارفوالہ ضلع پاکپتن شریف

www.pdfbooksfree.pk

وطن پر ہوئے جان و دل سے نثار
شہادت کی خاطر رہے بے قرار

پاک افواج زندہ باد

..... فدا شاہین بھٹی

6 ستمبر 1965ء دفاع پاکستان کا دن ہماری عسکری تاریخ کا انتہائی اہم دن ہے۔ جو ہمیں ان دنوں کی یاد دلاتا ہے۔ جب پاکستان کی مضبوط اور تربیت یافتہ مسلح افواج اور پوری قوم نے اپنی شجاعت اور بہادری سے دشمن کی جارحیت کے خلاف اپنی آزادی اور قومی وقار کا دفاع کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے سے طاقتور دشمن کو ناکوں چنے چبا کر اس کا ملیا میٹ کر کے رکھ دیا۔

یہ پاکستانی قوم کے لیے ایک تاریخی معرکہ تھا کیونکہ پاک بھارت 17 روز رہنے والی جنگ نے ثابت کر دکھایا کہ جب بھی پاکستانی قوم کو کسی نے بھی للکارا ہے تو اس نے اپنی سالمیت اور حوصلہ کی لازوال داستانیں رقم کی ہیں۔ یہی جنگ پاکستانی مسلح افواج اور پوری قوم کی وہ مشترکہ جدوجہد تھی جس کے سامنے تاریخ بھی جھکتی ہے۔ جن فرزندوں نے اپنے خون سے تاریخ لکھی اور ان فرزندوں کی بے مثال اور لازوال قربانیوں کی بھی یاد دلاتا ہے۔ جن کی بدولت آج ہمیں تاریخ میں ایک باوقار مقام حاصل ہوا ہے اور یہی تاریخ ہماری آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ کا کام کرتی رہے گی۔

پاک بھارت جنگ کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ بھارت شروع سے ہی قیام پاکستان کے خلاف تھا اور یہی وجہ تھی کہ ہندوؤں نے کبھی بھی پاکستان کے قیام کو سچے دل سے قبول نہ کیا اور اس کا شروع سے یہی نظریہ سیاست رہا ہے کہ اپنے ہمسایہ ملک کے خلاف مکروفریب کے ذریعے جارحانہ عزائم رکھتا ہے اور اس کے علاوہ اس نے اپنے آپ کو فوجی لحاظ سے مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ ایشیائی قیادت حاصل کرنے کا جنون سوار کر رکھا تھا۔

مسئلہ کشمیر بھی پاک بھارت جنگ کی ایک کڑی تھی کیونکہ کشمیر کا علاقہ 1947ء سے متنازعہ رہا ہے۔ جس پر بھارت نے کشمیری عوام کی مرضی کے خلاف غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے۔ ادھر مسئلہ کشمیر پاکستان کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ تھا۔ کیونکہ جغرافیائی لحاظ سے کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور اس لحاظ سے اس کا الحاق پاکستان سے ہونا چاہیے تھا اور کشمیری عوام کی بھی یہی دلی خواہش تھی۔ لیکن بھارت نے کشمیر کے ساتھ الحاق کا یک طرفہ اعلان کر کے کشمیری حریت پسندوں کو بیدار کر دیا۔ جنہوں نے کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کرنے کی کوشش کی..... لیکن اس کے جواب میں

www.pdfbooksfree.pk

بھارتی حکومت نے تشدد اور قوت سے اس تحریک کو دبانے کی کوشش کی۔ لیکن جب بھارتی حکومت کشمیری مجاہدوں کا مقابلہ کرنے میں ناکام رہی۔

6 ستمبر 1965ء کی علی الصبح بھارتی فوج نے اعلان جنگ کیے بغیر پاکستان پر تین اطراف سے حملہ کر دیا۔ جس طریقے سے بھارتی افواج حملہ آور ہوئی تو اس نے بین الاقوامی آداب، انسانیت اور شرافت کی دھجیاں بکھیر دیں۔ بھارتی افواج نے کثرت فوج اور جدید اسلحہ کے زور پر حملہ آور ہوئی تا کہ پاکستان کی افواج تاب نہ لا سکے۔ لیکن واقعات نے یہ ظاہر کر دیا کہ بھارتی فوجیں توپ خانہ اور ٹینکوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ حملہ آور ہوئیں تو تھیں لیکن پاکستان کی بہادر اور جانثار فوج نے بھارتی یلغار کو نہ صرف روکا بلکہ دشمن کو ''بی۔ آر۔ بی'' نہر سے آگے نہ آنے دیا۔

''کھیم کرن'' کی فتح کو اگر کسی معجزے کا نتیجہ قرار دیا جائے تو یہ اسلامی تواریخ جنگ میں کوئی نئی

www.pdfbooksfree.pk

بات نہیں ہوگی۔ کیونکہ ایسے کئی معجزے رونما ہوئے ہیں..... جن میں یہ بھی ایک شامل تھا۔ اس کے علاوہ بھارت چاہتا تھا کہ پاکستانی افواج کو ''کارگل'' سے لے کر ''تھرپارکر'' تک تقریباً ڈیڑھ ہزار میل لمبی سرحد پر پھیلا کر کمزور کر دیا جائے۔ اس کے نزدیک ''راجھستان'' ہی ایک ایسا محاذ تھا کہ جہاں فوجی سرگرمیاں مشکل ہیں کیونکہ یہ ریگستانی علاقہ ہے اور بھارتی فوج ''حیدرآباد'' پر قبضہ کرنے کی خواہش لیے ''راجھستان'' پر حملہ آور ہوئی..... مگر یہاں پر موجود پاکستانی بہادر افواج نے دشمن کے چھکے چھڑا دیئے..... جس کی وجہ سے بھارتی فوج بھاگنے پر مجبور ہوگئی۔

سیالکوٹ کے نواحی قصبہ ''چونڈہ'' کے مقام پر ٹینکوں کی وہ لڑائی لڑی گئی..... جس کو دوسری جنگ عظیم کے بعد تاریخ کی سب سے بڑی لڑائی قرار دیا گیا ہے۔ جس نے جرمن جرنیل ''رومیل'' کا بھی ریکارڈ توڑ دیا۔ اس محاذ پر پاکستان کی بہادر افواج کے ساتھ ساتھ عوام نے بھی شجاعت اور مہارت کے وہ کارنامے سرانجام دیئے جس نے دشمن کی عسکری طاقت کا تمام غرور خاک میں ملا دیا۔ تینوں محاذوں پر پٹ جانے کے بعد یہ آخری محاذ تھا جہاں پر بھی دشمن کو منہ کی کھانی پڑی۔

7 ستمبر 1965ء پاک فضائیہ کی تاریخ کا ایک سنہری دن تھا کیونکہ اس دن فضائی جنگ میں پاکستان کی چوکس فضائیہ نے بھارتی فضائیہ کے مقابلے میں 1/6 حصہ ہونے کے باوجود اپنی برتری منوانے کے ساتھ ساتھ پاک فضائیہ کے معرکے کا ایک اہم معرکہ سرانجام دیا جو کہ قابل تحسین تھا۔ جب سکوارڈن ''ایم ایم عالم'' نے ایک منٹ میں انڈیا کے پانچ ہاکر ہنٹر تباہ کر دیئے۔

جنگ کے آیام میں پاکستانی بحریہ بھی پوری طرح چوکس رہی اس نے کراچی سے 200 کلومیٹر دور جنوب کی جانب اور انڈیا کے مغربی کاٹھیاوار کے ساحل پر واقع شہر ''دوارکا'' کا مشہور بھارتی بحری اڈا تباہ و برباد کر کے عظیم کارنامہ سرانجام دیا جو کہ پاک بحریہ کی تاریخ کا ایک یادگار حصہ بن چکا ہے اور 1965ء کی جنگ میں پاک بحریہ نے ناقابل تسخیر عزم و ہمت اور بے لوث فرض شناسی کے ساتھ دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہوئے اس پر ظاہر کر دیا کہ سمندروں میں بھی اس کو من مانی کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ان شہیدوں کو سلام پیش کرتے ہوئے یہ عہد کریں کہ اس امانت اور مقدس سرزمین پاکستان کی حفاظت کریں گے کیونکہ مضبوط دفاع کا امن و امان' بعاشرتی ترقی اور ملک وقوم کی معاشی' تعلیمی' اخلاقی و سیاسی' تمدنی اور معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے دفاع وطن کو مستحکم کرنے اور سلامتی کے فروغ کے لیے بھرپور کوشش کرنا ہوگی کیونکہ یہ ہمارے روشن و تابناک قومی مستقبل کی علامت ہیں۔

حال ہی میں وزیرستان میں ہونے والے فوجی اپریشن جو کہ ''ضرب عضب'' کے نام سے ہو رہا ہے۔ میری بلکہ پورے پاکستانی قوم کی دلی دعائیں ہیں کہ پاک فوج کو اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆

www.pdfbooksfree.pk

نئے لکھنے والوں کے لیے خوشخبری

آپ لکھنے کا شوق رکھتے ہیں..... لکھنے کی ہمت نہیں کر پا رہے ہیں..... اپنے دل کی آواز دوسروں تک پہنچانا چاہتے ہیں یا دوسرے رسائل وڈائجسٹ سے مایوس ہو چکے ہیں۔ گھبرائیے نہیں' آپ کی تحریروں کے لیے ''ماہنامہ سچی کہانی لاہور'' کے دروازے کھلے ہیں۔ ہم آپ کی تحریر کی نوک پلکھ درست کر کے شائع کر دیں گے۔ آپ اپنی تحریر خوشخط اور ایک صفحہ چھوڑ کر لکھیں تا کہ پڑھنے اور اصلاح کرنے میں آسانی رہے۔ آپ کی تحریر خوفناک ہونی چاہیے۔

ماہنامہ سچی کہانی لاہور' 29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور

موبائل نمبر 0314-4008530

نامور قلمکار محمد رضوان قیوم کی 11 انعام یافتہ' دلچسپ منفرد پلاٹ کے حامل سچی کہانیوں کا مجموعہ

''کربِ ماضی''

کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ یہ کتاب درج ذیل بکسٹال پر دستیاب ہے

ورائٹی بک شاپ' بینک روڈ' صدر' راولپنڈی کینٹ فون: 051-5583397

ملک بک شاپ' کمیٹی چوک' مری روڈ' راولپنڈی فون: 051-5530352

قیمت کتاب -/250 روپے

www.pdfbooksfree.pk

ہمارا معاشرہ کتنا بے حس ہو چکا ہے کہ ہر شے کو خوبصورتی کے پیمانوں پر تولتے ہیں۔ان کے لیے شکل وصورت سب سے اہم چیز ہے۔کالی لڑکی کو اپنا شریک سفر بنانے میں بے عزتی سمجھتے ہیں۔آج کے لڑکے تو حسن کے شیدائی ہیں۔ حسن کے پیچھے جان دیتے ہیں۔چاہے بعد میں یہی حسن ان کے لیے وبال جان بن جائے

کالی لڑکی

رفعت محمود

وہ نہ جانے کس پر گئی تھی۔ کالی کوئل سی۔ حالانکہ ان کے پورے خاندان میں کوئی سانولا تک نہ تھا۔ سب گورے چٹے تھے اور پھر وہ تو اپنے والدین کی بڑے ارمانوں کی اولاد تھی جب پورے چار بیٹوں کے بعد اس نے جنم لیا تو اس کے امی ابو نے یوں خوشی منائی جیسے اس گھرانے میں پہلے بچے نے جنم لیا ہو لیکن امی کی خوشی اس وقت کرکری سی ہو گئی جب سب نے ان سے یہ سوال کیا۔۔۔ یہ کس پر گئی ہے اس سوال کا جواب ان کے پاس کہاں تھا وہ کس پر گئی تھی یہ ان کو بھی معلوم نہ تھا امی خود بے حد خوبصورت تھیں اور چار خوبصورت بیٹوں کو جنم دینے کے بعد انہوں نے ایک بدصورت کالی لڑکی کو جنم دیا تھا ان کو کبھی اس کی کالی رنگت پر افسوس آنے لگتا۔ نہ جانے اس کی پیدائش سے پہلے ہم پر کس کا تاریک سایہ پڑ گیا تھا جو یہ ایسی رنگت لیے پیدا ہوئی ہے وہ یہ ہی کہہ کر الزام سے بری ہونے کی کوشش کرتی تھیں ابو اسے پیار سے کالی کہا کرتے تھے اولاد چاہے جیسی بھی ہو والدین کو پیاری ہوتی ہے وہ بھی اپنے ماں باپ کی آنکھوں کا تارا تھی۔

ابو نے اس کا نام تارا رکھا تھا جو اس پر بالکل نہ جچتا تھا۔ اس کی امی کو قوی امید تھی کہ بڑھتی عمر کے ساتھ ساتھ ان کی تارا کا رنگ و روپ بھی نکھر آئے گا لیکن بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ اس کی رنگت اور پکی ہوتی گئی امی کو کبھی افسوس ہونے لگتا لڑکی ذات تھی لڑکے بدصورت تو گوارہ کر لیے جاتے ہیں لیکن کم صورت کی لڑکی بھی ماں باپ کے لیے باعث فکر ہوتی ہے۔ ابھی تو وہ کالی سی گڑیا دو سال کی تھی تب سے امی کو اس کے مستقبل کی شدید فکر ہو گئی تھی اللہ میاں اس سے اچھا تو ہمیں بیٹی دیتا ہی نا۔۔۔۔ کبھی امی شکستہ دل ہو کر سوچتی تھیں حالانکہ ان کو بیٹی کی شدید آرزو تھی۔ لیکن خواہشات پورے ہو کر بے معنی بن جاتی ہیں۔

تارا بھی صرف اپنی کالی رنگت کی وجہ سے امی کے دل کی کھٹک سی بن گئی تھی۔

www.pdfbooksfree.pk

لیکن تارا امی کے احساسات سے بے خبر تھی۔ پھر وہ ابھی بہت چھوٹی تھی۔ ابو اس کے لیے اکثر بازار سے رنگ برنگے کھلونے خرید لاتے' پہروں وہ کھلونوں سے کھیلتی رہتی۔ گھر میں ادھر ادھر شرارتیں کرتی پھرتی لڑکے لڑکیوں کے معاملے میں زیادہ شوخ اور بدزبان ہوتے ہیں اور بہنوں کو چھیڑنا بھائیوں کا بہترین مشغلہ بھی ہوتا ہے وہ چار بھائیوں کی اکلوتی بہن تھی بھائیوں کے دل کا بہلاوا.... بھائی اس کو طرح طرح سے چھیڑتے۔

کالی کوئل--- تو انہوں نے اس کا نام رکھا ہوا تھا اس کو اس نام کے معنی کب معلوم تھے وہ ناراض ہوتی اسے تو اپنے بھائیوں سے بے حد پیار تھا وہ چار برس کی تھی تب اللہ میاں نے اس کو ایک اور بہن دے دی ننھی چنداں کے پیدا ہوتے ہی تارا کا زوال شروع ہو گیا۔ چندا بے حد خوبصورت تھی اپنے اور بھائیوں اور امی کی طرح

www.pdfbooksfree.pk

بالکل گلابی گڑیا سی۔۔۔۔ امی تو چندا کی پیدائش پر یوں خوش تھیں جیسے پہلی بیٹی پیدا ہوئی ہے۔

بہن کی آمد پر تارا بھی بے حد خوش تھی پہلے وہ بے جان گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی اب اسے اللہ میاں نے جیتی جاگتی سفید چینی کی گڑیا دے دی تھی اسے کیا معلوم تھا یہ چینی گڑیا اس کے حقوق پامال کرنے آئی ہے چاہت اور محبت لوٹنے آئی ہے چندا کی پیدائش کے بعد امی نے تارا کو بالکل نظر انداز کر ڈالا بھائی بھی چندا کے گرویدہ تھے اسے گود میں اٹھائے اٹھائے پھرتے۔ امی سارا دن چندا کو بناتی سنوارتی رہتیں۔ خوبصورت فراکیں اس کے لیے اپنے ہاتھوں سے سیتیں کہیں باہر جاتیں تو چندا کو ضرور ساتھ لے جاتیں۔

اور ننھی تارا دل میں کڑھ کر رہ جاتی محبت چاہت کی کمی کا احساس اس کے دل میں پیدا ہونے لگا وہ چھوٹی سی عمر میں حساس ہو گئی اسے چھوٹی سی عمر میں اپنی صورت کی کمی کا بھرپور احساس ہو گیا اب بھائی اسے کالی کوئل۔۔۔۔ کالی بلی کہہ کر چھیڑتے تو گھٹ کر رونے لگتی۔

سچ مچ گھر میں سب گورے گورے تھے ابو سے لے کر چندا تک صرف وہ کالی رات کا سا سماں پیش کیے ہوئے تھی گورے ہونے کا جنون اسے چھوٹی سی عمر میں ہو گیا صابن سے منہ دھو دھو کر سچ مچ چہرے کی کھال اتار لیتی لیکن کچھ اثر نہ ہوتا وہ رہتی کالی کی کالی ہی ماہ و سال کے چکروں نے اسے جوان کر ڈالا جوانی میں بھی اس کا رنگ و روپ نہ نکھر سکا لیکن اسے بننے سنورنے کے بے حد گر آ گئے تھے صرف کالی رنگت نے اسے مات دے دی تھی ورنہ جسم اور قد کے لحاظ سے وہ بڑی سمارٹ لگتی تھی ہمیشہ اس نے اپنے بالوں کو ترشوا کر رکھا۔ اسے لمبے بال اور چوٹیاں فضول لگا کرتی تھیں کپڑے بھی وہ ہمیشہ فیشن کے مطابق سلواتی تھی بیل باٹم' فلیپر میکسیز ہر فیشن کے ساتھ اس کے لباس بدلتے تھے ویسے بھی گھر والے اس کا دل توڑنا بہت خوب جانتے تھے جب کبھی وہ پوڈر لگاتی بڑے بھیا ہنس کر لوٹ پوٹ ہو جاتے۔۔۔۔

آج باورچی خانے میں سفیدی کیوں پھیری گئی ہے تارا۔۔۔ بھیا کے اس ریمارک پر تارا کی جان جل جاتی آنکھوں میں بے شمار آنسو تڑپنے لگتے اور پوڈر صاف کرنے کے لیے منہ دھونے کی ضرورت نہ رہتی آنسو پانی کا کام جو انجام دے دیتے تھے۔ اس کے مقابلے میں چندا بے حد حسین تھی عمر کے ساتھ ساتھ اس کا حسن نکھر رہا تھا گلابی گلابی رنگت سنہرے سنہرے بال ہی اس کے حسن میں چار چاند لگائے ہوئے تھے حالانکہ جسم کے اعتبار سے وہ کچھ موٹی ہی تھی۔

چندا تارا سے چار برس چھوٹی تھی لیکن اٹھان کی وجہ سے وہ بارہ برس کی عمر میں تارا کے برابر لگا کرتی تھی دونوں ایک ہی سکول میں پڑھا کرتی تھیں تارا میٹرک میں تھی تو چندا ساتویں میں۔۔۔ اسکول میں بھی سب کو ہی یہ حیرت ہوتی کہ وہ دونوں بہنیں ہیں۔ صورت و شکل کے اعتبار سے دونوں میں بالکل مشابہت جو نہ تھی۔

چندا صورت کے بل بوتے سکول میں زیادہ

www.pdfbooksfree.pk

مقبول تھی' اکثر سکول میں جو ڈرامے منعقد ہوتے چندا ان میں ضرور کام کرتی ڈراموں میں کام کرنے کی آرزو تارا کو بھی ہوتی لیکن بس اس کی خواہش دل ہی دل میں رہ جاتی اسے ڈرامے میں کبھی معمولی سا رول بھی نہ ملا تھا۔

چندا کی مقبولیت اور چاہت دیکھ کر تارا بہن سے دل ہی دل میں حسد کرنے لگی۔ اس سے جلنے لگی گھر میں بھی ہر طرف چندا کی پکار تھی کیا دنیا میں صرف صورت ہی اتنی اہمیت رکھتی ہے اکثر اس سے اس کا دل یہ سوال کرتا یہ اداس غمگین سی سوچیں اسے دن بدن حساس بناتی گئیں وہ گھر والوں سے دور دور رہنے لگی۔ کسی کو منہ نہ لگاتی گھر میں اسے کوئی چھیڑتا تو وہ اس کو پھاڑ کھانے کو دوڑتی مجھ سے بات مت کرو۔ وہ اپنے سے بڑے بھائیوں کو بڑی آسانی سے تیز تیز جواب دے دیتی اور اس کے منہ سے یہ کلمات سن کر امی اپنا سر پیٹ لیتی تھیں ہائے کم بخت صورت کے ساتھ ساتھ عادت کی بھی بد نکلی۔ کیا ہو گا اس کا کون پوچھے گا اس قسم کی لڑکی کو۔۔۔

امی کو یہ فکر کھائے جا رہی تھی۔۔۔۔ مجھے کسی سے خود کو نہیں پچھوانا۔ وہ چیخ کر کہتی تم ساری عمر اس گھر میں بیٹھی رہو گی کیا۔ امی اس کے معاملے میں بڑی سنگدل تھیں۔

پڑھ لکھ کر ملازمت کرکے جب کمانے لگوں گی تب پوچھوں گی بھی نہیں کسی کو۔ وہ ترکی بہ ترکی جواب دیتی۔

گھر والوں کے رویئے نے اسے حد درجہ سرکش اور باغی بنا دیا تھا اس کی مستقبل کی سوچیں بڑی باغیانہ تھیں۔ ان میں صرف مایوس تھی، تاریکی ہی تاریکی تھی خوشی کی ایک رمق بھی نہ تھی۔۔ حالانکہ ترقی کی منزل سے ابھی بہت دور تھی وہ لیکن پھر بھی اس نے یہی سوچا تھا وہ تعلیم کو اپنا زندگی کا نصب العین بنائے گی بہت پڑھے لکھے گی پھر کسی کی محتاج نہ رہے گی وہ پڑھنے میں تھی بھی بہت اچھی اور اس کا ذہن بھی بہت اچھا تھا وہ شاعرہ بھی تھی اور ادیبہ بھی تھی۔ اکثر وہ کتابیں لے کر پڑھنے بیٹھتی تو کیسے کیسے رومانوی خیالات اس کے ذہن میں ابھرا کرتے اس کا دل خود بھی نہ جانتا تھا ایسی باتیں اسے آپ ہی کہاں سے آ گئی تھیں۔

ایک بار اس نے اپنی یہ سوچیں احساس بڑی خوبصورتی سے صفحات پر ڈال دیئے اور ان کو ایک رسالے میں بھیج ڈالا۔

اور پھر اس کی تحریر چھپ گئی اس کی محنت وصول ہو گئی اپنی تحریر وہ ملک کے مقبول رسالے میں دیکھ کر کتنی خوش تھی کہ اس خوشی کا اندازہ وہ آپ کر ہی پا رہی تھی اپنی خوشی میں وہ دوسروں کو شامل کرنے سے خوشی دوبارہ ہو جاتی ہے وہ محسوس کر رہی تھی کہ وہ اچانک سب کے سامنے یہ پول کھولے گی کہ وہ مصنفہ قسم کی چیز بن گئی ہے تو گھر والے بے حد خوش ہوں گے لیکن ہوا اس کے برعکس امی نے الٹا اسے جھڑک دیا۔

پڑھنے لکھنے میں دل لگانے کی بجائے تم ان چکروں میں پڑ گئی ہو۔ ان خرافات سے کیا حاصل ہوتا ہے

www.pdfbooksfree.pk

کوئی ضرورت نہیں ہے ایسی واہیات کہانیاں لکھنے کی۔۔۔ امی کی اس تقریر سے اس کا خوشیوں بھرا دل کرچی کرچی ہو گیا آنکھوں میں ڈھیر سے آنسو بھرے وہ اپنے کمرے میں آ گئی۔

لیکن اس کے مصنفر بننے کی خبر سارے بھائیوں کو ہو گئی پھر جیسے اس کی شامت آ گئی خوب اس کی تحریر کا مذاق اڑایا گیا واہیات کہانی لکھی ہے تارا تو نے۔ فلمیں دیکھ دیکھ کر یہی سب کچھ لکھو گی محبت، عشق کے علاوہ کیا اور کچھ نہیں لکھا جا سکتا۔ بڑے بھیا بحث پر اتر آئے اور وہ بے چاری شرمندہ ہو کر رونے لگی گھر والے اسے بڑے واہیات خیالات کے لگے چھوٹے بھائی تو اس پر الزام تراشی شروع کر دی تھی یوں اس طرح وہ اپنے افسانے کی ہیروئن بن کر کسی سے محبت کر بیٹھی ہو۔

اس کا دل گھر والوں نے ضرور برا کیا لیکن کالج میں سب نے اس کی تحریر کو خوب سراہا۔

اس طرح اس کے ڈولتے حوصلے پھر ابھر گئے وہ خوب جم کر لکھنے لگی گھر والوں سے اب اپنی ہر لکھی چیز چھپانے لگی جلد تارا نے ادب کی دنیا میں ایک مقام پیدا کر لیا لیکن اس کی تحریر میں ہمیشہ اداسی کا رنگ چھپتا تھا مایوسی ہوتی، وہ ہر لڑکی کو شکستہ دل بتاتی تھی جو دنیا میں صرف غم جھیلنے کے لیے آئی ہو پھر آخر میں اس لڑکی کی موت واقع کر کے وہ کہانی کا اختتام کرتی۔

اس کی تحریر کا انداز دل پر اثر کرتا۔ وہ ٹریجڈی لکھتی اور پھر بھی پسند کی جاتی۔

جلد تارا نے قلم کے زور سے اپنا سکہ گھر والوں پر بھی جما لیا وہ ہی امی اور بہن جو پہلے پہل اس کی تحریر پر صرف تنقید کیا کرتے تھے اب اس کی تعریف کرنے لگے تھے۔

اب امی بڑے فخر سے اپنے ملنے جلنے والوں کو بتایا کرتی تھیں کہ ان کی بیٹی تو بڑی لائق ہے وہ اس کے ہنر سب کے سامنے گنوا جاتی تھیں، امی اس کے ہنر کی تعریفیں کر کے وہ مسئلہ حل کرنا چاہتی تھی جو ان پر دن بدن فکر بن کر چھایا رہا تھا تارا کب کی جوان ہو چکی تھی اب وہ بی اے کے آخری سال میں تھی چندا بھی جوان تھی لیکن چندا کی جوانی کی فکر امی کو نہ تھی وہ تو چودھویں کا چاند تھی تو تارا دھندلی شام، گزرتے دنوں کے ساتھ ان کی شادیاں بھی ہونے لگیں۔ امی بھی بہوئیں خوب چھانٹ چھانٹ کر لاتی تھیں ایک سے ایک خوبصورت، بڑی بھابھی تو بے پناہ حسین تھیں اور ان کو کچھ زیادہ حسن کا احساس بھی تھا سارا دن بننے سنورنے میں لگی رہتیں خوبصورت انگلیوں کے بڑھے ہوئے ناخنوں پر نیل پالش بدلنا اور ان کا بہترین مشغلہ تھا اور بھابھی کے بھی دیکھا دیکھی تارا بھی ناخن بڑھا کر ان پر ایک دن سرخ رنگ کی نیل پالش لگا لی خود کو تو اسے ہاتھ اچھے لگ رہے تھے لیکن بھابھی نے اس کے ہاتھوں کو دیکھ کر عجیب سا منہ بنایا۔

ہائے میں مرجاواں تارا کتنے بدنما لگ رہے ہیں تمہارے ہاتھ، بالکل چیل کے پنجے۔ گورے گورے ہوتے تو کوئی بات بھی تھی۔ انہوں نے

www.pdfbooksfree.pk

اپنے خوبصورت ہاتھوں کو اس کے سامنے لاتے ہوئے کہا۔۔۔ اور مارے بے عزتی کے صدمے کے تارا کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر آئیں اس نے اپنی مٹھی اتنے زور سے بھینچی کہ ناخن اس کی ہتھیلی میں گڑ گئے اپنے بستر پر لیٹ کر وہ دیر تک روتی رہی۔ میں کالی ہوں' بدصورت ہوں' اس وجہ سے مجھے بننے سنورنے کا کوئی حق نہیں۔ اس کا دل آپ ہی اس سے ایسی باتیں کرکے اسے اور غمزدہ کرتا گیا گھر پر اب بھائیوں کا راج تھا امی تو اب ریٹائرڈ ہو چکی تھیں بھائی اور بھائیوں کی چاہت کے چھپے چھپے انداز دیکھ کر کبھی تارا کے جذبات بھٹک جاتے وہ بھی ایک خواہش بھرا دل رکھتی تھی اس کے دل میں بہت سی امنگیں کروٹ لیتی تھیں لیکن پھر اپنی صورت کے احساس سے اس کا دل آپ بجھ جایا کرتا ہمیں کون پوچھے گا بارہا اس کا دل اسے کہتا اور سچی بات بھی تھی اسے کوئی پوچھتا بھی نہیں۔۔۔۔ متعدد بار امی نے اپنی کوششوں سے اس کے رشتے کی بات کی عورتیں اسے دیکھنے آتیں۔ اسے اس طرح نمائشی انداز میں خواتین کے سامنے جانا پسند نہ تھا لیکن اسے جانا پڑتا۔ کتنی گہری گہری نظروں سے اسے گھورا جاتا وہ گھبراتی رہتی۔ لجاتی رہتی۔ ان کی خاطر مدارت میں لگی رہتی اور پھر ان کے جانے کے بعد اس انتظار میں لگی رہتی۔ شاید کوئی پلٹ آئے ہم نے تارا کو پسند کر لیا ہے لیکن ایک بار آکر کوئی پلٹ کر نہ آیا تو اس کے دل کے زخموں میں ایک زخم کا اور اضافہ ہو جاتا اور اس نے اب پختہ فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ کبھی شادی نہ کرے گی چندا کے لیے تو ابھی سے رشتوں کی بھرمار تھی جسے سب گھر والے مل کر ریجکٹ کر دیا کرتے تھے امی کو چندا کے لیے بے پناہ اونچے گھر کی خواہش تھی تارا کو احساس تھا اگر اس کے لیے ایک کلرک کا رشتہ بھی آجاتا تو امی اور گھر والے انکار نہیں کریں گے گھر والوں کے سلوک کی وجہ سے اس کے دل میں بھی بغاوت بری طرح جنم لے چکی تھی۔ اب وہ ہر حربہ استعمال کرنے لگی تھی جو گھر والوں کے لیے تکلیف دہ تھا۔

بی۔ اے کے بعد امی کی لاکھ مخالفت کے باوجود اس نے یونیورسٹی میں جرنلزم میں داخلہ لے لیا۔ روز سویرے گھر سے نکلتی دوپہر ڈھلے واپس آتی اسے گھر والوں سے اب کوئی سروکار نہ رہا تھا یونیورسٹی میں کلاس ختم ہونے کے بعد اس کا گھر کی طرف رخ کرنے کو دل نہیں کرتا تھا۔ حالانکہ اپنی خردماغی کی وجہ سے وہ کسی سے میل ملاپ نہ بڑھا سکی تھی اور پھر لڑکے تو حسن کے شیدائی ہوتے ہیں اس میں تو کوئی چارم نہ تھا کسی نے اس کی طرف رخ نہ کیا۔

پھر ان دنوں حد درجہ شکستہ دل ہو رہی تھی اچھا لباس پہننا بھی اس نے چھوڑ دیا تھا ہمیشہ سفید کپڑے پہنتی نہ بالوں کا کوئی سٹائل بناتی اپنے سیدھے سیدھے بالوں کو ربن سے جکڑ لیتی کتابیں ہاتھ میں لیے وہ گم سم سی لڑکی کافی سوگوار سی لگتی کبھی منچلے لڑکے اسے چھیڑ دیتے' کوئی فلاسفر کہتا کوئی دقیانوسی روح' لیکن تارا پر کب ان باتوں کا

www.pdfbooksfree.pk

اثر ہوتا حالات نے تو اسے اچھا خاصا پتھر بنا ڈالا تھا' کلاسز ختم ہونے کے بعد وہ لائبریری میں بیٹھے بیٹھے ایک آدھ افسانہ لکھ لیتی تھی اکثر وہ لکھتے نظر اٹھاتی تو لائبریرین کو عجیب سی نظروں سے خود کو تکتا پاتی وہ نظریں محسوس کرکے اس کے دل کو کچھ ہونے لگتا نہ جانے ان نظروں میں کیا تھا کہ اس کارواں رواں کانپ جاتا دماغ سے سب کچھ نکل جاتا اور اسے لائبریرین پر غصہ آجاتا۔ کمینہ..... خبیث' بدنیت وہ اپنے دل میں اس کو لاکھوں صلواتیں سنواتی تھی پھر ادھیڑ سی عمر کا وہ مرد تین بچوں کا باپ لگا کرتا تھا۔ بعض لوگوں کو تو بس لڑکیوں کو گھورنے کی عادت ہوتی ہے تارا کو اس کے اس انداز سے نفرت سی محسوس ہوئی اور پھر وہ دوسرے کونے میں ایسی جگہ جا کر بیٹھنے لگی۔ جہاں سے اسے لائبریرین شکیل صاحب کو اس کی جھلک ہی نظر نہ آتی ہو۔ لیکن اکثر وہ الماری سے کتابیں نکالنے کے بہانے ایک آدھ چکر اس طرف ضرور لگا جایا کرتا۔ شکیل کافی خوبرو تھا لیکن آدھے سفید بال اور لباس ڈھنگ سے نہ پہننے کا انداز اسے کم تر کیے ہوئے تھا حد درجے ان سمارٹ تھا۔ چیک دار پتلون اور نیلی قمیض جسے اس کا یونیفارم بن کر رہ گئی تھی اور اس کا یہ گندہ حلیہ دیکھ کر اکثر تارا یہ ہی سوچتی کہ یقیناً" اس کی بیوی حد درجے بے ڈھنگی قسم کی ہے جو اپنے شوہر کا ذرا بھی خیال نہیں کرتی جب کبھی وہ کتاب ایشو کروانے شکیل کی میز پر جاتی تو وہ پرتپاک مسکراہٹ لبوں پر لا کر اس کا استقبال کرتا۔ آپ بہت محنتی لڑکی ہیں لڑکیاں تو بہت کم لائبریری میں آیا کرتی ہیں بعض لڑکیاں تو محض تفریحاً" یونیورسٹی آیا کرتی ہیں وہ اس کی تعریف کر جاتا اور تارا ناک سیکڑ کر چہرے پر بیزاری پھیلا لیتی۔

اسے شکیل کا یہ والہانہ انداز بالکل نہ بھاتا تھا بلکہ وہ تو اسے زہر لگا کرتا تھا۔۔۔۔ کوئی اور لڑکی لفٹ نہ دیتی تھی تو اس کے پیچھے ہی پڑ گیا تھا ایک روز انجانے میں تارا اپنے افسانے کا مسودہ لائبریری میں میز پر چھوڑ آئی گھر آکر اسے خیال نہ آیا ہوش تو اس وقت آیا جب چہرے پر بشاش مسکراہٹ لیے شکیل اچانک اس کے قریب چلا آیا کل آپ اسے یہاں چھوڑ گئی تھیں وہ اس سے ذرا فاصلے پر کرسی پر جھک کر کھڑا ہو گیا اس کے اس طرح کھڑے ہونے کا انداز بھی تارا کو بے حد واہیات سا لگا۔ اس نے منہ سے شکریہ کا لفظ نکالے بغیر مسودہ اپنے بڑے سے ہینڈ بیگ میں ڈال لیا آپ تو چھپی رستم نکلیں۔ آپ اتنی مقبول مصنفہ ہیں اور ہمیں علم ہی نہیں وہ اس کی تعریف کرنے لگا ہر انسان اپنا اشتہار آپ تو نہیں ہوتا تارا اپنی تعریف پر تھوڑی سی خوش ہو گئی پہلی بار شکیل سے بات کرنے کا اس کا موڈ بن گیا ویسے بھی لائبریری میں اس وقت کافی لڑکے اور لڑکیاں موجود تھے اور ایسے میں شکیل سے بات کرنا کوئی مشکوک نہ تھا۔

وہ اس کے افسانوں کے بارے میں اپنی رائے دینے لگا مجھے مطالعے کا بہت شوق ہے پھر کتابیں تو تنہائی کا بہترین ساتھی ہوتی ہیں۔ میں نے آپ کی ہر تحریر کو پڑھا ہے وہ اپنے الفاظوں میں اسے کتنا

www.pdfbooksfree.pk

بلند مقام دے رہا تھا کتنا سراہے جا رہا تھا اور وہ حیران حیران نظروں سے اسے تک رہی تھی کیا وہ تنہا تھا۔ یہ خیال اس کے دل میں عجیب ہلچل مچائے دے رہا تھا اور دل کی بات لبوں پر آ ہی گئی کیا آپ اکیلے ہیں اس نے کچھ سوچ کر سوال کیا کیونکہ اکیلا آدمی ہی اتنا لاپرواہ دیکھائی دے سکتا ہے جوتوں سے لے کر قمیض کی حالت یہ بتاتی تھی کہ اس کا کوئی خیال کرنے والا نہیں ہے۔

ہاں بالکل تنہا۔۔۔ نہ ماں نہ باپ نہ بہن بھائی اور نہ کوئی ہمدم۔ اس نے افسردگی سے کہا۔

اور تارا کو اس پر ترس آ گیا اور اس دن تارا کو اچھا لگنے لگا وہ گھر آ کر شکیل کے بارے میں سوچتی رہی وہ جو مفلس تھا بدحال تھا تنہا تھا ایسی شخصیت کا مالک نہ تھا کہ کوئی لڑکی یوں اس کو اپنی آنکھوں میں بسائے۔

لیکن تارا تو افسانوی سوچیں رکھنے والی لڑکی تھی اور پھر محبت کوئی فرق محسوس نہیں کرتی جس پر دل آجائے دل کو اس سے ہی محبت ہو جاتی ہے اور پھر بالکل افسانوی انداز میں نہ جانے کس نے اپنے میں اتنی ہمت پیدا کی کہ دونوں ایک دوسرے کے قریب آ گئے تارا کو حیرت بھی تھی کہ شکیل کو نہ جانے اس کی کیا ادا بھا گئی ہے اس کی چاہت وقتی بہلاوا نہ ہو اس نے ایک بار اپنے اس خدشے کا اظہار کر ڈالا۔ شکیل قسمیں کھانے لگا میں صورت پر مرنے والا نہیں میں تو صفات کو پرکھا کرتا ہوں اور اپنی پسند چاہے کچھ بھی ہو انمول ہوتی ہے حسن کچھ نہیں ہوتا اور پھر تم میری پسند ہو اپنی پسند سب میں حسین لگا کرتی ہے شکیل کے ان جملوں پر مارے شرم کے تارا کی گہری گہری رنگت تپ کر سرخ ہو گئی شرما کر اس نے اپنے سفید آنچل میں منہ چھپا لیا۔

شکیل اس کو ایک کھٹارا سی موٹر سائیکل پر بٹھا کر اپنا آشیانہ دکھانے لے کر گیا وہ اپنے اس اندھیرے کمرے کو آشیانہ ہی کہا کرتا تھا۔ اس کا کمرہ دیکھ کر تارا کا دل بجھ گیا شکیل کے پاس دولت نہ تھی تو کچھ نہ تھا۔ یہ بات تارا کے دل میں کسک سی پیدا کر چکی تھی لیکن اس نے اس بات کا اظہار شکیل پر نہ ہونے دیا ویسے بھی وہ بہت گھبرائی ہوئی تھی کیونکہ شکیل غیر تھا اور اس طرح اس کے گھر آنا اس کے لیے باعث توہین بن سکتا تھا وہ بدنام ہو سکتی تھی لیکن اسے شکیل کی شرافت پر بڑا مان تھا۔

شکیل تو سچ مچ اس کے آگے پیچھے جا رہا تھا اس کے لاکھ منع کرنے کے باوجود وہ قریبی دوکان سے اس کی خاطر مدارت کا کافی سامان لے آیا چائے بھی اپنے ہاتھوں سے بنائی وہ کتنا اچھا تھا کتنا مخلص' زندگی کے سفر میں کیا تم کو اتنا چاہنے والا مل سکتا ہے شکیل کے برابر بیٹھے بیٹھے وہ محویت میں ڈوب گئی وہ جو ایک بدصورت لڑکی تھی جس میں کوئی چارم نہ تھا کشش نہ تھی پھر بھی اس پر کوئی مرتا تھا شکیل جو خوبرو تھا سنجیدہ تھا لیکن غریب تھا اور اس کی غربت سے تارا کو گلہ تھا محبت اور چاہت پا کر تارا اداس تھی دل میں بار بار ایک خلش کا احساس جاگ رہا تھا وہ جو ایک بڑے گھر کی لڑکی

www.pdfbooksfree.pk

تھی اس کے ابو بزنس مین تھے سارے بھائی اعلیٰ عہدوں پر فائز تھے وہ بہت بڑے بنگلے میں رہتی تھی اس کا اپنا بیڈ روم بھی شکیل کے کمرے سے سوگنا اچھا اور اعلیٰ سامان سے آراستہ تھا اور شکیل کا سامان صرف ایک چارپائی لوہے کا ایک صندوق' میلا سا بچھونا اور کتابوں کے ایک انبار کے علاوہ کچھ نہ تھا وہ کھانا بھی باہر کسی سستے سے ہوٹل میں کھایا کرتا تھا۔

اپنی تنخواہ میں سے وہ اپنی بیوہ بہن کے اخراجات پورے کیا کرتا تھا جو گاؤں میں رہا کرتی تھی اس وجہ سے اپنے خرچ کرنے کو اس کے پاس کم روپے بچا کرتے تھے صاف گوئی سے اس نے یہ تمام باتیں تارا کو بتا دیں تھیں اور شکیل کی اس صاف گوئی پر تارا خوش نہ ہو سکی تھی لیکن زندگی کے طویل سفر میں تارا کو کس نے پوچھا تھا اسے تو صرف صورت کی بناء پر اپنے گھر والوں نے بھی نہ چاہا تھا وہ محبت کی بھوکی تھی پیاسی تھی اس کو زندگی نے ان گنت زخم عطا کیے تھے صرف اس وجہ سے وہ کم شکل تھی اسے کوئی نہ پوچھتا تھا لیکن محبت کی وہ متلاشی تھی وہ شکیل میں پوشیدہ تھی شکیل اس پر مرتا تھا اس بدصورت لڑکی سے محبت کرتا تھا ان دنوں تارا کے خیالات بھی عجیب سے ہو گئے تھے سارا دن الجھی الجھی سوچوں میں گرفتار رہتی اب نہ اس کا پڑھنے میں دل لگتا تھا اور نہ کچھ لکھنے کا موڈ بنتا تھا اس کی زندگی تو اب خود ایک افسانہ بنی ہوئی تھی پھر بھلا اس کا ذہن دوسری طرف کیسے جاتا شکیل اس کا طلب گار تھا لیکن ساتھ ساتھ اسے اپنی حیثیت کا اور تارا کے گھر والوں کی شان و شوکت اور امارات کا بھرپور احساس تھا اور وہ احساس کمتری میں مبتلا ہوا جا رہا تھا اس کا حوصلہ نہ پڑتا تھا کہ وہ اپنا مدعا لے کر اس دہلیز پر قدم رکھے اور تارا وہ تو خود کم حوصلہ لڑکی تھی محبت تو کر بیٹھی تھی لیکن گھر والوں' پر اظہار کی ہمت نہ تھی ویسے اس کی بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ امی اس کی طرف سے بے حد فکر مند تھیں اس کا ایک رشتہ بھی نہ آیا تھا اس سے چار برس چھوٹی بہن چندا کے رشتوں کی بھرمار تھی اور امی اس کے لیے انکار کرکے تھک گئی تھی ان کی نظروں میں چندا کے لیے کوئی رشتہ جچتا ہی نہ تھا اور تارا کے لیے کوئی رشتہ آتا نہ تھا امی کو اس کی صورت کے ساتھ بخت لگایا کرتی تھی قابلیت میں تارا کے مقابلے میں چندا کچھ نہ تھی وہ تو ناز نخروں کی وجہ سے میٹرک بھی نہ کر پائی تھی بس ہمیشہ بننے سنورنے میں لگی رہتی اس طرح اس کی خوبصورتی میں اور اضافہ ہو جایا کرتا تھا وہ تو بغیر بنے سنورے ہی قیامت لگا کرتی تھی پھر بھی اپنا اتنا خیال کرتی تھی اور جس کو بننے سنورنے کی ضرورت تھی وہ خود سے لاپرواہ رہتی امی اسے ٹوک ٹوک کر تھک گئی تھیں لباس ڈھنگ کا پہنا کر یہ کیا سفید لبادہ چڑھائے رکھتی ہے اور وہ سر جھٹک کر تلخی سے مسکرا دیتی وہ وقت اسے یاد آجاتا جب اسے ہر طرح کے نت نئے لباس پہننے کا شوق ہوا کرتا تھا اور گھر والے اس پر طرح طرح کے ریمارکس پاس کیا کرتے تھے ان ہی لوگوں کی وجہ سے دل گرفتہ

www.pdfbooksfree.pk

ہو کر اس نے اپنا ہر شوق اور ارمان خاک میں ملا ڈالا تھا۔

ویسے بھی وہ اب گھر والوں سے کٹی کٹی رہتی' نہ بھائیوں سے بولتی نہ چندا کو منہ لگاتی گھر پر اپنے کمرے میں بند ہو کر بس الٹی سیدھی باتیں سوچ سوچ کر دماغ خراب کیا کرتی تھی ان دنوں وہ تکمیل کی کشمکش میں گرفتار تھی کہ بڑے بھیا کے ایک دوست بزنس کے سلسلے میں ان کے شہر میں منتقل ہو گئے ریحان کا اپنا ذاتی پریس تھا ایک اخبار بھی نکلتا تھا اب وہ اس جگہ سے اپنا ایک رسالہ نکالنا چاہتا تھا ریحان مانا ہوا صحافی تھا ادبی ذوق اس میں کوٹ کوٹ کر بھرا تھا اپنے اخبار میں وہ مستقل کالم اور اداریے لکھا کرتا تھا جس سے اس کی قابلیت کا پتہ چلتا تھا

اب جب وہ اس شہر میں آیا تو بڑے بھیا نے اسے اپنے گھر مدعو کرنا اپنی خوش نصیبی تصور کی اس کی دعوت کی خاطر کافی اہتمام کر ڈالا تارا تو گھر کے ایسے ہنگاموں سے دور رہتی تھی لیکن آج کی دعوت میں ریحان کا تارا سے تعارف کروانا بھیا نے ضروری سمجھا کیونکہ وہ دونوں ہم ذوق تھے بھیا کے بے حد اصرار پر چہرے پر لاکھ بیزاری کے سایے لیے وہ سفید ساڑھی میں لپٹی ریحان سے ملنے چلی آئی بھابھیاں امی اور چندا پہلے ہی ہال میں موجود تھے اس کو اتنے مہمانوں کے بیچ میں اس حلیے میں دیکھ کر بھابیاں مسکرا پڑیں اور امی کو غصہ آگیا نہ جانے وہ اتنی نا سمجھ کیوں ہے ضدی ہٹ دھرم قسم کی امی بڑا بڑا کر رہ گئیں چندا بار بار اپنے زرتار کپڑوں کو سنبھالتی ادھر ادھر پھر رہی تھی اور وہ کتنی نگاہوں کا مرکز بنی ہوئی تھی۔

پوری محفل میں صرف ایک ریحان تارا کی طرف متوجہ تھا کیونکہ بھیا ریحان سے پہلے ہی تارا کا بڑے تمسخر سے غائبانہ تعارف کروا چکے تھے بعض رسالوں اور اخبارات میں ریحان نے اس کا نام پڑھا تھا اس وجہ سے اب وہ اس کے سامنے آئی تو بڑے پرتپاک انداز میں اس سے ملا بالکل اپنے قریب اس کے لیے جگہ بنا ڈالی تارا سمٹ کر بیٹھ گئی ریحان اس سے اس کی تحریروں کے بارے میں گفتگو کرنے لگا وہ اس کا ہم ذوق تھا پل بھر میں تارا کی بیزاری اور جھنجلاہٹ جاتی رہی اور وہ کافی کھل کر ریحان سے باتیں کرنے لگی اس رات کافی دیر تک ریحان وہاں جما رہا اور تارا بھی وہیں رہی اس کو ریحان اپنا پروگرام بتاتا رہا اس کو نئے رسالے کا ڈیکلریشن مل چکا تھا اسے اسٹاف کے لیے قابل اور ادبی صلاحیت رکھنے والوں کی ضرورت تھی آپ میری مدد کریں گی وہ بڑے یقین سے اس سے پوچھنے لگا.....

ضرور..... ضرور..... تارا تو ریحان سے مل کر بے حد خوش تھی اس نے اس کو اپنے تعاون کا بھرپور یقین دلایا ریحان نے اپنے رسالے کا افتتاح بڑے اہتمام سے کیا یہ تارا کی خوش نصیبی تھی کہ ریحان نے اسے اپنے رسالے کی معاون مدیرہ منتخب کیا اسے ریحان نے بہت بڑی خوشی دی تھی عزت دی تھی بہت بڑا اعزاز دیا تھا وہ تو خود کچھ نہ سمجھتی تھی اب وہ خود کو اہم سمجھنے لگی۔ اب تو

www.pdfbooksfree.pk

اسے شکیل کی طرف توجہ دینے کی فرصت نہ ملتی رسالے کی اکثر ذمہ داریاں اس پر تھیں اور پھر ریحان اسے اچھی تنخواہ بھی دے رہا تھا وہ وہاں ملازمت کر رہی تھی بھلا کس طرح کوتاہی برتتی۔

یونیورسٹی سے وہ سیدھی دفتر چلی جاتی جہاں مسودوں کی کانٹ چھانٹ ڈاک کے جوابات اور پھر بہت سے کام اسے انجام دینے پڑتے۔

لائبریری میں اکثر ہفتوں جانے کی نوبت نہ آئی کیونکہ ریحان اس سے وقت پوچھ کر روز اپنی کار اسے لانے بھیج دیا کرتا تھا اور وہ کلاس سے نکل کر سیدھی کار میں بیٹھ کر دفتر آجاتی۔

دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر شکیل اس سے دفتر ہی ملنے چلا آیا کرتا اس کی بے توجہی کا شکوہ لبوں پر لے کر۔ ایک ذمہ دار کرسی پر بیٹھ کر اتنے سارے کاغذات کے انبار تلے دبے ہوئے اس وقت شکیل کو دیکھ کر تارا کے دل میں ذرا سی بھی محبت کا احساس نہ جاگا بلکہ وہ گھبرا گئی شکیل کو ہدایت کرنے لگی کہ وہ اس سے یہاں ملنے نہ آیا کرے حالانکہ اکثر دفتر میں لوگ اس سے ملنے آتے رہتے تھے اور وہ ہر ایک سے بات کرتی تھی لیکن صرف کام کی حد تک لیکن شکیل سے وہ ایک بات بھی نہ کر سکی وہ مایوس سا لوٹ گیا بڑے ست سے لہجے میں کہہ کر تم بدل گئی ہو۔۔۔۔۔۔

وہ چلا گیا لیکن اس کے جملے تارا کے کانوں میں گونجتے رہے تم بدل گئی ہو تم بدل گئی ہو۔

اس نے اپنے دل کو ٹٹولا' سچ مچ اس کا دل شکیل کی طرف سے بدل گیا تھا یہ حقیقت تھی دل کو شکیل سے اتنی لگن کب رہی تھی وہ کم تر سا انسان اپنے اندر کچھ حیثیت نہ رکھتا اور تارا اس کا ستارہ عروج پر تھا ریحان نے اسے ذرے سے آفتاب بنا ڈالا تھا ریحان کا رسالہ صرف تارا کی وجہ سے ترقی کر رہا تھا تارا کی خوبصورت شاعری اور متاثر کن افسانے حد درجے پسند کیے جاتے ہر ماہ تعریفی خطوط کا انبار لگ جاتا۔ اور اپنی تعریفیں پڑھ کر وہ فخر سے پھولی نہ سماتی ریحان تو اس سے بے حد خوش تھا۔

تمہیں پا کر تو میرے نصیب جاگ گئے ہیں۔

تارا.... وہ اس کی اتنی بھرپور تعریف کرتا اور تارا ہواؤں کے دوش بدوش اڑنے لگتی۔

ریحان کے قریب رہتے ہوئے اس نے شکیل کو فراموش کر ڈالا اسے اب اپنی عقل مندی پر غصہ آنے لگا۔

بھلا شکیل بھی چاہے جانے کے قابل تھا اسے خود پر غصہ آنے لگتا وہ دل جو کبھی شکیل سے متاثر تھا اب ریحان پر آگیا تھا حالانکہ یہ محبت یکطرفہ تھی پھر بھی اس کا دل ریحان کی پرستش کیلئے تھا

رسالے کی ترقی کے لیے تارا دن رات محنت کر رہی تھی اب تو وہ ہفتوں یونیورسٹی بھی نہ جاتی دفتر کے ہی اسے کتنے کام انجام دینے پڑتے تھے کبھی سروے کرنے مختلف لوگوں کے پاس جا رہی ہے تو کبھی انٹرویو کے لیے مشہور و معروف لوگوں کے گھر جا رہی ہے ہر ادبی نشست میں اور تقریبات میں وہ رسالے کی مدیرہ کی حیثیت سے ریحان کے شانہ بشانہ موجود ہوتی ریحان تو اس کا کتنا ممنون تھا احسان مند تھا اکثر احسان اتارنے کی خاطر اس کے

www.pdfbooksfree.pk

لیے تحفے تحائف لے آتا اسے زبردستی اپنے ساتھ لنچ کے وقت ہوٹل لے جاتا ایک سے ایک ٹاپ کلاس ریسٹورنٹ میں وہ دونوں اکثر شام کی چائے پیتے ریحان کے ساتھ اس طرح گھومنا پھرنا اسے اچھا لگتا کیونکہ گھر والوں نے بھی نہ جانے کیا سوچ کر اسے اب ہر قسم کی آزادی دے رکھی تھی ریحان سے اس کی بے تکلفی دیکھ کر امی کو اعتراض کے بجائے سکون سا ہوتا ان کو محسوس ہوتا جیسے بس اب تارا کے نصیب کا ستارہ کھلنے والا ہے ریحان کی آہٹ پر ان کے کان لگے تھے یہ سب محسوس کرکے انہوں نے چندا کا رشتہ بھی ایک ڈاکٹر سے کر دیا تھا چندا کی منگنی بڑی دھوم دھام سے ہوئی تھی گھر میں شادی کی تیاریاں بھی ہو رہی تھیں چندا کو جو تارا سے عمر میں بہت چھوٹی تھی جلد بیاہی جانے والی تھی اور تارا اس کی زندگی اب تک سنسان تھی لیکن اس کو اب ان باتوں کا احساس ہوتا تھا وہ تو بس آنکھیں کھولے ایک رنگین سپنا دیکھے جا رہی تھی اور یہ سپنے دیکھتے دیکھتے پوری عمر بتانے کے در پے تھی۔

ریحان مری گیا تو اس کے لیے بے حد خوبصورت کوٹ خرید لایا اتنا مہنگا اتنا خوبصورت تحفہ پا کر وہ گم سم سی ہو کر ریحان کو دیکھنے لگی وہ اس کے چہرے کو پڑھ گیا دیکھو اسے قبول کرنے میں تکلف نہ کرنا میں نے بڑی چاہت سے صرف اور صرف تمہارے لیے اسے لیا ہے اور جو چیز جس کا تصور ذہن میں بٹھا کر پہنچائی ہے وہ اس کے پاس ہی دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔

وہ لفظوں میں اپنی خوشی اور چاہت سب کا ذکر کر گیا اور اس پختہ عمر میں بھی تارا نا سمجھ بچی بن کر بہکنے لگی۔ سفید فراک کا خوبصورت سا کوٹ اس نے سردیوں کی آمد کے ساتھ پہنا تو اسے ایک عجیب سی راحت کا احساس ہوا اسے ریحان خرید کر لایا تھا اس کے ہاتھوں نے اسے چھوا تھا اسے آپ ہی آپ شرم آنے لگی۔ ان دنوں اس نے یونیورسٹی جانا بالکل بند کیا ہوا تھا شکیل کی طرف سے اس کے دل میں چور تھا پھر اس کا سامنا کرنا اسے اچھا نہ لگتا تھا اور پھر اب بقول ریحان کے اسے صحافت کی ڈگری کی کیا ضرورت تھی بغیر ڈگری کے وہ بہت قابل تھی کیونکہ تارا کے یونیورسٹی جانے کی وجہ سے دفتر کا کام ادھورا پڑا رہتا تھا اور اکثر رسالہ لیٹ ہو جاتا تھا کیونکہ ریحان کو اور بھی بہت سے کام دیکھنے پڑتے تھے اکثر وہ کام کی غرض سے دوسرے شہروں میں بھی جاتا رہتا تھا اس نے تو اپنا ماتحت تارا کو بنا ڈالا تھا وہ سارے کام کی نگراں تھی سب پر حکم چلاتی اس کے دفتر میں ہوتے ہوئے کوئی بھی غفلت نہ برت سکتا تھا۔

ان دنوں وہ بے حد مسرور اور مگن تھی دل میں آرزوؤں کا ایک سیلاب موجزن تھا اس کو محسوس ہوتا اس کی زندگی میں بس اب خوشیاں آنے والی ہیں اور ریحان کی عنایتیں رنگ لانے والی ہیں لیکن وہ دن کب آئے گا اس کے جذبات بری طرح ہلچل مچائے ہوئے تھے لیکن ریحان اسے ساتھ لیے گھومتا پھرتا۔ بے تکلفی سے اس سے

www.pdfbooksfree.pk

باتیں کرتا اسے بہترین ساتھی اور دوست تک عیاں نہ ہوا تھا چندا کی شادی کے ہنگاموں میں بھی وہ گھر سے دور رہی دفتر سے ایک دن کی چھٹی بھی نہ لی۔ حالانکہ ریحان نے خود اسے چھٹی کا کہا تھا لیکن وہ انکار کرگئی اس کی اس ذمہ داری پر ریحان خوش ہوگیا لیکن پھر مذاق کے طور پر کہنے لگا۔

سوچ لو۔۔۔ بدلے کے طور پر چندا بھی تمہاری شادی پر کام نہیں آئے گی۔

اونہہ۔۔۔ ہمیں اس بات کی پرواہ نہیں ہے۔ اس نے جھجک کر کچھ شرماتے ہوئے کہا۔

چندا کی شادی پر بڑی رونق رہی چندا دلہن بنی بارات آئی بڑی چاہ سے دولہا اسے رخصت کرکے لے گیا اور وہ اپنے مقام پر کھڑی رہی اس کی چھوٹی بہن ہر بات میں اس سے جیت گئی تھی شادی کی محفل میں بارہا اس کے کانوں نے یہ سنا کہ بڑی بہن کے ہوتے ہوئے چھوٹی کا بیاہ ہوگیا۔ باتوں کی گھٹن سے اس کا دل عجیب، سا ہوگیا دل کی خواہشات ایک ہلچل سی مچانے لگیں وہ بھی دلہن بننا چاہتی تھی یہ ہر لڑکی کی طرح اس کی بھی فطری خواہش تھی۔

لیکن اپنے نزدیک یہ خواہش اسے انہونی سی لگنے لگی جس کے پیچھے بھاگ بھاگ کر وہ شدت سے پیاس محسوس کرنے لگی تھی۔

ان دنوں ریحان تقریباً" ایک ماہ سے کراچی گیا تھا رسالہ بھی اس کی غیر موجودگی میں تارا نے ہی نکالا اس ماہ کا پرچہ کچھ زیادہ ہی مقبول ہوا تھا ریحان آیا تو بے حد مسرور تھا تارا انعام کے طور پر چلو ہم تم کو کراچی کی مفت سیر کرواتے ہیں اس نے تارا کی محنت کا انعام دینا چاہا وہ کچھ خوش سی ہوگئی۔

اتنا کام کرتے کرتے تم تھک گئی ہوگی۔ پورے ایک ماہ تم کراچی رہنا پندرہ دن کے اندر اندر میری شادی بھی ہے جس میں تم شرکت کرو گی تو میری خوشی دوبالا ہو جائے گی اچانک اس نے یہ کیا کہہ دیا تھا تارا کی دنیا تباہ ہوگئی وہ اسے انعام کے طور پر کتنی بڑی سزا دے رہا تھا اپنی شادی میں شرکت کرنے جا رہا تھا وہ اس کی خوشی کا ساماں اپنے ٹوٹے پھوٹے برباد دل سے کیسے دیکھے گی کیسے دیکھی گی منہ سے ایک لفظ نکالے بغیر وہ ریحان کے کمرے سے نکل کر اپنے کمرے میں آگئی اس کا کمرہ تنہا تھا اس کی اجازت کے بغیر وہاں کوئی اور نہیں آ سکتا تھا دل میں جو غبار تھا وہ اس وقت نکلنے کے درپے تھا وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی روتے روتے اس نے اپنے آگے بکھرے کتنے صفحات بھگو کر کسی کی محنت کو آگ لگا دی تھی لیکن اس وقت اس کو صرف اپنی پرواہ تھی اپنی قسمت سے گلہ تھا ریحان نے کب اس سے کوئی وعدہ وفا کیا تھا جو وہ اسے قصور وار ٹھہراتی۔ قصور تو سراسر صرف اپنے ہی دل کا تھا اس کا پرسکون دل پھر نئے سرے سے زخمی ہوگیا وہ گھر آئی تو بے حد اداس تھی رات اس نے آنکھوں میں بتا دی تو چاہے جانے کے قابل نہیں تارا اس کا دل مستقل اس سے یہ ہی کہہ رہا تھا لیکن مجھے بھی کسی نے چاہا تھا۔۔۔ شکیل۔۔۔ شکیل۔ وہ مفلس قلاش لابریرین اسے

www.pdfbooksfree.pk

بے تحاشا پھر یاد آتا جس سے اس نے بے وفائی کی تھی اور اسے اس نے صرف اس لیے ٹھکرایا تھا وہ دولت مند نہ تھا لیکن وہ خود عمر بھر دولت سے کھیلتی آئی تھی اب خود وہ ہر ماہ چار ہزار روپیہ آسانی سے کما رہی تھی دولت نے اسے کون سا سکون دیا تھا۔

اب چوٹ کھانے کے بعد اس کا دل مستقل اس سے یہ کہہ رہا تھا دولت کچھ نہیں ہوتی۔

دولت سے سب کچھ خریدا جا سکتا ہے لیکن دلی سکون دولت بھی میسر نہیں کرتی اسے سکون کی ضرورت تھی راحت کی ضرورت تھی محبت کی ضرورت تھی رات بھر میں اس کے دل نے ایک اہم فیصلہ کر لیا بغیر کسی سہارے کے زندگی کی راہیں کٹھن ہو جایا کرتی ہیں۔

اسے بھی ہم سفر کی ضرورت تھی اس نے اپنے دل میں شکیل کی بن جانے کا سوچ لیا شکیل کی چند دن کی رفاقت نے اسے کتنا سکون دیا تھا وہ اس سکون کو عمر بھر کو اپنی جھولی میں بھر لینا چاہتی تھی شکیل کی خاطر وہ اپنا راحت کدہ چھوڑ کر اس کے جھونپڑے میں بس جانے پر آمادہ تھی اس نے سوچ لیا وہ شکیل سے شادی کر کے اپنے گھر والوں سے بھی کنارہ کش ہو جائے گی تاکہ کسی قسم کا احساس اس کے دل میں نہ جاگ پڑے کہ وہ کسی سے کمتر ہے۔

صبح وہ دفتر جانے کی بجائے یونیورسٹی پہنچ گئی اور کلاس کا رخ کرنے کی بجائے وہ سیدھی لائبریری پہنچی لیکن وہاں شکیل نہ تھا اس کے پوچھنے پر پتہ چلا کہ وہ چند دن کی رخصت پر ہے۔

کیوں۔ کیوں۔۔ یہ ابھرتا سوال اس کے دل میں آیا وہ بیمار نہ ہو۔ یہ خدشہ بھی اس کے دل میں جاگا وہ ست قدموں سے لائبریری سے باہر آئی تو اس کے قدم آپ ہی آپ شکیل کے کوارٹر کی طرف بڑھنے لگے اس کا کوارٹر زیادہ دور نہ تھا لیکن تارا کو پیدل چلنے کی عادت کہاں تھی جب شکیل کی دہلیز پر پہنچی تو اس کے قدم بری طرح تھک چکے تھے پورا جسم پسینے سے شرابور تھا۔

پھر اس کا دل ڈر رہا تھا اس نے کبھی شکیل کی توہین کی تھی نہ جانے شکیل کا رویہ اس کے ساتھ کیسا ہو' اسے ذلیل ہی نہ ہونا پڑی لیکن شکیل کے ہاتھوں اس وقت اسے ذلیل ہونا بھی گوارہ تھا شکیل کی موٹر سائیکل باہر کھڑی تھی جس سے اندازہ ہوتا تھا کہ وہ اندر موجود ہے۔

کھٹ.... کھٹ.... کانپتے ہاتھوں سے وہ دروازے پر دستک دینے لگی دروازہ شکیل نے ہی کھولا اور پھر اس کے کمرے میں اور تھا بھی کون.....

اوہ۔۔۔ آپ.... شکیل کے چہرے پر اس کو دیکھ کر تلخ سی مسکراہٹ دوڑ گئی اس نے ادھ کھلے دروازے کے دونوں پٹ وا کر دیئے اور تارا کچھ بولنے سے قبل ہی خاموش ہو گئی کھلے دروازے میں تارا کو کمرے کا نظارہ بخوبی نظر آ رہا تھا شکیل کا وہی ہی اندھیرا اندھیرا کمرہ آج کتنا صاف ستھرا اور سجا سجایا تھا کونے میں پڑے چارپائی کی بجائے ڈبل بیڈ نظر آ رہا تھا جس کا بستر بھی ریشمی تھا پلنگ دلہن کی سیج کی طرح سجا ہوا تھا کمرے پر ایک نظر ڈالی

www.pdfbooksfree.pk

کر تارا سب کچھ سمجھ گئی اس پل اس کے دل پر ایک قیامت سی گزر گئی اسے سکتہ سا ہو گیا آیئے اندر تشریف لایئے شکیل بڑے مہذب انداز میں اس سے مخاطب تھا دل تو تارا کا اس وقت یہ چاہ رہا تھا کہ الٹے قدموں واپس لوٹ جائے اس کی آنکھوں میں اب یہ نظارہ دیکھنے کی تاب نہ رہی تھی لیکن وہ اپنی یہ کمزوری شکیل پر ظاہر کرنا نہیں چاہتی تھی دوسرے پل وہ سنبھل گئی۔

میں آپ کو شادی کی مبارک باد دینے آئی تھی اس نے شکیل سے اس طرح کہا کہ جیسے کبھی شکیل اور اس کا کوئی دلی تعلق نہ تھا اور شکیل کی شادی سے اس کو ذرا بھی صدمہ یا ملال نہ ہوا تھا۔

بڑی مہربانی ہے آپ کی۔۔ شکیل خوش اخلاقی سے بولا۔

اچھا میں پھر کبھی آؤں گی یہ کہہ کر وہ آہستہ سے چل دی جو کسی کا دل توڑتے ہیں وہ کب آباد ہوتے ہیں۔ اپنی ہی سوچیں اس کے دل کی ویرانی بڑھاتی جا رہی تھی۔ ٹیکسی میں بیٹھے بیٹھے وہ سوچے جا رہی تھی۔ ٹیکسی والے کی آواز پر وہ چونک پڑی وہ اس سے کہاں اترنے کا پوچھ رہا تھا ذرا فاصلے پر اس کا گھر تھا وہ ٹیکسی سے اتر کر پورچ میں آئی تو ریحان کی نیلی کار کھڑی تھی اور اندر ڈرائنگ روم میں وہ بے چینی سے اس کا منتظر تھا وہ اسے بتائے بنا آج غائب ہو گئی تھی صبح سے ریحان مسلسل گھر پر فون کیے جا رہا تھا۔

آج ایک سیاست دان کی بیگم کا انٹرویو کرنے تارا کو جانا تھا۔ تین بجے کا اپوائنٹ تھا اور تارا ایک دم غائب تھی بے چارہ حد درجے گھبرائے ہوئے تھا جب وہ آئی تو اس کی جان میں جان آئی۔ کہاں غائب تھی تم۔ وہ بے صبری سے اس کے بیڈ روم میں چلا آیا۔

ایک عزیز دوست کو اس کی شادی کی مبارکباد دینے جانا تھا وہ ریحان سے سچ بولنے لگی۔

لیکن اب تم جلدی سے تیار ہو کر میرے ساتھ چلو ریحان اسے پروگرام کے بارے میں بتانے لگا تارا تو بے حد شکستہ دل تھی اس نے تو سوچا تھا گھر جا کر آنسوؤں کے ذریعے دل کا غبار نکال کر رہے گی لیکن اب ریحان کے سامنے وہ ایک آنسو بھی نہ ٹپکا سکتی تھی اور نہ اس کے ہمراہ جانے سے انکار کر سکتی تھی آپ بیٹھئے میں ابھی تیار ہو کر آتی ہوں۔ صبح تبدیل کیا ہوا لباس اسے برا لگنے لگا تھا وہ ڈرائنگ روم میں جا کر بیٹھ گیا اور اپنے سفید سوٹ پر استری کرتے کرتے تارا پھر الجھ گئی۔ توبہ کتنی نا سمجھ ہے تارا۔ آپنے آپ کو تنہا کیوں کہتی ہے۔ تیری کتنی مصروفیات ہیں۔ کتنا اونچا تیرا نام ہے کیا ان کے سہارے تم جی نہیں سکتیں۔ یہی سوچ اس کے دل کو تسکین پہنچانے لگی۔ میں صرف اور صرف اپنے لیے جیوں گی تیار ہوتے ہوئے اس کے دل نے کتنے عہد اپنے آپ کر لیے دل کے آنگن میں شکیل اور ریحان کے بعد وہ کسی کا سایہ نہ ڈالنے کا عہد کرکے چہرے پر پرامید سی مسکراہٹ لیے جب ریحان کے ہمراہ کار میں بیٹھی تو بے حد پرسکون تھی۔

ریحان صاحب آپ مجھے ڈرائیونگ سکھادیں نا۔

www.pdfbooksfree.pk

اب زندگی کا ہر سفر میں تنہا طے کرنا چاہتی ہوں۔ اسے ریحان کا یہ عارضی سا ساتھ بھی گوارہ نہ تھا۔ ضرور۔۔۔ ریحان نے اس سے وعدہ کرکے اسے ایک عجیب سی راحت میں مبتلا کر ڈالا' سکون سے اس نے اپنا تھکا تھکا سر سیٹ کی پشت پر ٹیک دیا آنکھوں میں آئے دکھ کے آنسو آپ ہی آپ خشک ہو گئے ویرانی دل کو اب قرار سا آگیا۔

خوشخبری خوشخبری خوشخبری خوشخبری

اب آپ کے اپنے علاقہ مین حیدر روڈ رانا ٹاؤن میں

صدیقی بک ایجنسی اسٹیشنرز

ہمارے ہاں تمام سکول، کالج کی بکس اور جنرل بکس، ناول، شعروشاعری، اسلامی ادبی، سیاسی

اور اس کے علاوہ تمام جنرل بکس بازار سے بارعائت خرید فرمائیں

تمام کمپنیوں کی گائیڈ، خلاصے، ماڈل پیپرز، اور پنجاب بورڈ کی بکس اور

سٹیشنری کاپیاں رجسٹرڈ، سٹوڈنٹ ڈائری، ڈکشنریاں، ہوم ورک بک، رسالے ڈائجسٹ

کوکنگ بکس، بیوٹی بکس، وغیرہ دستیاب ہیں

نیز جلدیں بھی کی جاتی ہیں اور ناول وغیرہ رینٹ پر بھی دیے جاتے ہیں

پروپرائیٹر: بشارت صدیقی 0334-9915359

ساگر صدیقی 0323-7183071

ناصر صدیقی 0320-4337473 0313-5095721

بمقام: مین حیدر روڈ رانا ٹاؤن لاہور

www.pdfbooksfree.pk

صرف ایک رات

امتیاز خانم

کچھ عرصہ کی بات ہے میرے ابو کا تبادلہ لاہور سے رحیم یار خان ہوا۔ ہم سب بہت اداس نظر آ رہے تھے۔ میں اپنی چھت پر گئی سامنے والے گھر کی چھت پر ایک لڑکی نظر آئی ایسے ہی کمزور سی پیاری سی خوب صورت آنکھوں والی کوئی بھی عورت کسی دوسری عورت کی تعریف نہیں کرتی۔

مگر وہ تھی ہی تعریف کے لائق! اس طرح وہاں رہتے ہوئے کافی عرصہ ہو گیا ہم اسے اسی طرح چھت پر دیکھتے۔ ادھر سے ادھر جاتے ایسا معلوم ہوتا۔ جیسے وہ کسی کے انتظار میں ہے۔

وہ چھت پر جگہ جگہ کچھ لکھتی نظر آتی صبح سے لے کر شام تک تیرا انتظار کیا۔ مگر تو نہ آیا

ایک دن اتفاق سے امی کہنے لگی!

رابعہ تیار ہو جاؤ سامنے والوں کے گھر چلتے ہیں جیسے ہی ہم ان کے گھر گئے تو وہ لوگ بہت زیادہ خوش ہوئے۔

ہم نے اپنا تعارف کرایا' اور انہوں نے اپنے بارے میں بتایا۔ اسی طرح سلسلہ شروع ہو گیا۔ وہ کبھی ہمارے ہاں آجاتی۔ کبھی میں ان کے ہاں چلی جاتی۔ عموماً دیکھنے میں آیا۔ لڑکیاں اتنی چست چالاک ہوتی ہیں۔ مگر وہ لڑکی تمام لڑکیوں کی نسبت بہت مختلف تھی۔ ہمیشہ اداس اور خاموش نظر آتی تھی۔

میں نے کافی کوشش کی کہ اس سے اس کی خاموشی کی وجہ پوچھوں مگر وہ ہمیشہ کی طرح ٹال دیتی!

اسی دوران ہمیں لاہور اپنے کزن کی شادی پر جانا پڑ گیا اور پھر ہم لوگ لاہور چلے گئے۔ تقریباً" ہمیں ایک ماہ لگ گیا۔ جب ہم لوگ واپس آئے ایک دو دن ہم نے آرام کیا۔

پھر ایک دن میں گھر کی صفائی کر رہی تھی کہ سامنے والے گھر کے دروازے کے سامنے کافی موٹر سائیکل وغیرہ کھڑی تھیں۔

ہم لوگ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے خیر ہو ان کے گھر اتنے مہمان! پھر پتہ چلا ان کی لڑکی ثوبیہ باجی بڑی بیمار ہے دوسرے دن جب میں ان کے گھر گئی!

وہ ایک کمرے میں لیٹی ہوئی تھی' اس کی چھوٹی بہن سے جب میں نے پوچھا۔

اس نے آواز دی ثوبیہ آپی' رابعہ باجی آئی ہے۔

تو میں نے کہا۔

میں خود اس کے پاس جاتی ہوں جیسے ہی میں اس کے پاس کمرے میں گئی تو اس نے سفید رنگ کا لباس پہنا ہوا تھا۔ ایسے معلوم ہو رہا تھا۔ جیسے کوئی سفید گلاب کا پھول۔ مجھے دیکھتے ہی وہ بستر سے اٹھ کر بیٹھ گئی۔

ثوبیہ باجی نے بتایا!

رابعہ میں اتنی بیمار تھی تمہیں پتہ نہیں چلا۔

میں نے کہا

ثوبیہ باجی میں لاہور گئی تھیں۔ مجھے تو کل ہی پتہ چلا!

اور آج میں آ گئی!

www.pdfbooksfree.pk

انہوں نے میرے لئے چائے منگوائی پھر کافی دیر تک باتیں کرتی رہی! اس دن مجھے بھی موقع مل گیا۔

آج میں بھی ان سے دل کی حالت پوچھو! مگر پھر وہ ٹالنے لگی!

لیکن میں نے بہت اسرار کیا! ثوبیہ باجی کہنے لگی۔

رابعہ کوئی بھی میرے دل کی حالت کو سمجھ نہ سکا۔ میں اندر ہی اندر رکٹ کے رہ گئی ہوں۔

رابعہ، ثوبیہ باجی آپ کو ہوا کیا ہے۔ آپ اتنی اداس کیوں نظر آتی ہیں؟

ثوبیہ بولی! رابعہ ابھی مجھے کچھ ہوا ہی نہیں آج میں کینسر کی مریض ہو گئی ہوں۔

www.pdfbooksfree.pk

ثوبیہ نے کہا! رابعہ تم سننا چاہتی ہو۔ تو سنو! رابعہ! ابھی آپ لوگ یہاں سنیں آئے تھے۔ کافی عرصہ کی بات ہے! میری پھوپھو کراچی رہتی تھی۔

ان کے دو لڑکے سہیل اور عامر! بڑے پیارے اور لائق محنتی قسم کے لڑکے تھے۔

بڑا والا سہیل جس کے ساتھ میری منگنی بچپن سے ہوئی تھی۔ میری پھوپھو! میرے ساتھ بہت پیار کرتی تھی۔

ایک دن فون آیا پھوپھو آ رہی ہیں۔ دوسرے دن ابو اسٹیشن پر پھوپھو کو لینے گئے مگر وہ نہ آئیں!

جب ابو واپس آئے تو اکیلے تھے۔ پھوپھو ساتھ نہ تھیں ہم نے کہا ابو پھوپھو کہاں ہے۔

ابو نے کہا بیٹا میں نے تمام گاڑی دیکھ ڈالی۔ مگر تمہاری پھوپھو کہیں نظر نہیں آئیں۔

اس طرح ہر کوئی پریشان ہو گیا۔ شام ہونے کو تھی۔

فون کی بیل ہوئی۔

میں نے فون اٹھایا!

فون پر میرے پھوپھا تھے۔ انہوں نے کہا! بیٹا اپنے ابو کو بلاؤ۔

میں نے ابو کو آواز دی۔

ابو آئے!

پھوپھا نے بتایا کل رات سہیل اپنی امی کو اسٹیشن چھوڑنے آ رہا تھا۔ نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کر دی۔

جس سے سہیل کی حالت بہت خراب ہے۔ آپ لوگ فوراً آ جائیے۔

ابو نے کہا! ہم لوگ ابھی آ رہے ہیں۔

ابو نے امی کو بتایا تو امی ابو جانے کے لئے ابھی تیار ہو ہی رہے تھے۔ دوسرے ہی لمحے فون آیا۔ سہیل ہمیں چھوڑ کر اس دنیا سے جا چکا ہے۔

یہ خبر سنتے ہی میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ امی ابو تو اس وقت چلے گئے۔ لیکن زخم تو میرے لئے نیا تھا' ایسا معلوم ہوتا تھا۔ جیسے پوری دنیا ساتھ چھوڑ گئی ہو۔ رابعہ ثوبیہ ایک دم خاموش ہو گئی!

رابعہ نے کہا!

ثوبیہ باجی آپ کی شادی کس کے ساتھ ہوئی ثوبیہ نے بتایا! سہیل کی وفات کو تین سال گذر گئے۔ میرے گھر والوں نے سوچا اب ہم عامر کے لئے کس طرح بات کریں۔ انہیں دنوں اچانک پھوپھو ہمارے پاس آئیں۔ کافی دن رہیں۔ ابو نے موقع دیکھ کر بات کی۔ آپا بی اب اگر ثوبیہ اور عامر کی منگنی کر دیں۔

پھوپھو نے کہا! بھائی مجھے کوئی اعتراض نہیں! مگر ایسا معلوم ہوتا۔ جیسے پھوپھو مجبوری کے طور پر کہہ رہی ہو۔

اسی طرح ہمارے دونوں گھروں میں شادی کی تیاریاں شروع ہو گئی۔ پھر ڈھولک بجی مہندی لگی۔

میں دلہن بن کر کراچی گئی۔

جیسے ہی مجھے مسہری والے کمرے میں لے جایا گیا۔ تو میں وہاں جا کر دنیا کا تمام دکھ بھول گئی۔

عامر کمرے میں داخل ہوا۔ وہ میرے پاس آ کر بیٹھ گیا! اس نے کہا۔ ثوبیہ مجھے معلوم ہے تم اندر سے کتنی ٹوٹی ہوئی ہو! یہ سب قسمت کی بات ہے۔

اب تم میری بیوی ہو! میں تم پر کوئی آنچ آنے نہیں دوں گا۔

ثوبیہ نے کہا! واقعی رابعہ وہی بات!

وہ مجھ سے اتنا پیار کرتا' میں تمہیں اپنے الفاظ میں بتا نہیں سکتی۔ جب وہ صبح دفتر جاتا۔ میرا چہرہ دیکھ کر جاتا۔ اس کے بغیر میں سارا دن اس طرح گذارتی جیسے وہ صدیوں سے مجھ سے دور ہو۔

میں صبح سے شام کا انتظار کرتی۔ کب شام ہو۔ عامر آتے ہم بیٹھ کر ڈھیر ساری باتیں کریں۔

ہر روز اسی طرح ہوتا۔ بے چینی میں سارا دن

www.pdfbooksfree.pk

گذرتا۔ یہاں تک رحیم یار خان سے فون پہ فون آتا۔ ثوبیہ آکر ہمیں مل جاؤ۔

مگر عامر میرے بغیر ایک دن گیا۔ ایک منٹ بھی نہیں رہ سکتا تھا۔ اسے چھوڑ کر آنے کو میرا بھی دل نہیں کرتا تھا۔ اسی طرح چھ ماہ گذر گئے۔ اور امید سے ہو گئی سب کو پتہ چلا بہت خوش ہوئے۔ عامر کی خوشی کی کوئی انتہاء نہ تھی۔

وہ پہلے سے بھی زیادہ میرا خیال رکھنے لگا۔ میں اپنے آپ کو اس طرح محسوس کرتی جیسے آسمانوں سے کوئی حور اتر کر آئی ہوں!

ابھی دو ماہ ہی گذرے تھے۔ ایک دن اچانک فرش سے میرا پاؤں پھسل گیا۔ میں گر گئی جس سے مجھے بڑی چوٹیں آئیں اور میں بیمار بھی ہو گئی۔ جس سے مجھے بہت افسوس ہوا۔ میں عامر کو چاند سے پھول نہ دے سکی۔

مگر عامر نے اپنا حوصلہ بلند رکھا۔ میری اتنی خدمت کی۔ اس نے مجھے پھولوں کی طرح رکھا۔ مجھے یہی کہتا! ثوبیہ پھر کیا ہو گیا۔ اللہ کی مرضی اسی میں تھیں۔ اللہ ہمیں اور دے گا۔

لیکن پھوپھو کا رویہ دن بدن تلخ ہوتا جا رہا تھا۔ عامر مجھے محسوس نہ ہونے دیتا۔ کچھ ہفتوں بعد میں ٹھیک ہو گی۔

پھر ایک دن رحیم یار خان سے فون آیا۔ امی نے کہا! ثوبیہ تم اور عامر کچھ دنوں کے لئے یہاں آجاؤ۔

میں اور عامر رحیم یار خان آ گئے۔ چند دن رہے۔ ایسا محسوس ہوا۔ جیسے ہم دونوں ایک دوسرے سے دور ہو گئے ہو۔ جو انسان کو اپنے گھر آزادی ہوتی ہے۔ اکٹھے اٹھنا بیٹھنا۔ وہ والدین کے گھر کہاں۔

ایک ہفتے کے بعد ہم لوگ واپس چلے آئے۔ پھر وہی کام صبح سے شام کا انتظار کرنا۔ کب عامر دفتر سے آئے! ہم بیٹھ کر باتیں کریں۔ ایک دن باتوں ہی باتوں میں عامر نے کہا!

ثوبیہ اگر ہم دونوں میں سے کوئی مر جائے تو زندگی کیسے طرح گذرے گی۔ میں نے فوراً کہا۔ عامر ہم اکٹھے مریں گے۔ عامر ہنس پڑا۔

کچھ دن گذر گئے عامر کے دفتر کا ہیڈ آفیسر کو دل کا دورہ پڑ گیا۔ اس کا یہاں اپنا کوئی نہ تھا۔ جو اس کی خدمت کرتا ہر رات دفتر کا ایک آدمی اس کے پاس رہتا۔

آج جمعرات کا دن تھا۔ عامر کی باری تھی۔ جمعرات کی رات ہم ایک دوسرے کے بغیر نہیں گذارتے کرتے رہے۔ اچانک عامر نے گھڑی کی طرف دیکھا۔ اونچی آواز میں بولا!

یار بڑا ٹائم ہو گیا ہے۔ میں نے وہاں پہنچنا ہے۔ میں نے بڑی ضد کی عامر میں بھی تمہارے ساتھ جاؤں گی!

عامر کہنے لگا!

ثوبیہ پاگل ہو گئی ہو۔ رات ہسپتال میں کس طرح گذارو گی۔ میں امی کو کہہ جاتا ہوں تمہارے پاس سو جائے گی۔

میں نے بڑی ضد کی عامر کہنے لگا۔ پلیز ثوبیہ میرے بغیر صرف ایک رات صرف ایک رات۔

ہمارے شادی کا پہلا موقع تھا۔ ہم ایک دوسرے کے بغیر رہ رہے تھے۔

یہ کہتے ہوئے۔ عامر نے موٹر سائیکل گیٹ سے باہر نکالنے لگا۔ میں گیٹ میں کھڑی اسے دیکھ رہی تھی۔ جی چاہا رہا تھا۔ اسے دیکھتی جاؤں۔

مگر وہ موٹر سائیکل سٹارٹ کرتے ہوئے۔ ایک ہی بات کہہ رہا تھا۔

ثوبیہ پلیز میرے بغیر صرف ایک رات ایک رات کی تو بات ہے!

اسی طرح موٹر سائیکل دور دھواں چھوڑتی ہوئی۔ میری نظروں سے اوجھل ہو گئی۔

میں اپنے کمرے میں آ گئی۔ لیکن بے چینی بے چینی

www.pdfbooksfree.pk

سی ہے۔ پتہ نہ چلے دل کو ہوتا کیا ہے۔ بستر پر لیٹتی تو نیند بھی نہ آئے۔

سمجھ نہ آئے میں کیا کروں۔ کبھی کمرے سے باہر آجاؤں۔ کبھی کمرے میں جاؤں آدھی رات بھی نہیں گذری تھی۔

اچانک فون کی بیل ہوئی میں نے بھاگ کر فون پکڑا۔ سوچا عامر کا فون ہو گا۔ مگر کسی دوسرے شخص کا فون تھا۔ اس نے کہا۔

یہ عامر کا گھر ہے۔ میں نے کہا ہاں عامر کا گھر ہے۔

کیوں؟

اس نے کہا! عامر کا ایکسڈنٹ ہو گیا ہے۔ اس کے دماغ پر چوٹ لگنے سے وہ انتقال کر گیا ہے۔ یہ لفظ سنتے ہی! میری چیخ نکلی!

پھوپھو اور پھوپھا اپنے کمرے سے بھاگ کر آئے۔

مجھے کچھ ہوش ہی نہ رہا۔ پھوپھا نے ریسیور پکڑا۔ اس آدمی سے بات کی۔ دوسرے دن صبح 5 بجے لاش گھر آگئی۔ میرا دل اس طرح تھا۔ جیسے پھٹ جائے گا۔

ابھی عامر کی لاش میرے سامنے پڑی تھی۔ میری پھوپھو نے کہنا شروع کر دیا۔

یہ تو ہے ہی منحوس! میرے دونوں بیٹوں کو نگل گئی۔

اس دن میری یہ حالت تھی۔ میں بھی عامر کے ساتھ مر جاؤں گی۔ مگر مجھے موت کہاں! اسی طرح دن گذرتے گئے عامر میرے ساتھ ایک رات کا وعدہ کر کے نہ لوٹا اس کے بغیر میرے دن قیامت کے دن گذرتے۔

عامر کا چہلم تھا۔ میرے امی ابو بھی آئے۔ دوسرے دن میری پھوپھو نے ابو سے کہا۔

اس منحوس کو میرے گھر سے لے جاؤ۔ اس کے لئے میرے گھر میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ مجھے اس وقت بھی یہی انتظار تھا۔ عامر ایک رات کا وعدہ کر کے گیا ہے۔ وہ ضرور واپس آئے گا۔ امی ابو مجھے گھر واپس لے آئے۔

مگر وہ 13 ماہ میرے لئے اس طرح تھے۔ جیسے میں نے پوری زندگی عامر کے ساتھ گذری ہو رابعہ! اب عامر کی وفات کو 12 سال ہو گئے۔ مگر عامر کو ایک دن بھی نہیں بھول سکی۔ یہی امید ہے عامر آئے گا۔ ضرور۔ وہ وعدہ کر کے گیا ہے۔

ثوبیہ کی آنکھوں سے چھم چھم آنسو گرنے لگے۔

میں نے اسے حوصلہ دیا۔

ثوبیہ باجی۔ پلیز آپ روئیے نہیں۔ آپ پہلے ہی بیمار ہیں۔

ثوبیہ نے کہا۔ معلوم نہیں مجھے کب موت آئے گی۔

اس کے بعد میں اپنے گھر واپس آگئی۔ جانیں اس کی بات کو ایک منٹ بھی نہیں بھول پائی۔

اللہ کی قدرت ہے اللہ تعالیٰ انسان کو سکھ بھی دیتا ہے اور دکھ بھی مگر اس نے انسان کو اتنا حوصلہ دیا ہے کہ وہ ہر دکھ کو برداشت کر لیتا ہے۔

میں تو بس اتنا کہوں گی کہ اس دنیا میں کوئی بھی شخص منحوس نہیں ہوتا۔ ہر بات نصیب پر منحصر ہوتی ہے۔ کسی کا نصیب اچھا اور کسی کا برا۔

میں تو کہوں گی۔ نہ کسی کی بیٹی منحوس ہے۔ اور نہ کسی کا بیٹا منحوس ہے۔ تو اس دنیا کی زبان جو کہ کسی کے دکھ کو نہیں سمجھتی۔ اگر سمجھتی ہے تو یہ دنیا صرف اپنے ہی مفاد کو!

میرے نزدیک اس دنیا کا بہتر انسان وہ ہے جو کہ سب کے دکھوں کو اپنی جھولی میں سمیٹ لے اور اپنی خوشیاں دوسروں پر نچھاور کر دے۔

ثوبیہ باجی کو کبھی عامر بھائی ملے گا ہی نہیں بس اس دنیا کا دستور ہے۔

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

جناب عرض ہے

بارہ عورتیں بارہ کہانیاں

دکھی مرد و خواتین کی سچی آپ بیتیاں شائع کرنے والا پہلا میگزین

عنقریب اپنی اشاعت کا آغاز کر رہا ہے۔ قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں

وہ مرد و خواتین جو اپنی یا اپنے اردگرد کی سچی، اچھوتی، معاشرتی آپ بیتیاں جو آپ لوگوں تک پہنچانا چاہتے ہیں یا جسے آپ زبان پر نہیں لا سکتے یا کسی سے کہہ نہیں سکتے یا آپ لکھنے کا شوق رکھتے ہیں پر لکھ نہیں پا رہے یا آپ دوسرے رسائل و ڈائجسٹ سے تنگ آ چکے ہیں، وہ پریشان نہ ہوں اب انتظار کی گھڑیاں ختم کیونکہ اب "بارہ عورتیں بارہ کہانیاں" کے صفحات آپ کی تحریروں کے منتظر ہیں۔

آپ اپنی تحریر خوشخط اور ایک صفحہ چھوڑ کر لکھیں تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔ شکریہ

اس میگزین میں آپ مختصر واقعات، اپنی ڈائری کے قیمتی اوراق، پیغامات، پسندیدہ اشعار، غزلیں، نظمیں، اقوال زریں، ٹوٹکے اور بیوٹی ٹپس بھی شائع کروا سکتے ہیں

صرف 10 عدد میگزین کی خریداری کے عوض آپ اپنی کہانی، آپ بیتی شائع کروا سکتے ہیں

رابطہ و خط و کتابت کے لیے۔ بارہ عورتیں بارہ کہانیاں۔ 29 جلال الدین بلڈنگ چوک اُردو بازار لاہور..... موبائل نمبر 0314-4308530

www.pdfbooksfree.pk

تیرا دیس چھوڑ چلے

رانا جی

فیروز سات سال کی عمر میں والدین جیسے عظیم رشتوں سے محروم ہو گیا۔ اس کے والدین راولپنڈی شادی میں شریک کی غرض سے جا رہے تھے۔ کہ راستے میں ان کی گاڑی ایک ٹرک سے ٹکرا گئی اور وہ موقعہ پر ہی ہلاک ہو گئے۔

فیروز کے والدین کی وفات کے بعد فیروز کے انکل جبار اسے اپنے گھر لے آئے۔ اور اس کی باپ بن کر پرورش شروع کر دی۔ اور اسے باپ کی کمی کا احساس تک نہ ہونے دیا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ یہاں پر مسرت و شادماں تھا سب سے بڑھ کر فری کی قربت میں وہ غموں اور پریشانیوں کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ جسکو وہ زندگی سے بڑھ کر چاہتا تھا۔ فری اس کی کزن تھی۔ اور والدین کی اکلوتی لاڈلی بیٹی تھی۔ اور اسی سے ان کی تمام امیدیں وابستہ تھیں۔ وہ فری کو اس قدر چاہتے تھے کہ اس کے منہ سے نکلی ہوئی ہر بات پل بھر میں پوری کر دی جاتی۔ فری بھی والدین کا بہت احترام کرتی تھی۔

ملک جبار اور آمنہ بیگم کی خواہش تھی کہ اللہ تعالٰی انھیں نرینہ اولاد سے نوازے مگر لاکھ علاج معالجے اور تعویذ گنڈوں کے باوجود ان کی خواہش پوری نہ ہو سکی تھی۔ آمنہ بیگم نے کئی بار اپنے میاں ملک جبار سے کہا کہ وہ دوسری شادی کر لیں شاید ان کی یہ خواہش خدا پوری کر دے۔ مگر ملک جبار نے دوسری شادی کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ وہ کہتے تھے اگر خدا نے بیٹے سے نوازنا ہوتا تو اسی بیوی سے نواز دیتا۔ جب خدا کو منظور ہی نہیں تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ آمنہ بیگم پر سوکن اور فری پر سوتیلی ماں کا سایہ تک نہیں پڑنا دینا چاہتے تھے۔ اور اب تو ویسے بھی وہ عمر کے اس حصے میں پہنچ چکے تھے۔ کہ جب انسان بوڑھا کہلانے لگتا ہے۔ اب تو کل کائنات فری ہی تھی۔

ملک جبار شہر کے ایک بڑے بزنس مین تھے۔ اور اس میں فیروز کا برابر کا حصہ تھا۔ کیونکہ ملک جبار اور ملک فیروز دونوں مل کر شراکت میں کاروبار کرتے تھے۔ اور فیروز کے والدین فوت ہو چکے تھے۔ اس لیئے والدین کی وفات کے بعد وہ اپنے باپ کی جائیداد کا اکلوتا وارث تھا۔

فیروز ایف ایس سی سال دوم میں پڑھ رہا تھا۔ جبکہ فری فرسٹ ائیر میں تھی۔ فیروز ہر کلاس میں فرسٹ پوزیشن میں پاس ہوتا چلا آرہا تھا۔ اور ہر کلاس میں فرسٹ پرائز لیتا تھا۔ اس کی ذہانت کا سب سٹوڈنس اعتراف کرتے تھے۔

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

فری نے ہر کلاس میں ہر ممکن کوشش کی۔ کہ وہ کسی طرح کسی کلاس میں تو فیروز سے زیادہ مارکس لے کر اس کے ریکارڈ کو توڑ دے۔ مگر دن رات کی محنت کے باوجود وہ اس قدر مارکس حاصل نہ کرپاتی۔

اس کا خیال تھا کہ فیروز ٹیچرز کو رشوت دیکر مارکس بڑھوا لیتا ہے۔ اور خوامخواہ اپنی ذہانت کا رعب دوسروں پر ڈالتا رہتا ہے۔ لیکن میٹرک کے انعام میں اسے دلی طور پر اس کی ذہانت کا اعتراف کرنا پڑا

www.pdfbooksfree.pk

تھا۔ کیونکہ یہ بورڈ کا اگزام تھا۔ اور یہاں رشوت سے کام چلانے کے بہت کم چانس تھے۔

میٹرک میں فیروز نے پورے سکول میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی۔ بہترین کارکردگی پر تمام اساتذہ نے اسے خصوصی طور پر مبارکباد دی تھی۔ سکول ہیڈ ماسٹر صاحب نے فیروز کو سکول کا ذہین و فطین طالب علم قرار دیا تھا۔ اور اس خوشی میں ہیڈ ماسٹر صاحب نے اسے علامہ اقبال کی تصانیف کے ساتھ اعزازی تمغے سے بھی نوازا تھا جو قسمت والوں کو ہی ملتا ہے۔

اس دن جب وہ خوشی خوشی گھر آیا تو وہ گھر میں آتے ہی زور زور سے فری کو پکارنے لگا۔ اس سے یہ بے پایاں خوشی قابو میں نہیں آ رہی تھی۔ بڑی مشکل سے فری اسے کمرے میں مل گئی۔ اس نے اسے بازوؤں سے پکڑ کر اسے اپنے گرد کئی چکر دے ڈالے۔

"فیروز.... یہ کیا بدتمیزی ہے"۔ فری نے چلا کر کہا۔

"فری آج میں بہت خوش ہوں۔ جی کرتا ہے ہواؤں میں اڑتا پھروں"۔

"مگر ایسی بھی کیا خوشی ہے" فری نے فیروز کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

"اس لئے کہ میں پورے سکول میں میٹرک میں نے سب سے زیادہ مارکس لیئے ہیں"۔ فیروز نے فرط مسرت میں کہا۔

"مگر اس کا کیا ثبوت ہے کہ تم فرسٹ آئے ہو" فری کو اس کی بات پر یقین نہیں آ رہا تھا۔

دراصل وہ جان بوجھ کر اسے ستانا چاہتی تھی۔

"یہ دیکھو' آنکھیں کھول کر' یہ آج کا اخبار ہے۔ یہ میری تصویر لگی ہے جس کے نیچے لکھا ہوا ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 کے فیروز نے میٹرک میں سب سے زیادہ مارکس لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی ہے"۔ فیروز نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے پڑھا۔

"فیروز کے بچے! تم نے تو کمال کر دیا۔ میں تو سمجھتی تھی کہ تم میٹرک کے بورڈ کے اگزام میں اپنی سابقہ پرفارمنس کھو دو گے۔ مگر تم نے میری سوچ کے برعکس اپنے سابقہ ریکارڈ کو بھی برقرار رکھا۔ بلکہ اس بار تو تم نے پہلے سے بھی زیادہ مارکس حاصل کئے ہیں۔ خیر تم اچھی پرفارمنس میں رہے مگر میرے نزدیک کوئی بڑی بات نہیں۔ اگلے سال میرا بھی میٹرک کا اگزام ہے پھر دیکھنا تم سے زیادہ مارکس نہ لوں تو میرا نام بدل دینا" فری نے فیروز کو چیلنج کرتے ہوئے متکبر لہجے میں کہا۔

"یہ منہ۔ اور مسور کی دال....!" یہ کہہ کر فیروز کمرے سے تقریباً بھاگتا ہوا باہر نکل گیا کیونکہ فری اسے مارنے کو دوڑی تھی۔

فری کئی دنوں سے فیروز کے پیچھے پڑی ہوئی تھی کہ وہ میٹرک میں امتیازی پوزیشن میں کامیابی کی خوشی میں اسے کوئی خوبصورت گفٹ دے۔ جبکہ فیروز ابھی سوچ رہا تھا کہ گفٹ میں اسے کیا چیز دے۔ کئی روز تک فیروز اسی کشمکش اور تذبذب میں مبتلا رہا۔ آخر اسے ایک چیز پسند آ ہی گئی۔

اس نے صرافہ بازار سے ایک خوبصورت

www.pdfbooksfree.pk

انگوٹھی خریدی۔ جس میں کئی رنگ کے خوبصورت نگینے جڑے ہوئے تھے۔ اور نگینوں سے یکے بعد دیگرے کئی رنگ آشکار ہوتے تھے۔ انگوٹھی پیک کروانے کے بعد وہ اسے گھر لے آیا۔ فری اپنے کمرے میں کسی کتاب کا مطالعہ کر رہی تھی۔ اچانک اپنے کمرے میں قدموں کی چاپ سن کر چونک گئی۔ نظریں اٹھا کر دیکھا تو سامنے فیروز ہونٹوں پر مسکان سجائے بڑی محویت سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"آیئے آیئے فیروز کھڑے کیوں ہو بیٹھو نا"۔ فری نے مسکراتے ہوئے کہا۔ اور فری کی پیشکش پر وہ مسکراتا ہوا صوفے پر بیٹھ گیا۔ کچھ لمحے کمرے میں گہرا سکوت رہا پھر اس سکوت کو فری نے ہی توڑا۔

"آج جناب ضرورت سے زیادہ ہی خوش نظر آرہے ہیں" فری نے کتاب ٹیبل پر پٹختے ہوئے کہا۔

"شاید تم صحیح کہتی ہو" فیروز نے کہا۔

"اچھا تو ہاتھ میں کیا چیز دبا رکھی ہے" وہ براؤن کلر کا ننھا سا پیکٹ جو فیروز نے اپنے تئیں فری سے چھپا رکھا تھا۔ مگر فری نے دیکھ لیا تھا۔

"یہ .... یہ آپ کی امانت ہے میری طرف سے حقیر سا گفٹ! فری کے پیکٹ دیکھ لینے پر وہ کچھ ندامت سی محسوس کرنے لگا تھا۔ شاید وہ کسی اور مناسب موقعہ پر وہ گفٹ دینا چاہتا تھا"۔

"ادھر ہاتھ کرو" فیروز نے کہا اور فری نے فوراً" ہاتھ آگے بڑھا دیا۔ فیروز نے اس کا نرم و ملائم ہاتھ پکڑ لیا۔ دوسرے ہاتھ سے ڈبیا کھولی۔ اور چم چم کرتی انگوٹھی باہر نکال لی۔ نگینوں کی شعاعیں فری کے چہرے پر پڑ رہی تھیں۔ فیروز نے فری کی مخروطی انگلیوں کا جائزہ لیا۔ اور ایک انگلی میں وہ انگوٹھی پہنا دی۔ فری کے ہونٹوں پر مسکان نے کروٹ لی۔ اور اس نے دیوانہ وار انگوٹھی کو کئی بار چوم ڈالا۔

"ارے تم نے تو ایسے انگوٹھی پہنائی ہے جیسے تم سے میری منگنی ہو رہی ہے" فری نے ہنستے ہوئے کہا۔

"جن کی نسبتیں بچپن میں طے ہو جائیں ان کی بار بار منگنی نہیں ہوا کرتی۔ ویسے تم اسے کوئی سا بھی نام دے سکتی ہو۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں" فیروز نے متانت سے کہا۔ اس سے پہلے کہ فری اس کی بات کا جواب دیتی۔ آنٹی آمنہ کمرے میں آدھمکیں اور ان کی اچھی بھلی باتوں کا ستیاناس کر دیا۔

فری دن رات کتابوں کے مطالعے میں محو نظر آتی۔ وہ ہر حال میں فیروز سے زیادہ مارکس لے کر اس کا میٹرک کا ریکارڈ توڑنا چاہتی تھی۔ یوں تو وہ ہر کلاس میں خوب محنت کرتی تھی۔ مگر دن رات کی محنت اور مطالعے کے باوجود وہ بڑی مشکل سے دوسری پوزیشن حاصل کر پاتی تھی۔ جبکہ فیروز تو پورے سکول میں ٹاپ کرتا تھا۔

فری جس انداز میں اس مرتبہ اگزام کی تیاری کر رہی تھی۔ اسے پوری امید تھی۔ کہ اس مرتبہ وہ فیروز کا ریکارڈ توڑنے میں ضرور کامیاب ہو جائے گی اس لئے اس نے غیر نصابی پروگرام مس کر رکھے تھے۔ وہ ہر ہفتے بازار شاپنگ کرنے ضرور جاتی تھی مگر اب تو اسے شاپنگ کئے ہوئے بھی کئی ہفتے گزر چکے تھے۔ اور اس نے فرینڈز سے بھی ملنا جلنا ترک کر رکھا تھا۔

www.pdfbooksfree.pk

فیروز اب سکول کی فضا سے نکل کر کالج کے ماحول میں رچ بس گیا تھا۔ وہ ایف ایس سی کے سال اول میں تھا۔ اور حسب معمول اگزام کی بھرپور تیاری کر رہا تھا۔

فری اگزام سے فارغ ہو چکی تھی۔ اور رزلٹ آؤٹ ہونے کا بے چینی سے انتظار کر رہی تھی۔ اور ساتھ ہی ساتھ خدا سے فیروز کا ریکارڈ توڑنے کی دعائیں بھی مانگتی رہتی تھی۔ مگر شاید اس کی دعائیں قبول نہ ہو سکیں۔ رزلٹ آیا تو وہ فیروز جتنے مارکس لینے میں بری طرح ناکام رہی تھی۔ وہ کلاس میں دوسرے نمبر پر رہی تھی۔

فری جب گزٹ سے اپنے مارکس دیکھ کر گھر لوٹی تو وہ کچھ نڈھال اور کچھ شرمندہ شرمندہ سی تھی۔ فیروز چونکہ گزٹ پر اس کے مارکس دیکھ چکا تھا۔ اس لئے وہ اس کے بجھے بجھے اور لٹکے ہوئے چہرے کو دیکھ کر بات کی تہہ تک پہنچ گیا۔

فری آج کے دن فیروز کے سامنے نہیں آنا چاہتی تھی مگر ایسا ممکن نہ تھا۔ ایک ہی گھر اور ایک صحن میں رہتے ہوئے ایک دوسرے سے سامنا نہ ہو یہ ممکن نہ تھا۔ اور فیروز تو گڑے مردے اکھاڑنے والا تھا۔ فری نے اپنے آپ کو مقید کر لیا تھا۔ اور کمرے میں فیروز کے نہ آنے کی دعائیں مانگتی رہی۔ مگر ابھی اسے اپنے کمرے میں آئے کچھ دیر ہی گزری تھی کہ فیروز بھی وہیں آدھمکا۔ اور اسے دیکھ کر اس کی جبیں عرق آلود ہو گئی۔ وہ آتے ہی گویا ہوا۔

ارے محترمہ تمہارے چہرے پر بارہ کیوں بج رہے ہیں۔ خدا کے فضل سے تم اچھے خاصے نمبروں سے کامیابی سے ہمکنار ہوئی ہو۔ پھر یہ اداسی' بے چینی اور پریشانی کیسی؟ ہاں مجھے خود افسوس ہے کہ تم میرے جتنے مارکس نہ لے سکیں۔ اور میرا ریکارڈ توڑنے میں ناکام رہی۔ خیر چھوڑیئے! چھوٹی چھوٹی باتوں پر دل برداشتہ نہیں ہوا جاتا۔ ہو سکتا ہے تم اگلی بار مجھ سے بھی زیادہ مارکس لے لو۔ اور اب غصہ تھوکو اور پاس ہونے کی خوشی میں منہ میٹھا کراؤ"۔ فیروز نے دائیں ہاتھ سے اس کے جھکے ہوئے سر کو اوپر اٹھاتے ہوئے کہا۔ مگر اس کے باوجود ادھر خاموشی چھائی رہی۔ شاید اس نے ابھی تک غصے اور شرمندگی کے غبار کو نہیں نکالا تھا۔

"ارے محترمہ! اب غصہ تھوک بھی دو۔ یہ لٹکا ہوا چہرہ مجھے ایک آنکھ نہیں بھا رہا۔ ایسے لگ رہا ہے جیسے غبارے سے ہوا نکل گئی ہو"۔ اور فیروز کی یہ بات اپنا کام کر گئی۔ فری کے ہونٹوں پر تبسم کھیلنے لگا۔

"شکر ہے۔ کفر ٹوٹا ورنہ....."

"تم خوشیاں مناتے اور مجھ پر طنز کرتے' نشتر لگاتے"۔ فری' فیروز کی بات کاٹتے ہوئے پرطیش لہجے میں بولی۔ اس کی آنکھوں میں نمی تیر رہی تھی۔

"فری! تم ہوش میں تو ہو۔ یہ ایک دم تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ اس خوشی کے موقع پر تم۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے فری۔ اگر میری وجہ سے تمہیں کوئی زک پہنچی ہے تو مجھے معاف کر دو۔ میں آئندہ ایسی باتیں نہیں کروں گا"۔ فیروز نے بڑی عاجزی و انکساری سے کہا۔

"ارے فیروز تم تو واقعی سیریس ہو گئے"۔

www.pdfbooksfree.pk

فری نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا۔ "میں نے تو تمہیں ستانے کے لئے یہ ناٹک کیا ہے۔ کون بدبخت اس خوشی کے موقعہ پر ناخوش ہو سکتا ہے"۔ فری نے فیروز کے حیرت زدہ چہرے پر نظریں گاڑتے ہوئے کہا۔

"اچھا چھوڑیئے اس فضول بحث کو! یہ بتاؤ تم اس خوشی میں کون سا تحفہ لینا پسند کرو گے"۔

"پہلے وعدہ کرو تم۔ کہ جو مانگوں گا تم دو گی"۔

"ٹھیک ہے بشرطیکہ وہ چیز میری دسترس میں ہو"۔

"تم اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دے دو"۔

"دیکھو فیروز! اس وقت مذاق کا بالکل موڈ نہیں۔ سیریس بتاؤ"۔ فری سنجیدہ ہو گئی۔

"دیکھو فری خدا کی قسم میں نے یہ مذاق نہیں کیا"۔ اس نے گھمبیر لہجے میں کہا۔

"تم باز نہیں آؤ گے۔ ہر وقت مذاق' اگر گفٹ نہیں لینا تو نہ لیجئے"۔ اس نے خفگی سے کہا اور جانے کے لئے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"ارے ارے تم کہاں چلیں۔ بیٹھو تو سہی"۔ اور فیروز نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے صوفے پر بٹھا دیا۔ کچھ ساعتیں سکوت کی نذر ہو گئیں۔ پھر اس سکوت کو فیروز نے ہی توڑا۔

.... "فری! میں نے کہا تو وہ بھی ٹھیک تھا۔ تم اسے مذاق سمجھو تو تمہاری مرضی۔ تم جو چاہو گفٹ کر سکتی ہو۔ مجھے منظور ہو گا"۔ اور وہ وہاں سے اٹھ آیا۔

فری نے فیروز کے لئے ایک خوبصورت لاکٹ خریدا اور گھر لے آئی۔

"مے آئی کم ان فیروز؟" دروازے پر فری کی آواز سن کر فیروز چونک گیا۔ جانے وہ کن خیالوں کی بھول بھلیوں میں کھویا ہوا تھا۔ اور خیالات کی اس لڑی کا ٹوٹنا اس پر ناگوار گزرا تھا۔ وہ اس وقت کسی کی مداخلت نہیں چاہتا تھا۔

"نو"۔ فیروز نے متانت سے کہا۔

"لیکن میں آ رہی ہوں" یہ کہہ کر وہ تیزی سے اندر گھس آئی۔

"اگر تمہیں آنا ہی تھا تو پھر اجازت لینے کی کیا ضرورت تھی۔ فیروز نے خفگی سے کہا"۔

"ٹھیک ہے میں چلتی ہوں آئندہ تمہارے کمرے میں قدم نہیں رکھوں گی" فری نے فیروز کو ناراض دیکھا تو جانے کے لئے چل دی۔ فیروز کو فری کا ناراض ہونا بھی گوارا نہ تھا۔

"اوہو تم تو ناراض ہو گئیں ارے بابا میں تو مذاق کر رہا تھا آئی ایم ویری سوری!" یہ کہہ کر فیروز نے اسے کندھوں سے پکڑ کر زبردستی صوفے پر بٹھا دیا۔ اور فری فیروز کی اس خوبصورت حرکت پر کھلکھلا کر ہنس پڑی۔

"آپ مجھے گفٹ سے نوازنے آئی ہیں؟"

"جی ہاں!"

"تو لاؤ نا.... دیر کس بات کی ہے"

"یہ لیجئے" فری نے ہتھیلی پر لاکٹ رکھ کر ہاتھ آگے بڑھا دیا۔

"ارے ایسے نہیں' یہ لاکٹ تم خود میرے گلے میں پہناؤ گی" فیروز نے مچلتے ہوئے کہا۔

"نو پرابلم ہم خود ہی پہنا دیتے ہیں"۔ فری

www.pdfbooksfree.pk

نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا اور لاکٹ فیروز کے گلے میں ڈالنے لگی۔ لاکٹ فیروز کے گلے میں پہنا کر وہ دوبارہ صوفے پر بیٹھ گئی۔

"یقین کرو فری' تم نے میری بات مان کر میری روح تک کو سرشار کر دیا ہے"۔ فیروز نے مغلوب ہوتے ہوئے کہا۔

وقت کا پنچھی محو پرواز رہا۔ اور دو سال کا عرصہ انہی شرارتوں میں پلک جھپکتے میں گزر گیا۔ اس عرصہ کے آخری ایام میں ایک اہم واقعہ ہوا جس کا فیروز کو دلی طور پر دکھ ہوا۔ فری دن رات کی محنت اور کوشش کے باوجود ایف ایس سی کا امتحان پاس نہ کر سکی تھی۔ جو نہ صرف فیروز بلکہ پورے گھر والوں کی سوچ کے برعکس تھا۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ ہر امتحان میں اچھے مارکس لینے والی فری ناکام بھی ہو سکتی ہے۔ فیروز چاہتے ہوئے بھی اس کی وجہ نہ پوچھ سکا۔ وہ فری کو شرمندہ نہیں کرنا چاہتا تھا۔ وہ ان دنوں اس کے سامنے آنے سے بھی گریز کر رہا تھا۔ تاکہ فری اس کے سامنے شرمندہ نہ ہو۔ مگر اس دن وہ اس سے نہ صرف ملنے بلکہ اس سے بہت کچھ پوچھنے پر بھی تیار ہو گیا تھا۔ یہ خبر اس کے لئے انتہائی حیرت اور پریشان کن تھی۔ فری نے مزید آگے پڑھنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔

فری کا تعلیم کو خیرباد کہہ دینے کے فیصلے پر فیروز بہت رنجیدہ تھا۔ وہ اکثر سوچتا رہتا تھا کہ ایف ایس سی کے بعد وہ فری کو میڈیکل میں داخلہ دلوائے گا۔ اور اپنے ساتھ اسے بھی ڈاکٹر بنائے گا۔ اور پھر شادی کے بعد ایک خوبصورت کلینک بنائیں گے۔ جہاں دونوں مل کر مریضوں کا علاج کیا کریں گے۔ لیکن بعض اوقات انسان سپنے تو بڑے سندر اور حسین دیکھتا ہے۔ مگر ان کی تعبیر اتنی بھیانک اور پر اذیت ہوتی ہے۔ کہ انسان کی روح تک زخمی ہو جاتی ہے۔ سپنے تو شاید صرف آنکھیں میں سجانے کیلئے ہوتے ہیں۔

"دیکھو فری! زندگی میں ناکامیاں اور کامیابیاں تو آتی رہتی ہیں۔ بلکہ ناکامی تو کامیابی کا زینہ ہے۔ اگر انسان ناکامی سے دل برداشتہ ہو کر اپنا مستقبل داؤ پر لگا دے تو یہ کہاں کی عقل مندی ہے؟ تعلیم تو انسان کو بہت سی ناکامیوں اور محرومیوں سے نجات دلاتی ہے۔ کوئی وقت ایسا بھی آتا ہے۔ جب سب لوگ اس سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں اور اس نازک موڑ پر تعلیم ہی انسان کا ساتھ دیتی ہے۔ خدارا تم اپنا فیصلہ واپس لے لو۔ ایک بار پھر پوری لگن سے امتحان کی تیاری کرو انشاء اللہ کامیابی تمہارے قدم چومے گی" فیروز فری سے ہر کوشش سے اس کا فیصلہ بدلوانا چاہتا تھا۔ اس لیئے وہ مختلف دلائل سے تعلیم کی اہمیت بتا کر اسے تعلیم کی طرف راغب کرنا چاہتا تھا۔ کچھ دیر فری خاموش رہی پھر دھیرے دھیرے لب کشائی کی۔

"فیروز' میں تمہاری باتوں کی دل سے قدر کرتی ہوں۔ اور اس کا اعتراف بھی کرتی ہوں کہ تعلیم کے بغیر انسان ادھورا ہے۔ لیکن میرے خیال میں میں نے اتنی تعلیم حاصل کر لی ہے کہ میں معاشرے میں سینہ تان کر چل سکتی ہوں۔ ویسے بھی عورتوں کیلئے اتنی تعلیم کافی ہوتی ہے" فری نے

www.pdfbooksfree.pk

متانت سے کہا۔

"فری آخر تم سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتی۔ تمہارے لیئے یہ تعلیم بہت کم ہے۔ آخر ایسی کون سی مجبوری آڑے آگئی ہے جو تمہیں تعلیم سے متنفر کیئے ہوئے ہے" فیروز نے قدرے سخت لہجے میں پوچھا۔

"فیروز پلیز! میں مزید آگے نہیں پڑھ سکتی۔ اپنے احساسات و جذبات کا مجھے علم ہے۔ میرا دل اور دماغ مکمل طور پر تعلیم سے باغی ہو چکا ہے۔ میں لاکھ کوشش کے باوجود تعلیم کی طرف توجہ نہیں دے سکوں گی"۔

"دیکھو فیروز پلیز' میں کچھ بتانے سے قاصر ہوں۔ تمہیں میری قسم ہے۔ اس موضوع پر بات نہ کرو۔ میں کسی صورت میں آگے نہیں پڑھ سکتی مجھے مجبور مت کرو پلیز" وہ انکسار کر رہی تھی۔

فری کی انکساری اور اس کی قسم نے فیروز سے رہی سہی قوت گویائی سلب کر لی تھی۔ وہ بہت کچھ کہنا اور پوچھنا چاہتا تھا۔ مگر کچھ نہ کہہ سکا۔ اور بجھے دل کے ساتھ اپنے کمرے میں چلا آیا۔ شدت غم سے سکی آنکھیں بھر آئیں۔ اور وہ کتنی دیر تکیہ بھگوتا رہا۔

اسے اپنے سپنوں کا محل ٹوٹتا نظر آرہا تھا۔ اس نے فری کے ڈاکٹر بننے کے جو سندر سندر خواب دیکھے تھے۔ وہ چکنا چور ہو گئے۔ کئی روز تک وہ اسی غم میں کالج بھی نہ جا سکا تھا۔ اب وہ اکثر سوچتا کہ چلو کوئی بات نہیں۔ کہ فری مزید آگے نہ پڑھ سکی۔ اگر وہ ڈاکٹر بن جاتی تو شاید گھریلو ذمہ داریوں سے عہدہ برا نہ ہو سکتی۔ اب شادی کے بعد وہ اسے بھرپور پیار دے سکتی تھی۔ پھر بچے ہونگے۔ ان کی تعلیم و تربیت اور دیکھ بھال بھی تو کرنا ہو گی۔ یوں وہ ایک بہتر زندگی گزاریں گے۔

انہی سندر سندر اور حسین سپنوں کے دوش وہ اڑتا رہا۔ وقت سرکتا رہا گزرتا رہا اور کئی سال بیت گئے۔ فیروز ان دنوں ہاؤس جاب کر رہا تھا۔ اور عنقریب اپنا کلینک کھولنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ اس دوران فری اپنی فرینڈز کے ساتھ ملک کے بہت سے مقامات کی سیر کر چکی تھی۔ اور خود کو مصروف رکھا تھا۔

اب فیروز فری کو جلد از جلد اپنی دلہن کے روپ میں دیکھنا چاہتا تھا۔ اس نے سوچ لیا تھا۔ کہ کلینک بنانے کے فوراً" بعد ہی وہ انکل اور آنٹی سے فری سے اپنی شادی کا مطالبہ کر دے گا۔

ایک دن جب وہ ہاسپٹل سے واپس گھر لوٹا تو گھر سے ایک اسمارٹ اور خوش شکل نوجوان دو عمر رسیدہ مرد اور خاتون کو جاتے دیکھا۔ اگرچہ انکل اور آنٹی سے ایسے ملنے والے آتے رہتے تھے۔ مگر نامعلوم کیوں فیروز کو وہ لوگ کچھ مشکوک سے لگے۔ وہ ان لوگوں کے متعلق جاننے کے لئے فری کے کمرے میں جا دھمکا جو اس وقت کسی کتاب کی ورق گردانی کرنے میں مصروف تھی۔ فیروز کو دیکھ کر وہ مسکرا پڑی اور گویا ہوئی۔ "آیئے' ہم تو نظریں بچھائے بیٹھے ہیں آپ کیلئے"۔ فری کا غیر متوقع خوشگوار موڈ دیکھ کر وہ چونکے بنا نہ رہ سکا۔

"لگتا ہے آج بہت خوش ہو" فیروز نے

www.pdfbooksfree.pk

مسکراتے ہوئے کہا۔

"ہوں' بالکل بہت زیادہ خوش ہوں" وہ ایک ادا سے بولی۔ اس کا چہرہ خوشی و مسرت سے تمتما رہا تھا۔ اس وقت فیروز کے دل سے دعا نکلی۔ اے خدا میری فری کو یونہی سدا پر مسرت و شادمان رکھنا

"فری آخر کون سا تمھیں قارون کا خزانہ مل گیا ہے۔ جو تم اس قدر ہواؤں کے دوش اڑ رہی ہو"۔

"ابھی نہیں جب وقت آئے گا تمھیں خود معلوم ہو جائے گا"۔

"تو گویا سرپرائز دینا چاہتی ہو"۔

"یونہی سمجھ لیجئے"۔

"اچھا فری میں اس وقت تم سے کچھ پوچھنے آیا ہوں"۔

"پوچھیئے" اس نے اپنی جھیل سی گہری آنکھیں اس پر گاڑ دیں۔

"ابھی تھوڑی دیر پہلے جو تین عدد مہمان یہاں سے تشریف لے گئے ہیں وہ کس سلسلے میں یہاں آئے تھے"

"کیوں ان کے آنے پر تمھیں کوئی اعتراض ہے"۔

"بس یونہی پوچھ رہا تھا"۔

"وہ مہمان مجھے تمھاری شراتوں سے نجات دلانے آئے تھے"۔

"کیا مطلب" فیروز ایک دم چونک گیا۔

"مطلب یہ کہ وہ مجھے اس گھر سے سدا کیلئے لے جانے کی تاریخ مقرر کرنے آئے تھے۔ اور تاریخ مقرر کر گئے ہیں۔ اب وہ مجھے ڈولی میں بٹھا کر ہمیشہ کیلئے اپنے گھر لے جائیں گے۔ یعنی میں پیا دیس سدھار جاؤنگی"

"فری کیوں مذاق کرتی ہو" وہ ہونٹوں پر پھیکی مسکراہٹ سجاتے ہوئے بولا۔ وہ فری کی بات کو مذاق سمجھ رہا تھا۔ ایسے پیاروں سے جنھیں متاع حیات سمجھ لیا جائے ایسی پر اذیت باتوں کی توقع بھی تو نہیں ہوتی مگر....

"ارے فیروز! وہ حیرانگی سے بولی۔ تم واقعی اناڑی ہو۔ یہ دیکھو منگنی کی انگوٹھی جو آج خالد نے مجھے اپنی تمام تر چاہتوں کے ساتھ پہنائی ہے۔ ابھی رسم منگنی ادا ہوئی ہے۔ ایک ماہ بعد رخصتی ہے" وہ تذرے شرماتے ہوئے بولی۔

"تت.... تم سے پوچھے بغیر.... شادی کی تاریخ مقرر کر دی انکل انٹی نے...." وہ اب بھی بے یقینی کا دامن پکڑے ہوئے تھا۔

"یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ ممی ڈیڈی تو ابھی شادی کیلئے رضامند نہیں ہو رہے تھے یہ تو میں نے مجبور کیا ہے کیونکہ خالہ کی یہی خواہش تھی"۔

"تت .... تو گویا شادی تمھاری رضا مندی سے ہو رہی ہے"۔

"بالکل! وہ بھرپور مسکراہٹ کے ساتھ بولی خالد میری سویٹ فرینڈ نادیہ کا بھائی ہے۔ خالد اور میں ایک دوسرے کو تین سال سے چاہتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کو جنون کی حد تک چاہتے ہیں۔ اور ہمارے درمیان جینے مرنے کے عہد و پیماں ہوئے ہیں۔ فیروز اگر خالد مجھ سے جان بھی مانگے تو خدا قسم اس پر

www.pdfbooksfree.pk

قربان ہو جاؤں گی" فری نے سنجیدگی سے کہا۔ اور فیروز کا دماغ پھٹا جا رہا تھا۔

"فیروز ہم نے دوستوں کی طرح اچھا وقت گزارا ہے۔ ایک دوست کو دوسرے دوست کی جدائی کا دکھ تو ہوتا ہے مگر وقت کے ساتھ ساتھ سب کچھ ختم ہو جاتا ہے"۔

فیروز کا دل چاہا کہ وہ کہہ دے یہ زخم وقت کے ساتھ ساتھ مندمل تو نہیں ہوتے بلکہ وقت کے تھپیڑوں میں لپٹی ہوئی حسین و تلخ یادیں ان زخموں کو ہرپل کریدتی رہتی ہیں۔ اور زخم سدا رستے رہتے ہیں۔ مگر اس وقت تو اس کے سامنے فری کا خوشی و مسرت میں چہرہ تمتما رہا تھا۔ وہ بے حد مسرور تھی۔ اور وہ نہیں چاہتا تھا کہ اس کی کسی بات سے فری کی خوشی ڈسٹرب ہو۔ وہ سدا اسے ہنستے مسکراتے اور خوش دیکھنا چاہتا تھا۔

"وہ ارے فیروز تم کہاں کھو گئے" فری کی بات پر اس کے خیالوں کا تسلسل ٹوٹ گیا۔

"وہ .... کہیں بھی نہیں" وہ پھیکی مسکراہٹ ہونٹوں پر سجاتے ہوئے بولا۔

"فیروز' آج اس خوشی کے موقعہ پر تم جو بھی مانگو گے میں دوں گی" وہ ایسے کہہ رہی تھی۔ جیسے کوئی بادشاہ کسی شخص کو اس کے بہت بڑے کارنامے پر خوش ہو کر انعام سے نوازنا چاہتا ہو۔ وہ فری کی بات پر ایک زہریلی مسکراہٹ مسکرا دیا۔ میں نے پہلے بھی تم سے کچھ مانگا تھا۔ اور تم نے دینے کا وعدہ کیا تھا۔ مگر تم نے میری بات کو مذاق میں ختم کر دیا تھا۔ اور آج تو مانگنے کو کچھ بھی باقی نہیں رہا۔ وہ دل ہی دل میں اس سے کہہ رہا تھا۔

"فیروز میں نے کچھ کہا ہے" فری چلا رہی تھی۔

تم مجھے اپنے سارے دکھ دے دو" وہ سنجیدہ تھا۔ اور فری اس کی بات پر یوں مسکرا دی جیسے اس نے کوئی انہونی بات کہہ دی ہو۔

"فیروز آج خوشیوں کی بات کرو۔ دکھ تو ہم سے کوسوں دور بھاگ گئے ہیں"

"خوشیاں مجھے راس نہیں آئیں' میں اب کچھ لے کر کیا کروں گا تم ہی داماں ہی اچھا ہوں" وہ کھوئے کھوئے لہجے میں بولا۔

"ہاں یاد آیا' یہ تمہاری انگوٹھی جو تم نے مجھے تحفے میں دی تھی۔ خالد دیکھے تو کہیں برا نہ مان جائے" وہ دروازے کے بیچ کھڑی تھی۔ اس نے وہیں سے کھڑے کھڑے کیچ کرانے والے انداز میں انگوٹھی فیروز کی طرف اچھال دی اور چلی گئی۔ کوشش کے باوجود فیروز انگوٹھی کیچ نہ کر سکا۔ اور انگوٹھی پختہ فرش پر گر گئی۔ انگوٹھی میں جڑے ہوئے رنگ برنگے خوبصورت نگینے ٹوٹ کر ادھر ادھر بکھر گئے اور فیروز کو ایسا لگا جیسے اس کا دل بھی نگینوں کی طرح ریزہ ریزہ ہو کر بکھر گیا ہو۔ وہ بیٹھ کر نگینوں کے ٹکڑوں کو سمیٹنے لگا۔ شدت غم سے اس کی آنکھیں اشک خون اگلنے لگیں اور وہ سسک سسک کر رو دیا۔

مہندی والی رات تھی۔ گھر مہمانوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ فری گھونگھٹ میں سہیلیوں میں گھری بیٹھی تھی۔ اور لڑکیاں اس سے چھیڑ چھاڑ کر

www.pdfbooksfree.pk

رہی تھیں۔ اور فری کو مہندی لگانے کی تیاری بھی کی جا رہی تھی۔ لڑکیاں کسی بزرگ خاتون سے رسم مہندی کا آغاز کروانا چاہتی تھیں۔ ابھی تمام بزرگوار اہم بحث و مباحثے میں مصروف تھے اور قریب قریب ان کے فارغ ہونے کے چانس نہ تھے۔ کئی لڑکیاں فیروز کے گرد منڈلا رہی تھیں۔ وہ اس اہم دن بھی کتاب کے مطالعے میں مصروف تھا۔ کتاب پڑھنے کا تو اک بہانہ تھا دراصل وہ خود کو مصروف رکھنے کی ناکام کوشش کر رہا تھا۔

اچانک تین چار لڑکیاں اس کے کمرے میں آ دھمکیں۔ جو اس کے لئے ناآشنا تھیں۔ فیروز صاحب! ادھر آپ کا شدت سے انتظار ہو رہا ہے۔ اور آپ ادھر کتابی کیڑے بنے بیٹھے ہیں۔ آج کے دن تو کتابوں کی جان چھوڑ دیتے"۔ ایک لڑکی نے بے تکلفی سے کہا۔

"فرسٹ تو آپ نے آنا ہی ہے"۔ دوسری لڑکی نے فقرہ کسا۔

"کون ہے جو میرا انتظار کر رہا ہے؟" وہ سنجیدگی سے بولا۔

"ارے آپ کا انتظار کرنے والے تو بہت ہیں۔ مگر آپ کسی کو گھاس ڈالیں بھی تو"۔ ایک لڑکی نے شوخی سے کہا۔

"اچھا چلو!" وہ ان کے ساتھ چل دیا۔ فری کو بہت سی لڑکیاں گھیرے کھڑی تھیں۔ فیروز کو دیکھ کر لڑکیوں نے فری تک جانے کا راستہ بنایا۔

"کیا ہوا جو فری کے انکل انٹی نہیں ہیں۔ اللہ انھیں جوار راحمت میں جگہ دے ان کا بیٹا فیروز جو ہے"۔ یہ کسی بزرگ خاتون کی آواز تھی۔

فیروز کے لئے یہ غیر متوقع بات تھی۔ کیونکہ مہندی لگانا عورتوں کا کام ہوتا ہے۔ مگر وہ سب کے اصرار پر فری کے ہاتھ پر مہندی لگانے پر مجبور ہو گیا۔ اس نے مہندی کی تھال میں انگلی ڈبوئی۔ اور فری کے ہاتھوں پر لگانے لگا۔ اسی لمحے فیروز کی آنکھوں سے آنسوؤں کے دو موٹے موٹے قطرے فری کے ہاتھوں پر گر گئے۔ فری نے چونک کر فیروز کی طرف دیکھا۔ جو ہونٹوں پر مسکان سجائے اپنی ہی شادی میں مہندی لگا رہا تھا۔

"فیروز یہ آنسو کیسے؟" فری نے سرگوشی کی۔

"پگلی یہ آنسو تو خوشی کے ہیں" فیروز نے کہا۔ اور تیز قدموں سے ہجوم سے باہر نکل آیا۔

برات آ گئی تھی۔ فیروز اپنے دل پر پتھر رکھے۔ اپنی ہی آنکھوں کے سامنے اپنی محبت دوسروں کے حوالے ہوتا دیکھ رہا تھا۔ وہ ہر موڑ پر فری کو شکست دیتا آیا تھا مگر اس اہم موڑ پر وہ مات کھا گیا تھا۔

وہ کاموں میں اس قدر مصروف رہا۔ اسے فری کی رخصتی کا خیال ہی نہ آیا۔ اس کا خیال تھا۔ کہ اس موقع پر اسے بلا لیا جائے گا مگر اس موقع پر بھی اسے نظر انداز کر دیا گیا تھا۔ وہ جب وہاں پہنچا فری دولہا کی گاڑی میں بیٹھ چکی تھی۔ اور وہ جونہی گاڑی کے قریب پہنچا گاڑی ایک جھٹکے سے چل پڑی۔ اور وہ دل تھام کر رہ گیا۔ بڑی مشکل سے وہ اپنے کمرے تک پہنچا۔ اور کٹے ہوئے شہتیر کی طرح بیڈ پر ڈھ گیا۔ اور تکیے میں منہ چھپا کر بچوں کی طرح بلک بلک کر رو دیا۔

www.pdfbooksfree.pk

تیسرے روز جب فری گھر والوں سے ملنے آئی تو اس کی متلاشی نگاہیں فیروز کو ڈھونڈنے لگیں۔ جب فیروز نظر نہ آیا تو اس نے ممی سے پوچھا۔

"ممی فیروز نظر نہیں آرہا' کہاں گیا ہے؟"

"وہ بیٹی کسی دوست کے ہاں جانے کا کہہ گیا تھا۔ کہہ رہا تھا وہ کافی دن وہاں رہے گا۔ جانے سے پہلے بہت مغموم تھا۔ اور ہاں وہ تمہارے نام ایک لفافہ دے گیا تھا۔ کہہ گیا تھا فری آئے تو اسے دے دینا" کچھ دیر بعد ممی ایک خاکی لفافہ کمرے سے اٹھا لائی اور فری کی طرف بڑھا دیا۔ فری نے بے تابی سے لفافہ چاک کیا اور اندر سے کاغذ نکال لیا۔ اور پڑھنے لگی۔

فری جان!

سلام جدائی! بعض اوقات انسان کسی چیز کو اس قدر چاہنے لگتا ہے کہ وہ تصور بھی نہیں کر سکتا۔ کہ وہ چیز کبھی اس سے جدا ہو گی۔ یا چھن جائے گی۔ مگر شاید یہ میری سب سے بڑی بھول تھی۔ تقدیر اور وقت انسان کی بڑی بڑی سوچوں کو مات کر دیتا ہے۔ میں بھی ایک ایسی ہستی کو بہت پیار کرتا تھا۔ بہت چاہتا تھا اسے مگر وہ چیز میری تھی ہی نا۔ اور چھن گئی۔ اور اب یہاں میرے لیے کوئی دلچسپی باقی نہیں رہی۔ اس لیے یہ دیس چھوڑ کر ہمیشہ کیلئے لندن جا رہا ہوں۔ جہاں مامون ممانی شدت سے میرے منتظر ہیں۔ ویسے بھی تمہیں میرے یہاں رہنے پر تکلیف ہو گی۔ تمہیں بہت ستاتا تھا نا میں۔ اب تمہیں کوئی نہیں ستایا کرے گا۔ تم لوگ شدت سے یاد آؤ گے۔ مگر کیا کروں آخر دل کی کرچیوں کو سمٹنے کیلئے کبھی کبھی دل

پر پتھر رکھنا ہی پڑتا ہے۔ میری دعا ہے خدا تمہیں سدا پر مسرت و شادمان رکھے۔

بدنصیب "فیروز"

خط کی تحریر کیا تھی فری کے لئے بم کا دھماکہ تھا۔ جس نے فری کو پور پور کو لہولہان کر دیا تھا۔ وہ خط میں منہ چھپا کر سسک پڑی "فیروز۔ یہ تم نے کیا کیا۔ تم اپنے من میں میرے لیئے اتنی محبت اتنی چاہت چھپائے پھرتے تھے۔ میں ان کی خوشبو تک کو محسوس نہ کر سکی۔ تم نے کبھی مجھ پر سنجیدگی سے اپنی محبت کا اظہار بھی تو نہ کیا تھا۔ میں تمہارے گونگے جذبات و احساسات کو کیسے سمجھ پاتی۔ مگر شاید اس میں میرا قصور ہے کہ میں تمہاری باتوں کو مذاق سمجھتی رہی۔ میں تمہاری مجرم ہوں فیروز۔ پلیز مجھے معاف کر دینا۔ مجھے معاف کر دینا"۔

فری کو روتا دیکھ کر یوں لگ رہا تھا جیسے کائنات کی ہر چیز رو رہی ہو۔

www.pdfbooksfree.pk

خواتین کے ساتھ پولیس اسٹیشنوں پر ایسی کہانیاں ہر روز دہرائی جاتی ہیں۔ ظلم و ستم اب بھی جاری ہے۔ ایک افسوس ناک المناک حقیقت

تھانوں میں خواتین پر کیا بیتتی ہے؟

حمیرا اطہر

کوئی عورت جب دادرسی کے لیے قانون کا دروازہ کھٹکھٹاتی ہے تو اسے تھانے میں سب سے پہلے ایف آئی آر درج کرانی ہوتی ہے مگر یہ مرحلہ جوئے شیر لانے کے مترادف ہوتا ہے۔ اکثر اوقات تھانیدار یا ایس ایچ او کچی ایف آئی آر درج کرتے ہیں یعنی سادے کاغذ پر درخواست لے کر ٹرخا دیتے ہیں۔ کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ الٹا اسے ہی ملزمہ نامزد کر کے حوالات میں بند کر دیا جاتا ہے۔

دوسری صورت میں جب کوئی مرد عورت کے خلاف ایف آئی آر درج کراتا ہے اور ملزمہ کی گرفتاری عمل میں آتی ہے تو تشدد کا دوسرا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

قانوناً کسی بھی ملزم یا ملزمہ کو چودہ روز سے زیادہ تھانے میں نہیں رکھا جا سکتا

سروے کے مطابق تھانوں میں دو ہفتے سے ایک ماہ تک رکھی جانے والی عورتوں کا تناسب 26.25 فیصد اور ایک ماہ سے بھی زائد عرصہ تک رکھے جانے والی عورتوں کا تناسب 12.8 فیصد تھا۔ ان میں بھی اکثر عورتوں کو شہر کے عام تھانوں میں رکھا گیا تھا۔ جن کا بنیادی مقصد زیر حراست عورتوں کو مرد پولیس کے تشدد سے بچانا نیز خواتین کے موقف کی تردید ہمدردانہ شنائی کو بھی یقینی بنانا ہے۔

کراچی میں خواتین پولیس اسٹیشن کا قیام 2 اپریل 1994ء کو عمل میں آیا لیکن یہ اسٹیشن خود استحصال کا شکار ہے۔ قیام کے وقت اس کو ایک باقاعدہ خوبصورت عمارت دی گئی تھی

ایس ایچ او نے بتایا کہ تھانے کے ریکارڈ کے مطابق فی زمانہ عورتیں ڈکیتی، قتل، اغواء غرض ہر طرح کے جرائم کا ارتکاب کرتی ہیں۔

گھروں میں کام کرنے والی ماسیوں اور لڑکیوں پر زیادہ تر مقدمات چوری کے ہوتے ہیں۔ ویسے ڈکیتی میں شریک اور لڑکوں سے دوستی لگانے والیاں بھی آتی ہیں۔ مرد اسی صورت میں آتے ہیں جب بیوی سے علیحدگی یا اس کی وفات ہو جانے کے بعد بچوں کی تحویل کا جھگڑا پڑ جاتا ہے۔

یوں تو ہمیں میاں بیوی کے جھگڑوں میں ہاتھ ڈالنے کا اختیار نہیں ہے لیکن چونکہ ہم خود بھی کسی کی بیوی، بیٹی اور بہو ہیں لہٰذا مصالحت کرانے

www.pdfbooksfree.pk

www.pdfbooksfree.pk

کی کوشش کرتے ہیں اکثر و بیشتر اس میں کامیابی ہوتی ہے۔

اگر کبھی کوئی قیدی دیمنز تھانے کی حوالات میں بند کی جائے اس پر کیا گزرتی ہے اس کا اندازہ ان چند واقعات سے لگایا جا سکتا ہے۔

شوہر کے قتل کے الزام میں جیل میں قید ایک خاتون نے بتایا کہ گرفتاری کے بعد

وہاں کے ایس ایچ او نے مجھ سے دس ہزار روپے رشوت طلب کی۔ میں نے کہا کہ میرے پاس نہیں ہیں تو اس نے مجھ سے نہایت بدتمیزی سے بات کی اور دوسرے کمرے میں لے جا کر میرا دوپٹہ اتارنے کی غرض سے کھینچنے لگا۔ میں نے اسے دھمکی دی کہ میں آئی جی سے شکایت کر دوں گی جس پر اس نے مجھے لاک اپ میں بند کر دیا۔ سات دن تھانے میں رکھا اور شروع کے دو تین دن سونٹیوں سے پٹائی کی۔

گرفتار ہونے والی دو جوان ملزماؤں نے بتایا کہ انہیں چودہ روز تک تھانے میں رکھا گیا اور اقبال جرم کرانے کے لیے تھانے والوں نے ان کے نازک حصوں پر تشدد کیا' سر کو دیواروں سے ٹکرایا' چھتر مارے گئے اور مار پیٹ کے لیے مرد پولیس والوں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ ان میں سے ایک ملزمہ جو تین ماہ کی حاملہ بھی تھی کے ہاتھوں پر تو اتنی سوئیاں ماری گئیں کہ جب وہ چودہ روز بعد جیل بھیج دی گئی تو اس کے ہاتھوں پر اور کہنیوں تک سوئیوں کے نشانات تھے اور کھال ادھڑی ہوئی تھی۔ اس کے یہ زخم دو ماہ تک ٹھیک نہیں ہوئے تھے۔

ان چند مثالوں سے یہ بخوبی واضح ہو جاتا ہے کہ عورتوں پر تھانے میں کیا بیتتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب ہر ڈسٹرکٹ میں ایک دیمنز سیل ہے تو پھر مذکورہ عورتوں کو مردوں کے تھانے میں کیوں رکھا گیا؟ کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ ذمہ دار افسران کو اس بات کا سختی سے پابند کیا جائے کہ کوئی بھی عورت کسی بھی صورت میں مردوں کے پولیس اسٹیشنوں میں نہیں جائے گی۔

یوں بھی کسی شہر میں ایک دیمنز اسٹیشن اس لحاظ سے ناکام ہو جاتا ہے کہ دور دراز کے علاقوں کی عورتیں وہاں تک با آسانی نہیں پہنچ پاتیں

نیز ایسے قوانین نہ صرف بنائیں جائیں بلکہ ان کے نفاذ کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ پولیس اپنے فرض کی ادائیگی کے دوران عورتوں کو تشدد کا نشانہ نہ بنا سکے۔ تشدد قانون پر قانون' سماجی اور انتظامی پابندیاں عائد کی جائیں خواہ وہ گھر میں کام کی جگہ علاقے یا معاشرے میں ہو۔

خواتین پر تشدد کرنے والے ریاستی اداروں مثلاً پولیس اور رینجرز پر کڑی نظر رکھی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی خاطر ایک موثر نظام تشکیل دیا جائے۔

بیجنگ میں منعقد ہونے والی 1995ء میں عورتوں کی چوتھی عالمی کانفرنس کے موقع پر پاکستان دنیا بھر کے ان سو سے زائد ممالک میں شامل تھا جنہوں نے خواتین کے ساتھ ہر قسم کے امتیاز کے

www.pdfbooksfree.pk

خلاف اقوام متحدہ کے کنونشن سیڈا پر دستخط کئے۔ یہ دستاویز دنیا کی آدھی آبادی یعنی عورتوں کو انسانی حقوق کے دائرہ کار میں لاتا ہے اور حکومتوں کے لیے عمل کا ایک ایجنڈا بھی ہے تاکہ خواتین اپنے حقوق سے مستفید ہو سکیں۔

اس دستاویز میں 30 شقیں شامل ہیں جن میں عورتوں کے حقوق اور ان کے ساتھ سطحوں پر کئے گئے امتیازی سلوک کے حوالے سے اہم نکات شامل ہیں مثلاً۔

آرٹیکل نمبر 2- کنونشن میں فریق ممالک خواتین کے خلاف عدم مساوات کی مذمت کرتے ہیں اور بغیر تاخیر کے اور ہر ممکن طریقے سے خواتین کے خلاف تمام امتیازی رویئے ختم کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عہد کرتے ہیں۔

1- خواتین اور حضرات میں مکمل مساوات کی ملکی آئین کے ذریعے ضمانت دینا اور اس مقصد کے لیے ضروری قانون سازی کرنا۔

2- خواتین کے ساتھ عدم مساوات کے خلاف تمام قوانین کا خاتمہ اور ان کی جگہ مناسب قانون سازی کرنا۔

3- عورتوں کو قانون کے ذریعے مردوں کے ساتھ مکمل حقوق دینا۔

4- کوئی ایسی کارروائی نہ کرنا جس کا تعلق عورتوں کو غیر مساوی حقوق دینے سے ہو اور اس بات کی ضمانت دینا کہ سرکاری مشینری اور ادارے اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کام کریں گے۔

5- کسی بھی ادارے، شخص یا تنظیم کی طرف سے عورتوں کے ساتھ غیر مساوی سلوک کے خلاف اقدامات کو روکنا۔

6- ایسے قوانین، ضابطے، رسومات اور رواجوں کو ختم کرنا یا ان میں ترمیم کرنا جو خواتین کے ساتھ غیر مساوی سلوک کے خلاف ہوں۔

7- تمام ایسی تعزیرات کا خاتمہ جو خواتین سے امتیازی سلوک کے خلاف ہوں۔

آرٹیکل نمبر 3 فریق ممالک سماجی و اقتصادی اور سیاسی میدان میں مردوں کے برابر عورتوں کو تمام حقوق مساوی دینے کے لیے ضروری اقدامات کریں گے۔

آرٹیکل نمبر 5-A فریق ممالک ایسے اقدامات کریں گے جن کا مقصد ایسے قوانین، رسومات اور تعصبات کا خاتمہ کرنا ہے جو مرد یا عورت کو جنس کی بنیاد پر ایک دوسرے سے کمتر یا بہتر بناتے ہیں۔

آرٹیکل 6 تمام فریق ریاستی قانون سازی کے ساتھ ایسے اقدامات اٹھائیں گے جن سے عورتوں کی فروخت اور استحصال ختم ہو جائے۔

آرٹیکل 9- حکومتیں مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں کو بھی شہریت حاصل کرنے کا حق دیں گی۔ وہ یہ بھی یقینی بنائیں گی کہ مرد کی شہریت کی تبدیلی کی وجہ سے عورت شہریت سے محروم نہ ہو جائے اور نہ مرد کی شہریت عورت پر ٹھونسی جا سکے۔

2- حکومتیں بچوں کی شہریت کے معاملے میں عورتوں کو مردوں کے برابر حقوق دیں گی۔

آرٹیکل نمبر 1-15 ریاستیں عورت اور مرد کی

www.pdfbooksfree.pk

مساوی حیثیت کو قانونی طور پر تسلیم کریں گی۔

2- شریک ممالک خواتین کو مردوں کی طرح کاروبار میں معاہدہ جائیداد کی خرید و فروخت اور عدالتوں اور ٹریبونل کے سامنے کیس لڑنے کے مساوی مواقع مہیا کریں گے۔

3- کنونشن میں شریک ممالک اس بات پر متفق ہیں کہ ایسی تمام قانونی شقیں اور قانون جو عورتوں کی قانونی حیثیت متاثر کرتی ہیں ختم کر دی جائے گی۔

4- تمام ممالک مردوں کی طرح عورتوں کو ایک جگہ رہائش اختیار کرنے اور جہاں ان کا دل چاہے ڈومیسائل حاصل کرنے کی آزادی فراہم کریں گی۔

ان تمام آرٹیکلز پر عمل درآمد کے لیے ایک نیشنل پلان آف ایکشن مرتبہ کیا گیا ہے جس کے تحت 1998ء سے لے کر 2013ء تک مرحلہ وار اقدامات طے کئے گئے ہیں۔ ان میں سرفہرست عورتوں کی حیثیت کے بارے میں انکوائری کمیشن رپورٹ کا ترجمہ کرنا' اسکی اشاعت اور وسیع پیمانے پر تقسیم شامل ہے تاکہ لوگوں کو اس کے بارے میں آگاہی ہو سکے۔

لوگوں میں قانون سے آگہی کے لیے جلسوں اور ذرائع ابلاغ کے ذریعے مہم چلائی جائے گی۔ نیز قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اراکین' جیل کے عملے' انتظامیہ اور نجی اداروں کو عورتوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کی تربیت دی جائے گی۔ جنسی طور پر ہراساں کرنے کی تمام اقسام کی شکار عورتوں کو قانونی تحفظ دیا جائے گا۔

جناب الا! آپ کی تنخواہ کا تو پتہ نہیں۔ بچوں میں اضافہ ضرور ہونے والا ہے۔

www.pdfbooksfree.pk

خوشخبری

پرانے ڈائجسٹ ورسائل فروخت کرنے والوں کے لیے خوشخبری

ہمارے ہاں پرانے ڈائجسٹ ورسائل اور ہر موضوع پر نئی کتب کی تمام ورائٹی نہایت رعایتی قیمت پر دستیاب ہے

خواتین، خوفناک، عمران، جاسوسی، سسپنس، سچی کہانیاں، نئے افق، مسٹری، ایڈونچر، کرن، شعاع، پاکیزہ، آنچل، سرگزشت، سچی کہانی، آداب عرض، دوشیزہ، جواب عرض، ریشم، حکایت، چاند، چترالی، فیشن میگ، اسٹار اینڈ اسٹائل، لباس، فیشن، بچوں کا پرستان، بچوں کا باغ، بچوں کی دنیا، آنکھ مچولی، نونہال، جگنو، تعلیم وتربیت، مزیدار لطیفے، مہندی کے دلفریب ڈیزائن، بچوں کی اسلامی کہانیاں، پکوان کے حوالے سے کھانے پکانے کی خوبصورت کتب ورسائل، چھوٹی بڑی ایس ایم ایس اور چھوٹی بڑی شاعری نیز پرانے ڈائجسٹ ورسائل کی خرید وفروخت کے لیے ہمارے پاس تشریف لائیں۔

منصور حسن پرانے رسالوں والے

نزد شاہ عالم مارکیٹ، نیا بازار، ورک مارکیٹ، دکان نمبر 9 لاہور

موبائل نمبر 0333-4765899

www.pdfbooksfree.pk

فلسطین اور اسرائیل کے بارے میں ایک حقیقت
افروز کہانی ..... حیرت انگیز واقعات لیے ہوئے

بند گلی

کامل پاشا

وہ لبنان کے مشرقی حصہ میں واقع شتیلا کیمپ کے قتل کے فوراً بعد بیروت میں آئی تھی اور چند ہی دن میں بشیر جمائل کے ویران ولا میں آباد ہو گئی تھی۔ جو کئی ماہ سے محفوظ علاقہ کے سیاہ پوش اسرائیلی محافظوں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا۔

جلدی اس ولا پر قصر نیل ہوٹل کا بورڈ نظر آنے لگا۔ اس خیال نے میری حیرت دور کر دی تھی کہ یہ نام غیر لبنانی عربوں کو متوجہ کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے ساتھ ہی اس ہوٹل کی غرض و غایت مشکوک لگنے لگی تھی۔

لیکن عملاً" ایسا ہوا نہ تھا۔ زیادہ تک امریکن یورپین اخبار نویس یا سیاح ادھر کا رخ کرتے کیونکہ یہ عیاسئ پٹی میں واقع تھا۔ یہ ضرور تھا کہ مصری عراقی اور اردنی قصر نیل ہی کو ترجیح دیتے۔ وہ قصر نیل کی مالکہ تھی یا تنخواہ دار منتظمہ اس کا فیصلہ میں نہیں کر سکا تھا اس کی عمر اب چالیس کے قریب ہوگی۔ اسے مکمل دیکھنے سے وہ کوئی ناگوار سی بھاری بھر کم چیز لگتی تھی۔ لیکن جدا جدا اس کے نقوش بڑے تیکھے اور پرکشش لگتے تھے۔ بولنے میں مصریوں کی طرح دو تین کلمے ایک ساتھ بولتی۔ جیم کو گاف' قاف کو ہمزہ بولنا بھی مصریوں کا سا تھا لیکن بولتے وقت مصریوں کی طرح زبان کے ساتھ آنکھیں ہاتھ گردن اور کولھے نہ چلتے تھے۔ بلکہ بولنے کا انداز بڑا باوقار تھا۔ اس لیے مجھے اعتبار نہ ہوتا کہ وہ مصری ہے۔

بیس اکیس سال پہلے وہ میرے سامنے ہی وارد نہ ہوئی ہوتی تو میں لبنانی ہی سمجھتا۔ اس وقت وہ بلا کی حسین تھی۔ قصر نیل میری شکار گاہوں میں سے تھا اس لیے وہاں پراسرار لوگوں کی آمد اور رخصت میری نگاہ سے چھپی نہ رہ سکی۔ خود اس کی مالکہ یا منتظمہ شوشو کیا کم پراسرار تھی۔

قصر نیل میری توجہ کا مرکز اس وقت بنا تھا جب ایک خاص مقصد کے تحت الفتح کے ایک ساتھی نے قیام کے لیے قصر نیل کا انتخاب کیا تھا۔ لیکن ایک رات اندر داخل ہونے کے بعد وہ قصر نیل سے نہیں نکلا۔ اسے زمین کھا گئی تھی یا آسمان پر اٹھا لیا گیا تھا۔ اسے کوئی نہ جان سکا۔ اس کا وہ مشن بھی ٹھپ ہو گیا تھا جس پر اسے بھیجا گیا تھا۔

اس نگرانی کے دوران تو اکثر ایسا ہوتا کہ کوئی عرب باشندہ قصر نیل میں داخل تو ہوا لیکن باہر آتا

www.pdfbooksfree.pk

اسے نصیب نہ ہوا۔ یہ بات بھی میں نے نوٹ کی کہ جب کبھی ایسا واقعہ پیش آتا اس رات ساحل سمند رسے اسٹیمر کا سائرن خاص انداز میں بجتا جیسے کوئی کتا لمبی تان لگا کے رویا ہو اور پھر تین بار بف بف کر کے غرایا ہو۔ غائب ہونے والے شخص کے دیکھے جانے کی وہ آخری رات ہوتی۔

سائرن کی اس مخصوص آواز کے آدھے گھنٹے بعد شبروی کے لباس میں چند لوگ آتے اور چند منٹ بعد ان کی واپسی شوشو کی منی بس میں ہوتی۔ شوشو اسے ڈرائیور کر رہی ہوتی۔ لیکن ان کے تعاقب کی ہمت میں نہ کر سکا تھا آج بھی آدھی رات کے بعد وہ شبروی مسلح لوگ' قصرنیل میں نظر آئے۔ حسب معمول شوشو انہیں منی بس میں لے گئی۔ آدھے گھنٹے بعد ہی خالی بس لے لوٹی۔ میں اسی سوچ میں ڈوبا تھا کہ صبح کو کون غائب پایا جاتا ہے۔

تبھی رات کے سناٹے کو چیرتی ہوئی ہذیانی انداز میں نسوانی چیخیں سنائی دیں۔ وہ شوشو کی چیخیں تھیں جیسے وہ پاگل ہو گئی ہو۔ وہ دوڑتی ہوئی باہر نکلی بس اسٹارٹ کی اور آندھی طوفان کی طرح بس کو اڑاتی چلی گئی۔ میں تو کسی بھی آپریشن کے لیے ساری رات مستعد رہتا تھا۔ فوراً ہی اپنی واٹر کول بائیک کو بس کے پیچھے لگا دیا۔ مشرقی ساحل پر بس کے رکتے ہی میں نے بائیک ریت کے ٹیلے کے پیچھے چھوڑی اور جھاڑیوں کی اوٹ لیتا ہوا ساحل کے اس حصے کی طرف بڑھا جہاں سے تاروں کی چھاؤں میں اسٹیمر کا ہیولی صاف نظر آ رہا تھا اور چند سائے شوشو کی چیخ و پکار سن کر برآمد ہوئے تھے شوشو کا کوئی لفظ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا پھر اسٹین گن کا برسٹ مارا گیا شوشو کی چیخیں یک لخت بند ہو گئیں۔

وہ جھاڑیاں میرے لیے اوٹ تو بن سکتی تھیں

www.pdfbooksfree.pk

لیکن اسٹین گن کی بوچھاڑ سے مجھے بچا نہ پاتیں۔ اس لیے اسٹیمر کے انجن کی آواز سنائی دینے تک میں اپنا سر ابھارنے کی بھی ہمت نہ کر سکا۔ آدھی رات کے اندھیرے میں نظر بھی کیا آ سکتا تھا۔

اسٹیمر دور جا چکا تھا۔ ساحل سنسان سمندر خاموش تھا شوشو جس کا تعاقب کرتا ہوا میں موت کے کارندوں کی زد میں آگیا تھا۔ اس کا کہیں پتہ نہ تھا۔ آخر وہ چیز مجھے نظر آگئی جسے میری نظریں تلاش کر رہی تھیں شوشو کی لاش۔

میں لپک کر اس کے پاس پہنچا۔ وہ چت پڑی ہوئی تھی۔ آنکھیں اس طرح کھلی ہوئی تھیں جیسے ستاروں کا نظارہ کرنے میں مگن ہوں۔ اس کا پیٹ خون سے لبالب بھری بڑی سی قالب لگ رہا تھا۔ جوں ہی میں اس پر جھکا اس کی آنکھوں نے حرکت کی لب ہلے۔

وہ میرے بیٹے کو لے گئے ہیں۔ وہ میرے بیٹے کو لے گئے ہیں۔

جذبات سے یکسر خالی چہرہ آنکھیں آسمان پر گڑی ہوئی جیسے کوئی مردہ آسمان سے شکوہ کر رہا ہے۔

وہ میرے بیٹے کو لے گئے ہیں۔

میں نے اپنی قمیض اتار کر اس کے زخم کو باندھنے کی کوشش کی اور سیٹوں کے بیچ بس میں ڈال کر اپنے یونٹ کی کمین گاہ پر لے آیا۔ جلدی ہی وہ اس قابل تو ہو گئی تھی کہ اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر سکے۔

چند دن پہلے اس کی ساتویں سالگرہ دھوم دھام سے منائی گئی تھی اس کے والد تل ابیب کی انتظامیہ میں کسی نچلے عہدے پر تھے۔ اس دن ان کے کسی اعلیٰ افسر کی گاڑی ان کے گھر کے آگے رکی۔ وہ کرسمس سے اگلا دن تھا۔ بیت اللحم کی تقریبات جاری تھیں اس کے والد اسے یہ تقریبات دکھانے کے لیے اس اعلیٰ افسر کی گاڑی میں آبیٹھے گاڑی دیوار گریہ کے جوار میں آ کے رکی۔ ایک شخص لپک کر گاڑی کے قریب آیا۔ اس کے ساتھ شوشو کی عمر ہی کی ایک بچی تھی۔ شوشو کو گاڑی سے اتار دیا گیا اور اس بچی کو گاڑی میں کھینچ لیا گیا۔

وہ شخص شوشو کے لیے دکانوں سے چیونگم چاکلیٹ کھلونے اور شوشو کے پسندیدہ لباس خریدتا رہا۔ پھر اسے نوعمر بچیوں کے ایک ہوسٹل میں لے گیا۔ شوشو بہت مگن تھی لیکن رات جب اپنی ماں کے بغیر گزارنی پڑی تو اسے اپنے خسارے کا احساس ہوا۔ وہ ساری رات بہکتی رہی۔

اس کا گھر ماں باپ بھائی بہن اس کے لیے خواب بن چکے تھے۔ دو ماہ اس ہوسٹل میں اس کی اس قدر دلجوئی کی گئی اور اس انداز میں تربیت دی گئی کہ خود اس کا دل نہ چاہتا تھا کہ وہ اس کو بھلا دے کہ جو شخص اسے ہوسٹل لایا تھا اس کا باپ نہیں ہے یہ کہ وہ تل ابیب نہیں قاہرہ کی مضافاتی بستی الواسع کی باشندہ ہے۔ یہودی نہیں بلکہ عیسائی ہے حتیٰ کہ اس کا نام سارہ نہیں شوشو ہے۔

اپنے ساتھی تعافر کے ساتھ دو ماہ بعد مصری

www.pdfbooksfree.pk

پاسپورٹ پر اس مصری عیسائی کی بیٹی کی حیثیت سے وہ قاہرہ کے ایئرپورٹ پر اتری۔

اسے حیرت ہوئی کہ ہر جگہ اسے مصری عیسائی کی بیٹی شوشو تسلیم کیا گیا۔ جو تین سال بعد اپنے باپ کے ساتھ وطن لوٹی تھی۔

چند دن بعد ہی اسے یہ یقین دلایا جانے لگا کہ وہ یہودی ہے اس کے ماں باپ تل ابیب میں ہیں۔ یہی نہیں اس کے ماں باپ کے ٹیلی فون بھی آنے لگے ہر ہفتہ اس کی ماں کا پیار بھرا خط اسے ملنے لگا جو بیروت سے پوسٹ کیا جاتا تھا۔

ساتھ ہی اس کی ٹریننگ اور تعلیم شروع ہوئی۔ تربیت تمام تر مارشل آرٹ جاسوسی کے آلات فنا اور گوریلا چالوں پر مشتمل تھی لیکن بظاہر وہ ایک عیسائی لڑکی شوشو تھی۔ اس حیثیت سے اس نے ابتدا ہی سے جامعہ تک تعلیم حاصل کی۔ اب وہ قیامت خیز حسن کی مالک ایک جوان لڑکی تھی۔ جامعہ اسکندریہ سے ڈگری لیتے ہی اسے ایک شمالی افریقہ کے ملک کے سفارت خانہ سے ایک خالی اسامی کے لیے انٹرویو لیٹر ملا۔ ظاہر ہے اس کا اہتمام اس کے زیرزمین سرپرستوں نے کیا تھا۔ خدا جانے اپنے حسن یا اپنی لیاقت یا پھر اس کے سرپرستوں کے اہتمام کے طفیل اسے وہ ملازمت مل گئی۔

اپنی اس حیثیت سے وہ بہت خوش تھی۔ اسے اس کے زیرزمین سرپرستوں کی جانب سے اپنے سیکشن آفیسر کے قریب تر ہونے کی ہدایت ملی اس حکم سے وہ بددل بھی نہ ہوئی کیونکہ مذکورہ سیکشن آفیسر جوان جاذب نظر اور وجیہہ تھا حلمی یلالی اس کا نام تھا وہ مصری تھا وہ حلمی کے قریب ہوتی گئی۔

یہ قربت عشق اور عشق جسمانی یکجائی میں تبدیل ہوا جس کے نتیجے میں وہ ایک ناجائزہ بیٹے کی ماں بن گئی جس کی پیدائش نہایت رازداری سے اس کے سرپرستوں کی نگرانی میں ہوئی۔ ابھی یہ بچہ چھ ماہ کا بھی نہ ہوا تھا کہ ایک دن شوشو نے مارے کرید سے حلمی کی ڈاک میں آیا ایک بھاری بھر کم لفافہ چاک کیا۔ اس میں اس کی اور حلمی کی ایک ساتھ تصویریں تھیں۔ عشق سے ماں باپ بننے تک وہ جتنے مرحلوں سے گزرے تھے ہر ہر مرحلہ کی تصویر حتیٰ کہ وضع حمل اور اس سے پہلے کے دنوں کی تصویر نوزائیدہ بچہ کے ساتھ شوشو اور حلمی کی تصویر۔

ان تصویروں کے پانے کے بعد حلمی کا رویہ یکسر بدل گیا۔ کبھی لگتا وہ اس سے خائف ہے اور کبھی لگتا کہ وہ اس سے شدید نفرت کرنے لگا ہے۔

شوشو کو پہلی بار احساس ہوا کہ وہ کس جال میں پھنسی ہے۔ حلمی اپنے ملک کی سیکرٹ سروس کا ایک اہم ترین رکن تھا۔ مشرقی افریقہ کے ملک کے سفارت خانہ کی ملازمت اس کی اصل حیثیت کے لیے شیلڈ تھی شوشو کے سرپرست حلمی کی اس حیثیت سے واقف تھے اور اب اس سے اس کے محکمہ سے متعلق ٹاپ سیکرٹ دستاویزات کا مطالبہ کیا گیا تھا لیکن حلمی نے ایک شرط رکھی کہ اسے اس کا بیٹا دے دیا جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

حلمی ایک مضبوط جال میں پھنس چکا تھا اس کی شرط بے معنی تھی لیکن شوشو کے سرپرستوں کے لیے ایک لایعنی شرط تھی اس کی شرط تسلیم کر لی گئی۔

مطلوبہ دستاویز اب سعدیہ کے اسٹیشن پر حوالہ کی جانی تھیں۔ آدھی رات کو حلمی اپنی گاڑی لے کر شوشو کی قیام گاہ پر آیا اور وہ تینوں اس اہم مہم پر روانہ ہوئے جو سب سے زیادہ شوشو کے لیے روح فرسا تھی اس کا بیٹا اس سے جدا ہونے والا تھا۔

قاہرہ کی روشنیاں نظروں سے اوجھل ہوئیں تو ایک زبردست دھماکہ ہوا۔ اس نے حلمی کی چیخ سنی۔ لیکن اسے نہیں معلوم پھر کیا ہوا۔

حلمی اور ان کا بیٹا زندہ بچے یا ---- اس سے آگے سوچ کر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتی۔

ابھی وہ سنبھلنے بھی نہ پائی تھی کہ ایک نیا مشن اس کے سپرد کر دیا گیا یہی قصر نیل کا انتظام۔ قصر نیل خالص اسرائیلی ہوٹل تھا۔ ہوٹل تو بظاہر تھا دراصل وہ ایک جال Trap تھا عرب ممالک کی اہم شخصیتوں اور فلسطینیوں کے قتل اور اغوا کے لیے ایک بلاضرر مقام۔ ہر نئے مسافر کو قیام کی پہلی رات کھانے کے بعد جو چائے پیش کی جاتی اس میں خواب آور دوا ہوتی پھر اطمینان سے اس کا سامان اس کے کاغذات چیک کئے جاتے۔ اس کو برہنہ کر کے اس کی ایک ایک شناخت کو پرکھا جاتا اگر وہ ان کا شکار ثابت ہوتا تو بذریعہ وائرلیس محفوظ علاقہ میں واقع ہیڈ کوارٹر کو خبر دی جاتی رات گئے سعاد کے کمانڈو آتے اور اس شخص کو بحالت بے ہوشی لے جاتے لیکن شوشو کے آخری شکار کا معاملہ الٹا تھا۔

اس کے قصر نیل میں داخلہ کے ساتھ ہی سعاد کے ہیڈ کوارٹر سے ہدایت ملی یہ شکار ان کا ہے چنانچہ اسے چائے میں خواب آور دوا تو دی گئی لیکن اس کی تلاشی کو غیر ضروری سمجھ گیا۔ نیا شکار کمانڈوز کے اسٹیمر تک پہنچانے کے بعد جب شوشو لوٹی تو اس نے پہلا کام یہ سمجھا کہ کمرے سے نئے مسافر کا سامان اٹھا کر تلف کر دے پاسپورٹ مصر کا تھا۔ اس نے اسے کھولا اور چونک پڑی۔ اس پر کپکپی طاری ہوتی گئی۔ اس کا دل اس کی پسلیوں پر ٹھوکریں مارنے لگا۔

حامل پاسپورٹ کا نام تھا۔ محمود حلمی یلایلی۔ اس نے اس کے سارے سامان کو الٹ پلٹ کر کے رکھ دیا ہر چیز کو ٹٹولتی چومتی اور سسکتی جاتی۔ آخر اسے وہ چیز مل ہی گئی جس نے اس کے اندیشہ کو یقین میں بدل دیا۔

یہ ایک تار تھا جو نئے مسافر نے لکھ چھوڑا تھا۔ شاید صبح ہونے پر وہ اسے تار گھر لے جاتا۔ تار میں تحریر تھا۔ بابا میں نے ماما کو ڈھونڈ لیا ہے وہ یہاں ایک ہوٹل چلا رہی ہیں۔ میں وہیں مقیم ہوں فوراً آیئے۔ محمود۔

www.pdfbooksfree.pk

WWW.URDUBAZAR.COM.PK

OUR WEBSITE

Email at

orders@urdubazar.com.pk

افتخار اینڈ سنز
سرفراز آرٹسٹ
16- ملک جلال الدین (وقف) بلڈنگ، چوک اردو بازار، لاہور
فون: 042-37226772 موبائل: 0333-4515183

www.pdfbooksfree.pk

ایک خودغرض شخص کی کہانی..... جس
نے اپنی محبوبہ کو سفاکی سے قتل کر دیا تھا

محبوبہ کا قاتل

سنبل ناز

مسز جوئیس کمرے کے دروازے میں ہی ٹھٹک کر کھڑی ہو گئیں۔ ان کی بیٹی قد آدم آئینے کے سامنے کھڑی بہت انہماک سے اپنے آپ کو سجا سنوار رہی تھی۔ ثمینہ عرف سیما ان کی پانچ اولادوں میں سے سب سے چھوٹی بیٹی تھی اس سے بڑی تین بہنیں اور ایک بھائی تھا۔ جن کی شادی ہو چکی تھی۔ سیما بہت پرکشش خوبصورت لڑکی تھی۔ اس وقت سفید سوٹ میں وہ بہت اچھی لگ رہی تھی۔ آخر وہ پوچھ ہی بیٹھیں۔

آج کہاں کا پروگرام ہے؟ جو اتنی تیاریاں ہو رہی ہیں؟

امی آج میری دلی تمنا پوری ہونے والی ہے۔ رضوان کا فون آیا تھا۔ وہ آج مجھے اپنے گھر والوں سے ملانے لے جا رہا ہے۔ میں رضوان کے پاس ہی جا رہی ہوں۔

ٹھیک ہے بیٹی خدا تمہاری دلی مرادیں پوری کرے اور دنیا بھر کی تمام خوشیاں تمہاری جھولی میں ڈال دے۔

مسز جوئیس نے بیٹی کو پیار بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے اس کی پیشانی کو چومتے ہوئے ڈھیر ساری دعائیں دیں۔

چلتے وقت اس نے ماں سے کہا کہ آپ کچھ پیسے بھی دے دیجئے کچھ لوگوں کے ٹکٹ بنوانے ہیں وہ بھی لیتی ہی آؤں گی۔ مسز جوئیس نے سیف میں سے نوٹوں کی ایک گڈی نکال کر سیما کو دی جسے لے کر وہ باہر نکل گئی۔

جامع مسجد دہلی کے اردو بازار علاقے میں مشہور شاعر افضل پشاوری کی کافی جائیداد ہے۔ انہوں نے سات شادیاں کی تھیں جن سے ان کی تیئس اولادیں ہوئیں۔ سب سے چھوٹی یعنی ساتویں بیوی سیما کی والدہ مسز جوئیس ہیں۔ افضل پشاوری نے اپنی زندگی میں ہی اپنی بیویوں اور اولادوں میں اپنی جائیداد تقسیم کر دی تھی جس کی وجہ سے اس خاندان میں کوئی کشیدگی نہیں ہوئی۔ سب آپس میں ہنسی خوشی رہ رہے تھے۔

افضل پشاوری بھی علاقے کی ایک معزز ہستی مانے جاتے تھے۔ مسز جوئیس سے ان کی ملاقات لدھیانہ (پنجاب) میں ہوئی تھی یہ ایک عیسائی گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں دونوں کی یہ محبت کی شادی لدھیانہ میں ہی ہوئی تھی۔ اس کے بعد افضل پشاوری اور مسز جوئیس جامع مسجد اردو بازار کے مکان میں رہنے لگے۔

www.pdfbooksfree.pk



مسز جوئیس کا ایک بیٹا تھا جس کا نام افسر جاوید افضل تھا۔ مسز جوئیس نے اپنی پانچوں اولادوں کو اعلیٰ تعلیم دلائی تھی۔ سیما کی تعلیم ابتدائی طور پر جے ڈی ٹائمز اسکول میں ہوئی تھی اور گریجویشن اس نے اپنی ننھال پنجاب سے کیا۔ پھر نرسنگ کی ٹریننگ لی۔ اس کے بعد وہ اپنی ماں کے پاس دہلی آگئی۔

سیما شروع سے ہی بہت ترقی پسند خیالات کی لڑکی تھی جو اپنی محنت اور لگن سے بہت اونچے مقام پر پہنچنا چاہتی تھی۔ نرس کی ٹریننگ کے کچھ عرصے بعد ہی اسے سعودی عرب جانے کا ایک چانس ملا تو وہ سعودیہ چلی گئی۔ لیکن جس کام کے سلسلے میں وہاں گئی تھی اس میں کامیابی نہیں ملی تو چھ مہینے بعد ہی وہ دہلی واپس آگئی۔

www.pdfbooksfree.pk

دہلی واپس آنے کے بعد سیما نے مین پاور سپلائی کرنے کا ایک دفتر اپنے مکان کے پیچھے والی دکان میں کھول لیا۔ اس کا نام اس نے روزگار رپلیسمنٹ رکھا جہاں سے وہ لوگوں کو عرب ممالک میں نوکری کے لیے بھیجنے لگی۔ کچھ ہی دونوں میں اس کا یہ کاروبار اچھے پیمانے پر چلنے لگا۔ مسز جوئیس بھی اپنی بیٹی کی ترقی دیکھ کر بہت خوش تھیں۔ انہیں اس بات پر ناز تھا کہ ان کی چھوٹی بیٹی بہت قابل اور سمجھدار لڑکی ہے اور ایک دن یہ ضرور اپنا اور اپنے باپ کا نام روشن کرے گی۔

اب انہیں رات دن صرف یہی فکر کھائے جاتی تھی کہ اس کے قابل کوئی لڑکا مل جائے تو وہ اس کی شادی کے فرض سے بھی فارغ ہو جائیں لیکن سیما نے یہ کہہ کر بات ختم کر دی کہ جب مجھے شادی کی ضرورت محسوس ہوگی تو میں خود آپ کو بتادوں گی ابھی آپ کچھ نہ کریں۔

اسی دوران سیما کے بھائی افسر کو پتا چلا کہ سیما جامع مسجد کے ہی ایک لڑکے رضوان کے ساتھ بہت زیادہ دیکھی جا رہی ہے جبکہ رضوان ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ اس نے سیما سے کافی رقم بھی اینٹھ لی ہے۔

رضوان کڑہ گوکل شاہ' مٹیا محل جامع مسجد پر رہتا ہے۔ اس کے والد کا نام احسان قریشی ہے۔ رضوان پہلے تو میٹ کی دکانوں پر مرغی سپلائی کا کام کرتا تھا لیکن اب اس نے غازی پورہ میں مرغوں کی آڑھت کر لی ہے اور ایک کار بھی خرید لی ہے۔ افسر کو یقین ہوگیا کہ رضوان کے خاندان میں مالی اعتبار سے اتنی زبردست تبدیلی اس کی بہن سیما کے پیسے سے ہوئی ہے اس نے سیما کو پریم جال میں پھانس کر اپنا الو سیدھا کر لیا ہے۔ آخر افسر نے رضوان کے خاندان کی پوری حقیقت جاننے کے بعد ایک دن اپنی بہن سیما سے پوچھ ہی لیا۔

سیما میں جو کچھ بھی تمہارے اور رضوان کے بارے میں سن رہا ہوں اس کی سچائی میں تمہاری زبان سے سننا چاہتا ہوں۔

اوہ تو کئی دنوں سے آپ اسی لیے اتنے سنجیدہ نظر آرہے تھے۔ بھائی جان آپ تو جانتے ہی ہیں کہ ہم جس علاقے میں اور جن لوگوں کے درمیان رہتے ہیں وہ جاہل اور غیر تعلیم یافتہ لوگ ہیں۔ ایسے لوگ دوسروں کے گھروں میں جھانکنا اور دوسروں کے معاملات میں دخل دینا اپنا حق سمجھتے ہیں رضوان کا اور میرا صرف اتنا تعلق ہے کہ وہ باہر جانے کے خواہش مند لوگوں کو میرے پاس لاتا ہے اور میں اس کے عوض اسے کمیشن دیتی ہوں۔ اس کے علاوہ میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

سیما نے اپنی طرف سے افسر کو یہ یقین دلانے کی پوری کوشش کی کہ ان افواہوں میں کوئی سچائی نہیں ہے۔ تب افسر نے سیما کو یہ بات صاف طور پر سمجھا دی کہ اسے رضوان جیسے ان پڑھ اور غیر مہذب شخص کے ساتھ شادی کرنے کی اجازت کسی بھی قیمت پر نہیں دی جائے گی۔

سیما نے بھائی کو الٹی سیدھی پٹی پڑھا کر یہ یقین دلا دیا تھا کہ رضوان سے علاوہ بزنس ریلیشن کے اور کوئی تعلق نہیں ہے جبکہ حقیقت یہ تھی کہ

www.pdfbooksfree.pk

سیما اور رضوان کے درمیان محبت کے رشتے قائم تھے اور وہ ایک دوجے کو اپنا شریک سفر بنانے کے لیے موقع کی تلاش میں تھے۔

رضوان اور سیما کے تعلق کا آغاز اس وقت ہوا جب وہ ایک رشتے دار کو سعودیہ بھیجنے کے چکر میں اس کے روزگار ر پلیسمینٹ میں آیا تھا اس کے بعد سے رفتہ رفتہ دونوں ایک دوجے کے پریم جال میں پھنستے گئے سیما رضوان کی چاہت میں ایسی کھوئی کہ اسے رضوان کی حقیقت جاننے کی فرصت ہی نہ ملی۔

ایک بار ممبئی میں رضوان کا پولیس والے سے جھگڑا ہوگیا جس کے نتیجے میں اسے گرفتار کرلیا گیا۔ تب رضوان نے سیما کو فون کیا۔ اس کی گرفتاری کی اطلاع ملتے ہی وہ بے چین ہوگئی۔ آخر بذریعہ جہاز ممبئی پہنچی اور رضوان کو چھڑا کر دہلی لے آئی۔۔

بتایا جاتا ہے کہ سیما نے خفیہ طور پر رضوان سے نکاح بھی کرلیا تھا۔ جس کے بارے میں اس نے کسی کو کچھ نہیں بتایا تھا۔ رضوان نے اسے یقین دلایا تھا کہ وہ بہت جلد سب کے سامنے اسے اپنی بیوی تسلیم کرے لگا۔ اور اپنے گھر لے جائے گا۔ سیما کافی عرصے سے اس بات کا انتظار کر رہی تھی لیکن ابھی تک رضوان کی طرف سے اس سلسلے میں کوئی پیش قدمی نہیں ہوئی تھی۔ جب بھی سیما اس سے اس سلسلے میں بات کرتی وہ بہانے کرکے اسے ٹال دیتا۔

آخر سیما کے بے حد اصرار پر ایک دن رضوان نے اسے بتایا کہ میرے ماں باپ کی یہ ضد ہے کہ میں پہلے اپنی قریشی برادری کی لڑکی سے شادی کروں۔ اس کے بعد اسے طلاق دے کر تم سے شادی کروں یہ سن کر سیما سکتے میں رہ گئی۔ اس نے رضوان سے کافی احتجاج کیا لیکن اس کی ایک نہ چلی۔

دسمبر کو رضوان کی شادی میرٹھ کے رئیس احمد قریشی کی لڑکی شکیلہ سے ہوگئی حالانکہ اس شادی سے سیما کے دل کو شدید جھٹکا لگا تھا لیکن رضوان کی چاہ میں وہ اس غم کو بھی برداشت کر گئی۔ اس دوران رضوان نے سیما سے کار لینے کی خواہش ظاہر کی۔ اس نے دوسرے دن ہی رضوان کو کار دلوادی۔ اکثر اوقات وہ اپنے کاروبار کے لیے سیما سے رقم مانگتا رہتا تھا اور سیما بے چوں چراں اس کا ہر مطالبہ پورا کرتی رہتی تھی۔ اس کے دل و دماغ میں یہی بات بسی ہوئی تھی کہ میرا جو بھی کچھ ہے اس پر رضوان کا پورا پورا حق ہے جبکہ رضوان کا رویہ اس کے تئیں مخلصانہ نہیں تھا۔

فاخری! تم نے دیر کر دی۔ کچھ ہڑتالی کرمچاریوں نے چوراہے پر ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت یہ افواہ پھیلا دی کہ ہڑتال ختم ہو گئی ہے۔ اس خبر کے پھیلتے ہی چوراہے کے دوکانداروں نے ادھار دینا شروع کر دیا۔ کالونی کے تمام لوگوں نے اپنی ضرورت کی چیزیں حاصل کر لیں۔ لیکن اس افواہ کا جادو تھوڑی ہی دیر میں ختم ہو گیا۔ جب تم دوکان داروں کے پاس پہنچے تب تک انہیں حقیقت کا علم ہو چکا تھا۔ اور وہ اپنے سروں پر ہاتھ دیئے بیٹھے تھے۔

www.pdfbooksfree.pk

فاخری' ہڑتالی ملازمین کی اس چالاکی پر بہت خوش تھا کہ چلو کم سے کم اب تو پڑوس میں چائے کی پتی اور اسی طرح کی چھوٹی موٹی چیزیں ادھار مل جائیں گی۔

ثمرین۔احمد پور شرقیہ

★★

شاہدہ کا دستر خوان

انچارج۔شاہدہ پروین

کھانے پکانے کی تراکیب ہمیں قارئین سے موصول ہوتی ہیں جو ہم جوں کا توں آپ کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں۔اگر آپ بھی کوئی منفرد ترکیب جانتی ہوں تو ہمیں ارسال کریں۔ترکیب صاف صاف اور خوشخط لکھی ہونے چاہیئے تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔خواتین ہمیں کھانے پکانے کی ترکیب اپنی تصویر کے ساتھ بھی ارسال کر سکتی ہیں ہم شائع کر دیں گے۔

شاہدہ کا دستر خوان۔ماہنامہ سچی کہانی 29 حبیب بینک بلڈنگ اردو بازار لاہور

www.pdfbooksfree.pk

آلو اور تل کے پکوڑے

اجزاء۔

آلو	آدھا کلو
تیل/ گھی	تلنے کے لیے
سفید تل	Coat کرنے کے لیے
انڈا	ایک عدد (پھینٹ لیں)
ہری مرچ	ایک کھانے کا چمچ (باریک کٹی ہوئی)
املی کا پانی	ایک کھانے کا چمچ
ہرا دھنیا	ایک کھانے کا چمچ (کٹا ہوا)
Coat Breat Crumbs	کرنے کے لیے
چاٹ مصالحہ	ایک کھانے کا چمچ
زیرہ	ایک چائے کا چمچ (پسا ہوا)
نمک	حسب ضرورت
سرخ مرچ	ایک چائے کا چمچ (پاؤڈر)

ترکیب۔

آلو اُبال کر میش کر لیں پھر تمام مصالحے، ہرا دھنیا اور ہری مرچیں ڈال کر مکس کریں اور گول بالز بنالیں۔ Breat Crumbs میں سفید تل ملائیں اور بالز کو پہلے انڈے میں ڈبوئیں پھر Crumbs میں Coat کر کے گرم تیل یا گھی میں فرائی کریں۔

☆ نسرین۔ اسلام آباد

کڑاہی قیمہ

اجزاء۔

قیمہ	ایک کلو (ہاتھ کا بنا ہوا)
آئل/ گھی	ایک کپ
پیاز	دو عدد (آملیٹ کی طرح کٹے ہوئے)
زیرہ	ایک چائے کا چمچ
دہی	آدھا کپ
دھنیا	ایک چائے کا چمچ (ثابت)
مرچ	دو چائے کے چمچ (کٹی ہوئی)
ٹماٹر	چار عدد (باریک کٹے ہوئے)
نمک	حسب ذائقہ
ہری مرچ	چھ عدد (کاٹ لیں)
ہرا دھنیا	آدھی گڈی

ترکیب۔

قیمے کو دھو کر اچھی طرح خشک کر لیں۔ اس کے بعد ایک پتیلی میں تیل یا گھی گرم کر کے تمام اشیاء اس میں ڈال کر درمیانی آنچ پر بھون لیں، جب تیل یا آئل اوپر آجائے تو اس پر ہرا دھنیا ڈال کر پانچ منٹ کے لیے دم پر رکھ دیں۔ قیمہ تیار ہے گرم گرم نان یا روٹی کے ساتھ نوش فرمائیں۔

☆ عفت شاہین۔ لاہور

Trifle Pudding

اجزاء۔

بسکٹس	6 عدد (چورا کر لیں)
گاڑھی کریم	300 ملی لیٹر (پھینٹی ہوئی)
اسٹرابیری جیلی کرسٹل	ایک کپ
اسپنج رول	آدھا کلو
آڑو	425 گرام (سلائس)
آڑو کا جوس	1/4 کپ

برائے کسٹرڈ اجزاء۔

کسٹرڈ پاؤڈر ونیلا	دو کھانے کے چمچ
دودھ	آدھا لیٹر

www.pdfbooksfree.pk

چینی	دو کھانے کے چمچ (پسی ہوئی)

ترکیب برائے کسٹرڈ۔

کسٹرڈ پاؤڈر اور چینی کو تھوڑے سے دودھ میں مکس کریں۔ اب باقی دودھ بھی اس میں ملا دیں اور اس وقت تک پکائیں کہ یہ گاڑھا ہو جائے اب اسے ٹھنڈا کرنے کے لیے رکھ دیں۔

ترکیب۔

جیلی بنائیے ڈبے پر دی ہوئی ترکیب کے مطابق اور اسے فریج میں جمالیں۔ اسپنج رول ایک سینٹی میٹر کے سلائس میں کاٹ کر کانچ کی ڈش کے پیندے اور سائیڈ پر پھیلا دیں۔ اب اس پر آڑو کا جوس ڈالیں اور اس پر جیلی ڈال کر فریج میں رکھیں۔ یہاں تک کہ جیلی جم جائے۔ آڑو کے سلائس جیلی کے اوپر رکھ اور کسٹرڈ پھیلا کر کریم ڈال کر ٹھنڈا کریں تازہ پھلوں اور بسکٹس کے چورے سے سجائیں۔

☆ شازیہ۔ سرگودھا

Fish with soy sauce gravy

اجزاء۔

مچھلی	آدھا کلو
آئل/ گھی	فرائی کے لیے
میدہ	دو اُونس
نمک	ایک چائے کا چمچ
white pepper	آدھا چائے کا چمچ
اجینوموتو	آدھا چائے کا چمچ
انڈا	ایک عدد

اجزاء برائے گریوی۔

چکن	ایک اُونس
پانی	آدھا کپ
مشروم (optional)	ایک اُونس
کارن فلور	آدھا کپ
ادرک	1/4 اُونس
چینی	چار چائے کے چمچ
پیاز	دو اُونس
سویا ساس	آدھا کپ
تیل/ گھی	1/4 کپ
چکن یخنی	آدھا کپ

ترکیب۔

مچھلی کی کھال اُتار کر چکور بڑے بڑے ٹکڑے کر لیں۔ پھر مچھلی پر white pepper اور اجینوموتو لگائیں پھر میدہ میں لپیٹ کر انڈے میں رول کریں۔ پھر دوبارہ میدے میں رول کر کے گرم تیل یا گھی میں گولڈن براؤن ہونے تک فرائی کر لیں۔

ترکیب برائے گریوی۔

گھی یا آئل گرم کریں۔ اس میں چکن، مشروم، ادرک اور پیاز کو چکور کاٹ کر ڈالیں اور ہلکا فرائی کر لیں۔ پھر یخنی اور تمام اجزاء ڈال کر مکس کریں۔ کارن فلور کو پانی میں گھول لیں اور گریوی میں ڈال کر چند منٹ پکا کر اُتار لیں اور مچھلی کے اُوپر ڈال کر سرو کریں۔

☆ عابدہ۔ ملتان

Beef Roll with walnut

اجزاء۔

گوشت	آدھا کلو
سوئیٹ اینڈ سار سوس	ایک پیالی
اخروٹ	ایک چھٹانگ (چوپ کر لیں)

www.pdfbooksfree.pk

تیل/گھی	ڈیپ فرائی کے لیے
کارن فلور	تھوڑا سا
white pepper	حسب پسند
نمک	حسب ذائقہ
چینی	حسب پسند

ترکیب۔

گوشت کے پتلے پارچے بنوالیں۔ گوشت میں نمک، چینی، اور white pepper لگا کر دس منٹ کے لیے رکھ دیں پھر اخروٹ ہر پارچے میں ڈال کر رول کر لیں اور کارن فلور چھڑک دیں۔ درمیانی آنچ پر براؤن اور کرسپی ہونے تک فرائی کر لیں۔ پھر نکال کر ایک الگ پین میں سوس ڈالیں اور فرائی کیے ہوئے رول ڈال کر 5 منٹ ہلکی آنچ پر بھونیں اور گرما گرم پیش کریں۔

☆ عینی نور۔ اٹک

دھن ساگ

اجزاء۔

چنے کی دال	آدھا پاؤ
آئل/گھی	ایک کپ
اُڑد کی دال	آدھا پاؤ
پیاز	ایک عدد
مونگ کی دال	آدھا پاؤ
ہلدی	آدھا چمچ
مسور کی دال	آدھا پاؤ (دھلی ہوئی)
دار چینی	2 عدد (ٹکڑے)
لونگ	ایک پاؤ
لونگ	6 عدد
بین بینگن	ایک پاؤ
سفید زیرہ	ایک چمچ
گوشت	آدھا کلو (بغیر ہڈی)
نمک	حسب ذائقہ
ادرک	آدھا چائے کا چمچ (پیسٹ)
لال مرچ	دو چمچ (پاؤڈر)
لہسن	آدھا چائے کا چمچ (پیسٹ)
ہری مرچ	4 عدد
ہرا دھنیا	ایک گڈی
ٹماٹر	دو عدد
گرم مصالہ	ایک چمچ (پاؤڈر)

ترکیب۔

دالیں دھو کر چولہے پر چڑھا دیں اس میں تمام سبزیاں باریک کر کے ڈال دیں۔ جب یہ گل جائیں تو ان کو پیس لیں۔ تیل یا گھی گرم کر کے پیاز ہلکی سرخ کر لیں۔ اس میں ادرک، لہسن کا پیسٹ اور سب مصالے ڈال دیں۔ ایک گلاس پانی ڈال کر پکنے کے لیے رکھ دیں۔ پانی سوکھ جائے تو ٹماٹر کاٹ کر ڈال دیں۔ اس میں سبزیاں اور پسی ہوئی دالیں ڈال دیں، بیس منٹ تک پکنے دیں۔ اس کے بعد اوپر ہری مرچیں، دھنیا اور ایک چمچ پسا ہوا گرم مصالہ ڈال دیں۔ دھن ساگ تیار ہے۔ بگھارے ہوئے چاولوں کے ساتھ نوش فرمائیں۔

☆ زبیدہ طاہر۔ کراچی

www.pdfbooksfree.pk

میری پسند

انچارج
نور فاطمہ

کوپن ماہ ستمبر 2014ء

اس عنوان کے تحت آپ ہمیں اپنا شعر یا قطعہ یا پھر اپنے پسندیدہ شاعر کا کلام ارسال کر سکتے ہیں۔ اس کے ہمراہ اس ماہ کا کوپن کاٹ کر ارسال کریں۔ اگر آپ کوپن نہ بھیجنا چاہیں تو 10 روپے کے غیر استعمال شدہ ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔ ہم اسے آپ کے نام کے ساتھ شائع کر دیں گے۔ اگر آپ اپنی تحریر کے ساتھ تصویر شائع کروانا چاہیں تو 30 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔ جو خواتین اپنی تحریر کے ساتھ تصویر شائع کروانا چاہیں تو اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لازمی روانہ کریں۔

میری پسند..... ماہنامہ سچی کہانی' 29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اُردو بازار لاہور

ان کی زلفیں بکھر گئی ہیں شاید
سارے جگ میں بڑا اندھیرا ہے
اس کو ظلمت کا خوف کیا ہو گا
جس کے دل میں تیرا بسیرا ہے

﴿رابعہ نصیر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گلگت﴾

میں گرا تھا تو بہت سے لوگ رکے تھے لیکن
سوچتا یہ کہ آئے ہیں اٹھانے کتنے
تم نیا زخم لگاؤ تمہیں اس سے کیا ہے
بھرنے والے ہیں ابھی زخم پرانے کتنے

﴿عبدالحی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دبئی﴾

چاند تاروں کی نظر تجھ کو نہ لگ جائے کہیں
میرے محبوب ذرا ان سے بھی پردہ کرنا

﴿چوہدری دین محمد۔۔۔۔ضلع گجرات﴾

آئینہ ٹوٹ بھی جائے تو کوئی بات نہیں
دل نہ ٹوٹے کہ یہ بکتا نہیں بازار میں

معراج علی درد۔ گلگت

خط کیا لکھا تھا تو نے اپنے تیر سے
ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا دل میرا تیری تحریر سے

﴿عبدالرحمان۔۔۔۔۔۔۔۔ضلع لاہور﴾

وہ بھی رو پڑی میرے خط کو ویران دیکھ کر
کیونکہ میں نے اس خط میں کچھ لکھا ہی نہیں تھا

ایم ابراہیم مٹھانی۔ مسوبو زدار

اک قطرہ لہو تو رہنے دے میرے دل میں
شاید کہ تیرا ہاتھ بھی محتاج حنا ہو

﴿حبیب احمد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جرانوالہ﴾

تجھے تیرے شباب کی قسم تربتوں کو دیکھ کے چل
سوئی پڑی ہیں خاک میں اجڑی ہوئی جوانیاں

﴿طالب حسین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ملتان﴾

ہاتھوں پہ لکھ کے چومتے رہتے ہیں اس کا نام
مدت گزر گئی ہے جسے خط لکھے ہوئے

روشن علی۔ گوٹھ مالی مہر

میرا پیار بھی تو میری زندگی بھی ہے تو
میرے ہر سانس کو ہے تیری آرزو
تو وہی دھوپ ہے تو وہی چھاؤں سے
جس کو پانے کی تھی صدیوں سے جستجو

محمد یوسف انصاری۔ کراچی

www.pdfbooksfree.pk

دل سے تیرا خیال مٹا کر چلے ہیں ہم
اپنی تباہیوں کو بھلا کر چلے ہیں ہم
اکرم کنول۔نیو ملتان

اک تم ہی نہ ملے ورنہ
ورنہ ملنے والے بچھڑ بچھڑ کر ملے
حاجی محمد اکرم ارائیں۔بہاولپور سکھا

سر جھکا ہو گا ایک دن آپ کا
چھین لیں گے غرور آخر ہم آپ کا
جی ایم ملک۔شاہ رکن عالم ملتان

چمن کے پھول ہمارے ہی خون سے مہکے
ہمیں بھی چن لیا صیاد نے سدا کے لیے
کنول۔ملتان

شاخوں پہ آشیانے بچے ہیں اسی طرح
پھر لوٹ کر نہ آئے پرندے ہوا کے ساتھ

★ محمد آفتاب ------ سرگودھا
اک تم ہی نہ مل سکے ورنہ
ملنے والے بچھڑ کے ملے
چمن کے پھول ہمارے ہی خون سے مہکے
ہمیں بھی چن لیا صیاد نے سزا کے لئے

★ ملک شیر علی ------ دینہ
دل سے تیرا خیال مٹا کے چلے ہیں ہم
اپنی تباہیوں کو بھلا کر چلے ہیں ہم
کھائیں گے ہم بھی شیشہ دل پر نظر کی چوٹ
یہ بات اپنے دل میں بٹھا کر چلے ہیں ہم
پرنس سید نثار عابدی

بھری محفل میں ہو جائے گا دنگا
نہ مانگو تم کبھی گنجوں سے کنگا

★ محمد یعقوب ------ راولپنڈی
ہاتھ میں نہیں پیسہ کرنے چلے ہیں عشق
اپنی مانگے آفت' سینما کے مانگے ٹکٹ

★ خالدہ رفیق ------ گجرات
پان کھا کر ہر جگہ تھوکنا اچھا نہیں
دامن تہذیب پہ لگ جائے نہ دھبہ کہیں

★ محمد ارشد ------ ڈیرہ اسماعیل خان
جس گھر میں ساس ہو وہاں ٹی وی کا کام کیا
جب روز مفت ہی میں ڈرامہ دکھائی دے

★ ناصر محمود ------ راولپنڈی
لیلیٰ نے کہا مجنوں سے چلو شرط پکوڑے لگ گئے
شیخی شیخی میں مجنوں کو پندرہ کوڑے لگ گئے

★ غلام عباس ------ منچن آباد
میزان عدل آئی اب ایسوں کے ہاتھ میں
کانٹوں سے تولتے ہیں جو پھولوں کے ہار کو

☆ قلبِ عباس۔پشاور
اب آگ نہ جلنے پائے گی نمرود صفت عیاروں کی
ہم رحمت حق کے شعلوں سے گلزار بنا کر دم لیں گے

☆ سید شبیہ جمال۔نوشہرہ
پھر حشر کے ساماں ہوئے ایوان ہوس میں
بیٹھے ہیں ذوی العدل گنہگار کھڑے ہیں

☆ سراج الدین۔سرگودھا
آج وہ صبح کا تارا بن کر
راستہ مجھ کو دکھانے آیا
خالدہ زیدی' شیخوپورہ

ٹھوکر سے میرا پاؤں تو زخمی ہوا ضرور
رستے میں جو کھڑا تھا وہ کہسار ہٹ گیا
حمیرا رشیدہ' ڈسکہ

رفیقان سفر جی کو کڑا رکھنا کہ راستے میں
بڑی مشکل سے کوئی سایہ دیوار ملتا ہے
قیصر سلطانہ' بہاولپور

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

قتل بھی کرتا ہے اور کہتا ہے مقصد نیک ہے
واہ رہے اے چارہ گر تو بھی ستمگر ایک ہے

نجمہ نواز، کراچی

اجڑے ہوئے لوگوں سے گریزاں نہ ہوا کر
حالات کی قبروں کے یہ کتبے بھی پڑھا کر
ہر وقت کا ہنسنا تجھے برباد نہ کر دے
تنہائی کے لمحوں میں کبھی رو بھی لیا کر

☆انتخاب۔محمد سرور تنہا

روزانہ قریب سے گزر جاتے ہیں
گہرے زخم دل پہ کر جاتے ہیں
تمہیں مسکراتا دیکھ کر ابراہیم
کوئی نہ کوئی بھول ہم کر جاتے ہیں

☆محمد ابراہیم کھوکھر۔بھمرہ

حاصل نہ ہو سکے گا تجھے دہر سے فراق
جو لطف کی تھی آرزو تو لیتا بہار سے

☆نور محمد فراق بلوچ۔سمندوالہ ضلع میانوالی

وہ واجد اب کہاں آئے نظر
سر پر گنج چال میں لنگڑاہٹ لیے پھرتا ہے

☆واجد نگینوی۔کراچی

دیکھنا ہے شہر علم وفن میں اے جوہر مجھے
کون ہیں وہ لوگ جو فنکار آکر ہوگئے

☆سید سخاوت علی جوہر۔کراچی

اس لیے بھی رات کو گھر سے نکل آتا ہوں میں
سردیوں کے چاند کو احساس تنہائی نہ ہو

﴿افضل احمد۔۔۔ڈیرہ اسماعیل خان﴾

کمرے میں چھپ کے اس نے جلایا تھا میرا خط
پھر راکھ سارے شہر میں کیسے بکھر گئی

﴿سید قمر زمان۔۔۔۔۔۔۔اسلام آباد﴾

آتی ہے یاد تیری روتا ہے دل میرا
ٹپکتا ہے جو بھی آنسو بنتا ہے نام تیرا

غفار احمد بھٹی۔لاہور

جو پوچھتا ہے کوئی سرخ کیوں ہیں آنکھیں
تو آنکھیں مل کر کہتا ہوں رات سو نہ سکا
ہزار کہنے کے باوجود یہ کہہ نہ سکوں گا
کہ رات رونے کی خواہش تھی رو نہ سکا

عابد محمود۔ملکہ ہانس ضلع پاکپتن

میرے شریک سفر دے گئے دھوکہ مجھ کو
وگرنہ اس طرح ہر گز نہ ٹھوکریں کھاتے

﴿تابندہ اکرام۔۔۔۔۔۔۔میانوالی﴾

تھی آرزو کہ آشیاں اپنا بنائیں گے ہم
آندھیاں ایسی چلیں کہ سبھی تنکے بکھر گئے

﴿محمد اشرف۔۔۔۔۔۔کوٹلی (AK)﴾

اس کی ترنم میں ارشد آج کچھ اضافہ ہے
باد صبا ان کی چوڑیوں سے ٹکرائی ہے شاید
باد بہار ہوئی جو بغل گیر آنچل سے
کتنی بجلیاں کڑکیں کتنے دل ٹوٹے

ارشد علی ارشد۔مغربی نرتوپہ

کس طرح تم کو بنا لوں میں شریک زندگی
میں تو اپنی زندگی کا بار اٹھا سکتا نہیں

﴿محمد رمضان۔۔۔۔۔۔۔۔چنیوٹ﴾

اپنے ہی سائے سے ڈرنے لگا ہوں
مجھ سے بھی کوئی انسان اکیلا ہو گا

ایم نواز شاہین۔کراچی

مانا کہ غم کے بعد مسرت ضرور ہے
لیکن جیئے گا کون تیری بے رخی کے بعد

عادل۔کھاریاں

www.pdfbooksfree.pk

ہائے محبت تجارت ہو گئی ہے
اس کے نام سے حقارت ہو گئی ہے
کیا سوچ کے دل لگایا تھا
شاہد اک عمر کی جستجو غارت ہو گئی ہے

﴿غلام حسین۔۔۔۔سلانوالی ضلع سرگودھا﴾

میری زندگی کیا سے کیا بن گئی ہے
میری دکھ بھری التجا بن گئی ہے
لو بادل بھی آنسو بہاتے ہیں مجھ پر
یوں تقدیر کالی گھٹا بن گئی ہے

ایچ کے بصیروی مظفر گڑھ

لوگ نادان تھے خطا کرتے رہے
پھول سے خوشبو جدا کرتے رہے
دے گئے وہ ہم کو درد لا دوا
جن کے حق میں ہم دعا کرتے رہے

طاہرہ پروین اڈا سولنگ بہاولپور

وہ کسی اور کی بانہوں میں دل میرا غم کی راہوں میں
وہ قرار بن گئی کسی کا بس گئی غیر کی بانہوں میں
ہم تو ارادہ وفا کر کے نکلے تھے عشق کے سفر میں
یاد رکھنا ہمیں بھی بے وفا اپنی نیک تمناؤں میں

﴿شعیب احمد۔۔۔۔۔۔بہاولپور﴾

میں بھی جانتا ہوں جو فرق تم نے روا رکھا ہے
مجھے غیر اور غیروں کو اپنا بنا رکھا ہے
ہم نے تو تجھ سے عمر بھر نبھانے کی قسم کھائی ہے
دیکھ لو راحت عہد اپنا نبھا رکھا ہے

﴿صدف بتول۔۔۔۔۔ایبٹ آباد﴾

وفا کا تھا وعدہ جفا کر چلے ہو
نئی یہ کیا رسم بنا کر چلے ہو
جسے سنوارنے کی کھائی تھی تم نے قسم
کیوں راحت اسے تم فنا کر چلے ہو

﴿نیاز علی بھٹی۔۔۔۔۔۔سرگودھا﴾

میری خوشیوں کا خزانہ نہ مجھے واپس نہ ملا
میں نے روتے ہوئے ہر عید منائی یارو

﴿محمد عظمت۔۔۔منڈی بہاؤالدین﴾

ایسا طوفان آیا ساحل پہ اے ہمدم
کشتی نے ساتھ چھوڑ دیا کناروں سے پہلے
نہ دیکھ سکے خوشیوں کے دن سنگدل دنیا میں
سب کچھ لٹ گیا ہمارا نظاروں سے پہلے

﴿فتح محمد۔۔۔۔تحصیل جنڈ ضلع اٹک﴾

سحر جو آئی اس چراغ کی مدت
جو ساری رات سسکتا رہا سحر کے لیے

عدیل بٹ۔نوتانوالی

اس کو دیکھے سال ہوئے
سارے خواب خیال ہوئے
اس کا روپ اور میری آنکھیں
سارے منظر لال ہوئے

نائیک اصغر علی عاصم۔راولپنڈی

آدھی رات کو یہ دنیا والے
جب خوابوں میں کھو جاتے ہیں
تو ایسے میں محبت کے روگی
یادوں کے چراغ جلاتے ہیں

﴿محمد یوسف۔۔۔۔۔۔۔گجرات﴾

کرتے ہیں محبت سب ہی مگر ہر دل کو صلہ کب ملتا ہے
آتی ہیں بہاریں گلشن میں ہر پھول مگر کب کھلتا ہے

﴿محمد انور۔۔۔۔۔۔۔۔بھکر﴾

میرا دل بھی نکال لینا مرنے کے بعد یارو
کہیں وہ بھی مر نہ جائے جو میرے دل میں بسا ہے

﴿ذوالفقار علی۔۔۔۔۔۔مردان﴾

دوست بن کر زخم جگر دیا اس دنیا نے مجھے
آہ افسوس کہ کوئی مسیحا نہ ملا اک پل کے لیے

﴿صابر حسین۔۔۔۔۔۔فیصل آباد﴾

www.pdfbooksfree.pk

تو وہ باغباں ہے جو دیتا ہے پھول سب کو
مایوس میں ہوں آیا تیرے آشیانے سے

﴿سلیم احمد ــــــــــرحیم یار خان﴾

اب تک بھگت رہے ہیں اک سزا کی عمر
اپنا نام لکھ بیٹھے تھے جینے والوں میں
ایم نواز شاہین جھنگوی۔ کراچی سٹی

مانا کہ تم حسین ہو اس قدر بھی نہیں
جد قدر میری نگاہ نے تجھے بنا دیا
ثناءاللہ نیازی۔ تیری خیل

آشیاں پھول کی ٹہنی پر بنانے والے
گل کے شعلے بھی کبھی آگ لگا دیتے ہیں
اعجاز احمد خان۔ لاہور

زندگی کتنا خوبصورت نام ہے مگر
دکھوں نے اسے بدنام کر رکھا ہے۔
نجیب خان۔ تری خیل

آداب محفل صنم ملحوظ خاطر رکھے ہم نے راحت
ورنہ ہم ان سے ضرور پوچھتے کہ کتنے وفادار ہو تم
امیر نواز خان۔ لاہور

خدا غارت کرے گلشن کے بد اندیش تنکوں کو
یہ ظالم جل جاتے ہیں کسی کا آشیاں ہو کر۔
وزیر خان نیازی

مثال دیتے ہوئے ہوئی شاعر سے یہ بھول
کہاں راحت تیری کہاں گلاب کے پھول
ریاست حسین۔ راولپنڈی

کہتے ہیں آنکھ آنکھ سے ملنا ہے بندگی
دنیا کے کام چھوڑ ذرا آنکھ تو ملا!!
محمد قاسم ضیا۔ قادر پور راواں

ان کی زلفیں اگر بکھر جائیں
احتراماً رات نہیں ہوتی

﴿لیاقت علی ــــــــــراولپنڈی﴾

پلکوں پہ سو گئی ہے امیدوں کی روشنی
ہم زندگی میں کر کے چراغاں اجڑ گئے

﴿مدیحہ شہزادی ــــــــــخوشاب﴾

شدت غم کو تبسم میں چھپانے والے
دل کا ہر زخم نگاہوں سے عیاں ہوتا ہے
خالد خان نیازی۔ ملتان

یہ پھول ہر گلشن پر بہار
تمہاری چاہت کی منتظر ہیں
نجیب۔ تری خیل

پلکوں پر لرزتے ہوئے تارے سے یہ آنسو
اے حسن پشیمان تیرے قربان گئے ہم

﴿عاطف محمود ـــــنواب شاہ (سندھ)﴾

یا رب کسی کے گلشن کو تباہ نہ کرنا
اچھے دوست ملیں تو جدا نہ کرنا

﴿ایم اکرم ــــــــــپتوکی﴾

تحریر تو دیکھی ہے تصویر نہیں دیکھی ہے
ملنے کی تمنا ہے پر تقدیر نہیں دیکھی ہے

﴿عمران علی ــــــــــشبقدر فورٹ﴾

پھر آنا ہونا ہو آئے ہو تو فاتحہ پڑھ لو
شکستہ قبر ہے ممکن ہے کل کو نشاں نہ رہے گا
امتیاز احمد ساجن۔ نوشہرہ ورکاں

لایا چاند ملن کا پیام
نکھرا رنگ شام کا تمام

﴿گلشن رضا ـــــــشمس آباد راولپنڈی﴾

اے پھول تجھے خوشبو کا بادشاہ کہتے ہیں
تجھ میں محبت اتنی ہے سب تجھے اپنا دیوانہ کہتے ہیں

www.pdfbooksfree.pk

﴿محمد مسعود خان۔۔۔۔۔۔۔۔کراچی﴾

اتنی محبت ہے تجھ میں پھول
تجھے محبتوں کا خدا کہتے ہیں

ایم شفیق احمد شفیقی۔ کرنانہ گجرات

اخلاق سب سے رکھنا تسخیر ہے تو یہ ہے
خاک اپنے کو سمجھنا اکسیر ہے تو یہ ہے

﴿حاجی محمد ارشد۔۔۔۔۔۔۔۔۔جہلم﴾

ہادی نہ ملے گا تمہیں قرآن سے بڑھ کر
دولت نہ ملے گی تمہیں ایمان سے بڑھ کر

حافظ حبیب اللہ مہر۔ سکھر

ہمیں تو بڑا ناز تھا یارا تیری وفا پر
یہ کیا کیا کہ دامن چھوڑ کے مسکرا دیئے

﴿مستری طاہر حسین۔۔۔۔۔۔خانپور﴾

میں شمع کی مانند پگھل رہا ہوں یارو
کہ پھر بھی شوق محبت ہوں پروانے کی طرح

فاروق رضا۔ شہداد پور سندھ

جستجو جس کی تھی اس کو تو نہ پایا ہم نے
اس بہانے سے مگر دیکھ لی دنیا ہم نے

پپو دیوانہ۔ لاہور

ڈھونڈنے خوشیاں چلا تھا تیری محفل کی طرف
درد کے شعلے لگے بڑھنے میرے دل کی طرف

محمد عثمان بلوچ۔ پڑدان شرقی

تجھ کو رسوا نہ کیا خود بھی پشیماں نہ ہوئے
عشق کی رسم کو اس طرح نبھایا ہم نے

پرنس الیاس خاں۔ ساہیوال

حرج ہی کیا ہے الگ بیٹھا ہوں محفل میں خاموش
تم سمجھ لینا کہ یہ بھی نقش ہے دیوار کا

محمد اصغر خان۔ پڑدان شرقی

بھول جاتے ہیں غم زمانے کے
تیرے اک بار مسکرانے سے

اسد ظفر۔ فیصل آباد

آؤ عہد کریں پیار میں دونوں ہی یہ عاصم
توہین وفا جو بھی کرے موت سزا ہو

طارق ظفر۔ فیصل آباد

میں برا تو نہیں چاہتا لیکن خدا کرے
لگائے تجھے بھی کوئی ٹھوکر تیری طرح

اصغر علی عاصم۔ مخدوم پور پہوڑاں

کاجل کی طرح آنکھ میں غیروں نے جگہ دی
آنسو کی طرح گر گئے اپنوں کی آنکھ سے

﴿عابد حیات ملک۔۔۔۔۔ضلع وہاڑی﴾

بھلا دے ساری دنیا سنبھل جا اے جاوید
جب اپنے ہی نہیں اپنے تو غیروں پہ کیا بھروسہ

﴿جمیلہ پروین۔۔۔۔۔۔میر پور خاص﴾

دفنا دیکھ بھال کر حسرت زدہ کی لاش کو
لپٹی ہوئی کفن سے کوئی آرزو نہ ہو

﴿عطیہ اکرام۔۔۔۔۔۔۔۔۔شارجہ﴾

تنگ آچکے ہیں کشمکش زندگی سے ہم
ٹھکرا نہ دیں جہاں کو کہیں بے دلی سے ہم

ایم نواز شاہین جھنگوی۔ کراچی

ہنستی آنکھیں ہنستا چہرہ اک مجبور بہانہ ہے
چاند میں سچ مچ نور کہاں ہے چاند تو اک ویرانہ ہے
مجھ کو تنہا چھوڑنے والے تو نہ تنہا رہ جائے
جس پہ تجھ کو ناز بڑا ہے اس کا نام زمانہ ہے

﴿محمد اقبال۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مردان﴾

اپنے تیور کو سنبھالو کہ کوئی یہ نہ کہے
دل بدلتے ہیں تو چہرے بھی بدل جاتے ہیں

﴿زاہد الرحمان۔۔۔۔۔۔۔۔گجرات﴾

www.pdfbooksfree.pk

غزلیں نظمیں

کوپن ماہ ستمبر 2014ء

انچارج......معیز ہ سحر

اس عنوان کے تحت آپ ہمیں اپنی غزل،نعت،نظم یا پھر اپنے پسندیدہ شاعر کا کلام ارسال کر سکتے ہیں۔اس کے ہمراہ آپ اس ماہ کا کوپن کاٹ کر ارسال کریں۔اگر آپ کوپن نہ بھیجنا چاہیں تو 10 روپے کے غیر استعمال شدہ ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔ہم اسے آپ کے نام کے ساتھ شائع کر دیں گے۔اگر آپ اپنی تحریر کے ساتھ تصویر شائع کروانا چاہیں تو 30 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔جو خواتین اپنی تحریر کے ساتھ تصویر شائع کروانا چاہیں تو اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لازمی روانہ کریں۔

غزلیں،نظمیں......ماہنامہ سچی کہانی،29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اُردو بازار لاہور

غزل

تری صدائے دل فگن تری ادا کا بانکپن
یہی تو ہے اے جانِ من میرا سامان دردِ دل

مستی تیرے خواب کی نشہ ترے خیال کا
اِسی پہ ہے میرے حکیم کو گمانِ دردِ دل

میں تیری یاد میں جہاں سے بے خبر رہوں
اِسی کا نام عشق ہے یہی ہے شانِ دردِ دل

شعر میرے پیار سے پیار میرا یار سے
پیار ہی سے زندگی یہی زبانِ دردِ دل

سن لوں سب شکایتیں دراز نہ کروں زباں
یہ صبر کا مقام ہے،ہے امتحانِ دردِ دل

☆احمد حسیب قیصر۔لاہور

غزل

مراسم جدائیوں کے بدلتے نہیں کبھی
وہ ساتھ دو قدم میرے چلتے نہیں کبھی

شناسائی تھی جن سے مدتوں میری
تیرے ہونٹوں پہ وفا کے پھول کھلتے نہیں کبھی

دشوار مراحلے ہیں وفاؤں کے یہاں
مسرتوں کے چراغ جہاں میں جلتے نہیں کبھی

برہم سی ہوا بھی ہے تیرے گلشن کی
بچھڑ جائیں جو زندگی میں پھر ملتے نہیں کبھی

منظر تیری یادوں کا دل سے پھر مٹتا نہیں جاوید
دیپ وفاؤں کے جہاں میں جلتے نہیں کبھی

☆محمد اسلم جاوید۔فیصل آباد

غزل

زمیں سے دور مرے آئینے سجاتا ہے
وہ پتھروں کو سر آسمان بلاتا ہے

www.pdfbooksfree.pk

وہ کھیلتا ہے مرے ساتھ دل کی بازی بھی
کبھی ہنساتا ہے مجھ کو کبھی رلاتا ہے

میں کوستا ہوں اسے درمیاں بگولوں کے
مجھے وہ بھیج کے صحرا میں مسکراتا ہے

وہ پھول توڑ کے بالوں میں ٹانکتا ہے کبھی
وہ پیچھے کر کے بھی آئینہ دکھاتا ہے

بہا رہا ہے مسلسل وہ پانی آنکھوں سے
غم حیات میں وہ قہقہے لگاتا ہے

کئی دنوں کی مسافت ہے اس کے پیروں میں
کئی دنوں سے مرے پاس آتا جاتا ہے!

بجھا کے پہلے چراغوں کو اہتمام کے ساتھ
پھر اہتمام سے سرگوشیاں سناتا ہے

وہ میکدے میں تلاوت مراد کرتا ہے
نماز میں وہ مرے شعر گنگناتا ہے!

☆رحمان امجد مرادؔ۔سیالکوٹ

مختصر نظمیں

(1)

کھلی آنکھوں سے
جو خواب میں نے دیکھا تھا
وہ اب خشک آنکھوں سے
سیلاب کی صورت
بہہ نکلا ہے

(2)

جان من
تمہارا تصور
میرے ذہن سے اب
موت ہی جدا کر سکتی ہے

(3)

کل تک جو
آشنا تھے ہم سے
آج
قریب سے یوں میرے گزرے ہیں
اجنبی ہو جیسے

☆چوہدری قمر جہاں علی پوری۔ملتان

غزل

جب سے وہ میرے دل کا قرار ہوئے ہیں
ہم پہ درد کے سو رنگ آشکار ہوئے ہیں

محبت ثواب گر ہوتی تو جنت ہماری تھی
تجھے شب و روز سوچ کر بس گنہگار ہوئے ہیں

تیری آس کے دھاگوں میں مربوط اعتبار تھا میرا
اسی اعتبار سے بھرم تار تار ہوئے ہیں

جس کی وفاؤں پہ رشک ہمیں انتہا کا تھا
ان کی بے وفائی کے چرچے سر بازار ہوئے ہیں

انگلیاں اٹھائے لوگ مقام شعور پہ آئے جب
اپنا آئینہ دیکھ کر شرمسار ہوئے ہیں

ناکام حسرتوں کی قبروں پر جذبے نوحہ کناں ہیں
مرض عشق میں کئی دل مزار ہوئے ہیں

فضاؔ زمانے نے بدل ڈالی خو میرے اپنوں کی
لہجے گل سے گریزاں پھر تلوار ہوئے ہیں

☆حمیرا فضا۔رحیم یار خان

غزل

www.pdfbooksfree.pk

میری روح پہ کتنے زخم ہیں یہ کوئی جان نہ پائے گا
میری ہستی میں کتنے آنسو ہیں یہ کوئی جان نہ پائے گا
ہر گزرنے والے چہرے کو آج غور سے دیکھ رہے ہیں
شاید کسی کے چہرے میں اس کا عکس مل جائے گا
رخ روشن جو ہوا ہے عیاں، کر لو تم دیدار
پھر اس طرح سے شاید اس کا دیدار ہو نہ پائے گا
جانے والے کو نہ روکنا کب کوئی یہاں پر ٹھہرے گا
بیتے دنوں کا دھندلکوں میں نقش یا رہ جائے گا
گھائل روح پر اس قدر ہے زخموں کی تعداد بڑھی
گننا جو چاہے ان کو شمار نہ کوئی کر پائے گا
چہروں کے جنگل میں کسی کے گم ہونے کی کیا بات کرتی ہو تاباں
خورشید جو چھپے بادلوں کی بھیڑ میں نشان نہ مل پائے گا
تاباں آرزو۔ ملتان

غزل

اب ہم کو موت مل جائے تو اچھا ہے
اب یہ جان بھی نکل جائے تو اچھا ہے
میرا یہ پاگل دل کسی طرح سنبھل پاتا نہیں
اس طرح اگر بہل جائے تو اچھا ہے
دن گن گن کر گزار رہے ہیں ہم
رو رو کر رات ڈھل جائے تو اچھا ہے
آئے کاش مرنے سے پہلے اک بار پاس
اک نظر میری حالت دیکھ جائے تو اچھا ہے
رضی تو غیر کی دلہن بننے سے پہلے
تیرا یہ انجم مر جائے تو اچھا ہے
شیر افضل انجم۔ باسیہ، اٹک

غزل

عہد وفا تو ہم نے کر لیا تھا اس سے
جو وہ نبھاہ نہ سکا تو نہ گلہ کیا تھا اس سے

بس ایک بار ہوئی اپنے نصیب میں قربت
پھر جو ہم بچھڑے تو نہ مل سکے اس سے
بام لب بات ہماری دم توڑتی رہی
جو کہنا چاہتے تھے آج تک نہ کہا اس سے
وہ اہل بزم ہے اس کی کیا بات کریں
ہم کنج مقدر ہیں یہ کیسے کہیں اس سے
وہ نہیں چاہتا تو ہم بھی رہیں گے خاموش
غم ہجر کے فسانے اب کیا کہیں اس سے
جلتی دھوپ میں کھڑا ہے وہ چپ چاپ اور گم صم
میرے دامن میں سمٹ جائے یہ کیسے کہوں اس سے
تاباں ترک تعلق بھی نہیں چاہتا وہ ہم سے
دوریوں کے بہانے ہی سنا کریں اس سے
شاعرہ۔ تاباں آرزو

آؤ مل کر رہیں

چاہے کچھ بھی
ہم تم نہ جدا ہوں
آؤ مل کر رہیں
ساتھ مرنے جینے کا اقرار کریں
پیار کرنا ہے عبادت آؤ پیار کریں
آؤ مل کر رہیں
یہ نہ دیکھ کہ تم مجھ کو کتنا ستاتے ہو
یہ دیکھو کہ تم مجھ کو کتنا سمجھاتے ہو
میری غربت کو نہ دیکھ
تو اپنی شان کو دیکھ
اکبر اصغر ایک ہیں یہ چرچا عام کریں
آؤ مل کر رہیں آؤ مل کر رہیں
ملک نذیر احمد۔۔۔۔۔۔راولپنڈی

www.pdfbooksfree.pk

غزل

وہ سمائے بیٹھے ہیں اکثر خیالوں میں
نظر نہیں آتے ہمیں اجالوں میں
بس اک تصور سے ہمکلام ہوتا ہوں
زندگی ڈوب چلی درد بھرے نالوں میں
خاک صحرا کو چھانا شوق وصل لیے
کتنے ارماں چھپائے زیر پا لوں میں
قرار پائے گا دل بے تاب اب کیسے
ہے ہی نہیں ساقی تیرے پیالوں میں
میں وہ مسافر منزل پہ آ لٹا ہوں
الجھ گیا ہوں غم کے عجیب جالوں میں
اس شجر سے سائے کی توقع ہے تمہیں
کوئی پتہ ہی نہیں جن کی ڈالوں میں
زخمی دل کی حالت بتائیں کیسے
مجروح عمر کٹے گی ان سوالوں میں

ایم اے زخمی۔ کراچی

غزل

بہت تھی آس جن کی ہم کو وہ آج پرائے ہو گئے
آرزو بہت تھی پانے کی جن کو وہ آج پرائے ہو گئے
نہیں جینا تیرے بغیر یہ صدا دی میرے دل نے ہم کو
سدا عمر بھر ساتھ رہیں یہ دعا دی میرے دل نے ہم کو
پیار وفا کی باتیں کرنے والے آج پرائے ہو گئے
کسی کو جا کر شب ہجراں کا ہم سنائیں گیت
وہ تو ہم سے روٹھ گیا اب کس کو ہم بنائیں میت
پیار نبھانے کے وعدے کر کے وہ آج پرائے ہو گئے
چاند نکلا ہے عید کا چاند لیکن وہ نہ آئے
ان کی پرچھائیں نہ ساتھ رہی اور رہے نہ سائے
جانِ وفا کا بننے والے وہ آج پرائے ہو گئے

فوزیہ بشیر۔ لاہور

غزل

ایسے بھی لمحے زیست میں سو بار آئے ہیں
جب چشم انتظار نے آنسو بہائے ہیں
دل کو شکایت غم جاناں نہیں کہ ہم
آلام زندگی پہ سدا مسکرائے ہیں
گرچہ کڑی ہے دھوپ مگر پھر بھی رہروو!
راہ وفا میں آج بھی سائے ہی سائے ہیں
کچھ یوں بھی ہم کو راس نہ آئی کوئی خوشی
کچھ خود بھی دل نے حوصلے غم کے بڑھائے ہیں
تبسم ہمارے عزم کی کیا دے گا کوئی داد
ہر تازہ واردات پہ ہم مسکرائے ہیں

شہناز تبسم..... گوجرانوالہ

غزل

دلفریب ہے تیری ہر ادا ہمدم
دل سے آئے یہی صدا ہمدم
تجھے دیکھے بن نہ قرار آئے
جانے کیا تو نے کر دیا ہمدم
اور بھی خوبرو ہیں دنیا میں
ہے دوسروں سے مگر تو جدا ہمدم
یہ نہ ہو بھولنا بھی مشکل ہو
اس قدر پیار نہ بڑھا ہمدم
زندگی بھر نہیں بھولوں گا تجھے
یاد رکھوں گا ہر لمحہ ہمدم
پیار میں کیا ہے دکھ غموں کے سوا
وقت ہے اب بھی لوٹ جا ہمدم

شمس الدین شمس۔ راولپنڈی

غزل

www.pdfbooksfree.pk

خود نگہباں بن کے جو چمن کی آبرو لوٹے
چمن والوں عقیدت چھوڑ دو ایسے نگہباں کی
ابھی تو موسم خشک بہت ہے بارش ہو تو دیکھیں گے
کہ ہم نے اپنے ارمانوں کو کس مٹی میں بونا ہے
کہیں روندی ہوئی کلیاں کہیں مسلے ہوئے غنچے
بہت ہی تلخ یادیں ہم دل ناداں میں رکھتے ہیں
اے یاد دوست آج تو جی بھر کے دل دکھا
شائد یہ رات ہجر کی آئے نہ پھر کبھی

ملک سعید قمر..... سرہال خوشاب

غزل

محبت ایسا روگ ہے
جو سانسوں میں ملتا ہے
جو آنکھوں سے ٹپکتا ہے
جو آہوں سے نکلتا ہے
محبت ایسا روگ ہے
جو خون میں رقص ہوتا ہے
جو دل میں رنگ بھرتا ہے
جو سوچوں میں مچلتا ہے
محبت ایسا روگ ہے
جسے سب یاد رکھتے ہیں
دل ناشاد رکھتے ہیں
بزم آباد رکھتے ہیں

مرزا خالد حسین ------- اٹک

غزل

کیا غضب ہے کہ بناوٹ کی ادا پیار لگے
مجھ کو وہ سادی سی لڑکی بڑی پرکار لگے

بے درد مجھ سے اپنا تصور بھی چھین لے
ہاں تیری آرزوؤں کے قابل نہیں ہوں میں
یوں کر چکے وہ ترک راہ و رسم دوستی
جیسے ہم ان کو یاد نہ آئیں گے کبھی
وہ تو خوشبو ہے فضاؤں میں بکھر جائے گی
مسئلہ پھول کا ہے پھول کدھر جائے گا
اگر جدائی کا علم ہوتا تیرے پیار سے پہلے
میں مرنے کی دعا کرتا تیرے دیدار سے پہلے
ہم نے کانٹوں کو بھی نرمی سے چھوا ہے اکثر
لوگ بے درد ہیں پھولوں کو بھی مسل دیتے ہیں
دنیا میں رہے تو کئی دن یہ اس طرح
دشمن کے گھر میں جیسے کوئی مہمان رہے

حاجی عبداللطیف ------ ساہیوال

"تجھ سنگ پریت لگائی"

تیری محبت میں
دیوانہ، مستانہ
پھرتا ہوں بن کر جوگی
گلی گلی
اے میرے دل کی کلی
کبھی مسکرا کے تو بات تو سن
محبت کی بجتی ہے میرے دل میں دھن
تجھ سنگ پریت لگائے
تجھے دل میں بسائے
پھرتا ہوں ہر گلی
اے میرے دل کی کلی
آ کر میرا حال دل سن

www.pdfbooksfree.pk

میں کیسے زندہ ہوں
تجھ بن
میرا جینا محال ہے
کیا میری زندگی کا آخری سال ہے
اشکوں کی روانی ہے
میری پریم کہانی ہے
تم سے دل لگا کر
میں نے زیست بھر
وفا کا جو عہد و پیمان کیا تھا
اس پہ آج بھی کاربند ہوں
مگر تم
مجھ سے نظریں چرائے
میرے دل کو دکھائے
یوں گذر جاتی ہو
جیسے
کبھی آشنائی نہ تھی
اے میری دلربا
کبھی میرے پاس تو آ
میں تجھے اپنا حال سناؤں
تیرے دل کے تار ہلاؤں
مجھے تجھ سے محبت ہے

جمشید اکرم کنول۔ ملتان

غزل

رات کا پچھلا پہر ہے راحت گھر چلیں
اونگھتی سڑکیں تمہارے درد کا درماں نہیں
خزاں کی دھوپ سے شکوہ کروں تو کیسے کروں
شیشہ دل کی طرح نازک ہیں میرے دل کے افسانے

رہ گئی داستان غم ہونٹوں پر آ کے
مل گئیں تمام آرزوئیں خاک میں ہماری
غنچے غنچے کی ہتھیلی پر خوشبو کا چراغ
کون گذرا ہے ادھر سے زلف کو لہراتا ہوا
جو راز چھپانے والا تھا وہ کہہ دیا ہم نے ہر اک سے
ہم ملزم تھے اب مجرم رہیں آداب محبت بھول گئے
یہ اور بات ہے کہ تم پر نثار کر دی ہے
عزیز اپنی جوانی کیسے نہیں ہوتی
کیا تمہیں عہد محبت کے وہ لمحے یاد ہیں
جب نگاہیں بولتی تھیں اور ہم خاموش تھے

عبدالغفور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جہلم

غزل

اثر انداز نہیں گردش دوراں کا مزاج
آگیا راس مجھے زلف پریشاں کا مزاج
وقت کی تیز ہواؤں سے ہوا ہوں روپوش
مجھ سے ملتا ہے چراغ تہہ داماں کا مزاج
ہم سنواریں گے تیری زلف پریشاں اے دوست!
ہم سمجھتے ہیں تری زلف پریشاں کا مزاج
جن کے قدموں سے لپٹی ہوئی ساحل کی زمین
خاک سمجھیں گے وہ ٹھہرے ہوئے طوفان کا مزاج
عشق گلشن سے عنادل کی زباں سے نفرت
بن گیا کیسا یہ ارباب گلستان کا مزاج
ڈولی ڈولی سی ہے کچھ نبض تمنا جرار
بگڑا بگڑا سا ہے کچھ حسرت و ارماں کا مزاج

ایس ایس مہدی۔ کراچی

التجا مسلم

مسلمان عظیم تھے قوت ایمانی سے
مگر آج رسوا ہوئے تارک ایماں سے

Digest.pk
www.pdfbooksfree.pk

ہم نے چھوڑ دیا نصیحت کو اپنا لیا موسیقی کو
یہی وجہ ہے آج کافروں نے بنا لیا غلام ہم کو
عزت ہے اللہ و رسول کی مدد سے
مگر ہم بے عزت ہوئے کافروں کی رو سے
کشمیر و بوسنیا میں بے حرمتی ہو رہی ہے مسلمان عورتوں کی
اور دیکھوں مسلمان کیسے مست ہیں نیند میں
جذبہ قاسم، فتح علی اور غزنوی لے کر آگے بڑھوں
اے مسلمانوں کہاں چلی گئی تمہاری غیرت آگے

﴿محمد عمران۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جھنگ﴾

غزل

یہ مانتا ہوں کہ میں تم کو پا نہیں سکتا
تیرا خیال مگر دل سے جا نہیں سکتا
میں کر رہا تھا فقط تجربہ محبت کا
لگی ہے آگ اب ایسی بجھا نہیں سکتا
نہیں نہیں میرے دل میں درد تو ہے
مگر میں چیر کے پہلو دکھا نہیں سکتا
خدا کرے میرے آنسوؤں میں بہہ جائے
یہ دل جو کہ تجھے اپنا بنا نہیں سکتا
اس احتیاط سے جاوید کہ راز فاش نہ ہو
میں رو تو سکتا ہوں، آنسو بہا نہیں سکتا

﴿عبدالحمید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔راولپنڈی﴾

غزل

مدت ہوئی تیرا شہر نہیں دیکھا
اب تو تیری گلی بھی یاد نہیں
تیری یاد میں دن گزر رہے ہیں
گزرے لمحوں کا شام و سحر یاد نہیں
آنکھوں میں تیری تصویر رہتی ہے
دکھ اور جدائی کا کوئی لمحہ بھی یاد نہیں
جگہ جگہ تم کو تلاش کیا ہے
منزل کا کوئی نشان بھی یاد نہیں

﴿حاجی نور محمد۔۔۔۔ضلع رحیم یار خان﴾

غزل

نہیں کوئی فرق میرے آج اور کل میں
تھی داماں جو تھی کل اگر میں
تھی دست ہوں آج بھی میں
کل نہ تھے جذبے میری دسترس میں
آج نہیں ہیں الفاظ میرے اختیار میں
مبہم سے کچھ تیرے خط کے الفاظ تھے
کچھ بھی تو نہ آیا میری سمجھ میں
مبہم سا جواب ملا مجھے میری باتوں کا
کھوئی رہی میں اپنے ہاتھوں کی لکیروں میں
جذبوں میں یہ اپنے مجھ کو بھی تھا یقیں
اور گم ہوئی تیری ذات کی بھول بھلیوں میں
جب مجھ کو آ گیا ہے تیری باتوں پر یقین
اب میں بھی نہیں ہوں خود اپنی دسترس میں

تاباں آرزو۔ ملتان

غزل

عمر گزری ہے غم اٹھانے میں
زخم کھائے بہت زمانے میں

کیسی پائی کڑی سزا ہم نے
ایک تھوڑا سا مسکرانے میں

میرے اپنوں کی مہربانی سے
لگ گئی آگ آشیانے میں

www.pdfbooksfree.pk

کیا کریں ہم بھلا کہاں جائیں
کوئی اپنا نہیں زمانے میں
اے غم یار کیا ملا تجھ کو
میری الفت کو آزمانے میں
ایسی عادت ہوگئی اب تو
لطف آتا ہے زخم کھانے میں

﴿محمد اصغر عباسی۔۔۔۔۔کوٹلی (AK)﴾

مصور سبزواری

دہلیز کا بھی آخری پتھر اکھڑ گیا
لوٹے ہو اب مکینو جب گھر اجڑ گیا
مٹھی میں جس کی بند تھا اس عہد کا سکوں
وہ برکتوں کا ہاتھ تو آندھی میں جھڑ گیا
طوفان بادگرد میں کس کس کو روکتے
جب صلح کی ہوا چلی تو سمندر بگڑ گیا
پھنکارتی ہے وعدہ کی شام اژدہا صفت
لگتا ہے اس کے رستے میں سیلاب پڑ گیا
مصلوب اس خلوص سے اس نے کیا مجھے
سر میں وہ اپنی یاد کے ناخن بھی جڑ گیا
اذن سفر کے دینے سے پہلے ہی سوچتے
بچھڑے گا وہ سدا کے لیے گر بچھڑ گیا
اب صرف راہگذار ہے منزل نہیں ہے تو
اک نیزہ تیرے نیزہ سے آگے بھی گڑ گیا
تو سالم آسمان میں سیارہ حقیر
میرا زوال کیوں تیرے ماتھے پہ پڑ گیا
پینے لگا ہے بیٹھی ہوئی تتلیوں کے رنگ
شاید ہوس کا پودا کوئی جڑ پکڑ گیا

﴿ایم اشرف۔۔۔۔۔۔۔۔ابوظہبی﴾

غزل

کہاں گئے وہ عہد وفا نبھانے والے
راہ عشق پہ وفا کے گیت گانے والے
غم دوراں میں بھی جنھیں پاس وفا رہا
چشم تر کے ساتھ مسکرانے والے
تنہا درد سہہ کے خود کو مٹا لیا
درد کی جاگیر یار سے چھپانے والے
چھن گئی بنیائی کسی کی راہ تکتے تکتے
لوٹ کے آتے نہیں روٹھ کے جانے والے
وصل ضروری تو نہیں محبت میں
رسوا ہوئے ہیں کسی کو جو پانے والے
شاہد کیونکر اسے ماضی میں ڈھونڈتا ہوں
گئے دن نہیں ہیں اب لوٹ کے آنے والے

﴿خیر النساء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کراچی﴾

غزل

کر دیا ہے رسوا زمانے نے ہمیں اک تیرے جانے سے
کتنے بے بس ہو گئے ہیں ہم اک تیرے جانے سے
کتنی خواہشیں تھیں دل میں کتنے تھے ارمان
سب ادھورے رہ گئے اک تیرے جانے سے
ہوتی تھیں آباد محفلیں کبھی ہم سے
اب اتنے تنہا ہو گئے ہیں اک تیرے جانے سے
خوشیوں میں کھل رہے تھے ہر غم سے آزاد تھے ہم
دکھوں کی پہچان ہو گئی اک تیرے جانے سے
تجھے چاہ کر بہت کچھ پایا تھا ہم نے اے دوست
لیکن سب کچھ ہم نے کھو دیا اک تیرے جانے سے

فوزیہ بشیر۔لاہور

غزل

کہاں میں کہاں تیرا ساتھ یہ میری سوچ کتنی فضول تھی
مجھے معاف کر میرے ہمسفر تجھے چاہنا میری بھول تھی

www.pdfbooksfree.pk

میں نے خود کو خود ہی مٹا دیا جو حساب تھا وہ چکا دیا
جو بھری گئی میری مانگ میں وہ تیرے قدموں کی دھول تھی
نہ شکوہ کیا زبان سے پس پردہ بیٹھ کے رو لیا
ذرا دیکھ آکے او سنگدل تیری بے رخی بھی قبول تھی
ملی ٹھوکریں تھیں قدم قدم میں سمیٹ لوں تیرے سارے غم
کیوں نہ جان میں تجھ پر فدا کردوں تو تو زندگی کا حصول تھی
کبھی میرے دل کی تھی یہ آرزو کہ میں کرتا اس سے بھی گفتگو
نہیں مجھ میں تاب نظارہ اب وہ کلی تو بن گئی پھول تھی
تو ساتھ ہے نہیں کوئی غم تیرے دم سے ہمیرے دم میں دم
کیوں نہ شاداں ہو بسمل کہ تیری قربت اس کو قبول تھی

﴿محمد جاوید رانا۔۔۔۔۔۔۔۔سندھ﴾

غزل

پیار کرتے رہے تم سے ہم جاہل بن کے
اور لٹتے رہے تیرے پیار میں کاہل بن کر
القاب دنیا نے ہیں بخشے زندو و شرابی کے
پیار تجھ سے ہی کیا خوب ہم نے گھائل بن کے
دل میں تھی حسرت کہ قدم چوموں تیرے
ہوئے رسوا بھی بہت تیرے پاؤں کی پائل بن کے
برسوں کی جستجو سے بٹلیا تھا آشیاں میں نے
لے گیا اسے بہا کر وہ ظالم ساحل بن کے
لٹاتا رہا جس پہ تو خوشیاں اپنی ریاض
سرانگ لیا اس نے ہی تیرا سائل بن کے

﴿عبدالجبار۔۔۔۔۔۔۔دوحہ (قطر)﴾

غزل

محبت کی قیمت ادا کوئی کیا کریگا
مجھ سے ہو کر خفا کوئی کیا کریگا
روٹھنے سے ہوگا تمہیں کیا فائدہ
نہیں تو پھر میرا کبھی نہ نام لینا
اپنا سمجھا تو سمجھوں گا پھر بھی تجھے
یوسف غوری چاہتا ہے پھر بھی تجھے
لاکھ نخرے کرو ہزار بہانے بناؤ
زندگی میں پیارے سے سفر بناؤ
محمد یوسف غوری
کشمیر

کبھی حسین وادیوں کی سر زمین تھا کشمیر
کبھی شاد آباد تھا خوشی کی تصویر تھا کشمیر
جس کو دنیا کی جنت کہتے ہیں وہ تھا کشمیر
جس کو کہتے ہیں وادی بے نظیر وہ تھا کشمیر
جہاں حسن پروان چڑھتا تھا وہ تھا کشمیر
جہاں جنت کی حوریں رہتی ہیں وہ تھا کشمیر
مگر آج جو جل رہا ہے اجڑ رہا ہے وہ ہے کشمیر
جہاں بیٹیاں برباد ہوتیں ہیں مررہے ہیں وہ ہے کشمیر
جہاں دن بھی تاریک رات بن گئے ہیں وہ ہے کشمیر
جہاں موت رقص کرتی ہے زندگی ہے دل گرفتہ ہے کشمیر
کیا تب ہوش میں آؤ گے جب نہ رہے گا کشمیر
جب اجڑ جائے گا لٹ جائے گا یہ کشمیر
محمد ادریس مجرح۔لاہور

میں نہ مانوں گا

تم کچھ بھی کہہ لو اسے بے وفا میں نہ مانوں گا
وہ میرا اور دے بد دعا میں نہ مانوں گا
ایک لمحے میں مل جاتی ہیں عمر بھر کی خوشیاں
تم کہتے ہو زندگی کو سزا میں نہ مانوں گا
رخ قمر کی روشنی سب کے لئے ہے
ہو ایسی میرے ماہ می ضیا میں نہ مانوں گا
کرتا ہے بے وفائی بھی تو احترام کر ساتھ

www.pdfbooksfree.pk

کنارے کو سمندر نہ کرے فنا میں نہ مانوں گا
یہ تو احترام جھک گئی ہیں جبیں دربار پر
ہاں مگر کسی پتھر کو خدا میں نہ مانوں گا
کس کس کا نہیں توڑا دل اس بے وفا نے
اس بے وفا کو باوفا میں نہ مانوں گا
یہ مانا کہ مدت سے تک تعلق ہے سمی
وہ اور مجھے کر لے رسوا میں نہ مانوں گا

﴿وقاص احمد۔۔۔۔۔۔۔۔مغلپورہ لاہور﴾

غزل

میری نظروں نے دیکھا ہے جو منظر
وہ دھندلائے گا تو جینے کے لیئے سوچے گا
ساقیا نشر غم عشق اترے
تو پینے کے لئے سوچے گا
چاند روشن ہے ابھی کیوں کرے گا میری آرزو
اندھیرے چھا جائیں گے تو میرے لئے سوچے گا
دو گام بھی میرے ساتھ نہیں چلتا یارو
تنہا مصافتوں پہ نکلے گا تو سفر کے لیئے سوچے گا
ہم اکیلے منظر اس گمان سے گزر جاتا ہے
بند کواڑوں کو دیکھے گا تو میرے لیئے سوچے گا
تیرے انتظار میں ہجر کی رات کاٹ دی ہم نے اس بار
کون کل تلک جیئے گا تو ادریس سحر کے لیئے سوچے گا

محمد ادریس مجروح۔لاہور

غزل

نہ جاؤ گھر ابھی تو رات ہے اور بادل بھی کالے ہیں
اذاں سمجھے ہو تم جس کو کسی بے کس کے نالے ہیں
مریضوں کا دم آنکھوں میں ہے اوپر وہ محو آرائش
وہاں ہونٹوں کی لالی ہے' یہاں جانوں کے لالے ہیں
عبادت کو جو روز آتے ہو' اس کا شکریہ لیکن
کبھی سوچا قضا کے وقت تم نے کتنے ٹالے ہیں
تو ہی اے ضبط غم ایسے میں غم کی آبرو رکھ لے
بھری محفل ہے اور آنکھوں میں آنسو آنے والے ہیں
نجانے حشر کیا ہو راہ رو' راہ محبت کا
ہے منزل دور' سر پر شام ہے' پاؤں میں چھالے ہیں
ہوا کچھ تم کو اپنے ظلم کا محشر میں اندازہ
خدا کے سامنے جتنے بھی ہیں سب فریاد والے ہیں
ہمارا کارواں اب تک تو منزل پر پہنچ جاتا
مگر یہ راستے میں پیچ و خم تو راہبر بنے ڈالے ہیں
بہاروں کی خبر سن کر قفس میں تو رو دیتا ہوں
کسی سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پر کاٹ ڈالے ہیں
محبت میں نظر آتا نہیں اہل محبت کو
کہ دنیا میں اندھیرے چھا رہے ہیں یا اجالے ہیں

﴿محمد افضل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دوبئی﴾

غزل

زمانے کا جب میں چلن دیکھتا ہوں
تو اک اپنے دل میں چبھن دیکھتا ہوں
جھکی جاتی ہیں خود بخود نگاہیں
سر راہ جب عریاں بدن دیکھتا ہوں
کسی کو کسی کی خبر ہی نہیں ہے
سبھی کو اسی میں مگن دیکھتا ہوں
روش جب سے بدلی ہے دنیا نے اپنی
تو دل میں عجیب سی گھٹن دیکھتا ہوں
زن و مرد میں اب نہیں کوئی فرق
کہ دونوں میں یکساں چبھن دیکھتا ہوں
ملاقات ہر اک سے ہے مگر اب
نہ بے لوث کوئی ملن دیکھتا ہوں
ہو دیدار آقا کے روضے کا جاوید
ازل سے یہ دل کی لگن دیکھتا ہوں

﴿محمد فاروق۔۔۔۔۔۔۔۔فیصل آباد﴾

www.pdfbooksfree.pk

گلستان

انچارج
روبینہ کوثر

کوپن ماہ ستمبر 2014ء

اس عنوان کے تحت آپ ہمیں اقوال زریں، لطیفے اور معلوماتی تحریریں بھیج سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ اس ماہ کا کوپن کاٹ کر ارسال کریں۔ اگر آپ کوپن نہ بھیجنا چاہیں تو 10 روپے کے غیر استعمال شدہ ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔ اگر آپ اپنی تحریر کے ساتھ تصویر شائع کروانا چاہیں تو 50 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔ جو خواتین اپنی تحریر کے ساتھ تصویر شائع کروانا چاہیں تو اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لازمی روانہ کریں۔

گلستان ..... ماہنامہ سچی کہانی، 29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اُردو بازار لاہور

زبان

☺ زبان گوشت کا ایک لوتھڑا ہے مگر یہ انسان کو ذلیل وخوار کر دیتا ہے۔

☺ یاد رہے زبان ہی انسان کو عظیم بناتی ہے۔

☺ تین انچ کی زبان چھ فٹ کے آدمی کو مارنے کی طاقت رکھتی ہے۔

☺ انسان کی قابلیت اس کی زبان میں پوشیدہ ہوتی ہے۔

☺ زبان کی ذرا سی غلطی انسان کو تباہ و برباد کر دیتی ہے۔

☆ امن فضاء۔ پشاور

ماں

❁ اپنی ماں کی خدمت کرنا بھی ایک جہاد ہے۔

❁ جس نے ماں کی خدمت کی وہ شخص سب سے خوش نصیب اور خوش قسمت ہے۔

❁ ماں کے بغیر گھر ایک ویران قبرستان ہے۔

❁ جس شخص کو اپنی ماں کا ذرہ برابر بھی خیال نہ آیا وہ شخص اس دنیا میں ذلیل رہے گا اور آخرت میں بھی۔

❁ ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے۔

☆ فضاء ماہرہ۔ پشاور

ہنس بیتی

ہم ریل گاڑی کے ذریعے پشاور جا رہے تھے۔ گاڑی کی رفتار انتہائی سست تھی۔ تمام مسافر اس سفر سے بور اور اکتائے ہوئے لگ رہے تھے۔ ایک صاحب جو میرے پاس ہی بیٹھے تھے۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد مجھ سے دریافت کرتے۔

''کیا پشاور آ گیا ہے؟'' میں نفی میں جواب دے دیتا۔ وہ مایوس ہو کر بیٹھ جاتے۔ کئی مرتبہ پوچھنے کے بعد ایک مرتبہ پھر انہوں مجھ سے پوچھا تو میں نے پھر انہیں نفی میں جواب دیا۔ تو وہ اس مرتبہ ریڈیو لگا کر بیٹھ گئے۔ اچانک ریڈیو سے آواز گونجی۔

''یہ ریڈیو پاکستان پشاور ہے۔'' وہ دیوانہ وار مجھ سے بولے۔

''لو پشاور آ گیا ہے۔''

☆ چوہدری قمر جہاں علی پوری۔ ملتان

www.pdfbooksfree.pk

سنہرے اصول

☆ انصاف کو ہر حال میں مد نظر رکھو۔
☆ خدا سے نیک انجام کی دعا کرتے رہو۔
☆ اپنے گناہوں سے ہمیشہ توبہ کرتے رہو۔
☆ دنیا کو دین پر غالب نہ آنے دو۔
☆ کسی کی عیادت کو جاؤ تو زیادہ نہ بیٹھو۔
☆ کسی کو تکلیف میں دیکھ کر نہ ہنسو۔
☆ کسی کا پوشیدہ راز ظاہر مت کرو۔
☆ کسی پاک کتاب کو بے وضو نہ چھوؤ۔
☆ دانتوں کا کام آنتوں سے مت لو۔
☆ گاڑی میں بیٹھ کر مسافروں سے نہ لڑو۔
☆ دوست کی صلاح کے بغیر کوئی کام نہ کرو۔
☆ اندھوں اور بہروں سے مذاق نہ کرو۔
☆ دنیا میں جہاں تک ہو سکے تعلقات قائم کرو۔

☆ بشارت صدیق۔ لاہور

اقوال زریں

دل بھی کیا خوب چیز ہے جو درد چھپا کر دھڑکتا ہے جو لوگ دوسروں کے لیے دل کا دروازہ بند رکھتے ہیں شاید وہ ان کے لیے گھر کا دروازہ بھی بند ہو گا۔

دولت دنیا کا حاصل کرنا کوئی بڑی بات نہیں اگر تم سے ہو سکے تو کسی کا دل قابو میں کر لو۔

کسی کا دل مت دکھاؤ ہو سکتا ہے وہ آنسو تمہارے لیے سزا بن جائیں۔

قدر کھو دیتا ہے روز کا آنا جانا۔

کسی کے چہرے کی طرف مت جائیے کیونکہ وہ ایک بند کتاب ہے۔

خاموشی دل اور روح کا سکون ہے۔

خاموش رہو یا ایسی بات کرو جو خاموشی سے بہتر ہو۔

☆ سبین بشارت۔ لاہور

معلومات برائے خواتین

☆ مردوں سے علیحدہ ہو کر چلیں
☆ راستوں کے درمیان سے نہ گزریں بلکہ کناروں پر چلیں۔
☆ چاندی کے زیور سے کام چلانا بہتر ہے۔
☆ جو عورت شان (بڑائی) ظاہر کرنے کے لیے سونے کا زیور پہنے گی تو عذاب ہو گا۔
☆ عورت کو اپنے ہاتھ میں مہندی لگاتے رہنا چاہیے۔
☆ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ عورت کی خوشبو ایسی ہو جس کا رنگ ظاہر ہو اور خوشبو نہ آئے یہی بہت معمولی خوشبو ہو۔
☆ باریک کپڑا نہ پہنیں۔
☆ اگر دوپٹہ باریک ہو تو اس کے نیچے موٹا کپڑا لگا لیں۔
☆ بجنے والا زیور نہ پہنیں (ابو داؤد)
☆ جو عورتیں مردوں کی شکل و صورت اختیار کریں ان پر اللہ کی لعنت ہے۔
☆ اور فرمایا رسول اکرم ﷺ نے کہ ہر گز

www.pdfbooksfree.pk

کوئی (نامحرم) مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ رہے اور ہرگز کوئی عورت سفر نہ کریں مگر اس حال کہ اس کے ساتھ محرم ہو۔ (بخاری شریف)

☆ بچ میں ایک دن چھوڑ کر کنگھا کیا کرو یعنی حضور پاک ﷺ روزانہ کنگھی کا شغل پسند نہیں کرتے (ترمذی)۔

☆ آدمیوں کے بیٹھے ہوئے جھاڑو مت دلواؤ۔

☆ لڑکوں کے سامنے کوئی بات بے شرمی کی مت کہو۔

ولی اللہ خان صادق۔ کلابٹ ضلع صوابی

سادگی

ایک دیہاتی پہلی بار ہوائی جہاز میں سوار ہوا۔ جہاز کے فلائی کے کچھ دیر بعد ائیر ہوسٹس آئی تو دیہاتی نے سوال کیا۔

جہاز کا پیٹرول چیک کر لیا تھا؟

ائیر ہوسٹس: جی ہاں

دیہاتی: پہیوں میں ہوا ٹھیک تھی؟

ائیر ہوسٹس: جی ہاں

دیہاتی: انجن بھی چیک کیا تھا پانی وانی سب ٹھیک تھا ناں؟

ائیر ہوسٹس: جی ہاں سب کچھ اے ون ہے مگر یہ تمام باتیں آپ کیوں پوچھ رہے ہیں۔

دیہاتی: اس لئے کہ کہیں راستے میں جہاز کو دھکا نہ لگانا پڑ جائے۔

(محمد انوار الحق طاہر لاہور)

بابا زندہ پیر

ضلع ڈی جی خان کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ بابا زندہ پیر کے نام سے مشہور ہے اس پہاڑ میں ایک اللہ کے نیک بندے نے کچھ دن قیام کیا اور اس کے بعد اپنی اونٹنی سمیت پہاڑ کی غار کے اندر داخل ہو گئے اس ولی اللہ اور اونٹنی کے قدم مبارک آج بھی پہاڑ پر آویزاں ہیں اور جہاں اللہ تعالیٰ کا برگزید بندہ وضو کیا کرتا تھا وہی پہاڑ کے اوپر ایک ایسی خوشبو دار بوٹی پیدا ہوئی جس کے پھول اور پتے کسی کے پاس ایک دن بھی رہیں تو ہفتو خوشبو اس آدمی کے ساتھ بستی رہتی ہے اس ولی کا ہر سال شاندار طریقہ سے عرس منایا جاتا ہے۔ اس جگہ پانی ایک کرامت سے کم نہیں خدا نے اس بزرگ کے صدقہ اس میں ایسی تاثیر رکھی ہے کہ خواہ خارش کی بیماری کیسی ہی کیوں نہ ہو چاہے پھٹ پھوڑے ہوں یا سرخ دانوں سے فون نکل آتا ہو اگر کوئی کامل یقین ہو کر آئے تو خدا کی قسم اس مرض سے خدا کے کرم و فضل اور اللہ کے پیارے بندے کے طفیل شفایاب ہو سکتا ہے یہ میرا ولیوں کے منکر کو چیلنج ہے آیئے اللہ کے بزرگ کی شان دیکھیں اور رب العزت کی قدرت کا انمول تحفہ جو ایک کامل بزرگ کے وسیلہ سے ہمیں میسر ہے آزمائیں اور خدا کا شکر ادا کریں۔ سبحان اللہ

غلام اکبر خان لغاری---ڈی۔جی۔خان

دوستی کا پھول

دنیا میں قسم قسم کے پھول ہیں مگر لازوال مہک رکھنے والا پھول دوستی کا پھول ہے جس سے راہیں چہرہ اور دل مسرور ہو جاتے ہیں یہ پھول اس زمانے میں نایاب ہے اس پھول کو کو نرم و گداز دل اور احساس زمین پر کاشت کرکے خون جگر تک پہنچایا جاتا ہے۔ اس کی نشو نما کے لیے اعتماد و اعتبار اور خلوص بہترین بنیاد کا کام دیتے ہیں۔ مہر محبت وفا ایثار اور

www.pdfbooksfree.pk

ہمدردی کی نرم و لطیف آب و ہوا میں خوب پھلتا پھولتا ہے۔ اسے شکوک و شبہات اور بدگمانیوں کی باد سموم سے محفوظ رکھیں ورنہ حسد بغض و کینہ جیسے امراض اسے تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔ دلکش پتیاں گر کر سوکھ جاتی ہیں۔ اور بے جان ٹہنیاں تلخ یادوں کی مانند رہ جاتی ہیں۔

غلام اصغر خان۔ پڑدان شرقی

شمع پروانہ

شاعر' ادیب اور قلمکار نیز جتنے بھی میں نے "ادب" سے تعلق رکھنے والے افراد دیکھے ہیں۔ جتنی بھی تحریریں' غزلیں اور نظمیں میں نے پڑھی اور سنی ہیں' ان سب میں شاعروں' ادیبوں اور قلمکاروں نے شمع کو محبوب اور پروانے کو عاشق بنا کر پیش کیا ہے۔ یا یوں کہہ لیں کہ شاعر اور ادیب حضرات شمع' پروانے کو محبت کی مثال بنا کر پیش کرتے ہیں۔ مجھے ان قلمکاروں سے اختلاف ہے میں یہ کہتا ہوں' کہ پروانہ شمع سے محبت نہیں کرتا اور میں یہ بات ثابت کرتا ہوں' اور قارئین سے امید کرتا ہوں کہ وہ میری بات سے اتفاق کریں گے۔

شمع جب جلتی ہے تو تھوڑی دیر میں پروانے شمع کے ارد گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ شمع کے دامن میں بیٹھ کر لطف زندگی پاتے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد پروانے مرنے لگ جاتے ہیں۔ اور یوں شمع کے پاس پروانوں کا ڈھیر لگ جاتا ہے۔ شاعروں' ادیبوں اور قلمکاروں نے بس یہیں تک دیکھا ہے۔ اس سے آگے کیا ہوتا ہے' اس کا مطالعہ ان لوگوں نے نہیں کیا اس سے آگے بھی سننے کیا ہوتا ہے۔

جب شمع بجھ جاتی ہے تو جو پروانے زندہ ہوتے ہیں۔ وہ آہستہ آہستہ شمع سے دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اور اسطرح شمع تنہا رہ جاتی ہے' اس کے پاس کوئی پروانہ نہیں رہتا۔

اس بات سے پتہ چلتا ہے کہ پروانہ شمع سے محبت نہیں کرتا۔ اگر پروانے کو زرا بھر بھی شمع سے محبت ہوتی تو وہ شمع کے فراق میں مرتا۔ شمع کی جدائی میں پروانہ مرتا۔ نہ کہ شمع کی موجودگی میں مرتا۔ فرہاد اور شیریں کو محبت کی مثال سے پیش کیا جا سکتا ہے' کیونکہ فرہاد کو جب اس بات کا پتہ چلا کہ شیریں مر گئی ہے' تو اس نے یہ سوچ کر خودکشی کی کہ جس کی خاطر میں زندہ تھا' وہ نہ رہی تو میں کس لئے زندہ رہوں۔ محبت میں شمع پروانے کی کوئی حقیقت نہیں' پروانہ تو فقط دل لگی کرتا ہے نا کہ محبت' محبت کے اصولوں سے پروانہ واقف نہیں۔ اور اگر واقفیت ہونے کے ساتھ اسے محبت ہوتی تو یہ فراق میں جان دیتا۔ وصال میں نہ دیتا۔ امید کرتا ہوں کہ شمع پروانے کی مثال دے کر محبت کو بدنام نہ کیا جائے گا۔

عشق تو نام ہے خود کو ختم کر دینے کا
خودی رہی تو عشق رہے گا کہاں

ساجد محمود خان قاصر۔ تری خیل میانوالی

گولڈن موتی

☆ اگر مانگنا ہے تو خدا سے مانگ جس نے تجھے پیدا کیا۔

☆ اگر روزی عقل سے حاصل کی جاتی تو دنیا کے سارے بے وقوف بھوکے مر جاتے۔

☆ بے وقوف دوست سے عقل مند دشمن بہتر ہے۔

☆ زندگی غم کا دوسرا نام ہے اسے برداشت کرنا سیکھ۔

www.pdfbooksfree.pk

☆ وہ اچھی خوراک نہیں ہے بلکہ زہر ہے جسے ایک کھائے اور دوسرا دیکھے۔

☆ انسان سمندر میں گر جائے تو بچ جاتا ہے۔ اگر آنسوؤں میں بھیگ جائے تو مرجاتا ہے۔

☆ سخت کلامی آگ کا وہ شعلہ ہے جو ہمیشہ داغ چھوڑتا ہے۔

☆ انسان سے محبت کرنا خدا سے محبت کرنا ہے۔

ملک ایم احمد نعیم جھنگوی۔لاہور

خزاں کی مانند

کہتے ہیں کہ انسان کے اندر کا موسم اگر خوشگوار ہو تو خزاں میں بھی بہار کا سا سماں نظر آتا ہے اگر بہار کے موسم میں بھی اندر کا موسم ناخوشگوار ہو تو پھر ہر سو ویرانی اور ہر شے بکھری بکھری دکھائی دینے لگتی ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم خود سے اتنی امیدیں وابستہ کرلیتے ہیں جو حقیقت میں سراب ثابت ہوتی ہیں اور وقت آنے پر ہم خود سے نادم نادم رہتے ہیں یا کسی اور سے جس سے دل و جان کا تعلق پیدا کرلیا جائے؟

ہوا تو خار دار راستوں میں اپنا راستہ ہموار کرتی ہے یہی تو وہ جذبہ اور اٹوٹ رشتہ ہوتا ہے جو چنگاری سے شعلہ بننے میں دیر نہیں لگاتا ایک ہی نظر میں کوئی روح کی رقصاں گہرائیوں میں اتر آتا ہے ایک ہی ملاقات میں کوئی برسوں کا شناسا محسوس ہوتا ہے اور ایک ہی نظر میں کوئی دل و جان کا مالک بن بیٹھتا ہے۔

اگر انسان کے بس میں ہو تو وہ کیوں بار بار پُر خار راستوں سے گذر کے اس دریا کو عبور کرے؟ مادی اشیاء کو تو پایا جا سکتا ہے لیکن یہ بے نام جذبے یہ بے قرار سوچیں یہ نکھرے نکھرے خیالات اور کسی سے کسے کو کس قدر الفت و چاہت سے ان کو کب شمار کیا جا سکتا ہے یہ تو جذبات اور احساسات ہوتے ہیں جو کہ خود بخود پیدا ہوتے ہیں اور ایسے ہی جذبات واحساسات کو جب ہم کسی سے منسلک کرلیتے ہیں تو وہ ہمارا کس قدر آئیڈیل بن جاتا ہے پھر اس شخص کا طرز تکلم طرز تبسم طرز تفکر اور طرز زندگی اس کے قریب کردیتا ہے پھر ہم ایسے شخص سے بہت سی امیدیں اور توقعات وابستہ کرلیتے ہیں ایسا ہی شخص جو ہمارے لیئے محبوب کا درجہ رکھتا ہے اس کے قول و فعل میں تضاد، کجروی، اور کج ادائی جب آشکارا ہوتی ہے تو دل میں بنے گھروندے اور آنکھوں میں بنے سپنے سب ٹوٹ کر بکھر جاتے ہیں اور تمام خیالات پر اوس پڑ جاتی ہے اور اسطرح بہار کا موسم بھی خزاں کی مانند لگنے لگتا ہے۔

عشرت جہاں۔ فیصل آباد

"اقوال زریں"

۱۔ کسی سے نیکی کر کے بدلے کی توقع مت رکھو کیوں کہ بھلائی کا بدلا انسان نہیں خدا دیتا ہے۔

۲۔ خاموش اور کم گو آدمی ہر جگہ اور ہر وقت استعمال ہوتا ہے۔

۳۔ غصہ ہمیشہ حماقت سے شروع ہوتا ہے اور ندامت پر ختم ہوتا ہے۔

۴۔ ذلت اٹھانے سے بہتر ہے کہ تکلیف اٹھالو۔

۵۔ غصہ شمع انسانیت کو بجھا دیتی ہے۔

۶۔ مسکراہٹ روح کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

۷۔ علم مومن کا گمشدہ مال ہے جہاں سے ملے تلاش کرلے۔

منور علی انصاری---------- سکھر

www.pdfbooksfree.pk

قارئین سچی کہانی کے لیے ایک ذہنی سلسلہ

سچی کہانی کوئیز

☆ کوپن برائے ماہ ستمبر 2014ء ☆

تین آسان سوالوں کے جوابات دے کر ماہنامہ سچی کہانی لاہور کی طرف سے 1000 روپے کا انعام حاصل کریں۔ پوچھے گئے سوالات کے جوابات اس ماہ کے کوپن پر لکھ کر اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور اس کے ہمراہ 10 روپے کے غیر استعمال شدہ ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔ ایک سے زائد درست جوابات موصول ہونے کی صورت میں قرعہ اندازی کی جائے گی۔ جتنی زیادہ انٹریز اتنے ہی زیادہ انعام جیتنے کے مواقع..... کٹنگ یا اوور رائٹنگ' فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہوگی۔ کوپن ہمیں ہر ماہ کی 7 تاریخ تک موصول ہو جانا چاہیے۔

1- سوال..... جامع مسجد ''استقلال'' کس ملک میں ہے.....؟

جواب

2- سوال..... پاکستان کے کس صوبے میں سب سے زیادہ جنگلات ہیں.....؟

جواب

3- سوال..... زمین کے سب سے نزدیک سیارے کا نام بتائیں.....؟

جواب

نام و پتہ

موبائل نمبر

ماہ اگست 2014ء کے درست جوابات

(1) کرہ ہوائی میں سب سے زیادہ گیس نائٹروجن موجود ہے (2) عشرہ مبشرہ سے مراد وہ دس صحابہ کرامؓ ہیں جنہیں زندگی ہی میں جنت کی بشارت دی گئی تھی (3) سب سے پہلے مسلمانوں نے ملک ''شام'' فتح کیا۔

اس ماہ کی ونر ہیں ''آمنہ حق' سیالکوٹ'' سے آپ کو بہت بہت مبارک ہو۔

سچی کہانی کوئیز۔ 29 حبیب بینک بلڈنگ چوک اردو بازار لاہور

موبائل نمبر 0314-4008530

www.pdfbooksfree.pk